❁❁ عبداللہ بن ابوقتادہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کچھ لوگوں کے ساتھ موجود تھے وہ لوگ احرام باندھے ہوئے تھے' جبکہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے احرام نہیں باندھا ہوا تھا لوگوں نے ایک حمار وحشی (یعنی زیبرہ) دیکھا ان لوگوں نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں نہیں بتایا' یہاں تک کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی نظر اس پر پڑ گئی وہ اپنے گھوڑے کی پشت پر بیٹھے انہوں نے ان حضرات میں سے کسی کی لاٹھی لی اور اس زیبرے پر حملہ کر کے اسے مار دیا پھر وہ اس کا (گوشت) لے کر ان حضرات کے پاس آئے ان حضرات نے اسے کھالیا اس کا گوشت اپنے ساتھ بھی رکھ لیا جب ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی تو ان حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے عمل کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم میں سے کسی شخص نے اس (شکار) کی طرف اشارہ کیا تھا یا اسے (شکار کرنے کا) حکم دیا تھا؟ ان حضرات نے جواب دیا: جی نہیں۔

3974- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير منصور بن أبي مزاحم، فمن رجال مسلم، أبو الأحوص: هو سلام بن سليم، وقد تقدم برقم3966 .

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم لوگ اسے کھالو۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ أَكْلَ لَحْمِ الصَّيْدِ إِذَا لَمْ يَكُنْ أَعَانَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ

احرام والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ شکار کا گوشت کھا سکتا ہے' جبکہ اس نے شکار کے بارے میں کسی حوالے سے کوئی مدد نہ کی ہو

3975 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ التَّيْمِيِّ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ،

(متن حدیث): أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِيقِ مَكَّةَ، تَخَلَّفَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِينَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ، فَرَأَى حِمَارًا وَحْشِيًّا، فَاسْتَوَى عَلَى فَرَسِهِ، وَسَأَلَ أَصْحَابَهُ أَنْ يُنَاوِلُوهُ سَوْطَهُ، فَأَبَوْا، فَسَأَلَهُمْ رُمْحَهُ، فَأَبَوْا فَأَخَذَهُ، ثُمَّ شَدَّ عَلَى الْحِمَارِ فَقَتَلَهُ، فَأَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبَى بَعْضُهُمْ، فَلَمَّا أَدْرَكُوا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلُوهُ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ أَطْعَمَكُمُوهَا اللهُ

❀❀ حضرت ابوقتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے' یہاں تک کہ مکہ کے راستے میں کسی جگہ پر وہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ (نبی اکرم ﷺ سے) پیچھے رہ گئے ان کے ساتھیوں نے احرام باندھا ہوا تھا' لیکن حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے احرام نہیں باندھا ہوا تھا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ایک حمار وحشی (یعنی زیبرہ) دیکھا تو وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے انہوں نے اپنے ساتھیوں سے یہ فرمائش کی کہ وہ انہیں ان کی لاٹھی پکڑا دیں' تو ان کے ساتھیوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ان سے نیزہ مانگا' تو انہوں نے وہ بھی نہیں دیا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے خود ہی اسے لیا' پھر اس زیبرے پر حملہ کر کے اسے مار دیا۔ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے بعض اصحاب نے اس کا گوشت کھالیا بعض نے اس کا گوشت نہیں کھایا جب یہ لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس پہنچے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ خوراک ہے' جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں کھلائی ہے۔

3975- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو النضر: اسمه سالم بن أبي أمية، وهو في الموطأ 1/350 في الحج: باب ما يجوز للمحرم أكله من الصيد . وأخرجه الشافعي 1/321، وأحمد 5/301، والبخاري 2914 في الجهاد: باب ما قيل في الرماح، و 5490 في الذبائح والصيد: باب ما جاء في التصيد، ومسلم 1196 57 في الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، وأبو داؤد 1852 في المناسك: باب لحم الصيد للمحرم، والترمذي 847 في الحج: باب ما جاء في أكل الصيد للمحرم، والنسائي 5/182 في مناسك الحج: باب ما يجوز للمحرم أكله من الصيد، والطحاوي 2/173، والبغوي 1988 من طريق مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 8338، والحميدي 424، والبخاري 1832 في جزاء الصيد: باب لا يصيد للمحرم الحلال في قتل الصيد، ومسلم 1196 من طريق سفيان بن عيينة، عن صالح بن كيسان، عن أبي النضر، بِهِ .وأخرجه البخاري 5492 في الذبائح والصيد: باب التصيد على الجبال، من طريق ابن وهب، عن عمرو بن الحارث المصري، عن أبي النضر، بِهِ .

3976 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ - شَيْخَانِ حَافِظَانِ - قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيَّ عَلَى الصَّدَقَةِ، وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ مُحْرِمُونَ، حَتّٰى نَزَلُوْا بِعُسْفَانَ ثَنِيَّةِ الْغَزَّالِ، فَاِذَا هُمْ بِحِمَارٍ وَحْشِيٍّ، فَجَاءَ اَبُوْ قَتَادَةَ، وَهُوَ حِلٌّ فَنَكَّسُوا رُءُوْسَهُمْ كَرَاهِيَةَ اَنْ يُحِدُّوا اَبْصَارَهُمْ فَيَفْطَنَ، فَرَآهُ فَرَكِبَ فَرَسَهُ، وَاَخَذَ الرُّمْحَ، فَسَقَطَ مِنْهُ السَّوْطُ، فَقَالَ: نَاوِلُنِيهِ، فَقُلْنَا: لَا نُعِينُكَ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، فَحَمَلَ عَلَيْهِ فَعَقَرَهُ، قَالَ: ثُمَّ جَعَلُوْا يَشْوُوْنَ مِنْهُ، ثُمَّ قَالُوا: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا - وَكَانَ تَقَدَّمَهُمْ - فَاَتَوْهُ، فَسَاَلُوْهُ، فَلَمْ يَرَ بِهٖ بَاْسًا - وَاَظُنُّهُ قَالَ: مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ - شَكَّ عُبَيْدُ اللّٰهِ -

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کیلئے بھیجا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب احرام باندھ کر روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ انہوں نے ''عسفان'' میں موجود ''غزال'' نامی گھاٹی میں پڑاؤ کیا وہاں ایک حمار وحشی (یعنی زیبرہ) موجود تھا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے اس وقت احرام نہیں باندھا ہوا تھا دیگر صحابہ کرام نے اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے اپنے سر جھکا لیے کہ کہیں ان کی نگاہوں کا پیچھا کرتے ہوئے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو (اس شکار کے بارے میں) پتہ نہ چل جائے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بھی (اس شکار کو) دیکھ لیا وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے انہوں نے نیزہ پکڑا ان کی سوٹی نیچے گر گئی تو انہوں نے کہا: یہ مجھے پکڑا دیں' تو ہم نے کہا: ہم اس بارے میں کسی بھی حوالے سے آپ کی مدد نہیں کریں گے تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے اس پر حملہ کر کے اسے مار گرایا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر انہوں نے اس کا کچھ گوشت بھون لیا انہوں نے یہ کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود ہیں (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت آگے تشریف لے جا چکے تھے وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ سے اس بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس اس میں سے (کچھ گوشت) ہے یہ شک عبیداللہ نامی راوی کو ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِنْ لَحْمِ الْحِمَارِ الْوَحْشِيِّ الَّذِىْ عَقَرَهُ اَبُوْ قَتَادَةَ فِىْ ذٰلِكَ السَّفَرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس زیبرے کا گوشت کھایا تھا

3976- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العقيلى، فقد ذكر المؤلف فى الثقات، وقال: يغرب، قل: وقد تابعه إسماعيل بن بشر بن منصور السليمى عند البزار 1101، وعياش بن الوليد عند الطحاوى 2/173، كلاهما عن عبد الأعلى بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد، وذكره الهيثمى فى "المجمع3/230"، وقال: رواه البزار ورجاله ثقات .

جسے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے اس سفر کے دوران شکار کیا تھا

3977 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَحْرَمَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ غَيْرِيْ، فَرَاَيْنَا حِمَارَ وَحْشٍ، فَاَسْرَجْتُ وَاَلْجَمْتُ، ثُمَّ رَكِبْتُ، وَاَخَذْتُ الرُّمْحَ، وَنَسِيتُ السَّوْطَ، فَسَاَلْتُهُمْ اَنْ يُنَاوِلُونِيهِ فَاَبَوْا، فَنَزَلْتُ فَاَخَذْتُ سَوْطِي، ثُمَّ ضَرَبْتُ الْحِمَارَ فَعَقَرْتُهُ، فَاَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ الْقَوْمِ، وَتَرَكَ بَعْضٌ، فَلَمَّا اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَدْ اَصَابَ الَّذِينَ اَكَلُوا، هَلْ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ، قَالَ: قُلْنَا: نَعَمْ هٰذِهِ رِجْلٌ، فَاَكَلَ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوا میرے علاوہ باقی سب لوگوں نے احرام باندھا ہوا تھا ہم نے ایک حمار وحشی (یعنی زیبرہ) دیکھا تو میں نے (گھوڑے پر) زین رکھی لگام ڈالی اور میں سوار ہو گیا۔ میں نے نیزہ پکڑ لیا' لیکن لاٹھی اٹھانا بھول گیا میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا وہ مجھے لاٹھی پکڑا دیں' لیکن انہوں نے میری بات کو تسلیم نہیں کیا میں گھوڑے سے نیچے اترا میں نے اپنی لاٹھی پکڑی پھر میں نے اس زیبرے پر حملہ کر کے اسے مار گرایا بعض لوگوں نے اس کا گوشت کھا لیا اور بعض نے نہیں کھایا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنہوں نے اس کا گوشت کھایا ہے انہوں نے ٹھیک کیا ہے کیا تمہارے پاس اس کے گوشت کا کچھ حصہ ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں یہ ایک ٹانگ ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کھایا۔

3977–حديث صحيح، وقد تقدم برقم 3966، و 3974و 3975، بشر بن الوليد: ذكره المؤلف في الثقات 8/143، ووثقه الدارقطني، ومسلمة بن القاسم مترجم في تاريخ بغداد 7/80–84، وباقي رجال الإسناد ثقات من رجال الشيخين، لكن في فليح بن سليمان كلام خفيف، ينزله عن رتبة الصحيح، وقد توبع .وأخرجه البخاري 5406 في الأطعمة: باب تعرق العضد، عن محمد بن المثنى عن عثمان بن عمر، عن فليح بن سليمان، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 2569 في الهبة: باب من استوهب من أصحابه شيئاً، و 2854 في الجهاد: باب اسم الفرس والحمار، و 5407، ومسلم 1196 63 في الحج: باب تحريم صيد المحرم، والبيهقي 5/188، من طريقين عن أبي احازم، به .

بَابُ الْكَفَّارَةِ

کفارہ کا بیان

3978 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ بِنَسَا، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اُوقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ لِي، وَالْقَمْلُ يَتَهَافَتُ مِنْ رَاْسِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُؤْذِيكَ هَوَامُّ رَاْسِكَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: انْسُكْ نَسِيكَةً، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوِ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِينَ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں اس وقت اپنی ہنڈیا کے نیچے آگ جلا رہا تھا اور میرے سر سے جوئیں گر رہی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تکلیف پہنچا رہی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قربانی کرلو یا تین دن کے روزے رکھ لو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو (اور سر منڈوا لو)۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَنْزَلَ آيَةَ الْفِدْيَةِ حَيْثُ اَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ بِالْفِدْيَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے فدیہ کے حکم سے متعلق آیت اس وقت نازل کی تھی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کو فدیہ کی ادائیگی کا حکم دیا تھا

3979 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ

3978- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أيوب: هو السختياني .وأخرجه الطبرى فى جامع البيان 3340 عن نصر بن على الجهضمي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/241، ومسلم 1201 فى الحج: باب جواز حلق الرأس للمحرم إذا كان به أذى ووجوب الفدية لحلقه وبيان قدرها، والترمذى 2974 فى التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبرى 3341، والطبرانى فى المعجم الكبير 19/234 و 235 و 237، من طرق عن أيوب، به . وانظر 3980 و 3983 .

بْنِ عُجْرَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ، وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَقَالَ لَهُ: اَتُؤْذِيكَ هَوَامُّ رَاْسِكَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَاَمَرَنِىْ اَنْ اَحْلِقَ، قَالَ: وَلَمْ يُبَيِّنْ لَهُمْ اَنَّهُمْ يَحْلِقُوْنَ بِهَا، وَهُمْ عَلٰى طَمَعٍ اَنْ يَّدْخُلُوْا مَكَّةَ، قَالَ: فَنَزَلَتْ آيَةُ الْفِدْيَةِ، وَاَمَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَصُوْمَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمَ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ، اَوْ اَذْبَحَ شَاةً

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے وہ اس وقت حدیبیہ میں موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: کیا تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تنگ کر رہی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں سر منڈوا دوں۔ راوی بیان کرتے ہیں: لوگوں کے سامنے یہ بات واضح نہیں تھی کہ انہیں وہیں سر منڈوانا پڑے گا وہ لوگ اس بات کے خواہش مند تھے کہ وہ مکہ میں داخل ہوں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر فدیہ سے متعلق آیت نازل ہوگئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ حکم دیا کہ میں تین دن کے روزے رکھوں' یا ایک فرق (اناج کا مخصوص پیمانہ) چھ مسکینوں میں تقسیم کروں' یا ایک بکری ذبح کروں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ بِالْكَفَّارَةِ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا بَعْدَ حَلْقِهِ رَاْسَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کو اس کفارے کا حکم دیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور یہ ان کے سر منڈوانے کے بعد ادا کرنا تھا

3980 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):مَرَّ بِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، وَاَنَا اُوقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ لِىْ، اَوْ تَحْتَ

3979– إسناده صحيح على شرطهما كسابقه، وابن أبي نجيح: اسمه عبد الله .وأخرجه أحمد 4/242، وابن خزيمة 2677، والطبراني 19/229، من طريق عبد الرزاق بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 1065، والبخاري 1817و 1818 في المختصر: باب النسك شاة، و 4159 و 4191 في المغازي: باب غزوة الحديبية، وابن خزيمة 2678، والطبري 3347، والدارقطني 2/298، والطبراني 19/224 و 225 و 226 و 227، والبيهقي 5/87، من طرق عن ابن أبي نجيح، به وانظر 3981 .

3980– إسناده صحيح . إبراهيم بن بشار الرمادي حافظ، روى له أبو داوُد والترمذي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه ابن خزيمة 2677 ومسلم 1201 83 والحميدي 709والترمذي 953في الحج: باب ما جاء في المحرم يحلق رأسه في إحرامه ما عليه، والطبري في جامع البيان 3346، والدارقطني 2/298، و 298–299، والطبراني 19/233، و 237، والبيهقي 5/55، من طرق عن سفيان بهذا الإسناد . وانظر 3982، 3983 .

بُرْمَةٍ لِي، وَالْقَمْلُ يَتَهَافَتُ عَلَى وَجْهِي، فَقَالَ: اَتُؤْذِيكَ هَوَامُّكَ يَا كَعْبُ؟، قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاحْلِقْ رَاْسَكَ وَانْسُكْ نَسِيكَةً، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِينَ

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حدیبیہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں اس وقت اپنی ہنڈیا کے نیچے آگ جلا رہا تھا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) جوئیں میرے چہرے پر گر رہی تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے کعب! کیا تمہاری جوئیں تمہیں تنگ کر رہی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے سر کو منڈوا دو اور ایک قربانی کر لو یا تین دن کے روزے رکھ لو یا ایک فرق چھ مسکینوں کو کھلا دو۔

3981 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ فِي عَقِبِهٖ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى،

(متن حدیث): عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ: اذْبَحْ شَاةً

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند روایت نقل کرتے ہیں: تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ''تم ایک بکری ذبح کرو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُخَيَّرٌ فِي الِافْتِدَاءِ بِمَا تَيَسَّرَ عَلَيْهِ مِنْ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ الثَّلَاثِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کو فدیہ دینے کے بارے میں اختیار ہے' اسے ان تینوں میں سے جو چیز میسر ہو (وہ اس صورت میں ادائیگی کر دے)

3982 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ،

(متن حدیث): قَالَ: دَعَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ اَتُؤْذِيكَ هَوَامُّ رَاْسِكَ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاَمَرَنِي بِصِيَامٍ، اَوْ صَدَقَةٍ، اَوْ نُسُكٍ اَيُّمَا تَيَسَّرَ

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے کعب بن

3981- إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله، وقد تقدم برقم 3979 من طريق معمر عن ابن أبي نجيح .وأخرجه الحميدي 710، وأحمد 4/243، والبخاري 5665في المرضى: باب ما رخص للمريض أن يقول إني وجع، ومسلم 1201 83، والترمذي 953، وابن خزيمة 2677، والطبري 3346، والدارقطني 2/298، والبيهقي 5/55، والطبراني 19/223، و 236، والواحدي في أسباب النزول ص 37، من طرق عن سفيان بهذا الإسناد .

3982- إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وعيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي، وابن عون: هو عبد الله بن عون بن أرطبان . وأخرجه مسلم 1201 81، والنسائي في الكبرى كما في "التحفة" 8/302، والطبري 3342، والطبراني 19/230، و 231، والبيهقي 5/161، والواحدي في أسباب النزول ص 46، من طرق عن ابن عون، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

عجرہ! کیا تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تکلیف دے رہی ہیں؟ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: جی ہاں' تو نبی اکرم ﷺ نے مجھے روزہ رکھنے یا صدقہ کرنے یا قربانی کرنے کا حکم دیا کہ جو بھی ان میں سے آسانی سے ہو سکے (وہ فدیہ میں ادا کردوں)۔

3983 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتٰى عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَاَنَا اُوْقِدُ تَحْتَ بُرْمَةٍ لِيْ، وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلٰى وَجْهِيْ، فَقَالَ: اَتُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَاْسِكَ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاحْلِقْ، وَصُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ، اَوِ انْسُكْ شَاةً

قَالَ اَيُّوْبُ: فَلَا اَدْرِيْ بِاَيِّ ذٰلِكَ بَدَاَ

❀❀ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے یہ صلح حدیبیہ کے موقع کی بات ہے میں اس وقت اپنی ہنڈیا کے نیچے آگ جلا رہا تھا اور میری جوئیں میرے چہرے پر گر رہی تھیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تکلیف دے رہی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم سر منڈوا دو اور تین دن روزے رکھ لو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو یا ایک بکری قربان کردو۔

3983- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم ,3978 3980، من طريق السختياني عن مجاهد .وأخرجه مسلم 1201 80، والبيهقي 5/042، عن عبيد الله بن عمر القواريري، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 4190 في المغازي: باب غزوة الحديبية، و 5703 في الطب: باب الحلق من الأذى، ومسلم 1201 80، والطبراني 19/232، والبيهقي 5/242، من طرق عن حماد بن زيد، بِهِ .وأخرجه مالك 1/417 في الحج: باب فدية من حلق قبل أن ينحر، وأحمد 4/241و 243، والبخاري 1814، في المحصر: باب قول الله تعالى: (فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا اَوْ بِهِ اَذًى مِنْ رَاْسِهِ) (البقرة: 196)، و 1815باب قول الله تعالى: (اَوْ صَدَقَةٍ) (البقرة:196) ومسلم 1201_82 83، وأبو داؤد 1861، في المناسك: باب في الفدية، والترمذي 953 في الحج: باب ما جاء في المحرم يحلق راسه ما عليه، و 2973في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والنسائي 5/194-195 في الحج: باب في المحرم يؤذيه القمل في رأسه، وفي الكبرى كما في التحفة 8/298، و 302، والطبري 3343، و 3345و 3348 و 33459و 3350و 3351 و 33352، والدارقطني 2/298، و 298-299، والطبراني 19/215و216 و217 و 218 و 219 و 220 و 221و 222، و237 و238و 239 و 240، وابن الجارود 450، والبيهقي 5/54-55، و 55 و 169، والبغوي 1994 من طرق عن مجاهد، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/242، و 243، وابو داؤد 1857 1858 1860، والطبري 3344، والطبراني 19/243و 244 و 245، و246و 247 و 248 و 249 , و255 و 257 و 258، والبيهقي 5/185، من طرق عن عبد الرحمن بن ابي ليلى، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/242، والنسائي 5/195، وابن ماجه 3080 في المناسك: باب فدية المحصر، والطبري 3334، و 3335، و 3336، و3354، و 3355 والدارقطني2/299، والطبراني 19/213، و 347، و 348 و 349 و 351 و 352 من طرق عن كعب بن عجرة .وأخرجه مالك 1/417، 418 ومن طريقه الطبري 3353 عن عطاء بن عبد الله الخراساني، حدثني شيخ بسوق البرم بالكوفة، عن كعب بن عجرة، فذكر نحوه .وأخرجه أبو داؤد 18559، والطبراني 19/364، و 365 من طريق عن نافع، عن رجل من الأنصار، عن كعب بن عجرة .وأخرجه الترمذي 2973 عن علي بن حجر عن هشيم، عن مغيرة، عن مجاهد، قال: قال كعب بن عجرة، وذكر نحوه .

ایوب نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے یہ معلوم نہیں ہے ان میں سے کس کا ذکر پہلے ہوا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْقَدْرِ الَّذِي يُطْعِمُ لِكُلِّ مِسْكِينٍ فِي الْكَفَّارَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا

اس مقدار کی صفت کا تذکرہ جس کے مطابق اس کفارے میں ہر مسکین کو کھانا کھلایا جائے گا جس (کفارے) کا ہم نے ذکر کیا ہے

3984 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتٰى عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَاَنَا كَثِيْرُ الشَّعْرِ، فَقَالَ: كَاَنَّ هَوَامَّ رَاْسِكَ تُؤْذِيْكَ؟ فَقُلْتُ: اَجَلْ، قَالَ: فَاحْلِقْهُ، وَاذْبَحْ شَاةً نَسِيْكَةً، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ تَصَدَّقْ بِثَلَاثَةِ آصُعِ تَمْرٍ بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میرے بال بہت زیادہ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تنگ کر رہی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے منڈوا دو اور ایک بکری کی قربانی دیدو یا تین دن کے روزے رکھ لو یا کھجوروں کے تین صاع چھ مسکینوں کو صدقہ دیدو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3985 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3984- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي، وخالد: هو ابن عبد الله الطحان الواسطي، وهو في صحيح ابن خزيمة .وأخرجه الطبراني 19/250، من طريقين عن عبد الوهاب الثقفي، بهذا الإسناد . وانظر 3986 .

3985- إسناده صحيح على شرط الشيخين عبد الرحمٰن الأصفهاني: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الأصفهاني .وأخرجه مسلم 1201 85 عن محمد بن بشار بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/242 عن محمد بن جعفر، ومسلم 1201 85، وابن ماجه 3089، والطبري 3338، من طرق عن محمد بن جعفر، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/242، والطيالسي 1062، والبخاري 1816 في المحصر: باب الإطعام في الفدية نصف صاع، و 4517 في التفسير: باب (فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا اَوْ بِهِ اَذًى مِنْ رَاْسِهِ) (البقرة: 196)، والطبراني 19/299، والبيهقي 5/55، والواحدي في أسباب النزول ص 36 من طرق عن شعبة، بِهِ .وأخرجه مسلم 1201 86، وأحمد 4/242-243، و 243، والطبري 3337، و 3339، والطبراني 19/300، و 301 و 302، والواحدي ص 35-36 من طرق عن عبد الرحمٰن الأصفهاني، بِهِ .وانظر 3987 .وأخرجه أحمد 4/243، والترمذي 2973، والطبري 3336، والطبراني 19/303، من طرق عن أشعث بن سوار، عن معقل، بِهِ .

مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَعَدْتُ اِلٰی كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ فِي الْمَسْجِدِ فَسَاَلْتُهُ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ) (البقرة: 196)، فَقَالَ كَعْبٌ: فِيَّ نَزَلَتْ، كَانَ بِيْ اَذًى مِنْ رَاْسِي، فَحُمِلْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلٰی وَجْهِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتُ اَرَى الْجَهْدَ بَلَغَ مِنْكَ مَا اَرٰی، اَتَجِدُ شَاةً، قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ (، فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ) (البقرة: 196) فَالصَّوْمُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، وَالصَّدَقَةُ عَلٰی كُلِّ مِسْكِينٍ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ طَعَامٍ، وَالنُّسُكُ شَاةٌ

❀❀ عبداللہ بن معقل بیان کرتے ہیں: میں حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے پاس مسجد میں بیٹھا ہوا تھا میں نے ان سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا۔

''تو اس کا فدیہ روزے رکھنا ہوگا یا صدقہ کرنا ہوگا یا قربانی کرنا ہوگا''۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے بتایا: یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی تھی میرے سر میں تکلیف تھی (یعنی جوئیں زیادہ ہوگئی تھیں) مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا میرے چہرے پر جوئیں آ رہی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ تمہاری پریشانی اتنی بڑھ چکی ہوگی جو مجھے اب نظر آ رہی ہے کیا تمہارے پاس بکری ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ راوی کہتے ہیں' تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''تو اس کا فدیہ روزے رکھنا یا صدقہ کرنا یا قربانی کرنا ہوگا''۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) تو روزے تین دن کے ہونگے اور صدقے میں ہر مسکین کو اناج کا نصف صاع دیا جائے گا اور قربانی بکری کی ہوگی۔

ذِكْرُ قَدْرِ الْاِطْعَامِ الَّذِي يُطْعِمُ الْمَسَاكِينَ السِّتَّةَ فِي الْفِدْيَةِ

کھانا کھلانے کی اس مقدار کا تذکرہ جو فدیے میں چھ مسکینوں کو کھلائی جائے گی

3986 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰی، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَقَالَ: قَدْ آذَاكَ هَوَامُّ رَاْسِكَ؟، قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْلِقْ ثُمَّ اذْبَحْ شَاةً نُسُكًا، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ ثَلَاثَةَ آصُعٍ مِّنْ تَمْرٍ عَلٰی سِتَّةِ مَسَاكِينَ

3986– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين، غير وهب بن بقية، فمن رجال مسلم، خالد: هو الحذاء، وخالد الآخر: هو الطحان، وقد تقدم برقم 3984 من طريق عبد الوهاب الثقفي، عن خالد، عن أبي قلابة .وأخرجه أبو داوُد 1856، والطبراني 19/253، عن وهب بن بقية، بهذا الإسناد . .وأخرجه مسلم 1201 84، والبيهقي 5/55، عن يحيى بن يحيى عن خالد، عن خالد، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/241و 242، والطبراني 19/250، و 251، و 252و 254، من طرق عن خالد، عن أبي قلابة، بِهِ .

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے سر کی جوئیں تمہیں تنگ کر رہی ہیں انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سر منڈوا دو اور بکری کی قربانی کر دو یا تین دن کے روزے رکھ لو یا کھجوروں کے تین صاع چھ مسکینوں کو کھلا دو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْحُكْمَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ وَمَنْ كَانَتْ حَالَتُهُ حَالَتَهُ فِيْهِ سَوَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ حکم جو حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے لیے ہے' یہ ہر اس شخص کے لیے بھی ہے' جس کی حالت حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حالت جیسی ہو

3987 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَصْبَهَانِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ قَالَ:

(متن حدیث): قَعَدْتُ اِلٰى كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ فَسَاَلْتُهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، (فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ) (البقرة: 196) قَالَ: حُمِلْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلٰى وَجْهِي، فَقَالَ: مَا كُنْتُ اَرَى الْجَهْدَ قَدْ بَلَغَ بِكَ مَا اَرٰى، اَتَجِدُ شَاةً قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَصُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ قَالَ: فَنَزَلَتْ فِيَّ خَاصَّةً، وَهِيَ لَكُمْ عَامَّةٌ

عبداللہ بن معقل بیان کرتے ہیں: میں حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا میں نے ان سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا۔

''تو اس کا فدیہ روزے رکھنا ہوگا یا صدقہ کرنا ہوگا یا قربانی کرنا ہوگا''۔

تو حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے بتایا: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا میری جوئیں میرے چہرے پر آ رہی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ تمہاری تکلیف اتنی بڑھ گئی ہوگی جو مجھے اب نظر آ رہی ہے کیا تمہارے پاس بکری ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تین دن کے روزے رکھ لو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو جس میں سے ہر مسکین کو نصف صاع دیا جائے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو یہ آیت بطور خاص میرے بارے میں نازل ہوئی تھی' لیکن اس کا حکم تم سب کیلئے عام ہے۔

3987- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير الحوضي، واسمه: حفص بن عمر بن الحارث بن سخبرة، فمن رجال البخاري، وقد تقدم برقم 3985، من طريق محمد بن جعفر، بِهِ .وأخرجه الطبراني 19/299، عن أحمد بن محمد الخزاعي الأصفهاني، حدثنا حفص بن عمر الحوضي، بهذا الإسناد .

بَابُ الْحَجِّ وَالِاعْتِمَارِ عَنِ الْغَيْرِ

دوسرے کی طرف سے حج یا عمرہ کرنے کا بیان

3988 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شُبْرُمَةُ قَالَ: اَخٌ لِي اَوْ قَرَابَةٌ، قَالَ: هَلْ حَجَجْتَ قَطُّ قَالَ: لَا، قَالَ: فَاجْعَلْ هٰذِهِ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ احْجُجْ عَنْ شُبْرُمَةَ

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاجْعَلْ هٰذِهِ عَنْ نَفْسِكَ اَرَادَ بِهِ الْاِعْلَامَ بِنَفْيِ جَوَازِ الْحَجِّ عَنِ الْغَيْرِ اِذَا لَمْ يَحُجَّ عَنْ نَفْسِهِ، وَقَوْلُهُ: ثُمَّ احْجُجْ عَنْ شُبْرُمَةَ اَمْرُ اِبَاحَةٍ لَا حَتْمٍ.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا: میں شبرمہ کی طرف سے حج کرنے کیلئے حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: شبرمہ کون ہے؟ اس نے جواب دیا: میرا بھائی ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) میرا رشتے دار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے خود حج کرلیا ہے؟ اس نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اس (حج) کو تم اپنی طرف سے کرو اور بعد میں شبرمہ کی طرف سے حج کر لینا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اسے تم اپنی طرف سے کرو'' اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

3988– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عزرة، –وهو ابن عبد الرحمٰن الخزاعي– فمن رجال مسلم. عبدة: هو ابن سليمان الكلابي، وسعيد: هو ابن ابي عروبة، وقتادي: هو ابن دعامة. وأخرجه ابن ماجه 2903 في المناسك: باب الحج عن الميت، والدارقطني 2/270، والبيهقي 4/336 من طريق محمد بن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وقال البيهقي: إسناده صحيح، ليس في هذا الباب أصح منه. وأخرجه أبو داؤد 1811 في المناسك: باب الرجل يحج عن غيره، وأبو يعلى 2440، وابن الجارود 499، وابن خزيمة 3039، والدارقطني 2/270، والطبراني 12/12419، والبيهقي 4/336 من طرق عن عبدة، به ,وأخرجه الدارقطني 2/270، والبيهقي 4/366 من طريقين عن سعيد، به. وأخرجه الدارقطني 2/271 من طريقين عن سعيد، عن قتادة، عن عزرة، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس موقوفاً. وأخرجه البيهقي 5/179–180 من طريق عمرو بن الحارث، عن قتادة، عن سعيد، عن ابن عباس موقوفاً بإسقاط عزرة. قال المزي في التحفة 4/430 بعد ذكر هذا الإسناد: وذلك معدود في اوهامه، فإن قتادة لم يلق سعيد بن جبير فيما قاله يحيى بن معين وغيره. وأخرجه الدارؤقطني 2/267و 268–269، والبيهقي 4/377 من طريق عطاء، والدارقطني 2/269–2/269، والبيهقي 4/377 من طريق طاوس، كلاهما عن ابن عباس. وأخرجه الشافعي 1/ 1000 و 1001، والبيهقي 4/377 والبغوي 1856 من طريق أبي قلابة، عن ابن عباس موقوفاً.

کی مراد اس بات کی اطلاع دینا تھی کہ جب کسی شخص نے خود حج نہ کیا ہو تو اس کے لیے کسی دوسرے کی طرف سے حج کرنا جائز نہیں ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "پھر تم شبرمہ کی طرف سے حج کر لینا" یہ حکم (اباحت) کیلئے ہے لازمی قرار دینے کیلئے نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْحَجِّ عَنْ مَنْ وَجَبَ عَلَيْهِ فَرِيضَةُ اللّٰهِ فِيْهِ وَهُوَ غَيْرُ مُسْتَطِيعٍ لِلرُّكُوبِ عَلَى الرَّاحِلَةِ

ایسے شخص کی طرف سے حج کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ، جس پر اللہ تعالیٰ کا فریضہ حج کے حوالے سے لازم ہو چکا ہو اور وہ شخص سواری پر بیٹھنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو

3989 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ رَدِيفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَتْهُ امْرَاَةٌ مِّنْ خَثْعَمَ تَسْتَفْتِيهِ، فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا وَتَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهِ فِى الْحَجِّ اَدْرَكَتْ اَبِىْ شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَّثْبُتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ اَفَاَحُجَّ عَنْهُ قَالَ: نَعَمْ، وَذٰلِكَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے (سواری پر) بیٹھے ہوئے تھے ایک خاتون جو خثعم قبیلے سے تعلق رکھتی تھی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مسئلہ دریافت کرنے کیلئے حاضر ہوئی۔

3989- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "موطأ مالك 1/359" في الحج: باب الحج عمن يحج عنه، ومن طريقه أخرجه الشافعي في المسند 1/993، وأحمد 1/346 و 359، والبخاري 1513 في الحج: باب وجوب الحج وفضله، و 1855 في جزاء الصيد: باب حج المرأة عن الرجل، ومسلم 133 في الحج: باب الحج عن العاجز لزمانة وهرم ونحوهم أو للموت، وأبو دواد 1809 في المناسك: باب الرجل يحج عن غيره، والنسائي 5/118-119، في مناسك الحج: باب حج المرأة عن الرجل، و 8/228، في أداب القضاة: باب الحكم بالتشبيه والتمثيل، وذكر الاختلاف على الوليد بن مسلم في حديث ابن عباس، والبيهقي 4/328، وابن خزيمة 3031، و 3033 و 3036 والطبراني 18/722، وأخرجه البغوي 1854 من طريق أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/219، و 251 و 329 والدارمي2/40، والبخاري 4399، في المغازي: باب حجة الوداع، و 6228 في الاستئذان: باب قول الله تعالى: (يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰى اَهْلِهَا . . .) (النور: 27)، والنسائي 5/119، و 8/228-229، وابن خزيمة 3031و 3032 و 3033 والطبراني 18/723 و 725 والبيهقي 4/328، و 329 و 5/179، من طرق عن ابن شهاب، بهِ .وأخرجه الشافعي 1/994، وأحمد 1/212، والبخاري 1853 في جزاء الصيد: باب الحج عمن لا يستطيع الثبوت على الراحلة، ومسلم 1335، والترمذي 958 في الحج: باب ما جاء في الحج عن الشيخ الكبير والميت، وابن ماجه 2909، والنسائي 8/227-228، والطبراني 18/720و 721 و 732 و 733 و 735، والدرامي 2/39-40و 40، والبيهقي 4/328 من طرق عن الزهري، عن سليمان بن يسار، عن ابن عباس، عن الفضل بن عباس، وانظر الحديث رقم 3990 و 3992 و 3993 و 3994 و 3995 و 3996 و 3997 .

حضرت فضل رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف دیکھنا شروع کر دیا اس نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھنا شروع کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کے چہرے کو دوسری طرف موڑ دیا اس خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو حج فرض کیا ہے وہ میرے بوڑھے عمر رسیدہ والد پر بھی لازم ہو گیا ہے' جو سواری پر بیٹھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں (راوی کہتے ہیں) یہ حجۃ الوداع کے موقع کی بات ہے۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَجَّ عَلٰى مَنْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ بِالدَّيْنِ اِذَا كَانَ عَلَيْهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حج کو اس شخص سے تشبیہ دینا جس کے ذمے قرض واجب ہو' جبکہ وہ حج اس کے ذمے لازم ہوا ہو

3990 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ عَنِ امْرَاَةٍ اَرَادَتْ اَنْ تَعْتِقَ عَنْ اُمِّهَا قَالَ سُلَيْمَانُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِيْ دَخَلَ فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ، فَاِنْ اَنَا شَدَدْتُهُ عَلٰى رَاحِلَتِيْ خَشِيتُ اَنْ اَقْتُلَهُ، وَاِنْ لَمْ اَشُدَّهُ لَمْ يَثْبُتْ عَلَيْهَا، اَفَاَحُجُّ

3990– رجاله ثقات رجال مسلم غير إبراهيم بن الحجاج السامي، فقد روى له النسائي، وهو ثقة .وأخرجه النسائي 5/118 في مناسك الحج: باب تشبيه قضاء الحج بقضاء الدين، و 8/229 في آداب القضاء : باب ذكر الاختلاف على يحيى بن إسحاق فيه، وفي الكبرى كما في التحفة 4/467 من طرق عن يحيى بن أبي إسحاق، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/212، والنسائي 8/229 من طريق شعبة، و 5/119–120 في مناسك الحج: باب حج الرجل عن المرأة، و 8/229، والطبراني 18/758 من طريق محمد بن سيرين، كلاهما عن يحيى بن أبي إسحاق، عن سليمان بن يسار عن الفضل بن عباس، وقال النسائي: سليمان لم يسمع من الفضل بن عباس، ورواية ابن سيرين "إن أمي عجوزة كبيرة" . . .وأخرجه أحمد 1/212 من طريق هاشم، والدارمي 2/40–41، من طريق حماد بن زيد، كلاهما عن يحيى بن ابى إسحاق، سقطت أبي من المسند عن سليمان بن يسار حدثني التصريح بالتحديث رواية الدرامي عبيد الله بن عباس أو الفضل بن عباس .قال الترمذي في التحفة 8/265: ورواه على بن عاصم عن يحيى بن أبي إسحاق، عن سليمان بن يسار، عن عبيه الله بن عباس، وقد تحرفت في التحفة إلى عبد الله بن عباس، وقال: قلنا ليحيى إن محمداً يعني ابن سيرين– حدث عنك أنك حدثت بهذا الحديث عن سليمان بن يسار ع الفضل بن عباس فقال: ما حفظته إلا عن عبيد الله بن عباس، وقال محمد بن عمر الواقدي: روى أيوب السختياني هذا الحديث عن سليمان بن يسار عن عبيد الله بن عباس تحرفت في التحفة إلى عبد الله بن عباس ولم يشك، وهو أقرب إلى الصواب، لأن الفضل بن عباس توفي في زمن عمر بن الخطاب بالشام في طاعون عمواس سنة ثماني عشرة، ولم يدركه سليمان بن يسار، وعبيد الله بن العباس قد بقي إلى دهر يزيد بن معاوية بن أبي سفيان، وسليمان بن يسار يقول في هذا الحديث: حدثني، فهو أولى بالصواب إن شاء الله تعالى .وأخرجه النسائي 8/229–230 من طريق عمرو بن دينار عن أبي الشعثاء، عن ابن عباس، مختصراً، وانظر 3989 و 3992 و 3993 و 3994 و 3995 و 3996 و 3997 .1انظر الفتح 13/309–310 .

عَنْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ عَلٰى اَبِيْكَ دَيْنٌ فَقَضَيْتَهُ عَنْهُ اَكَانَ يُجْزِءُ عَنْهُ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاحْجُجْ عَنْ اَبِيْكَ

فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ عَلٰى رُخَصِ الْمُقَايَسَاتِ .

یحیٰی بن ابواسحاق بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے سلیمان بن یسار سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا: جو اپنی والدہ کی طرف سے غلام آزاد کرنے کا ارادہ کرتی ہے' تو سلیمان نے جواب دیا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے والد نے جب اسلام قبول کیا اس وقت وہ بوڑھے عمر رسیدہ ہو چکے تھے اگر میں انہیں سواری پر باندھ دیتا ہوں' تو مجھے ڈر ہے وہ فوت ہو جائیں گے اور اگر میں انہیں باندھتا نہیں ہوں' تو وہ اس پر بیٹھ نہیں سکیں گے کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے' اگر تمہارے والد کے ذمے قرض ہوتا اور تم ان کی طرف سے اس کو ادا کر دیتے تو کیا وہ ادا ہو جاتا؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اپنے والد کی طرف سے حج کرلو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں قیاس کرنے کی اجازت ہونے کی دلیل ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ عَمَّنْ لَا يَسْتَطِيْعُ رُكُوْبَ الرَّاحِلَةِ اِذْ فَرْضُهَا كَفَرْضِ الْحَجِّ سَوَاءٌ

ایسے شخص کی طرف سے حج کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ جو سواری پر سوار ہونے کی استطاعت نہیں رکھتا' کیونکہ اس کی فرضیت حج کی فرضیت کی طرح برابر کی حیثیت رکھتی ہے

3991 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ اَبِيْ رَزِيْنِ الْعُقَيْلِيِّ

3991-إسناده صحيح على شرط مسلم، غير صحابيه أبي رزين العقيلي، فروى له الأربعة والبخاري في الأدب المفرد . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك .وأخرجه أحمد 4/10 11 12، وأبو داوُد 1810 في المناسك: باب الرجل يحج عن غيره، والترمذي 930 في الحج: باب 87، والنسائي 5/117 في مناسك الحج: باب العمرة عن الرجل الذي لا يستطيع، وابن ماجه 2906 في المناسك: باب الحج عن الحي إذا لم يستطع، وابن خزيمة 2040 والطبراني 19/457 و 458 وابن الجارود 500 والحاكم 1/481، والبيهقي 4/329، وفيه عمرو بن عوف الثقفي، مكان عمرو بن بن أوس، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وقال الترمذي: حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي .وفي الباب عن الفضل بن عباس أخرجه الطبراني 18/759 من طريق شعبة، عن ابن أبي إسحاق، عن عبد الله بن شداد، عن الفضل مرفوعاً، بهذا اللفظ . والظعن بفتحتين أو سكون الثاني: السفر، وفسر بالراحلة، أي لا يقوى على السير ولا على الركوب من كبر السن .وقال الإمام أحمد فيما نقله عنه صاحب التنقيح: لا أعلم في إيجاب العمرة حديثاً أجود من هذا، ولا أصح منه، ونقل الزيلعي في نصب الراية 3/148 عن الشيخ تقي الدين بن دقيق العيد أنه قال: وفي دلالته على وجوب العمرة نظر، فإنها صيغة أمر للولد بأن يحج عن أبيه ويعتمر، لا أمر له بأن يحج ويعتمر عن نفسه، وحجه وعمرته عن أبيه ليس بواجب عليه بالاتفاق، فلا تكون صيغة الأمر فيها للوجوب

(متن حدیث):اَنَّـهُ سَـالَ الـنَّبِـيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِىْ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ، وَالْعُمْرَةَ، وَالظَّعْنَ، فَقَالَ: حَجَّ عَنْ اَبِيْكَ وَاعْتَمِرْ

أبو رزين: لقيط بن عامر ۔(1:70)

حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے والد بوڑھے عمر رسیدہ آدمی ہیں وہ حج یا عمرہ کرنے یا سواری پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے والد کی طرف سے حج بھی کرلو اور عمرہ بھی کرلو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابورزین رضی اللہ عنہ کا نام لقیط بن عامر ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ حَجِّ الرَّجُلِ عَنِ الْمُتَوَفَّى الَّذِى كَانَ الْفَرْضُ عَلَيْهِ وَاجِبًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی کا کسی ایسے مرحوم کی طرف سے حج کرنا جائز ہے' جس کے ذمے حج فرض ہو چکا تھا

3992 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الرَّقِّيُّ * قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اَبِىْ مَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ، اَفَاَحُجُّ عَنْهُ قَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ عَلٰى اَبِيْكَ دَيْنٌ اَكُنْتَ قَاضِيَهُ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: حُجَّ عَنْ اَبِيْكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میرے والد کا انتقال ہو گیا ہے انہوں نے حج نہیں کیا تھا تو کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارا کیا خیال ہے' اگر تمہارے والد کے ذمے قرض ہوتا تو کیا تم اسے ادا کر دیتے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اپنے والد کی طرف سے حج کرلو۔

3992- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حكيم بن سيف، فهو صدوق روى له أبو داوُد والنسائى فى "عمل اليوم والليلة" .وأخرجه الطبرانى 12/12332 من طريق يحيى بن خالد بن حيان الرقى، عن عبيد الله بن عمرو، بهذا الإسناد وأخرجه النسائى 5/118 فى مناسك الحج: باب تشبيه قضاء الحج بقضاء الدين، والطبرانى 11601 من طريق عكرمة، وابن الجارود 498 وابن خزيمة 3035 وبنحوه النسائى 5/116 باب الحج عن الميت الذى لم يحج، من طريق موسى بن سلمة، والدارقطنى 2/260 والطبرانى 11/11323 و11409 من طريق عطاء و 11/11200 من طريق عمرو بن دينار، أربعتهم عن ابن عباس .وأخرجه ابن ماجه 2904 فى المناسك: باب الحج عن الميت، من طريق يزيد بن الأصم عن ابن عباس، ولفظه: جاء رجل إلى النبى صلى الله عليه وسلم فقال: أحج عن أبى؟ قال: "نعم حج عن أبيك، فإن لم تزده خيرا لم تزده شرا " وقال البوصيرى فى "مصباح الزجاجة" 3/10: هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات، وانظر الحديث رقم 3989 و 3990 و 3993 3994 و 3995 و 3996 و 3997 .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّحُجَّ عَنِ الْمَيِّتِ الَّذِى مَاتَ قَبْلَ اَنْ يَّحُجَّ عَنْ نَفْسِهِ اِذَا كَانَ الْحَاجُّ عَنْهُ قَدْ حَجَّ عَنْ نَفْسِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ ایسے مرحوم کی طرف سے حج کرسکتا ہے' جو بذات خود حج کرنے سے پہلے فوت ہو چکا ہو' جبکہ اس کی طرف سے حج کرنے والا شخص پہلے خود حج کر چکا ہو

3993 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث):جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اُخْتِىْ مَاتَتْ وَلَمْ تَحُجَّ*، اَفَاَحُجُّ عَنْهَا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ فَقَضَيْتَهُ، فَاللّٰهُ اَحَقُّ بِالْوَفَاءِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری بہن کا انتقال ہوگیا ہے اس نے حج نہیں کیا تھا کیا میں اس کی طرف سے حج کرلوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے' اگر اس عورت کے ذمے قرض ہوتا تو کیا تم اسے ادا کردیتے؟ اللہ تعالیٰ ادا کیے جانے کا سب سے زیادہ حق دار ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ الْحَجِّ عَمَّنْ لَا يَسْتَطِيْعُ الْحَجَّ عَنْ نَفْسِهِ عَنْ كِبَرِ سِنٍّ بِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' جو شخص عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے بذات خود حج نہ کرسکتا ہو اس کی طرف سے حج کرنا جائز ہے

3994 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث):جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِىْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ،

3993- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو بشر: هو جعفر بن إياس، وأخرجه أحمد 1/345 من طريق وكيع بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 2621 وأحمد 1/239 240، والبخاري 6696 في الأيمان والنذور: باب من مات وعليه نذر، والنسائي 5/116، في مناسك الحج: باب الحج عن الميت الذى نذر أن يحج: وابن الجارود 501 وابن خزيمة 3041 والطبراني 12/12443، والبيهقي 5/179، والبغوى 1855 من طرق عن شعبة، به .وأخرجه البخاري 1852 في جزاء الصيد: باب الحج والنذور عن الميت والرجل يحج عن المرأة، و 7315 في الاعتصام: باب من شبه أصلاً معلوماً بأصل مبين، والطبراني 12/12444، والبيهقي 4/335، من طريق أبي عوانة، عن أبي بشر، به . ولفظه: أن امرأة من جهينة جاء ت إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت: إن أمي نذرت أن تحج، فلم تحج حتى ماتت، أفأحج عنها؟ قال: "نعم، حجى عنها . . . " .وأخرجه الطبراني 12/12512، من طريق عبد الملك بن سعيد بن جبير، عن أبيه، به وانظر الحديث رقم 3989 و 3990 و 3992 و 3994 و 3995 و 3996 و 3997 .

لَا يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ، اَفَاَحُجُّ عَنْهُ قَالَ: نَعَمْ، حُجَّ مَكَانَ اَبِيكَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے والد بوڑھے عمر رسیدہ شخص ہیں وہ حج کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! تم اپنے باپ کی جگہ حج کرلو۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اِذَا حَطَمَهُ السِّنُّ حَتّٰى لَمْ يَقْدِرْ يَسْتَمْسِكُ عَلَى الرَّاحِلَةِ وَفَرْضُ الْحَجِّ قَدْ لَزِمَهُ اَنْ يَّحُجَّ عَنْهُ وَهُوَ فِي الْاَحْيَاءِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب اس کی عمر اتنی زیادہ ہو چکی ہو کہ وہ شخص سواری

پر بیٹھ نہ سکتا ہو اور حج کی فرضیت اس پر لازم ہو چکی ہو تو پھر اس کی طرف سے اس کی زندگی کے دوران ہی حج کرلیا جائے

3995 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ: قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ امْرَاَةً مِنْ خَثْعَمَ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ اَدْرَكَتْ اَبِيْ شَيْخًا كَبِيرًا، لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَّسْتَوِيَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ، فَهَلْ اَقْضِي عَنْهُ، اَوْ اَحُجُّ عَنْهُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: خثعم قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے جو حج فرض کیا ہے وہ میرے بوڑھے عمر رسیدہ والد پر بھی لازم ہو گیا ہے' جو سواری پر بیٹھنے کی استطاعت نہیں رکھتے تو کیا میں ان کی طرف سے ادائیگی کردوں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں۔

3994– حديث صحيح . سماك: حسن الحديث إلا أن في روايته عن عكرمة اضطراباً، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات، أبو الأحوص: هو سلام بن سليم الحنفي . وأخرجه النسائي 5/118 في مناسك الحج: باب تشبيه قضاء الحج بقضاء الدين، والطبراني 11/11601، من طريقين عن حكم بن أبان، عن عكرمة، عن ابن عباس، ولفظ النسائي: قال يا رسول اللّٰه اِنَّ اَبِيْ مَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ اَفَاَحُجَّ عَنْهُ؟ قَالَ: "اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ عَلٰى اَبِيكَ دَيْنٌ أكنت قاضيه؟ " قال: نعم . قال: "فدين اللّٰه أحق" . ولفظ الطبراني: إن أمي ماتت . . . وانظر الحديث رقم 3989 و 3990 و 3992 و 3993 و 3995 و 3996 و 3997 .

3995– إسناده صحيح على شرط الشيخين، العقنبي: عبد اللّٰه بن مسلمة بن قعنب . وأخرجه الشافعي 1/992، والطيالسي 2663، والبخاري 1854 في جزاء الصيد: باب الحج عمن لا يستطيع الثبوت على الراحلة، والنسائي 5/116–117 في مناسك الحج: باب الحج عن الميت الذي لم يحج . و 117 باب الحج عن الحي الذي لا يستمسك على الرحل، وأبو يعلى 2384، وابن الجارود 497، وابن خزيمة 3042، والطبراني 18/724 و 726 و 727 و 728 و 729 و 730 و 734، والبيهقي 4/328، من طرق عن الزهري بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 5/17 من طريق طاووس وابن ماجه 2907 في المناسك: باب الحج عن الحي إذا لم يستطع من طريق نافع بن جبير، كلاهما عن ابن عباس، وانظر الحديث رقم 3989 و 3990 و 3992 و 3993 و 3994 و 3996 و 3997 .

نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون سے فرمایا: جی ہاں۔

3996 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ رَدِيفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ تْهُ امْرَاَةٌ مِّنْ خَثْعَمَ تَسْتَفْتِيهِ، فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا، وَتَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ فِى الْحَجِّ اَدْرَكَتْ اَبِىْ شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَّثْبُتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ، اَفَاَحُجُّ عَنْهُ قَالَ: نَعَمْ وَذٰلِكَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس ﷛ بیان کرتے ہیں: حضرت فضل بن عباس ﷛ نبی اکرم ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھے ہوئے تھے خثعم قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون مسئلہ دریافت کرنے کیلئے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ حضرت فضل ﷛ نے اس کی طرف دیکھنا شروع کر دیا اور اس نے حضرت فضل ﷛ کی طرف دیکھنا شروع کر دیا' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت فضل ﷛ کا چہرہ دوسری طرف کر دیا اس خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو حج فرض کیا ہے وہ میرے بوڑھے عمر رسیدہ والد پر بھی فرض ہو گیا ہے' جو سواری پر بیٹھنے کی استطاعت نہیں رکھتے کیا میں ان کی طرف سے حج کر لوں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں (راوی کہتے ہیں) یہ حجۃ الوداع کے موقع کی بات ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں سلیمان بن یسار نامی راوی منفرد ہے

3997 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِىْ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ، اَفَاَحُجُّ عَنْهُ قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ فَحُجَّ عَنْ اَبِيكَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس ﷛ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اور عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد بوڑھے عمر رسیدہ شخص ہیں' جو حج (کے لیے سفر) کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے' کیا میں ان کی طرف سے حج کر لوں؟ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! تم اپنے والد کی طرف سے حج کر لو۔

3996- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم 3989 .

3997- هو مكرر 3994 وسماك: وإن كانت روايته عن عكرمة مضطربة قد توبع، وهو فى مسند أبى يعلى 2351 .

بَابُ الْاِحْصَارِ

باب: محصور کیے جانے کا بیان

ذِكْرُ وَصْفِ مَا يَعْمَلُ الْمُحْرِمُ اِذَا خَافَ الصَّدَّ عَنِ الْبَيْتِ الْعَتِيقِ

اس وقت کا تذکرہ' جب کسی احرام والے شخص کو اس بات کا اندیشہ ہو کہ اسے بیت عتیق تک نہیں پہنچنے دیا جائے گا' تو وہ کیا کرے

3998 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ اَرَادَ الْحَجَّ عَامَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّ النَّاسَ كَائِنٌ فِيهِمْ قِتَالٌ، وَاِنَّا نَخَافُ اَنْ يَصُدُّوكَ، فَقَالَ: (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ) (الأحزاب: 21) اِذًا اَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنِّي اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ اَوْجَبْتُ عُمْرَةً، ثُمَّ خَرَجَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِظَاهِرِ الْبَيْدَاءِ، قَالَ: مَا شَانُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ اِلَّا شَانٌ وَّاحِدٌ، اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ اَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي، وَاَهْدَى هَدْيًا اشْتَرَاهُ بِقُدَيْدٍ، فَانْطَلَقَ يُهِلُّ بِهِمَا جَمِيعًا، حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ، وَبِالصَّفَا، وَالْمَرْوَةِ، وَلَمْ يَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ، وَلَمْ يَنْحَرْ، وَلَمْ يَحْلِقْ، وَلَمْ يُقَصِّرْ، وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ اَحْرَمَ مِنْهُ حَتّٰى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ نَحَرَ، وَحَلَقَ، ثُمَّ رَاَى اَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِطَوَافِ الْاَوَّلِ، وَقَالَ: كَذٰلِكَ فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

3998- إسناده صحيح على شرط الشيخين، غير يزيد، -وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب- وهو ثقة .وأخرجه البخارى 1640 فى الحج: باب طواف القارن، ومسلم 1230 و 182 فى الحج: باب بيان جواز التحلل بالإحصار، وجواز القران، والنسائى 5/158-159 فى مناسك الحج: باب إذا أهل بعمرة هل يجعل معها حجاً، من طريقين عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 1/360 ومن طريقه الشافعى 1/986 والبخارى 1806 فى المحصر: باب إذا أحصر المعتمر، و 1813 باب من قال ليس على المحصر بدن، و 4183 فى المغازى: باب غزوة الحديبية، ومسلم 1230 180 والبيهقى 5/215، عن نافع، به .وأخرجه البخارى 1639 و 1693 باب من اسرى الهدى من الطريق، و 1708 باب من اشترى هديه من الطريق وقلدها، و 1808 و 4184، ومسلم 1230 و 181 و 183 والنسائى 5/225-226و 226 باب طواف القارن، وابن خزيمة 2743 و 2746، والبيهقى 5/216 من طرق عن ناه، به .وأخرجه البخارى 1807 و 4185 والبيهقى 5/216 من طريق جويرية عن نافع، أن عبيد الله بن عبد الله، وسالم بن عمر أخبرا أنهما كلما عبد الله بن عمر رضى الله عنه ليالى نزل الجيش بابن زبير، فقال: لا يضرك ألا تحج العام . . .

❀❀ نافع بیان کرتے ہیں: جس سال حجاج نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا تھا اس سال حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حج کرنے کا ارادہ کیا' تو ان سے کہا گیا لوگوں کے درمیان جنگ ہونے لگی ہے ہمیں اس بات کا اندیشہ ہے' وہ آپ کو (مکہ) تک نہیں جانے دیں گے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''تمہارے لیے اللہ کے رسول کے طریقے میں بہترین نمونہ ہے''۔

(حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اس صورت میں' میں اسی طرح کروں گا' جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا میں تم لوگوں کو گواہ بنا کے یہ بات کہتا ہوں کہ میں نے عمرہ (اپنے اوپر) لازم کرلیا ہے پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے' یہاں تک کہ جب وہ ''بیداء'' کے مقام پر پہنچے تو انہوں نے فرمایا: حج اور عمرے کا طریقہ ایک ہی جیسا ہے' تو میں تم لوگوں کو گواہ بنا کے یہ بات کہتا ہوں میں نے اپنے عمرے کے ہمراہ حج کو بھی لازم کرلیا ہے اور میں قربانی کا جانور ساتھ لے کر جاؤں گا' جو میں ''قدید'' کے مقام سے خرید چکا ہوں اس کے بعد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ان دونوں (یعنی حج اور عمرہ) کا تلبیہ پڑھتے ہوئے روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ وہ مکہ آئے بیت اللہ اور صفاء و مروہ کا طواف کیا انہوں نے اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کیا نہ انہوں نے قربانی کی نہ سر منڈوایا نہ بال چھوٹے کروائے اور نہ ہی ایسی کسی چیز سے حلال ہوئے جو احرام کی پابندیوں میں شامل ہو' یہاں تک کہ جب قربانی کا دن آ گیا تو انہوں نے قربانی کی سر منڈوایا انہوں نے یہ سمجھا کہ جب انہوں نے پہلی مرتبہ طواف کیا تھا تو اس کے ذریعے انہوں نے حج اور عمرے دونوں کے طواف کو ادا کر دیا تھا۔

انہوں نے یہ بات بیان کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی طرح کیا تھا۔

بَابُ الْهَدْي

باب: ہدی کا بیان

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْحَاجِّ بَعْثَ الْهَدْيِ وَسَوْقَهَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ

حاجی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ مدینہ منورہ سے قربانی کے جانور کو بھیج دے یا اسے اپنے ساتھ لے کر جائے

3999 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ كَانُوا حَاضِرِينَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ، يَبْعَثُ بِالْهَدْيِ، فَمَنْ شَاءَ مِنَّا اَحْرَمَ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ منورہ میں موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے جانور کو بھجوا دیا' تو ہم میں سے جس شخص نے چاہا اس نے موخر کر دیا اور جس نے چاہا اس نے ترک کر دیا۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْإِشْعَارِ لِمَنْ سَاقَ الْهَدْيَ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ اقْتِدَاءً بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جو شخص قربانی کا جانور بیت عتیق تک لے کر جاتا ہے اس کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے ''اشعار'' کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

4000 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِي بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي حَسَّانَ الْاَعْرَجِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ اَشْعَرَ الْهَدْيَ فِي جَانِبِ السَّنَامِ

3999– إسناد صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يزيد بن موهب، وهو يزيدي بن خالد بن يزيد بن موهب، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه النسائي 5/174من طريق قتيبة، عن الليث، بهذا الإسناد .

الْاَيْمَنِ، ثُمَّ اَمَاطَ الدَّمَ، وَقَلَّدَهُ نَعْلَيْهِ، ثُمَّ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ، فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءُ، اَحْرَمَ وَاَهَلَّ بِالْحَجِّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ذوالحلیفہ تشریف لائے تو آپ نے قربانی کے جانور کی کوہان کے بائیں طرف نشان لگایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خون کو صاف کیا اور اس جانور کے گلے میں جوتوں کا ہار پہنا دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر سوار ہوئے جب وہ سواری ''بیداء'' کے مقام پر کھڑی ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام شروع کیا اور حج کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ اِذَا سَاقَ الْهَدْىَ اَنْ يُّشْعِرَهَا وَيُقَلِّدَهَا نَعْلَيْنِ

اس بات کا تذکرہ حاجی کے لیے یہ بات مستحب ہے جب وہ قربانی کا جانور ساتھ لے کر جائے تو اس پر نشان لگائے اور اسے جوتوں کا ہار پہنائے

4001 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبِى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِىْ حَسَّانَ الْاَعْرَجِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ اَشْعَرَ الْهَدْىَ فِىْ جَانِبِ السَّنَامِ الْاَيْمَنِ، ثُمَّ اَمَاطَ الدَّمَ، وَقَلَّدَهُ نَعْلَيْهِ، ثُمَّ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءُ اَحْرَمَ وَاَهَلَّ بِالْحَجِّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ذوالحلیفہ پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے جانور کی کوہان کی دائیں طرف نشان لگایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے خون کو صاف کیا اسے جوتوں کا ہار پہنایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر سوار ہوئے جب بیداء کے مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کھڑی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا اور حج کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنْ قَتَادَةَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرِ مِنْ اَبِىْ حَسَّانَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے

4000- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى حسان الأعرج، واسمه مسلم بن عبد الله، فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم 1243 فى الحج: باب تقليد الهدى وإشعاره عند الإحرام، من طريق محمد بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائى 5/172 فى مناسك الحج: باب تقليد الهدى، من طريق عبد الله بن سعيدن عن معاذ، به وقد زيد فى المطبوع منه: محمد بين عبيد الله بن سعيد ومعاذ، وهو خطأ، واستدرك من تحفة الأشراف 5/239 .وأخرجه الطيالسى 2696، عن هشام، وأخرجه أحمد 1/344و 372، والترمذى 906 فى الحج: باب ما جاء فى إشعار البدن، وابن ماجه 3097 فى المناسك: باب إشعار البدن، والنسائى 5/174فى المناسك: باب تقليد الهدى نعلين، من طق عن هشام الدستوانى، به .وأخرجه 12/12902، من طريق طلحة بن عبد الرحمٰن، عن قتادة، به وانظر الحديثين الآتيين .

4001- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .

قتادہ نامی راوی نے یہ روایت ابوحسان سے نہیں سنی ہے

4002 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَسَّانَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ، ثُمَّ دَعَا بِبَدَنَةٍ فَاَشْعَرَهَا مِنْ صَفْحَةِ سَنَامِهَا الْاَيْمَنِ، ثُمَّ سَلَتَ الدَّمَ عَنْهَا، وَقَلَّدَهَا نَعْلَيْنِ، ثُمَّ اُتِيَ بِرَاحِلَتِهِ، فَلَمَّا قَعَدَ عَلَيْهَا وَاسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءُ، اَهَلَّ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ میں ظہر کی نماز ادا کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے اونٹ کو منگوایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی کوہان کے دائیں طرف نشان لگایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا خون بہایا اور اسے جوتوں کا ہار پہنایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری لائی گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر تشریف فرما ہوئے جب میدان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کھڑی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبیہ پڑھنا شروع کر دیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ السُّنَّةَ فِي الْاِشْعَارِ لِلْهَدْيِ مَا رَوَاهَا اِلَّا اَبُوْ حَسَّانَ الْاَعْرَجُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے‘ جو اس بات کا قائل ہے‘ قربانی کے جانور کو اشعار کرنے کی سنت کی روایت صرف ابوحسان اعرج نے نقل کی ہے

4003 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ:

4002- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي .وأخرجه الطبراني 12/12901 من طريق أبي خليفة بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/65-66، وأبو داوٗد 1752 في المناسك: باب في الإشعار، من طريق أبي الوليد الطيالسي، به .وأخرجه الطيالسي 2696، وعلي بن الجعد في مسند 1011 عن شعبة، وأحمد 1/216، و 254 و 280و 339و 347، ومسلم 1243 في الحج: باب تقليد الهدى وإشعاره عند الإحرام، والنسائي 5/170، و 170- 171 في الحج: باب أي الشقين يشعر، وباب سلت الدم عن البدن، وأبو داوٗد 1752و 1753 وابن الجارود 424، والطبراني 12/12901 والبيهقي 5/232 والبغوي 1893 من طرق عن شعبة به . وانظر الحديثين السابقين .

4003- إسناده صحيح على شرط الشيخين، غير أحمد بن سعيد الهمداني، فروى له أبو داوٗد، وقد وثقه الساجي والعقيلي وغيرهما . ابن وهب: هو عبد الله بن وهب بن مسلم .وأخرجه البخاري 1696 في الحج: باب من أشعر وقلد بذى الحليفة ثم أحرم، و 1699 باب إشعار البدن، ومسلم 1321 362 في الحج: باب استحباب بعث الهدى إلى الحرم لمن لا يريد الذهاب بنفسه، وابو داوٗد 1757 في المنسا: باب من بعث بهديه وأقام، والنسائي 5/170 في مناسك الحج: باب إشعار الهدى و 5/173 باب تقليد الإبل، وابن ماجه 3098 في المناسك: باب إشعار البدن، والبيهقي 5/233، والبغوي 1890 من طرق عن أفلح بن حميد، بهذا الإسناد . ولفظ البخاري أن عائشة رضي الله عنها قالت: فتلت قلائد بدن النبي صلى الله عليه وسلم بيدي، ثم قلدها واشارها وأهداها، فما حرم عليه شيء كان أحل له .

حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ اَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْعَرَ

قاسم بن محمد' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (قربانی کے جانور پر) نشان لگایا تھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِشْتِرَاكِ لِلْجَمَاعَةِ فِی الْبَدَنَةِ تُنْحَرُ

اونٹ کی قربانی میں کئی لوگوں کے حصہ دار بننے کا حکم ہونے کا تذکرہ

4004 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث):نَحَرْنَا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ سَبْعِيْنَ بَدَنَةً، الْبَدَنَةُ عَنْ سَبْعَةٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَشْتَرِكُ النَّفَرُ فِی الْهَدْیِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے حدیبیہ کے دن ستر اونٹ قربان کیے تھے ایک اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: کچھ لوگ ایک قربانی میں حصہ دار بن جائیں۔

ذِكْرُ جَوَازِ اشْتِرَاكِ النَّفَرِ فِی الْبَقَرَةِ الْوَاحِدَةِ فِی الْحَجِّ

حج کے دوران ایک گائے کی قربانی میں کئی لوگوں کے حصہ دار بننے کے جائز ہونے کا تذکرہ

4005 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰی قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

4004– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وروى له البخارى مقروناً وقد صرح عند غير المؤلف فى بض الروايات بالتحدى، فانتفت شبهة تدليسه، وبندار: هو لقب محمد بن بشار، وعبد الرحمٰن: هو ابن مهدى، وسفيان: هو الثورى .وأخرجه الحاكم 4/230، من طريق إبراهيم بن أبى طال، عن محمد بن المثنى ومحمد بن بشار، عن عبد الرحمٰن بهذا الإسناد، وقال: حديث صحيح على شرط مسلم، ولفظه: نحرن يوم الحديبية سبعين بدنة، البدنة عن عشرة، وتعقبه الذهبى بقوله: وخالفه ابن جريج ومالك وزهير عن أبى الزبير، فقالوا: البدنة عن سبعة، وجاء عن سفيان كذلك .وأخرجه الدارمى3/290–293 ومسلم 1813 351 فى الحج: باب الاشتراك فى الهدى، والبيهقى 5/234 و 9/294، والبغوى 1131 من طريق أبى خيثمة زهير بن معاوية، ومسلم 1318 353 و354، وابن الجارود 479 والبيهقى 9/295 من طريق ابن جريج، ومسلم 1318 352 من طريق عروة بن ثابت، والبيهقى 5/234 أربعتهم عن أبى الزبير، بِهِ .وأخرجه أحمد 3/304و 318، و 366، ومسلم 1318 355، وابو داؤد 2807 و 2808 فى الأضاحى: باب فى البقر والجزور عن كم تجزء، والنسائى 7/222 فى الضحايا: ب باب ما تجزء عنه البقرة فى الضحايا، والبيهقى 5/234، و9/295، من طريقين عن عطاء والطيالسى و 1795 وأحمد 3/353 من طريق سليمان اليشكرى، وأحمد 3/316 من طريق أبى سفيان، و 3/335من طريق الشعبى، أربعتهم عن جابر، وانظر الحديث رقم 4006 .

4005– إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم تخريجه برقم 3834و 3835 .

وَهْبٍ قَالَ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ: اِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُخْبِرُ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متنِ حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجَّاجًا حَتّٰى قَدِمْنَا سَرِفَ، فَحِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اَبْكِي، فَقَالَ: مَا لَكِ فَقُلْتُ: لَيْتَنِيْ لَمْ اَحُجَّ الْعَامَ، قَالَ: مَا لَكِ قُلْتُ: حِضْتُ، قَالَ: هٰذَا شَيْءٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰى بَنَاتِ آدَمَ، فَاصْنَعِي كَمَا يَصْنَعُ الْحَاجُّ غَيْرَ اَنْ لَا تَطُوْفِي بِالْبَيْتِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوْهَا عُمْرَةً فَفَعَلُوْا، فَمَنْ لَمْ يَسُقْ هَدْيًا حَلَّ، وَسَاقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَنَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ مِنْ اَهْلِ الْيَسَارِ، فَلَمْ يَحِلُّوْا، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ، ذَبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ الْبَقَرَ، وَطَهُرْتُ، فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ، وَسَعَيْتُ، ثُمَّ رَجَعْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى، فَلَمَّا نَفَرْنَا اَرْسَلَنِيْ مَعَ اَخِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ مِّنَ الْمُحَصَّبِ، فَقَالَ: اَرْدِفْ اُخْتَكَ، فَاَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيمِ، فَاَرْدَفَنِيْ، فَاَهْلَلْتُ مِنَ التَّنْعِيمِ فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ رَجَعْتُ اِلَيْهِ فَصَدَرْنَا

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حج کرنے کیلئے روانہ ہوئے جب ہم ''سرف'' کے مقام پر پہنچے تو مجھے حیض آ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' تو میں رو رہی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے میں نے عرض کی: افسوس ہے' میں اس سال حج نہیں کر سکوں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے میں نے عرض کی: مجھے حیض آ گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ چیز ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آدم کی بیٹیوں کا نصیب کر دی ہے تم وہی کچھ کرو جو حاجی کرتے ہیں البتہ تم بیت اللہ کا طواف نہ کرنا (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) جب ہم مکہ آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے عمرہ میں تبدیل کر لو تو لوگوں نے ایسا ہی کیا جو شخص قربانی کا جانور ساتھ نہیں لایا تھا اس نے احرام کھول دیا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ صاحب حیثیت لوگ اپنے ساتھ قربانی کا جانور لائے تھے انہوں نے احرام نہیں کھولا جب قربانی کا دن آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی طرف سے ایک گائے قربان کی جب میں پاک ہو گئی تو میں نے بیت اللہ کا طواف بھی کیا اور (صفا و مروہ کی) سعی بھی کر لی پھر میں منیٰ میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جب ہم لوگ (مدینہ منورہ کی طرف) روانہ ہونے لگے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے میرے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ''محصب'' سے بھجوایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی بہن کو ساتھ بٹھاؤ اور انہیں ''تنعیم'' سے عمرہ کرواؤ انہوں نے مجھے اپنے پیچھے بٹھا لیا میں نے ''تنعیم'' سے عمرہ کا احرام باندھا میں نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو ہم لوگ (مدینہ منورہ کی طرف) روانہ ہو گئے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اشْتِرَاكِ الْجَمَاعَةِ فِي الْبَدَنَةِ وَالْبَقَرَةِ بِنَحْرٍ

اونٹ اور گائے کی قربانی میں کئی لوگوں کے حصہ دار بننے کے مباح ہونے کا تذکرہ

4006 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): نَحَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَةِ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حدیبیہ کے موقع پر ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات آدمیوں کی طرف سے ایک گائے اور سات آدمیوں کی طرف سے ایک اونٹ قربان کیا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاِبَاحَةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے جسے ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

4007 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ عِلْبَاءِ بْنِ اَحْمَرَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَحَضَرَ النَّحْرُ، فَاشْتَرَكْنَا فِي الْبَقَرَةِ سَبْعَةً، وَفِي الْبَعِيْرِ سَبْعَةً اَوْ عَشَرَةً

4006- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه البغوى 1130 من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر بهذا الإسناد، وهو فى الموطأ 2/486 فى الضحايا: باب الشركة فى الضحايا، وأخرجه من طريقه الدارمى 2/78، ومسلم 1813 350 فى الحج: باب الغشتراك فى الهدى، وأبو داؤد 2809 فى الأضاحى: باب فى البقر والجزور عن كم تجزء، والترمذى 904 فى الحج: باب ما جاء فى الاشتراك فى البدنة، وابن ماجه 3132 فى الأضاحى: باب عن كم تجزء البدنة والبقرة، والبيهقى 5/168-169و 216و 234 و 9/294، وانظر الحديث رقم 4004 .

4007- إسناده قوى على شرط مسلم .وأخرجه الترمذى 905 فى الحج: باب ما جاء فى الاشتراك فى البدنة والبقرة، والطبرانى11/11929 من طريق الحسين بن حريث، بهذا الإسناد، وقال الترمذى: حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 1/275، والنسائى 7/222 فى الضحايا: باب ما تجزء عنه البدنة فى الضحايا، وابن ماجه 3131 فى الأضاحى: باب عن كم تجزء البدنة والبقرة، والبيهقى 5/235-236، والبغوى 1132 من طرق عن الفضل بن موسى، به وأخرجه الحاكم 4/230 من طريق على بن الحسين بن شقيق عن الحسين بن واقد، به، وصححه على شرط البخارى، ووافقه الذهبى! .وقوله: سبعة أو عشرة، على الشك ليس إلا عند المؤلف، والرواية فى مصادر التخريج: وفى البعير أو الجزور عشرة، وقال البيهقى 5/236: وحديث أبى الزبير عن جابر أصح من ذلك، وقد شهد الحديبية، وشهد الحج والعمرة، وأخبرنا بأن النبى صلى الله عليه وسلم أمرهم باشترك سبعة فى بدنة، فهو أولى بالقبول .

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کر رہے تھے اسی دوران قربانی کا موقع آ گیا تو ہم سات آدمی ایک گائے میں حصہ دار بن گئے اور سات (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) دس آدمی ایک اونٹ میں حصہ دار بن گئے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّذْبَحَ بَقَرَةً عَنْ سَبْعَةِ اَنْفُسٍ فَمَا دُوْنَهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ سات یا اس سے کم آدمیوں کی طرف سے گائے قربان کرے

4008 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَمَاعَةَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): ذَبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ بَقَرَةً

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی طرف سے ایک گائے قربان کی تھی۔

ذِكْرُ جَوَازِ بَعْثِ الْمَرْءِ هَدْيَهُ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ لِيُنْحَرَ بِهَا وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ بِحَاجٍّ وَّلَا مُعْتَمِرٍ

آدمی کے لیے قربانی کا جانور "بیت عتیق" کی طرف بھیجنے کے جائز ہونے کا تذکرہ تا کہ اسے وہاں قربان کیا جائے اگرچہ وہ شخص حج کرنے والا یا عمرے کرنے والا نہ ہو

4009 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعُمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْدِي مِنَ الْمَدِيْنَةِ، فَاَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِهِ، ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُ الْمُحْرِمُ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے قربانی کا جانور بھجوایا کرتے تھے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم

4008– إسناده حسن، هشام بن عمار –وإن روى له البخاري– فيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين، غير إسماعيل بن سماعة، وهو إسماعيل بن عبد الله بن سماعة، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه أبو داوُد 1751 في المناسك: باب في هدى البقر، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 11/72، وابن ماجه 3133 في الأضاحي: باب عن كم تجزء البدنة والبقرة، والحاكم 1/467، والبيهقي 4/254من طريق الوليد بن مسلم عن الأوزاعي، بهذا الإسناد، وذد صرح الوليد بن مسلم بالتحديث عند ابن ماجه والحاكم والبيهي، وقال البيهقي بعد الرواية المصرحة بالتحديث: فإن كان قوله: حدثنا الأوزاعي محفوظاً، صار الحديث جيداً، وصححه الحاكم على شرط االشيخين، ووافقه الذهبي .وفي الباب عن عائشة عند أبي داوُد 1750وابن ماجه 3135 بلفظ: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نحر عن ال محمد صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع بقرة واحدة، وإسناده صحيح .

کی قربانی کے جانوروں کیلئے خود ہار تیار کرتی تھی اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کسی ایسی چیز سے اجتناب نہیں کرتے تھے جس سے محرم شخص اجتناب کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ مَا وَصَفْنَا، وَهُوَ مُقِيمٌ بِالْمَدِيْنَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ مصطفیٰ کریم ﷺ نے وہ عمل کیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور آپ ﷺ اس وقت مدینہ منورہ میں مقیم تھے

4010 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كُنْتُ لَاَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَهْدِي، ثُمَّ يَبْعَثُ بِالْهَدْيِ، وَهُوَ مُقِيمٌ عِنْدَنَا بِالْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ لَا يُحْرِمُ، وَلَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ

4009- إسناده على شرط الشيخين غير يزيد، -وهو ابن خالد بن زيد بن موهب- وهو ثقة .وأخرجه البخاري 1698 في الحج: باب فتل القلائد للبدن والبقر، وسمل 1321 359 في الحج: باب استحباب بعث الهدى إلى الحرم لمن لا يريد الذهاب بنفسه واستحباب تقليده وفتل القلائد، وأبو داوُد 1758 في المناسك: باب من بعث بهديه واقام، والنسائي 5/171، في المناسك: باب فتل القلائد، وابن ماجه 3094 في المناسك: باب تقليد البدن، والطحاوي 2/266 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوي 2/266 من طريق شعيب بن الليث عن الليث، به، ولم يذكر عمرة .وأخرجه مسلم 1321 359، والبيهقي 5/234 من طريقين عن ابن شهاب، بِهِ .وأخرجه مالك 1/340 في الحج: باب ما لا يوجب الإحرام من تقليد الهدى، ومن طريقه البخاري 1700 في الحج: باب من قلد القلائد بيده و 2317 في الوكالة: باب الوكالة في البدن وتعاهدها، ومسلم 1321 369، والنسائي 5/175 في المناسك: باب هل يوجب تقليد الهدى إحراماً، وأبو يعلى 4853، والطحاوي 2/266، والبيهقي 5/234، والبغوي 1891 عن عبد اللّٰه بن ابي بكر عن عمرة عن عائشة .وأخرجه مالك 1/341 من طريق يحيى بن سعيد، عن عمرة، عن عائشة .وأخرجه أحمد 6/78و 85 و 216، والحميدي 209 والبخاري 1696 باب من أشعر وقلد بذى الحليفة ثم أحرم، و 1699 باب إشعار البدن، و 1705 باب القلائد من العهن، ومسلم 1321 361 و 362 و 363 و 364، وأبو داوُد 1757، و 1759 والترمذي 908 في الحج: باب ما جاء في تقليد الهدى للمقيم، والنسائي 5/171 باب فتل القلائد و 172 باب ما يفتل منه القلائد، و 173 باب تقليد الإبل، و 175 باب هل يوجب تقليد الهدى إحراماً، وابن ماجه 3098 في المناسك: باب إشعار البدن، وابن الجارود 40239، وأبو يعلى 4659 والطحاوي 5/233، والبغوي 1890، من طرق عن القاسم بن محمد عن عائشة . وأخرجه البخاري 1704 باب تقليد الغنم و 5566 في الأضاحي: باب إذا بعث بهديه ليذبح لم يحرم عليه شيء، ومسلم 1321 371، والنسائي 5/171، وأبو يعلى 4658، والطحاوي 2/265، من طريق عن عامر الشعبي، عن مسروق عن عائشة .وأخرجه مسلم 1321 363 من طريق أبي قلابة عن عائشة .وأخرجه أبو داوُد 1759 .

4010- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم، ابن وهب: هو عبد اللّٰه بن وهب بن مسلم .وأخرجه مسلم 1321 360 في الحج: باب استحباب بعث الهدى إلى الحرم لمن لا يريد الذهاب بنفسه واستحباب تقليده وفتل القلائد، وأبو يعلى 4394 و 4505، والطحاوي 2/266، والبيهقي 5/233 من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4009 و 4011 و 4012 و 4013 .

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قربانی کے جانوروں کیلئے خود ہار تیار کیا کرتی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے وہ جانور (مکہ) بھجوا دیتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم خود ہمارے پاس مدینہ منورہ میں مقیم رہتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم احرام کی پابندی نہیں کرتے تھے اور نہ ہی ایسی کسی چیز سے اجتناب کرتے تھے جس سے محرم شخص اجتناب کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّهْدِىَ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ، وَهُوَ مُقِيمٌ بِبَلَدِهِ حَلٌّ غَيْرَ مُحْرِمٍ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ بیت عتیق کی طرف قربانی کا جانور بھیجے اور خود اپنے شہر میں احرام کی پابندیوں کے بغیر مقیم رہے

4011 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَفْتِلُ قَلَائِدَ الْغَنَمِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَبْعَثُ بِهَا، وَيَمْكُثُ حَلَالًا

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کی بکریوں کیلئے ہار تیار کیا کرتی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں بھجوا دیتے تھے اور خود احرام کے بغیر مقیم رہا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ بَاعِثَ الْهَدْىِ وَمُقَلِّدَهُ عَلَيْهِ الْاِحْرَامُ اِنْ عَزَمَ اَوْ لَمْ يَعْزِمْ عَلَى الْحَجِّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جو اس بات کا قائل ہے قربانی کے جانور

4011- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خليفة: هو الفضل بن الحباب . وسفيان: هو الثورى، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعى .وأخرجه البخارى 1703 فى الحج: باب تقليد الغنم، والبيهقى 5/232-233، من طريق مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ منصور، عن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائى 5/173-174 فى مناسك الحج: باب تقليد الغنم، من طريق سفيان عن الأعمش، و 5/174، والترمذى 909 فى الحج: باب ما جاء فى تقليد الغنم، من طريق سفيان، عن منصور كلاهما عن إبراهيم، بِه وأخرجه الطيالسى 1377 من طريق شعبة عن منصور والأعمش، بِه .وأخرجه البخارى 1703، ومسلم 1321 365 فى الحج: باب استحباب بعث الهدى إلى الحرم لمن لا يريد الذهاب بنفسه واستحباب تقليده وفتل القلائد، والنسائى 5/171-172 باب فتل القلائد، و 173 باب تقليد الغنم، و 175-176 باب هل يوجب تقليد الهدى إحراماً، وابن الجعد فى "مسنده" 901، والحميدى 218، وابن خزيمة 2608، والطحاوى 2/266 من طرق عن منصور، عن إبراهيم، بِه .وأخرجه البخارى 1702، ومسلم 1321 366 367، والنسائى 5/171، وابن ماجه 3095 فى المناسك: باب تقيد البدن، والطحاوى 2/265، والبيهقى 5/232 من طريقين عن الأعمش، عن إبراهيم، بِه .وأخرجه مسلم 1321 368، والنسائى 5/174، والطحاوى 2/265 و 266، والبيهقى 5/233 من طرق عن إبراهيم النخعى، بِه .وأخرجه النسائى 5/175، والطيالسى 1388 من طريق أبى إسحاق، وابو يعلى 4852 من طريق أبى معشر النخعى، كلاهما عن الأسود، بِه . وانظر الححديث رقم 4009 و 4010 و 4012 و 4013 .

کو بھیجنے والے شخص اور اس کے گلے میں ہار ڈالنے والے شخص پر احرام کی پابندیاں لازم ہو جاتی ہیں اگرچہ اس نے حج کا پختہ ارادہ کیا ہو یا ارادہ نہ کیا ہو

4012 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْیِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَبْعَثُ بِهَا، ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قربانی کے جانوروں کیلئے ہار تیار کیا کرتی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں بھجوا دیتے تھے اور پھر اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسی کسی چیز سے اجتناب نہیں کرتے تھے جس سے محرم شخص اجتناب کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِمَنْ قَلَّدَ الْهَدْیَ اَنْ لَا يَجْتَنِبَ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ حِيْنَ يَحْرُمُ

جو شخص قربانی کے جانور کے گلے میں ہار ڈالتا ہے اس کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ ایسی کسی چیز سے اجتناب نہ کرے جس سے احرام والا شخص احرام کے دوران اجتناب کرتا ہے

4013 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعَمْرَةَ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهْدِیْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَاَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِهِ، ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے قربانی کا جانور بھجوا دیتے تھے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کے جانوروں کیلئے ہار تیار کرتی تھی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسی کسی چیز سے اجتناب نہیں کرتے تھے جس سے محرم شخص اجتناب کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِرُكُوْبِ الْبَدَنَةِ الْمُقَلَّدَةِ عِنْدَ الْحَاجَةِ اِلَيْهِ

جب ضرورت پیش آئے' تو قربانی کے ہار والے جانور پر سوار ہونے کا حکم ہونے کا تذکرہ

4012- إسناده صحيح على شرط البخاري . علي بن الجعد من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . ابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمٰن بن المغيرة . وأخرجه أحمد 6/36، والحميدي 208، ومسلم 1321 360 في الحج باب باب استحباب بعث الهدي إلى الحرم لمن لا يريد الذهاب بنفسه، والنسائي 5/175 في مناسك الحج: باب هل يوجب تقليد الهدي إحراماً، وابن الجارود 423 من طريق سفيان، والطيالسي 1441 من طريق زمعة، كلاهما عن الزهري، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4009 و 4010 و 4011 و 4012 .

4013- إسناده صحيح، وهو مكرر الحديث رقم 4009 .

4014 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوقُ بَدَنَةً مُقَلَّدَةً، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبْهَا، قَالَ: بَدَنَةٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: ارْكَبْهَا وَيْلَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنے قربانی کے اونٹ کو ساتھ لے کر جا رہا تھا اس کے گلے میں ہار موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم اس پر سوار ہو جاؤ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ قربانی کا جانور ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تم اس پر سوار ہو جاؤ۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اِنَّمَا اُبِيحَ اسْتِعْمَالُهُ بِالْمَعْرُوْفِ اِلٰى اَنْ يَّسْتَغْنِيَ عَنْهُ بِظَهْرٍ يَجِدُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس حکم پر عمل کرنا اس وقت مباح ہے جب اسے مناسب طور پر کیا جائے یہاں تک کہ آدمی کوئی دوسری سواری ملنے پر اس پر سوار ہونے سے بے نیاز ہو جائے

4015 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ارْكَبُوا الْهَدْيَ بِالْمَعْرُوْفِ حَتّٰى تَجِدُوْا ظَهْرًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم لوگ مناسب طور پر قربانی کے جانور پر سوار ہو جاؤ اس وقت تک جب تک تمہیں (سواری کیلئے) کوئی جانور نہیں ملتا''۔

4014- إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن مخلد الحنظلي المعروف بابن راهويه .وأخرجه أحمد 2/312، ومسلم 1322 372 في الحج: باب جواز ركوب البدنة المهداة لمن احتاج إليها، والبيهقي 5/236، والبغوي 1955 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد وأخرجه مالك 1/377 في الحج: باب ما يجوز من الهدى، ومن طريقه: أحمد 2/487، والبخاري 1689 في الحج: باب ركوب البُدن، و 2755 في الوصايا: باب هل ينتفع الواقف بوقفه، و 6160 في الأدب: باب ما جاء في قول الرجل: "ويلك"، ومسلم 1322 371، وأبو داؤد 1760 في المناسك: باب في ركوب البدنة، وابن الجارود 428، والبيهقي 5/236، والبغوي 1954 عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة . وأخرجه أحمد 2/245 و 481، وابن ماجه 3103 في المناسك: باب ركوب البدن، من طريق سفيان، ومسلم 1322 371 من طريق المغيرة بن عبد الرحمٰن الحزامي، وأحمد 2/254 من طريق عبد الرحمٰن، ثلاثتهم عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/278 و 478، والبخاري 1706 في الحج: باب تقليد النعل، من طريقين ع يحيى بن أبي كثير، ع عكرمة، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/473-474 و 505 من طريق عجلان مولى المشمعل، عن أبي هريرة .وأخرجه الطيالسي 2596 من طريق قتادة عمن سمع أبا هريرة، عنه . و[illegible] الحديث رقم 4016 .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِسَائِقِ الْبُدْنِ، إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ أَنْ يَّرْكَبَهَا إِنْ شَاءَ

بیت عتیق کی طرف قربانی کے اونٹ لے جانے والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ اگر وہ چاہے تو ان پر سوار ہو جائے

4016 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ بِطَرَسُوسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً، قَالَ: ارْكَبْهَا، قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ فِي الثَّالِثَةِ وَالرَّابِعَةِ: ارْكَبْهَا وَيْلَكَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو قربانی کے جانور کو ساتھ لے کر جا رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس پر سوار ہو جاؤ۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ قربانی کا جانور ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس پر سوار ہو جاؤ۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ قربانی کا جانور ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس پر سوار ہو جاؤ۔ تیسری یا چوتھی مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تم اس پر سوار ہو جاؤ۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ سَائِقَ الْبُدْنِ إِنَّمَا أُبِيحَ لَهُ رُكُوبُهَا إِلَى أَنْ يَّجِدَ ظَهْرًا غَيْرَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اونٹوں کو لے کر جانے والے شخص کیلئے یہ بات مباح قرار دی گئی ہے وہ ان پر اس وقت تک سوار ہو سکتا ہے جب تک اسے ان جانوروں کے علاوہ اور کوئی سواری مل نہیں جاتی

4017 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ارْكَبُوا الْهَدْيَ بِالْمَعْرُوفِ حَتّٰى تَجِدُوا ظَهْرًا

4015– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وقد صرح ابن جريج وكذا أبو الزبير بالتحديث عند أحمد ومسلم وأبي داؤد وغيرهم، أبو خالد الأحمر: هو سليمان بن حيان الأزدي. وأخرجه أحمد 3/317 ومسلم 1324 375 في الحج: باب جواز ركوب ـ البدنة المهداة لمن احتاج إليها، وأبو داؤد 1761 في المناسك: باب في ركوب البدن، والنسائي 5/177 في مناسك الحج: باب ركوب البدن بالمعروف، والبيهقي 5/263، والبغوي 1956 من طريق يحيى بن سعيد، وأحمد 3/324 من طريق محمد بن بكر وحجاج، وأبو يعلى 2199 من طريق محمد بن المنكدر، و 2204 من طريق ابن أبي زائدة، كلهم عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/348 من طريق ابن لهيعة، ومسلم 1324 376، والبيهقي 5/236 من طريق معقل، كلاهما عن أبي الزبير، به. وانظر الخديث رقم 4017.

4016– إسناده حسن. موسى بن أبي عثمان التبان وأبوه: وثقهما المؤلف، وقد روى عنهما جمع، وسفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه أحمد 2/245 و 264، والحميدي 1003، وابن الجارود 427 من طريق سفيان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم 4014.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مناسب طور پر تم لوگ اس وقت تک قربانی کے جانور پر سواری کرلو جب تک تمہیں (سواری کیلئے) جانور نہیں ملتا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا نَحَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْهَدْيِ فِيْ حَجَّتِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کے موقع پر اپنے جانوروں کو جس طریقے سے قربان کیا تھا اس بات کا تذکرہ

4018 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاقَ مَعَهُ مِائَةَ بَدَنَةٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ اِلَى الْمَنْحَرِ نَحَرَ ثَلَاثًا وَسِتِّيْنَ بِيَدِهِ، ثُمَّ اَعْطَى عَلِيًّا فَنَحَرَ مَا غَبَرَ مِنْهَا

امام جعفر صادق اپنے والد (حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ قربانی کے ایک سو اونٹ لے کر گئے تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم قربان گاہ تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے **63** اونٹ اپنے دست مبارک کے ذریعے قربان کیے اور باقی بچ جانے والے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیدیے (تاکہ وہ انہیں ذبح کریں)۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحَرَ مِنْ بُدْنِهِ عِنْدَ دُخُوْلِهِ مَكَّةَ سَبْعًا بِهَا، وَاَخَّرَ نَحْرَ الْبَاقِيَةِ اِلٰى مِنًى

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قربانی کے جانوروں میں سے مکہ میں داخل ہونے کے وقت سات اونٹ قربان کیے تھے اور باقیوں کی قربانی کو منیٰ تک کے لیے موخر کیا تھا

4019 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ اَمَرَهُمْ اَنْ يَحِلُّوْا اِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ،

4017- إسناده صحيح على شرط مسلم وهو مكرر 4015، وهو فى مسند أبى يعلى 1815 .

4018- إسناده صحيح على شرط الصحيح . هشام بن عمار -وإن كان فيه كلام ينزل به عن رتبة الصحيح- قد تابعه جمع فى هذا الحديث ع حاتم . جعفر بن محمد: هو ابن على بن الحسين بن على .وأخرجه أبو داوٗد 1905 فى المناسك: باب صفة حجة النبى صلى الله عليه وسلم، وابن ماجه 3074 فى المناسك: باب حَجَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والبيهقى 5/6-9 من طريق هشام بن عمار، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوٗد 1905، وابن الجارود 469، والبيهقى 5/6-9 من طريق عبد الله بن محمد النفيلى، وعثمان بن أبى شيبة، وسليمان بن عبد الرحمٰن الدمشقى، وإسحاق بن إبراهيم، عن حاتم بن إسماعيل، بِهِ . وانظر الحديث رقم 3943و 3944 .

قَالَ: وَنَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ سَبْعَ بَدَنَاتٍ قِيَامًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو یہ حکم دیا کہ وہ احرام کھول دیں' ماسوائے ان لوگوں کے' جن کے ساتھ قربانی کے جانور موجود تھے۔

راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے سات جانور کھڑے کر کے ذبح کیے۔

ذِكْرُ مَا فَعَلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُدْنِهِ الْمَنْحُورَةِ عِنْدَ اِرَادَتِهٖ اَكْلَ بَعْضِهَا

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ذبح شدہ اونٹوں کے کچھ حصے کو کھانے کے ارادے کے وقت کیا' کیا تھا

4020 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِالْهَدْيِ مِنْ كُلِّ جَزُورٍ بَضْعَةٍ، فَجُعِلَتْ فِيْ قِدْرٍ، فَاَكَلُوْا مِنَ اللَّحْمِ وَحَسَوْا مِنَ الْمَرَقِ

امام جعفر صادق اپنے والد (امام محمد باقر) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے جانوروں کے بارے میں حکم دیا کہ ان میں سے ہر جانور کا کچھ گوشت لے کر' ان سب کا گوشت ایک ہنڈیا میں پکایا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا گوشت کھایا اور ان کا شوربہ پیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ نَحَرَ هَدْيَهٗ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِهَا كُلِّهَا

جو شخص اپنی قربانی کے جانور کو نحر کرتا ہے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ'

4019- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن إسحاق وهو ابن زيد الحضرمي- فمن رجال مسلم، وهيب: هو ابن خالد بن عجلان، وأيوب: هو السختياني، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي .وهو في مسند أبي يعلى 2822 .وأخرجه ابن خزيمة 2894 من طريق علي بن شعيب، عن أحمد بن إسحاق، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 1551 في الحج: باب التحميد والتسبيح والتكبير قبل الإهلال عند الركوب على الدابة، و 1712 باب من نحر هديه بيده، و 1714 باب نحر البُدن قائمة، وأبو داوُد 1796 في المناسك: باب في الإقران، و 2793 في الضحايا: باب ما يستحب من الضحايا، وأبو يعلى 2821، والبيهقي 5/237 من طرق عن وهيب، به .

4020- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير جعفر بن محمد وهو الصادق- فمن رجال مسلم . سفيان: هو ابن عيينة .وأخرجه ابن ماجه 3158 في الأضاحي: باب الأكل من لحوم الضحايا، وابن خزيمة 2924 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة3/57": هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات . وأخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة2/277 و "مصباح الزجاجة"، وابن خزيمة 2924 من طريقين عن جعفر، بِهِ . وانظر الحديث رقم 3943 و 3944 .

وہ اسے مکمل طور پر صدقہ کرے

4021 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلَّانَ بِاَذَنَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، وَابْنُ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَعَهُ بِهَدْيِهِ، وَاَمَرَهُ اَنْ يَتَصَدَّقَ بِلُحُومِهَا وَجُلُودِهَا وَاَجِلَّتِهَا

✿✿ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ہمراہ قربانی کے جانوروں کو بھیجا اور انہیں حکم دیا کہ وہ ان جانوروں کے گوشت کھال اور اس کی جھول کو صدقہ کر دیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لَا يُعْطَى الْجَازِرُ مِنَ الْهَدْيِ عَلَى اُجْرَتِهِ شَيْئًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ قصائی کو قربانی کے جانور میں سے اجرت کے طور پر کوئی چیز نہیں دی جائے گی

4022 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا

4021- إسناده صحيح على شرط الشيخين غير محمد بن يحيى الزماني، وهو ثقة . عبد الوهاب: هو ابن عبد المجيد بن الصلت الثقفي، وأيوب: هو الشختياني، وعبد الكريم: هو ابن مالك الجزري، وابن أبي نجيح: هو عبد الله . وأخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند 1/112 من طريق محمد بن عمرو بن العباس الباهلي، عن عبد الوهاب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/79 و123و 154، والدارمي 2/74، والبخاري . 1716 في الحج: باب لا يعطى الجزار من الهدى شيئاً، و 1717 باب يتصدق بجلود الهدى، ومسلم 1317 348 و 349 في الحج: باب في الصدقة بلحوم الهدى وجلودها وجلالها، وأبو داؤد 1769 في المناسك: باب كيف تنحر البدن، وابن ماجه 3099 في المناسك: باب مكن جلل البدنة، وابن الجارود 482 و 483، وابن خزيمة 2922 و 2923، والبيهقي 5/214 من طرق عن عبد الكريم، عن مجاهد، بِهِ . وأخرجه أحمد 1/143 و 159-160، والبخاري 1707 باب الجلال للبُدن، و 1716 و 2299 في الوكالة: باب وكالة الشريك الشريك في القسمة وغيرها، ومسلم 1317 348، وأبو داؤد 1764 في المناسك: باب في الهدى إذا عطب قبل أن يبلغ، وابن خزيمة 2919 والبيهقي 5/233 من طرق عن ابن ابي نجيح وفي ابن خزيمة: أبي نجيح وهو خطأ- عن مجاهد، بِهِ . وأخرجه أحمد 1/132، والبخاري 1718 باب يتصدق بجلال البدن، والبغوى 1951 من طريق سيف بن أبي سليمان، عن مجاهد، بِهِ . وانظر الحديث الآتي . والجلال وجمعها أجِلَّة- جمع الجُلّ بالضم والفتح: ما يطرح على ظهر البعير من كساء ونحوه .

4022- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في صحيح ابن خزيمة 2920 . وأخرجه ابن ماجه 3157 في الأضاحي: باب جلود الأضاحي، من طريق . محمد بن معمر، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1317 349 في الحج: باب في الصدقة بلحوم الهدى وجلودها وجلالها، من طرق عن محمد بن بكر، بِهِ . وأخرجه أحمد 1/123، والدارمي 2/74، والبخاري 1717 في الحج: باب يتصدق بجلود الهدى، وابن الجارود 482، والبيهقي 5/214 من طريق يحيى بن سعيد القطان، عن ابن جريجن به . وانظر الحديث السابق .

مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ، اَنَّ مُجَاهِدًا اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي لَيْلٰى، اَخْبَرَهُ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يَقُومَ عَلٰى بُدْنِهِ، وَاَمَرَهُ اَنْ يُقَسِّمَ بُدْنَهُ كُلَّهَا لُحُومَهَا، وَجُلُودَهَا، وَجِلَالَهَا لِلْمَسَاكِينِ، وَلَا يُعْطِي فِي جِزَارَتِهَا مِنْهَا شَيْئًا

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قربانی کے جانوروں کی نگہبانی کریں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ ان قربانی کے جانوروں کے سارے گوشت کو ان کی کھالوں کو اور ان کے جھولوں کو غریبوں میں تقسیم کردیں اور قربانی کرنے والے کو اس میں سے کوئی بھی چیز (معاوضے کے طور پر) نہ دیں۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ سَاقَ الْبُدْنَ وَاَرَادَتْ اَنْ تَعْطَبَ اَنْ يَنْحَرَهَا، ثُمَّ يَجْعَلَهَا لِلْوَارِدِ وَالصَّادِرِ

جو شخص قربانی کے اونٹ لے کر جاتا ہے اسے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ اگر وہ جانور مرنے لگے تو وہ اسے قربان کردے اور پھر اسے مسافروں اور گزرنے والوں کے لیے چھوڑ دے

4023 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ وَكَانَ صَاحِبَ بُدْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ اَصْنَعُ بِمَا عَطِبَ مِنَ الْبُدْنِ قَالَ: انْحَرْهَا، ثُمَّ اَلْقِ نَعْلَهَا فِي دَمِهَا، ثُمَّ خَلِّ بَيْنَهَا وَبَيْنَ النَّاسِ، فَلْيَاْكُلُوهَا

❀❀ حضرت ناجیہ خزاعی رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کے جانوروں کے نگران تھے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! قربانی کے ان جانوروں میں سے جو جانور تھک جائے (یا ہلاک ہونے لگے) میں اس کے ساتھ کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے ذبح کر کے اس کا ہار اس کے خون میں تر کر کے اسے لوگوں کیلئے چھوڑ دو وہ خود ہی اسے کھالیں گے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَكْلِ سَائِرِ الْبُدْنِ اِذَا زَحَفَتْ عَلَيْهِ مِنْهَا اِذَا نَحَرَهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ جب اونٹ کو بیمار ہونے کی وجہ سے قربان کردیا جائے

4023- إسناده صحيح على شرط الشيخين غير صحابيه ناجية، فقد روى له الأربعة . وأبو خيثمة: هو زهير بن حرب . وأخرجه أحمد 4/334 من طريق محمد بن حازم، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك 1/380 في الحج: باب العمل في الهدى إذا عطب أو ضلّ، ومن طريقه البغوى 1953 عن هشام عن أبيه مرسلاً . ووصله بذكر ناجية: أحمد 4/334، وأبو داوُد 1762 في المناسك: باب في الهدى إذا عطب قبل أن يبلغ، والترمذى 910 في الحج: باب ما جاء إذا عطب الهدى ما يصنع به، وابن ماجه 3106 في المناسك: باب في الهدى إذا عطب، والحميدى 880، وابن خزيمة 2577، والحاكم 1/447، والبيهقى 5/243، وقال الترمذى: حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى . وأخرجه البيهقى 5/243 من طريق جعفر بن عون، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن رجل من أسلم، قال: قال رسول الله . . .

تو (قربان کرنے والا شخص) اس میں سے کچھ نہ کھائے

4024 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَسْلَمِيَّ، وَبَعَثَ مَعَهُ ثَمَانَ عَشْرَةَ بَدَنَةً، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ اُزْحِفَ عَلَيَّ مِنْهَا شَيْءٌ قَالَ: انْحَرْهَا، ثُمَّ اصْبِغْ نَعْلَهَا فِي دَمِهَا، ثُمَّ اضْرِبْ بِهِ صَفْحَتَهَا، وَلَا تَاْكُلْ مِنْهَا اَنْتَ، وَلَا اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ رُفْقَتِكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسلمی رضی اللہ عنہ کو بھیجا آپ نے ان کے ہمراہ قربانی کے اٹھارہ اونٹ بھیجے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کا کیا خیال ہے اگر ان میں سے کوئی جانور سفر کے قابل نہ رہے (تو میں کیا کروں؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے قربان کردو پھر اس کے جوتے (یعنی وہ جوتے جو ہار کے طور پر اس کے گلے میں ڈالے گئے) اس کے خون میں رنگ کر اس کے ذریعے اس کے پہلو پر نشان لگا دو تم خود اس میں سے کچھ نہ کھانا اور تمہارے ساتھیوں میں سے بھی کوئی شخص اس کا گوشت نہ کھائے۔

4025 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ سَلَمَةَ قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقْتُ اَنَا وَسِنَانٌ معتمرين وانطلق سنان معه ببدنة يسوقها فأزحفت عليه في الطريق فقال لئن قدمنا البلد لأستفتين عَنْ ذٰلِكَ قَالَ: فَاَصْبَحْتُ فَلَمَّا نَزَلْنَا الْبَطْحَاءَ قَالَ انْطَلِقْ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَانْطَلَقْنَا

ذِكْرُ لَعْنِ الْمَلَائِكَةِ الْمَرْاَةَ الَّتِي لَمْ تُجِبْ زَوْجَهَا اِلٰى مَا دَعَاهَا اِلَيْهِ

فرشتوں کا اس عورت پر لعنت کا تذکرہ جو اپنے شوہر کے بلانے پر اس کی طرف نہیں جاتی ہے

4172 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَيُّمَا رَجُلٍ دَعَا امْرَاَتَهُ فَلَمْ تُجِبْهُ فَبَاتَ سَاخِطًا عَلَيْهَا حَتّٰى يُصْبِحَ لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تُصْبِحَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اپنی بیوی کو (اپنے پاس) بلائے اور وہ عورت اس کی بات کو قبول نہ کرے اور شوہر ناراضگی کے عالم میں رات بسر کرے تو فرشتے صبح تک اس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَمْ تُجِبْهُ اَرَادَ بِهِ: اِذَا دَعَاهَا اِلٰى فِرَاشِهِ دُوْنَ اَمْرِهِ اِيَّاهَا لِسَائِرِ الْحَوَائِجِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''اور وہ اسے جواب نہ دے''

اس سے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے: جب شوہر اسے اپنے بستر پر بلائے' یہاں دوسرے کام کاج کے لیے حکم دینا مراد نہیں ہے

4172– إسناده صحيح، محمد بن أبي كريمة: روى له النسائي، وهو صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . أبو عبد الرحيم وقد تحرف في الأصل إلى: عبد الرحمٰن–: هو خالد بن يزيد، ويقال: ابن أبي يزيد الحراني، وزيد: هو ابن أبي أنيسة الجزري، وسليمان: هو الأعمش، وأبو حازم: هو سليمان الأشجعي الكوفي وأخرجه البخاري 3237 في بدء الخلق: باب إذا قال أحدكم آمين، ومسلم 1436 122 في النكاح: باب تحريم امتناعها من فراش زوجها، وأبو داوُد 2141 في النكاح: باب في حق الزوجة على المرأة، وأحمد 2/439 و 480، والبغوي 2328 من طريق سليمان الأعمش، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1436 121 ع ابن عمر، عن مروان، عن يزيد بن كيسان، عن أبي حازم، به

4173 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اِذَا دَعَا اَحَدُكُمِ امْرَاَتَهُ اِلٰى فِرَاشِهِ فَاَبَتْ اَنْ تَجِيْءَ لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تُصْبِحَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ عورت آنے سے انکار کر دے تو فرشتے صبح تک اس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَتّٰى تُصْبِحَ اَرَادَ بِهِ اِنْ لَمْ تُجِبْهُ فِيْ بَعْضِ اللَّيْلِ اِلٰى مَا رَامَ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''یہاں تک کہ صبح ہو جائے''

اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: جب وہ عورت رات کے کسی حصے میں اس کی بات پر عمل نہیں کرتی اور ایسا اس وقت تک ہوتا ہے' جب تک وہ عورت اس کی فرمانبرداری نہیں کرتی

4174 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):اِذَا كَانَتِ الْمَرْاَةُ هَاجِرَةً لِفِرَاشِ زَوْجِهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تَرْجِعَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی عورت اپنے شوہر کے بستر سے علیحدگی اختیار کرتی ہے' تو فرشتے اس وقت تک اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں جب تک وہ واپس نہیں آجاتی''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ حَقِّ زَوْجَتِهٖ عَلَيْهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنے ذمے اپنی بیوی کے حقوق کو ادا کرے

4175 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ

4173– إسناده صحيح على شرط الشيخين، ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم .وأخرجه البخاري 5193 في النكاح: باب إذا باتت المرأة مهاجرة فراش زوجها، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد .

4174– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري 5194، ومسلم 1436 120، وأحمد 2/255 و 386 و 468 و 519 و 538، والطيالسي 2458، والدارمي 2/149–150، والبيهقي 7/292 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .

هَارُونَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي قَزْعَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَقُّ الْمَرْاَةِ عَلَى الزَّوْجِ؟ قَالَ: يُطْعِمُهَا اِذَا طَعِمَ وَيَكْسُوهَا اِذَا اكْتَسٰى، ثُمَّ لَا يَضْرِبُ الْوَجْهَ، وَلَا يُقَبِّحُ، وَلَا يَهْجُرُ اِلَّا فِي الْبَيْتِ

❀❀ حکیم بن معاویہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: عورت کا شوہر پر کیا حق ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب وہ کھانا کھائے' تو اسے بھی کھلائے جب وہ خود کپڑا پہنے تو اسے بھی پہنائے اور اس کے چہرے پر نہ مارے اور اسے قبیح قرار نہ دے اور اس کے ساتھ صرف گھر میں لاتعلقی اختیار کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ مَنْ كَانَ خَيْرًا لِامْرَاَتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' لوگوں میں وہ شخص بہتر شمار ہوتا ہے جو اپنی بیوی کے حق میں بہتر ہو

4176 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4175– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي قزعي واسمه سويد بن حجير – فمن رجال مسلم، وغير حكيم بن معاوية، فقد روى له أصحاب السنن وهو صدوق . وأخرجه أحمد 4/447، وابن ماجه 1850 في النكاح: باب حق المرأة على الزوج، والنسائي في الكبرى كما في "تحفة الأشراف" 8/432، والطبراني 19/1039، والبيهقي 7/295 من طرق عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد 2142 في النكاح: باب في حق المرأة على زوجها، وأحمد 4/447، والطبراني 19/1034 و 1037و 1038، .والحاكم 2/187–188، والبيهقي 7/305 من طرق عن أبي قزعة، به .وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 3/446–447 من طريق أبي قزعة، عن عمرو بن دينار، عن حكيم، به .وأخرجه أحمد 5/3 عن عبد الرزاق، عن ابن جريج، عن أبي قزعة وعطاء، عن رجل من بني قشير، عن أبيه .وأخرجه أبو داوُد 2143و 21449، وأحمد 5/5، والطبراني 19/999 و 100 و 101 و 102، من طريق عن بهز بن حكيم، عن ابيه، عن جده، وهذا سند حسن .وأخرجه البيهقي 7/295 من طريق سعيد بن حكيم وهو أخو بهز– عن أبيه، عن جده .

4176– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عمرو وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي– فقد روى له البخاري مقرونا، ومسلم متابعة، وهو صدوق . وأخرجه أحمد 2/250 و 472 وابن أبي شيبة في "المصنف" 8/515 و 11/27، و"الإيمان" 17 18، والترمذي 1162 في الرضاع: باب ما جاء في حق المرأة على زوجها، وأبو داوُد 4682 في السنة: باب الدليل على زيادة الإيمان ونقصانه، والبغوي 2341 3495، وأبو نعيم في "الحلية" 9/248 من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حسن صحيح، وصححه الحاكم 1/3 على شرط مسلم، ووافقه الذهبي! .وأخرجه أحمد 2/527، والدارمي 2/322، وابن أبي شيبة 8/516 و 11/27–28 من طرق عن محمد بن عجلان، عن القعقاع، عن أبي صالح، عن أبي هريرة .وهذا سند حسن، وصححه الحاكم 1/3 على شرط مسلم ووافقه الذهبي مع أن ابن عجلان أخرج له مسلم متابعة، وفيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح .وأخرجه ابن أبي شيبة 11/47 عن ابن علية، عن يونس، عن الحسن، رفعه، وهذا مرسل صحيح الإسناد .وفي الباب عن عائشة بلفظ: "إن من أكمل المؤمنين إيماناً أحسنهم خلقاً والطفهم بأهله " أخرجه أحمد 6/47 و 99، والترمذي 2612، والحاكم 1/53 من طريق أبي قلابة عنها، وقال الترمذي: حديث حسن، ولا نعرف لأبي قلابة سماعاً من عائشة .

(متن حدیث): اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایمان کے اعتبار سے اہل ایمان میں سب سے زیادہ کامل وہ لوگ ہیں' جن کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں اور تم میں سب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں بہتر ہوں''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاقْتِدَاءِ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَرْءِ فِي الْاِحْسَانِ اِلٰى عِيَالِهِ اِذْ كَانَ خَيْرُهُمْ خَيْرَهُمْ لَهُنَّ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرتے ہوئے آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرے' کیونکہ وہ اسی وقت بہتر شمار ہوگا' جب وہ بیوی کے حق میں بہتر ہو

4177 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ وَيَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ، وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِي، وَاِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَدَعُوهُ يَعْنِي: لَا تَذْكُرُوهُ اِلَّا بِخَيْرٍ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم میں زیادہ بہتر وہ شخص ہے' جو اپنی بیوی کے حق میں زیادہ بہتر ہو' میں اپنی بیوی کے بارے میں تم سب سے زیادہ بہتر ہوں اور جب تمہارا کوئی ساتھی فوت ہو جائے' تو تم اسے (اس کے حال پر) چھوڑ دو (یعنی اس کی برائیاں بیان نہ کرو)''۔

(امام ابن حبان رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم اسے چھوڑ دو'' اس سے مراد یہ ہے: اس کا ذکر صرف

4177– إسناده صحيح، هشام بن عبد الملك: هو ابن عمران اليزني الحمصي، روى له أصحاب السنن، وقال أبو حاتم: كان متقناً في الحديث، وقال النسائي: ثقة، وقال في موضع آخر: لا بأس به، وذكره المؤلف في الثقات، وقال أبو داوُد فيما نقله عنه الآجري: شيخ ضعيف، ومتابعه يحيى بن عثمان: هو ابن سعيد بن كثير بن دينار القرشي الحمصي، ثقة عابد صدوق روى له أصحاب السُّنن، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين. محمد بن يوسف: هو ابن واقد بن عثمان الضبي مولاهم الفريابي. وأخرجه الدارمي 2/159، والترمذي 3895 في المناقب: باب فضل أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، عن محمد بن يوسف، بهذا الإسناد. قال الترمذي: هذا حديث حسن غريب صحيح من حديث الثوري، ما أقل من رواه عن الثوري. وله شاهد من حديث ابن عباس، دون الجملة الأخيرة، سيرد عند المؤلف برقم 4186.

بھلائی کے حوالے سے کرو۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالْمُدَارَاةِ لِلرَّجُلِ مَعَ امْرَاَتِهٖ اِذْ لَا حِيْلَةَ لَهٗ فِيْهَا اِلَّا اِيَّاهَا

آدمی کو اپنی بیوی کا خیال رکھنے کے حکم ہونے کا تذکرہ' کیونکہ بیوی کے ساتھ وہ اس کے علاوہ کوئی اور طرزِ عمل اختیار نہیں کرسکتا

4178 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ فَاِنْ اَقَمْتَهَا كَسَرْتَهَا فَدَارِهَا تَعِشْ بِهَا'

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"بے شک عورت کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے' اگر تم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو اسے توڑ دو گے تم اس کا خیال رکھتے ہوئے اس کے ہمراہ زندگی بسر کرو"۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُدَارَاةِ امْرَاَتِهٖ لِيَدُوْمَ دَوَامُ عَيْشِهٖ بِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ اپنی بیوی کا خیال رکھے' تاکہ وہ اس کے ساتھ زندگی بھر رہ سکے

4179 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ

4178- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير جعفر بن سليمان وهو الضبعي- فمن رجال مسلم، عوف: هو ابن أبي جميلة العبدي الهجري البصري بالأعرابي، وأبو رجاء: هو عمران بن ملحان العطاردي. وأخرجه الطبراني 6992، والبزار 1476 من طريق جعفر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار 1476 من طريق محبوب بن الحسن، والحاكم 4/174 من طريق ابي عاصم، كلاهما عن عوف، بِهِ. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

4179- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن بشار، فقد روى له أبو داوٗد والترمذي وهو حافظ، أبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز. وأخرجه أحمد 2/449 و 497 و 530، والدارمي 2/148، والبخاري 5184 في النكاح: باب المداراة مع النساء وقل النبي صلى الله عليه وسلم: "إنما المرأة كالضلع"، ومسلم 1468 59 في الرضاع: باب الوصية للنساء، والبغوي 2333 من طرق عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 3331 في أحاديث الأنبياء: باب خلق اٰدم وذريته، و 5186 في النكاح: باب الوصاة بالنساء، ومسلم 1468 60 والبغوي 2332 من طرق عن أبي حازم، عن أبي هريرة. وأخرجه مسلم 1468 65، والترمذي 1188 في الطلاق: باب ما جاء في مداراة النساء، من طريقين عن الزهري، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة.

الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ وَلَنْ تَصْلُحَ لَكَ عَلٰى طَرِيقَةٍ، وَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَبِهَا عِوَجٌ وَّاِنَّ تُرِدْ اِقَامَتَهَا تَكْسِرُهَا وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک عورت کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے تم اسے کسی بھی طریقے سے سیدھا نہیں کر سکتے اگر تم اس کے ٹیڑھے پن سمیت اس سے نفع حاصل کر سکتے ہو تو کرلو اگر تم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو اسے توڑ دو گے (یا کسی راوی نے شاید یہ وضاحت کی ہے) اسے توڑنے سے مراد اسے طلاق دینا ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِبَاحَةِ اسْتِمْتَاعِ الْمَرْءِ بِالْمَرْاَةِ الَّتِیْ يُعْرَفُ مِنْهَا اعْوِجَاجٌ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے اپنی بیوی سے نفع حاصل کرنا مباح ہے وہ بیوی جس میں ٹیڑھا پن معلوم ہو

4180 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا مَثَلُ الْمَرْاَةِ كَالضِّلَعِ اِنْ اَرَدْتَ اِقَامَتَهَا كُسِرَتْ، وَاِنَّ تَسْتَمْتِعْ بِهَا تَسْتَمْتِعْ بِهَا، وَفِيْهَا عِوَجٌ فَاسْتَمْتِعْ بِهَا عَلٰى مَا كَانَ مِنْهَا مِنْ عِوَجٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عورت کی مثال پسلی کی طرح ہے' اگر تم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو وہ ٹوٹ جائے گی اور اگر تم اس کے ٹیڑھے پن سمیت اس سے نفع حاصل کرنا چاہو' تو نفع حاصل کرلو گے اس لیے تم اس کے ٹیڑھے پن سمیت اس سے نفع حاصل کرو''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنْ مُؤَاكَلَتِهِ عِيَالَهُ وَمُشَارَبَتِهِ اِيَّاهَا دُوْنَ التَّصَلُّفِ عَلَيْهَا بِالْاِنْفِرَادِ بِهِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اپنی بیوی کے ساتھ کھائے اور پیئے اور عورت کے بے وقعت ہونے کا اظہار کر کے انفرادی طور پر (نہ کھائے پیئے)

4180- إسناده حسن من أجل ابن عجلان . عبد الله بن رجاء : هو أبو عمران البصري نزيل مكة .وأخرجه أحمد 2/428، والحاكم 4/174 من طريق ابن عجلان، بهذا الإسناد . وفي الباب عن أبي ذر عند أحمد 5/164، والدرامي 2/147-148، والبزار 1478،وأورده الهيثمي في "المجمع" 4/303، ونسبه لأحمد والبزاء، وقال: رجاله رجال الصحيح خلا نعيم بن قعنب، وهو ثقة .

4181 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): إِنْ كُنْتُ لَآتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْإِنَاءِ فَآخُذُهُ فَأَشْرَبُ مِنْهُ فَيَأْخُذُهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ مَوْضِعَ فِيَّ وَإِنْ كُنْتُ لَآخُذُ الْعَرْقَ مِنَ اللَّحْمِ فَآكُلُهُ فَيَأْخُذُهُ فَيَضَعُ فَاهُ مَوْضِعَ فِيَّ فَيَأْكُلُهُ وَأَنَا حَائِضٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات میں کوئی برتن لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتی میں وہ برتن لے کر پہلے اس میں سے پی لیتی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس برتن کو لیتے اور اپنا منہ اسی جگہ پر رکھتے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا بعض اوقات میں گوشت کی کوئی ہڈی لیتی اور اسے کھا لیتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس ہڈی کو لے کر اپنا منہ اسی جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے منہ رکھا ہوتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے کھا لیتے تھے حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ طَلَبِ الْمَرْءِ عَثَرَاتِ اَهْلِهِ اَوْ تَقَصُّدِ خِيَانَتِهِمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی بیوی کے پوشیدہ معاملات کو جاننے کی جستجو کرے یا اس کی خیانت (کو جاننے) کا قصد کرے

4182 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّطْرُقَ الْمَرْءُ اَهْلَهُ لَيْلًا، اَوْ يُخَوِّنَهُمْ وَيَلْتَمِسَ عَثَرَاتِهِمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے (کہ سفر سے واپسی پر طویل غیر

4181–إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم برقم 1294 و 1316 .

4182– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب .وأخرجه الدارمي 2/275 عن محمد بن يوسف، ومسلم ص 1528 184 في الإمارة: باب كراهة الطروق . . .، من طريق وكيع، كلاهما عن سفيان بهذا الإسناد . قال الدرامي بإثره: قال سفيان: قوله: "أو يخوفهم أو يلتمس عثراتهم" ما أدرى شيء قاله ماحرب، أو شيء هو في الحديث .وأخرجه مسلم 184 من طريق عبد الرحمن بن مهدى، عن سفيان، به . وقال في آخره: قال عبد الرحمن: قال سفيان: لا أدرى هذا في الحديث أم لا، يعني: "أن يتخونهم أو يلتمس عثراتهم" .وأخرجه أحمد 3/299 و 302، والبخارى 5243 في النكاح: باب لا يطرق أهله ليلاً، ومسلم 185، وأبو داوٗد 2776 في الجهاد: باب في الطروق، والطبراني في "الصغير" 678، والبيهقي 5/260، من طريق عن شعبة، عن . محارب بن دثار، به .وأخرجه من طرق عن جابر: أحمد 3/298 و 308 و 310 و 314 و 355 و 358 و 362 و 391 و 395 و 396 و 399، والحميدي 1297، والبخارى 5244، ومسلم 715 182 و 183، والترمذي 2712، في الاستئذان: باب كراهة طروق الرجل أهله ليلاً، وأبو يعلى 1843 و 1891، والبيهقي 5/260 .

حاضری کے بعد) کوئی شخص رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس چلا جائے یا اپنی بیوی کی خیانت معلوم کرنا چاہے (یعنی اس کی جاسوسی کرے) یا اس کے پوشیدہ معاملات کی کھوج لگائے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ لَا يُحَرِّمَ عَلَيْهِ امْرَاَتَهُ مِنْ غَيْرِ سَبَبٍ يُوْجِبُ ذٰلِكَ اَوْ شَيْئًا مِنْ اَسْبَابِهَا

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی بیوی کو اپنے لیے حرام قرار نہ دے

جو کسی ایسے سبب کے بغیر ہو جو (حرام قرار دینے کو) لازم کر دیتا ہے یا ان اسباب میں سے کوئی چیز ہو (جو حرام قرار دینے کو لازم کر دیتی ہے)

4183 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: زَعَمَ عَطَاءٌ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَزْعُمُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلًا قَالَتْ: فَتَوَاصَيْتُ اَنَا وَحَفْصَةُ اِنْ دَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَقُلْ: اِنِّيْ اَجِدُ مِنْكَ رِيحَ الْمَغَافِرِ فَدَخَلَ عَلٰى اِحْدَاهُمَا فَقَالَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: بَلْ شَرِبْتُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ عَسَلًا وَلَنْ اَعُوْدَ لَهُ فَنَزَلَتْ (يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ) (التحريم: 1) الْآيَةَ

❁❁ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے ہاں ٹھہرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں شہد پیا کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اور حفصہ نے یہ طے کیا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائیں گے تو تم نے یہ کہنا ہے' مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مغافر کی بو محسوس ہوتی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں خواتین میں سے کسی ایک کے پاس تشریف لائے' تو اس خاتون نے یہ بات کہہ دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (جی نہیں)' بلکہ میں نے تو زینب بنت جحش کے ہاں شہد پیا تھا اب میں یہ دوبارہ نہیں پیوں گا' تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''اے نبی! تم اس چیز کو کیوں حرام قرار دیتے ہو''۔

ذِكْرُ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ عَلَى السَّائِلَةِ طَلَاقَهَا زَوْجَهَا مِنْ غَيْرِ سَبَبٍ يُوْجِبُ ذٰلِكَ

4183- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين . أبو معمر: هو إسماعيل بن . إبراهيم بن معمر الهذلي القطيعي، وحجاج: هو ابن محمد المصيصي الأعور، وعطاء : هو ابن ابي رباح .وأخرجه مسلم 1474 عن محمد بن حاتم، عن حجاج بن محمد، بهذا الإسناد . وقد صرح عنده ابن جريرج بالسماع من عطاء، فالسند صحيح .وأخرجه البخاري 4912 في التفسير باب (يَاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ) (التحريم: 1) و 5267 في الطلاق: باب (لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ) (التحريم: 1)، و 6691 في الأيمان والنذور: باب إذا حرم طعاماً، من طريقين عن ابن جريج، به .

اللہ تعالیٰ کا ایسی عورت پر جنت کو حرام قرار دینے کا تذکرہ جو اپنے شوہر سے کسی مناسب سبب کے بغیر طلاق کا مطالبہ کرتی ہے

4184 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَيُّمَا امْرَاَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقَهَا مِنْ غَيْرِ بَاْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ

❀❀ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو عورت اپنے شوہر سے طلاق کا مطالبہ کسی (شرعی) خرابی کے بغیر کرتی ہے ایسی عورت کیلئے جنت کی خوشبو حرام ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْتَعْذِرَ لِصِهْرِهٖ مِنَ امْرَاَتِهٖ اِذَا كَرِهَ مِنْهَا بَعْضَ الْاِخْتِلَافِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنے سسر کو اپنی بیوی کی شکایت لگا سکتا ہے جبکہ اسے بیوی کی طرف سے کوئی اختلاف ناگوار گزرے

4185 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْذَرَ اَبَا بَكْرٍ عَنْ عَائِشَةَ وَلَمْ يَظُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنَالَهَا بِالَّذِي نَالَهَا فَرَفَعَ اَبُوْ بَكْرٍ يَدَهٗ فَلَطَمَهَا وَصَكَّ فِيْ صَدْرِهَا فَوَجَدَ مِنْ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ مَا اَنَا بِمُسْتَعْذِرِكَ مِنْهَا بَعْدَهَا اَبَدًا

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی شکایت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس پر (اتنا سخت) رد عمل ظاہر کریں گے جو انہوں نے ظاہر کیا (یہ شکایت سن کر)

4184– اسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي أسماء واسمه عمرو بن مرثد الرحبي– فمن رجال مسلم، أبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي . وأخرجه أحمد 5/277، و 283، وابن ابي شيبة 5/272، والدارمي 2/162، وأبو داؤد 2226 في الطلاق: باب في الخلع، والترمذي 1187 في الطلاق: باب ما جاء في المختلعات، وابن ماجه 2055 في الطلاق: باب . كراهية الخلع للمرأة، والطبرى في "جامع البيان " 4843 و 4844، وابن الجارود 748، والبيهقي 7/316، من طرق عن ايوب، بهذا الإسناد . وقال الترمذى: حديث حسن، وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى، مع أن أبا أسماء لم يخرج له البخارى .

4185– حديث صحيح . ابن أبي السرى وهو محمد بن المتوكل– صدوق عارف صاحب أوهام، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو طمانچہ لگا دیا اور ان کے سینے پر (ہاتھ مار کر) دھکا بھی دیا اس بات پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو افسوس ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر آج کے بعد میں کبھی تمہیں (عائشہ کی) شکایت نہیں لگاؤں گا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ ضَرْبِ النِّسَاءِ اِذْ خَيْرُ النَّاسِ خَيْرُهُمْ لِاَهْلِهِ

خواتین کو مارنے کی ممانعت کا تذکرہ' کیونکہ لوگوں میں بہتر وہ شخص ہے' جو اپنی بیوی کے حق میں بہتر ہو

4186 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَمِّهِ عُمَارَةَ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ الرِّجَالَ اسْتَاْذَنُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ضَرْبِ النِّسَاءِ فَاَذِنَ لَهُمْ فَضَرَبُوْهُنَّ فَبَاتَ فَسَمِعَ صَوْتًا عَالِيًا فَقَالَ: مَا هٰذَا قَالُوْا: اَذِنْتَ لِلرِّجَالِ فِيْ ضَرْبِ النِّسَاءِ فَضَرَبُوْهُنَّ فَنَهَاهُمْ وَقَالَ: خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ، وَاَنَا مِنْ خَيْرِكُمْ لِاَهْلِيْ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ مردوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خواتین (یعنی اپنی بیویوں) کو مارنے کی اجازت مانگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی ان لوگوں نے اپنی بیویوں کی پٹائی کی۔ رات کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند آواز سنائی دی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس کی وجہ کیا ہے لوگوں نے بتایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو خواتین کی پٹائی کرنے کی اجازت دی ہے' تو ان مردوں نے خواتین کی پٹائی کی (جس کی وجہ سے وہ خواتین رونے لگیں اور اس کی یہ آواز ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو اس سے منع کر دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے' جو اپنی بیوی کے حق میں زیادہ بہتر ہو اور میں اپنی بیوی کے حق میں تم سب سے زیادہ بہتر ہوں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ جَائِزٌ لَهُ اَنْ يُّؤَدِّبَ امْرَاَتَهُ بِهِجْرَانِهَا مُدَّةً مَعْلُوْمَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات جائز ہے' وہ اپنی بیوی کو تادیب کرنے کے لیے متعین مدت تک اس سے لاتعلقی اختیار کرے

4187 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

4186– حسن لغيره، جعفر بن يحيى، وعمه عمارة بن ثوبان لم يوثقهما غير المؤلف، وباقي رجاله ثقات . أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد النبيل، ويشهد له حديث عائشة المتقدم 4177 فيتقوى به . وأخرجه ابن ماجه 1977 من طريقين عن أبي عاصم، بهذا الإسناد .

4187– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم .وعلقه البخاري في "صحيحه" 89 في العلم: باب التناوب في العلم، فقال: وقال ابن وهب، عن يونس، بهذا الإسناد .وسيرد الحديث عند المؤلف بطوله من طريق آخر برقم 4268 وانظر تخريجه ثمت .

وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متنِ حدیث): لَمْ اَزَلْ حَرِيصًا عَلٰى اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنِ الْمَرْاَتَيْنِ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اللَّتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ لَهُمَا (اِنْ تَتُوبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا) (التحريم: 4) حَتّٰى حَجَّ فَحَجَجْتُ مَعَهُ فَعَدَلَ وَعَدَلْتُ مَعَهُ بِاِدَاوَةٍ فَتَبَرَّزَ، ثُمَّ جَاءَ فَسَكَبْتُ عَلٰى يَدَيْهِ مِنَ الْاِدَاوَةِ فَتَوَضَّاَ، فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَنِ الْمَرْاَتَانِ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَانِ قَالَ لَهُمَا اللّٰهُ: (اِنْ تَتُوبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا) (التحريم: 4)، فَقَالَ عُمَرُ: وَاعَجَبًا مِنْكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ هِيَ حَفْصَةُ، وَعَائِشَةُ، ثُمَّ اسْتَقْبَلَ عُمَرُ الْحَدِيثَ، فَقَالَ: اِنِّىْ كُنْتُ اَنَا وَجَارٌ لِىْ مِنَ الْاَنْصَارِ فِىْ بَنِىْ اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ وَهُوَ مِنْ عَوَالِى الْمَدِيْنَةِ وَكُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُولَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ يَوْمًا وَاَنْزِلُ يَوْمًا فَاِذَا نَزَلْتُ جِئْتُهُ بِخَبَرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مِنَ الْوَحْيِ وَغَيْرِهٖ وَاِذَا نَزَلَ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَكُنَّا مَعَاشِرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى الْاَنْصَارِ اِذَا قَوْمٌ تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَاْخُذْنَ مِنْ نِسَاءِ الْاَنْصَارِ فَصَخِبْتُ عَلَيَّ امْرَاَتِىْ فَرَاجَعَتْنِىْ، فَاَنْكَرْتُ اَنْ تُرَاجِعَنِىْ، قَالَتْ: وَلِمَ تُنْكِرُ اَنْ اُرَاجِعَكَ فَوَاللّٰهِ اِنَّ اَزْوَاجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرَاجِعْنَهُ، وَاِنَّ اِحْدَاهُنَّ لَتَهْجُرُهُ الْيَوْمَ حَتَّى اللَّيْلِ فَاَفْزَعَنِىْ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: خَابَ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْهُنَّ، ثُمَّ جَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِىْ فَنَزَلْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، فَقُلْتُ لَهَا: يَا حَفْصَةُ اَتُغْضِبُ اِحْدَاكُنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَهْجُرُهُ الْيَوْمَ حَتَّى اللَّيْلِ، قَالَتْ: نَعَمْ، قُلْتُ: قَدْ خِبْتِ وَخَسِرْتِ اَفَتَاْمَنِيْنَ اَنْ يَّغْضَبَ اللّٰهُ لِغَضَبِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَهْلِكِيْنَ؟، لَا تَسْتَكْثِرِى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تُرَاجِعِيهِ وَلَا تَهْجُرِيهِ وَسَلِيْنِىْ مَا بَدَا لَكِ وَلَا يَغُرَّنَّكِ اَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِيَ اَضْوَاَ وَاَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - يُرِيْدُ عَائِشَةَ - قَالَ عُمَرُ: وَقَدْ تُحِدِّثْنَا اَنَّ غَسَّانَ تَنْعَلُ الْخَيْلَ لِتَغْزُوَنَا فَنَزَلَ صَاحِبِى الْاَنْصَارِيُّ يَوْمَ نَوْبَتِهٖ فَرَجَعَ اِلَيَّ عَشِيًّا فَضَرَبَ بَابِىْ ضَرْبًا شَدِيْدًا فَفَزِعْتُ فَخَرَجْتُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: قَدْ حَدَثَ اَمْرٌ عَظِيْمٌ، قُلْتُ: مَا هُوَ اَجَاءَتْ غَسَّانُ، قَالَ: لَا بَلْ اَعْظَمُ وَاَطْوَلُ طَلَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ، قَالَ عُمَرُ: قُلْتُ: خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ قَدْ كُنْتُ اَظُنُّ اَنَّ هٰذَا يُوشِكُ اَنْ يَّكُوْنَ قَالَ، فَجَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِىْ فَصَلَّيْتُ صَلَاةَ الْفَجْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْرُبَةً لَهٗ اعْتَزَلَ فِيْهَا.

قَالَ: وَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَاِذَا هِيَ تَبْكِى قُلْتُ: وَمَا يُبْكِيكِ اَلَمْ اَكُنْ اُحَذِّرُكِ هٰذَا اَطَلَّقَكُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: لَا اَدْرِى هَا هُوَ ذَا مُعْتَزِلٌ فِىْ هٰذِهِ الْمَشْرُبَةِ، فَخَرَجْتُ فَجِئْتُ الْمِنْبَرَ فَاِذَا حَوْلَهٗ رَهْطٌ يَبْكُوْنَ فَجَلَسْتُ مَعَهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ غَلَبَنِىْ مَا اَجِدُ فَجِئْتُ الْمَشْرُبَةَ الَّتِىْ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِغُلَامٍ اَسْوَدَ: اسْتَاْذِنْ لِعُمَرَ، قَالَ: فَدَخَلَ الْغُلَامُ فَكَلَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَيَّ فَقَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهٗ فَصَمَتَ، فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ مَعَ الرَّهْطِ الَّذِيْنَ عِنْدَ الْمِنْبَرِ ثُمَّ غَلَبَنِىْ مَا

اَجِدُ فَجِئْتُ فَقُلْتُ لِلْغُلَامِ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ ثُمَّ رَجَعَ، قَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَصَمَتَ فَلَمَّا اَنْ وَلَّيْتُ مُنْصَرِفًا اِذَا الْغُلَامُ يَدْعُوْنِيْ يَقُوْلُ: قَدْ اَذِنَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رِمَالِ حَصِيْرٍ قَدْ اَثَّرَ بِجَنْبِهٖ مُتَّكِءً عَلٰى وِسَادَةٍ مِّنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ فَسَلَّمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قُلْتُ وَاَنَا قَائِمٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَطَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟، فَرَفَعَ بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَ: لَا، فَقُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ رَاَيْتَنِيْ وَكُنَّا مَعَاشِرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ نِسَاءَ نَا فَلَمَّا اَنْ قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ قَدِمْنَا عَلٰى قَوْمٍ تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ فَصَخِبَتْ عَلَيَّ امْرَاَتِيْ فَاِذَا هِيَ تُرَاجِعُنِيْ فَاَنْكَرْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: اَتُنْكِرُ اَنْ اُرَاجِعَكَ وَاللّٰهِ اِنَّ اَزْوَاجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَيُرَاجِعْنَهُ وَتَهْجُرُهُ اِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ حَتَّى اللَّيْلِ قَالَ: قُلْتُ قَدْ خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ اَفَتَاْمَنُ اِحْدَاهُنَّ اَنْ يَّغْضَبَ اللّٰهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هِيَ قَدْ هَلَكَتْ قَالَ: فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ رَاَيْتَنِيْ وَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَقُلْتُ: لَا يَغُرَّنَّكِ اَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِيَ اَوْسَمُ وَاَحَبُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْدُ عَائِشَةَ، قَالَ: فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَسُّمًا اٰخَرَ قَالَ: فَجَلَسْتُ حِيْنَ رَاَيْتُهُ تَبَسَّمَ، قَالَ: فَرَجَعْتُ بَصَرِيْ فِيْ بَيْتِهٖ فَوَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ فِيْهِ شَيْئًا يَرُدُّ الْبَصَرَ غَيْرَ اُهْبَةٍ ثَلَاثَةٍ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّوَسِّعَ عَلٰى اُمَّتِكَ فَاِنَّ فَارِسَ، الرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَاُعْطُوا الدُّنْيَا وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ، قَالَ: فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مُتَّكِئًا ثُمَّ قَالَ: اَفِيْ شَكٍّ اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟ اُولٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَقُلْتُ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاعْتَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَ هٗ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ وَكَانَ قَالَ: مَا اَنَا بِدَاخِلٍ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا مِنْ شِدَّةِ مَوْجِدَتِهٖ عَلَيْهِنَّ حَتّٰى عَاتَبَهُ اللّٰهُ فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَبَدَاَ بِهَا فَقَالَتْ لَهٗ عَائِشَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ قَدْ اَقْسَمْتَ اَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا وَاِنَّا اَصْبَحْنَا فِيْ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً عَدَّهَا، فَقَالَ: الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً وَكَانَ الشَّهْرُ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بڑے عرصے سے میری یہ خواہش تھی کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ان دوخواتین کے بارے میں دریافت کروں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے تعلق رکھتی ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

''اگر تم اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرلو (تو یہ بہتر ہے) کیونکہ تمہارے دل مائل ہو گئے تھے''۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حج پر گئے ان کے ساتھ میں بھی حج پر گیا وہ (قضائے حاجت کرنے کیلئے) ایک طرف ہٹ گئے میں بھی ان کے ہمراہ برتن لے کر ایک طرف ہٹ گیا انہوں نے قضائے حاجت کی پھر وہ تشریف لائے میں نے ان کے دونوں ہاتھوں پر برتن میں سے پانی انڈیلا انہوں نے وضو کیا میں نے کہا: اے امیر المؤمنین! نبی

اکرم ﷺ کی ازواج سے تعلق رکھنے والی وہ دوخواتین کون تھیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

''اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں' توبہ کرلو (تو یہ مناسب ہوگا)' کیونکہ تم دونوں کے دل مائل ہو گئے تھے''۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس تم پر حیرت ہے (کہ تم نے پہلے اس بارے میں سوال کیوں نہیں کیا) وہ حفصہ اور عائشہ تھیں' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پورا واقعہ سنایا انہوں نے بیان کیا۔

میں اور بنوامیہ بن زید سے تعلق رکھنے والا میرا ایک پڑوسی (راوی کہتے ہیں:) بنوامیہ بن زید مدینہ منورہ کے نواحی علاقے میں رہتے تھے' ہم دونوں باری باری نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ ایک دن وہ حاضر ہوتا تھا اور ایک دن میں حاضر ہوتا تھا جب میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا تو اس دن کی اطلاعات جن کا تعلق وحی سے ہوتا تھا یا دیگر امور سے ہوتا تھا وہ لے آتا تھا اور جب وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا تو وہ بھی ایسا ہی کیا کرتا تھا ہم قریش سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی بیویوں پر غالب تھے جب ہم انصار کے ہاں آئے' تو وہ ایسے لوگ تھے کہ ان کی بیویاں ان پر غالب تھیں' تو ہماری عورتوں نے انصار کی خواتین سے یہ طریقہ سیکھنا شروع کر دیا ایک دن میں نے اپنی بیوی پر ناراضگی کا اظہار کیا' تو اس نے مجھے پلٹ کے جواب دیا: میں نے اس کے جواب دینے پر غصے کا اظہار کیا' تو اس نے کہا: میں نے آپ کو جواب دیا ہے: اس بات پر کیوں غصہ کر رہے ہیں اللہ کی قسم! نبی اکرم ﷺ کی ازواج بھی نبی اکرم ﷺ کو جواب دے دیتی ہیں اور ان میں سے ایک زوجہ محترمہ ایسی ہے' جو صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم ﷺ سے ناراض رہتی ہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) اس بات نے مجھے خوف زدہ کر دیا میں نے کہا: ان ازواج میں سے جو ایسا کرتی ہے وہ خسارے کا شکار ہو جائے گی' پھر میں نے اپنی چادر لپیٹی اور (مدینہ منورہ آ گیا) وہاں میں حفصہ بنت عمر کے پاس آیا میں نے اس سے کہا: اے حفصہ کیا تم (یعنی ازواج مطہرات) میں سے کوئی ایک نبی اکرم ﷺ سے ناراض ہوتی ہے اور سارا دن آپ ﷺ سے ناراض رہتی ہے۔ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں میں نے کہا: وہ تو رسوا ہو جائے گی اور خسارے کا شکار ہو جائے گی کیا تم لوگ خود کو اس سے محفوظ سمجھتی ہو کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ناراضگی کی وجہ سے ناراض ہو جائے گا اور تمہیں ہلاکت کا شکار کر دے گا۔ تم نبی اکرم ﷺ کی کسی بات پر اعتراض نہ کیا کرو۔ نبی اکرم ﷺ کو آگے سے جواب نہ دیا کرو۔ نبی اکرم ﷺ سے لاتعلق نہ رہا کرو تمہاری جو ضروریات ہوتی ہیں تم مجھ سے مانگ لیا کرو اور یہ چیز تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ تمہاری پڑوسن (یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) نبی اکرم ﷺ کے نزدیک زیادہ خوبصورت ہے اور آپ ﷺ کو زیادہ محبوب ہے (راوی کہتے ہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مراد سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: ان دنوں ہم یہ بات چیت کر رہے تھے کہ غسان قبیلے کے لوگ ہمارے ساتھ جنگ کیلئے ساز و سامان تیار کر رہے ہیں' اپنی باری کے دن میرا انصاری پڑوسی (مدینہ منورہ) آیا جب وہ شام کے وقت واپس آیا' تو اس نے میرے دروازے پر زور سے دستک دی میں گھبرا گیا میں باہر نکل کر اس کے پاس آیا اس نے کہا: ایک عظیم واقعہ رونما ہو گیا ہے میں نے دریافت کیا: کیا ہوا؟ کیا غسان (قبیلے کے لوگ) آ گئے ہیں۔ اس نے جواب دیا: جی نہیں اس سے زیادہ بڑا اور اس سے زیادہ طویل ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا: حفصہ رسوا ہوئی اور خسارے کا

شکار ہوگئی مجھے یہ اندازہ تھا کہ ایسا ایک دن ہو کر رہے گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنی چادر اوڑھی اور فجر کی نماز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ادا کی (نماز ادا کرنے کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بالا خانے میں تشریف لے گئے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم علیحدہ طور پر رہ رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں حفصہ کے پاس آیا' تو وہ رو رہی تھی میں نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو کیا میں نے تمہیں اس چیز سے ڈرانے کی کوشش نہیں کی تھی کیا اللہ کے رسول نے تم لوگوں کو طلاق دے دی ہے۔ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بالا خانے میں علیحدہ آرام فرما ہیں (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے) باہر آیا اور منبر کے قریب آ گیا وہاں منبر کے اردگرد کچھ لوگ موجود تھے وہ رو رہے تھے میں تھوڑی دیر ان کے ساتھ بیٹھا رہا پھر مجھے جو اندیشہ تھا وہ مجھ پر غالب آیا' تو میں اس بالا خانے کے پاس آیا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے میں نے سیاہ فام لڑکے سے کہا: تم عمر کیلئے اندر آنے کی اجازت مانگو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں وہ لڑکا اندر گیا اس نے باہر آ کے کہا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کا ذکر کیا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' تو میں واپس آ گیا (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں واپس آ گیا اور ان لوگوں کے ساتھ آ کے بیٹھ گیا جو منبر کے پاس موجود تھے پھر میری جو کیفیت تھی وہ مجھ پر غالب آئی اور میں نے آ کر لڑکے سے کہا تم عمر کیلئے اندر آنے کی اجازت مانگو وہ اندر گیا پھر واپس آیا اور بولا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کا ذکر کیا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں ابھی وہاں سے مڑا ہی تھا کہ اس لڑکے نے مجھے بلایا اور بولا: اللہ کے رسول نے آپ کو اجازت دے دی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کی چھال سے بنی ہوئی چٹائی کے اوپر لیٹے ہوئے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر اس کا نشان موجود تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چمڑے کے بنے ہوئے تکیے سے ٹیک لگائی ہوئی تھی جس کے اندر کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا پھر میں نے کھڑے ہوئے ہی عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نظر آسمان کی طرف اٹھائی اور ارشاد فرمایا: جی نہیں۔ میں نے کہا: اللہ اکبر' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے ہمیں ملاحظہ کیا ہے ہم قریش سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی بیوں پر غالب ہوتے تھے جب ہم مدینہ آئے' تو ہم ایک ایسی قوم کے پاس آ گئے جن کی بیویاں ان پر غالب تھیں ایک دن میں نے اپنی بیوی پر ناراضگی کا اظہار کیا' تو اس نے مجھے پلٹ کر جواب دیا: میں نے اس کی اس حرکت پر حیرانگی کا اظہار کیا' تو اس نے کہا: کیا آپ اس بات پر حیران ہو رہے ہیں کہ میں نے آپ کو جواب دیا ہے: اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آگے سے جواب دے دیتی ہیں اور ان میں سے ایک تو صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ناراض رہتی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا: حفصہ رسوا ہو جائے گی اور خسارے کا شکار ہو جائے گی کیا وہ ازواج اس بات سے محفوظ ہو گئی ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ناراضگی کی وجہ سے ناراض ہو جائے گا اور وہ عورت جس پر (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے ہیں) ہلاکت کا شکار ہو جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے پھر میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں حفصہ کے پاس گیا میں نے کہا: یہ چیز تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ تمہاری پڑوسن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک زیادہ خوبصورت اور زیادہ محبوب ہے۔ میری مراد عائشہ تھیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھر دوسری مرتبہ مسکرا دیئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسکراتے ہوئے دیکھا تو میں بیٹھ گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے جب اس بالا خانے کا جائزہ لیا تو اللہ کی قسم! مجھے اس میں صرف تین خشک کھالیں نظر آئیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو کشادگی عطا کرے' کیونکہ اہل فارس اور اہل روم کو کشادگی عطا کی گئی ہے ان لوگوں کو دنیا کی نعمتیں دی گئی ہیں حالانکہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت نہیں کرتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے ہو کر بیٹھ گئے حالانکہ پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹیک لگائی ہوئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے بیٹے کیا تمہیں شک ہے یہ وہ لوگ ہیں' جنہیں نعمتیں دنیاوی زندگی میں پہلے دے دی گئی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج سے اس وجہ سے علیحدگی اختیار کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان ازواج پر شدید ناراضگی کی وجہ سے یہ کہا تھا کہ میں ایک ماہ تک ان کے پاس نہیں جاؤں گا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس پر تنبیہ کی اور جب انتیس دن گزر گئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے ان کے پاس گئے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے تو یہ قسم اٹھائی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس ایک ماہ تک تشریف نہیں لائیں گے ابھی تو صرف انتیس دن گزرے ہیں میں نے ان کی گنتی کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مہینہ کبھی **29** دن کا بھی ہوتا ہے مہینہ کبھی **29** دن کا بھی ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الزُّهْرِيُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں زہری نامی راوی منفرد ہے

4188 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ سِمَاكٍ اَبِي زُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا اعْتَزَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَالنَّاسُ يَنْكُتُونَ بِالْحَصَى وَيَقُولُونَ: طَلَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ، وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُؤْمَرْنَ بِالْحِجَابِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَاَعْلَمَنَّ ذٰلِكَ الْيَوْمَ، فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَقُلْتُ: يَا بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ لَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَاْنِكِ اَنْ تُؤْذِيَ اللّٰهَ

4188– إسناده حسن على شرط مسلم، عكرمة بن عمار حديثه ينزل عن رتبة الصحيح .وأخرجه مسلم 1479 فى الطلاق: باب فى الإيلاء واعتزال النساء وتخييرهن، وأبو يعلى 146 ورقة 14، عن أبى خيثمة زهير بن حرب، عن عمرو بن يونس، بهذا الإسناد . وقد تحرف فى "مسند أبى يعلى" "عمر بن يونس" إلى "عثمان بن عمر"، وجاء على الصواب فى "سنن البيهقى 7/46" فقد أخرجه من طريق أبى يعلى عن زهير بن حرب، عن عمرو بن يونس، به .

وَرَسُوْلَهُ، قَالَتْ: مَالِيْ وَمَالَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ عَلَيْكَ بِعَيْبَتِكَ، فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ فَقُلْتُ لَهَا: يَا حَفْصَةُ لَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَانُكِ اَنْ تُؤْذِى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَلَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحِبُّكِ وَلَوْلَا اَنَا لَطَلَّقَكِ، فَبَكَتْ اَشَدَّ الْبُكَاءِ فَقُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: هُوَ فِيْ خِزَانَتِهٖ فِي الْمَشْرُبَةِ فَدَخَلْتُ فَإِذَا اَنَا بِرَبَاحٍ غُلَامٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَاعِدٍ عَلٰى اُسْكُفَّةِ الْمَشْرُبَةِ مُدَلٍّ رِجْلَيْهِ عَلٰى نَقِيرٍ مِّنْ خَشَبٍ وَهُوَ جِذْعٌ يَرْقٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَنْحَدِرُ فَنَادَيْتُ: يَا رَبَاحُ اسْتَاْذِنْ لِيْ عِنْدَكَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ اِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ اِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ اسْتَاْذِنْ لِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّيْ اَظُنُّ رَسُوْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَنَّ اَنِّيْ جِئْتُ مِنْ اَجْلِ حَفْصَةَ وَاللّٰهِ لَئِنْ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضَرْبِ عُنُقِهَا لَاَضْرِبَنَّ عُنُقَهَا وَرَفَعْتُ صَوْتِيْ فَاَوْمَا اِلَيَّ بِيَدِهٖ فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى حَصِيرٍ قَالَ: فَجَلَسْتُ فَإِذَا عَلَيْهِ اِزَارٌ لَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ وَاِذَا الْحَصِيرُ قَدْ اَثَّرَ فِيْ جَنْبِهٖ فَنَظَرْتُ بِبَصَرِي فِيْ خِزَانَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا بِقَبْضَةٍ مِّنْ شَعِيرٍ نَحْوَ الصَّاعِ وَمِثْلُهَا قَرَظٌ فِيْ نَاحِيَةِ الْغُرْفَةِ وَاِذَا اَفِيقٌ، قَالَ اَبُوْ حَفْصٍ: اَلْاَفِيقُ: اَلْاِهَابُ الَّذِى قَدْ ذَهَبَ شَعْرُهُ وَلَمْ يُدْبَغْ فَابْتَدَرَتْ عَيْنَاىَ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَمَا لِيْ لَا اَبْكِي وَهٰذَا الْحَصِيرُ قَدْ اَثَّرَ فِيْ جَنْبِكَ وَهٰذِهٖ خِزَانَتُكَ وَلَا اَرٰى فِيْهَا اِلَّا مَا اَرٰى وَذٰلِكَ قَيْصَرُ، وَكِسْرٰى فِي الثِّمَارِ وَالْاَنْهَارِ وَاَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَصَفْوَتُهُ وَهٰذِهٖ خِزَانَتُكَ، قَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اَلَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَنَا الْاٰخِرَةُ وَلَهُمُ الدُّنْيَا؟، قُلْتُ: بَلٰى فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَاَنَا اَرٰى فِيْ وَجْهِهِ الْغَضَبَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَشُقُّ عَلَيْكَ مِنْ شَاْنِ النِّسَاءِ فَإِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهُنَّ فَإِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَجِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ وَاَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ مَعَكَ وَقَلَّمَا تَكَلَّمْتُ وَاَحْمَدُ اللّٰهَ بِكَلَامٍ اِلَّا رَجَوْتُ اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ يُصَدِّقُ قَوْلِيْ وَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اٰيَةُ التَّخْيِيرِ (عَسٰى رَبُّهُ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهُ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ) (التحريم: 5)، (وَاِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ) (التحريم: 4) اَلْاٰيَةَ، وَكَانَتْ عَائِشَةُ، وَحَفْصَةُ تُظَاهِرَانِ عَلٰى سَائِرِ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَطَلَّقْتَهُنَّ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَنْزِلُ فَاُخْبِرُهُنَّ اَنَّكَ لَمْ تُطَلِّقْهُنَّ؟ قَالَ: نَعَمْ اِنْ شِئْتَ، فَلَمْ اَزَلْ اُحَدِّثُهُ حَتّٰى تَحَسَّرَ الْغَضَبُ عَنْ وَجْهِهٖ وَحَتّٰى كَشَّرَ فَضَحِكَ وَكَانَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا، فَنَزَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَزَلْتُ اَتَشَبَّثُ بِالْجِذْعِ وَنَزَلَ كَمَا يَمْشِيْ عَلَى الْاَرْضِ مَا يَمَسُّهُ بِيَدِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتَ فِي الْغُرْفَةِ تِسْعًا وَعِشْرِينَ فَقُمْتُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فَنَادَيْتُ بِاَعْلٰى صَوْتِيْ: لَمْ يُطَلِّقِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نِسَاءَهُ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (وَاِذَا جَاءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ) (النساء: 83) اِلٰى قَوْلِهٖ (لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهُ مِنْهُمْ) (النساء: 83) فَكُنْتُ اَنَا اسْتَنْبَطْتُ ذٰلِكَ الْاَمْرَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةَ التَّخْيِيرِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار کی تو میں مسجد میں داخل ہوا وہاں لوگ کنکریوں کو کرید رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے یہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (میں نے سوچا) میں آج اس بارے میں ضرور معلومات حاصل کروں گا میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صاحب زادی! اب آپ کا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے' آپ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاتی ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے خطاب کے صاحب زادے! میرا اور آپ کا کیا واسطہ آپ اپنا گھر سنبھالیں پھر میں حفصہ بنت عمر کے پاس آیا میں نے کہا: اے حفصہ اب تمہارا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے' تم اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاؤ مجھے یہ بات پتہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تم سے محبت نہیں ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں طلاق دے دینی تھی اس پر حفصہ زور وشور سے رونے لگیں میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانے میں آرام فرما ہیں میں وہاں آیا' تو وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام رباح موجود تھا وہ بالا خانے کی سیڑھیوں پر بیٹھا ہوا تھا اس نے تختے پر پاؤں پھیلائے ہوئے تھے جو کھجور کے تنوں سے بنا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر چڑھ کر اوپر تشریف لے جاتے تھے اور اسی کے ذریعے نیچے تشریف لایا کرتے تھے میں نے اسے مخاطب کیا اے رباح تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری حاضری کی اجازت مانگو اس نے بالا خانے کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا اور کوئی جواب نہیں دیا میں نے کہا: اے رباح! تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری حاضری کی اجازت مانگو مجھے یہ لگتا ہے' شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ سمجھ رہے ہوں کہ میں حفصہ کی وجہ سے آیا ہوں حالانکہ اللہ کی قسم! اگر اللہ کے رسول مجھے حکم دیں کہ میں اس کی گردن اڑا دوں' تو میں اس کی گردن بھی اڑا دوں گا میں نے بلند آواز میں یہ بات کہی (اس لڑکے نے اوپر جا کر اجازت مانگی) اور پھر میری طرف اشارہ کیا' تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں وہاں بیٹھ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف تہبند باندھا ہوا تھا اس کے علاوہ کوئی اور چیز آپ کے جسم پر نہیں تھی اور آپ کے پہلو پر چٹائی کا نشان موجود تھا جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کمرے کا جائزہ لیا تو وہاں تقریباً ایک صاع جو موجود تھے اور ایک صاع کے قریب درخت کے پتے تھے اور وہاں افیق موجود تھی۔

ابوحفص نامی راوی کہتے ہیں: افیق سے مراد وہ کھال ہے' جس کے بال اتار دیئے گئے ہوں' لیکن ابھی اس کی دباغت نہ کی گئی ہو۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے خطاب کے صاحب زادے! تم کیوں رو رہے ہو میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی میں کیوں نہ روؤں اس چٹائی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر نشان ڈال دیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کمرے میں مجھے وہ چیزیں جو نظر آ رہی ہیں حالانکہ قیصر اور کسریٰ پھلوں اور نہروں کے اندر (یعنی نعمتوں کے اندر) رہ رہے ہیں' جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول اور اس کے محبوب ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساز و سامان اتنا سا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحب زادے کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ ہمارے لیے آخرت ہو اور ان کے لیے دنیا ہو۔

اَنْ اُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَاَنَا اُحْمَلُ فِیْ هَوْدَجِی، وَاُنْزَلُ فِیْهِ مَسِیْرَنَا، حَتّٰی اِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ، وَقَفَلَ، وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِیْنَةِ آذَنَ بِالرَّحِیْلِ لَیْلَةً، فَقُمْتُ حِیْنَ آذَنُوا فِی الرَّحِیْلِ، فَمَشَیْتُ حَتّٰی جَاوَزْتُ الْجَیْشَ، فَلَمَّا قَضَیْتُ شَاْنِیْ، رَجَعْتُ فَلَمَسْتُ صَدْرِیْ، فَاِذَا عِقْدٌ مِّنْ جَزْعِ ظَفَارٍ قَدْ وَقَعَ فَرَجَعْتُ، فَالْتَمَسْتُ عِقْدِی، فَحَبَسَنِیْ ابْتِغَاؤُهُ، وَاَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِیْنَ یَرْحَلُوْنَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمَلُوْا هَوْدَجِی وَرَحَلُوْهُ عَلَی الْبَعِیْرِ الَّذِی كُنْتُ اَرْكَبُ، وَهُمْ یَحْسِبُوْنَ اَنِّیْ فِیْهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَ النِّسَاءُ اِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ یَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، فَرَحَلُوْهُ وَرَفَعُوْهُ، فَلَمَّا بَعَثُوا وَسَارَ الْجَیْشُ، وَجَدْتُ عِقْدِی بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَیْشُ، فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ، وَلَیْسَ بِهَا دَاعٍ وَلَا مُجِیْبٌ، فَاَقَمْتُ مَنْزِلِیَ الَّذِی كُنْتُ فِیْهِ، فَبَیْنَا اَنَا جَالِسَةٌ غَلَبَتْنِیْ عَیْنِیْ فَنِمْتُ،

وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِیُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِیُّ عَرَّسَ فَادَّلَجَ فَاَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِی، فَرَاٰی سَوَادَ اِنْسَانٍ، فَعَرَفَنِیْ حِیْنَ رَآنِیْ، وَكَانَ رَآنِی قَبْلَ اَنْ یَّنْزِلَ الْحِجَابُ، فَاسْتَیْقَظْتُ بِ اسْتِرْجَاعِهِ حِیْنَ عَرَفَنِیْ، فَخَمَّرْتُ وَجْهِی بِجِلْبَابِی، وَاللّٰهِ مَا كَلَّمَنِیْ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَیْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتّٰی اَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، فَوَطِءَ عَلٰی یَدِهَا، فَرَكِبْتُهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ یَقُوْدُ بِی الرَّاحِلَةَ، حَتّٰی اَتَیْنَا الْجَیْشَ بَعْدَمَا نَزَلُوْا مُوْغِرِیْنَ فِیْ نَحْرِ الظَّهِیْرَةِ، فَهَلَكَ فِیْ شَاْنِیْ مَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِی تَوَلّٰی كِبْرَهُ مِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَیِّ بْنِ سَلُوْلٍ، فَقَدِمْتُ الْمَدِیْنَةَ، فَاشْتَكَیْتُ حِیْنَ قَدِمْتُهَا شَهْرًا، وَالنَّاسُ یُفِیْضُوْنَ فِیْ قَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ، وَلَا اَشْعُرُ بِشَیْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَهُوَ یُرِیْبُنِیْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، لِاَنِّیْ لَا اَرٰی مِنْهُ اللُّطْفَ الَّذِی كُنْتُ اَرَاهُ مِنْهُ حِیْنَ اَشْتَكِی، اِنَّمَا یَدْخُلُ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَقُوْلُ: كَیْفَ تِیكُمْ؟، فَیُرِیْبُنِیْ ذٰلِكَ، وَلَا اَشْعُرُ حَتّٰی خَرَجْتُ بَعْدَمَا نَقَهْتُ مِنْ مَرَضِی وَمَعِی اُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَهِیَ مُتَبَرَّزُنَا، وَلَا نَخْرُجُ اِلَّا لَیْلًا اِلٰی لَیْلٍ، وَذٰلِكَ اَنَّا نَكْرَهُ اَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِیْبًا مِنْ بُیُوْتِنَا، وَاَمْرُنَا اَمْرُ الْعَرَبِ الْاُوَلِ فِی التَّبَرُّزِ، وَكُنَّا نَتَاَذّٰی بِالْكُنُفِ قُرْبَ بُیُوْتِنَا، فَانْطَلَقْتُ وَمَعِی اُمُّ مِسْطَحٍ وَهِیَ بِنْتُ اَبِیْ رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَاُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، خَالَةُ اَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّیْقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَاَقْبَلْنَا حِیْنَ فَرَغْنَا مِنْ شَاْنِنَا لِنَاْتِیَ الْبَیْتَ، فَعَثَرَتْ اُمُّ مِسْطَحٍ فِیْ مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ، فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ، اَتَسُبِّیْنَ رَجُلًا قَدْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: اَیْ هَنْتَاهُ، اَوَلَمْ تَسْمَعِی مَا قَالَ؟ قُلْتُ: وَمَا قَالَ؟ فَاَخْبَرَتْنِیْ بِقَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ،

فَازْدَدْتُ مَرَضًا اِلٰی مَرَضِی، وَرَجَعْتُ اِلٰی بَیْتِی، فَدَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: كَیْفَ تِیكُمْ؟، فَقُلْتُ: اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ آتِیَ اَبَوَیَّ؟، وَاَنَا حِیْنَئِذٍ اُرِیْدُ اَنْ اَتَیَقَّنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، فَاَذِنَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْتُ اَبَوَیَّ، فَقُلْتُ لِاُمِّی: یَا اُمَّتَاهُ مَا یَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟، قَالَتْ: اَیْ بُنَیَّةُ هَوِّنِیْ عَلَیْكِ فَوَاللّٰهِ لَقَلَّ امْرَاَةٌ وَّضِیْئَةٌ كَانَتْ عِنْدَ رَجُلٍ یُحِبُّهَا، وَلَهَا ضَرَائِرُ، اِلَّا اَكْثَرْنَ عَلَیْهَا، قَالَتْ: فَقُلْتُ:

سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَوَتَحَدَّثَ النَّاسُ بِذٰلِكَ؟ قَالَتْ: فَمَكَثْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ لَا يَرْقَاُ لِیْ دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ اُصْبِحُ وَاَبْكِی، وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ، وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَهُوَ حِيْنَئِذٍ يُرِيْدُ اَنْ يَّسْتَشِيْرَهُمَا فِیْ فِرَاقِ اَهْلِهٖ، وَذٰلِكَ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْیُ، فَاَمَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، فَاَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِیْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَ ةِ اَهْلِهٖ وَمَا لَهٗ فِیْ نَفْسِهٖ لَهُمْ مِنَ الْوِدِّ، فَقَالَ: هُمْ اَهْلُكَ وَلَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا، وَاَمَّا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَقَالَ: لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ، وَاِنْ تَسْاَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ، قَالَتْ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيْرَةَ، فَقَالَ: اَیْ بَرِيْرَةُ هَلْ رَاَيْتِ مِنْ عَائِشَةَ شَيْئًا يُرِيْبُكِ؟، قَالَتْ بَرِيْرَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا رَاَيْتُ عَلَيْهَا اَمْرًا قَطُّ اَغْمِصُهٗ عَلَيْهَا، اَكْثَرَ مِنْ اَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ اَهْلِهَا فَيَدْخُلُ الدَّاجِنُ فَيَاْكُلُهٗ،

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَیِّ ابْنِ سَلُوْلَ، فَقَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، مَنْ يَّعْذِرُنِیْ مِنْ رَجُلٍ بَلَغَ اَذَاهُ فِیْ اَهْلِ بَيْتِیْ؟ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مِنْ اَهْلِیْ اِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا، وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِیْ اِلَّا مَعِیْ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِیُّ، فَقَالَ: اَنَا اَعْذِرُكَ مِنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ كَانَ مِنَ الْاَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهٗ، وَاِنْ كَانَ مِنَ الْخَزْرَجِ اَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا اَمْرَكَ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا تَقْتُلُهٗ، وَلَا تَقْدِرُ عَلٰى قَتْلِهٖ، فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهٗ، فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِيْنَ، فَثَارَ الْحَيَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰى هَمُّوْا اَنْ يَّقْتَتِلُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوْا، وَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكَيْتُ يَوْمِیْ لَا يَرْقَاُ لِیْ دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، وَاَبَوَایَ يَظُنَّانِ اَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِیْ،

فَبَيْنَمَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِیْ، اِذِ اسْتَاْذَنَتْ عَلَیَّ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَاَذِنْتُ لَهَا، فَجَلَسَتْ مَعِیْ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ عَلٰى حَالِنَا ذٰلِكَ، اِذْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ، وَلَمْ يَكُنْ جَلَسَ قَبْلَ يَوْمِیْ ذٰلِكَ مُذْ كَانَ مِنْ اَمْرِیْ مَا كَانَ، وَلَبِثَ شَهْرًا لَا يُوْحٰى اِلَيْهِ، قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَقَدْ بَلَغَنِیْ يَا عَائِشَةُ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَاِنْ كُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَاِنْ كُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِی اللّٰهَ وَتُوْبِیْ، فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اعْتَرَفَ بِالذَّنْبِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهٗ، قَلَصَ دَمْعِیْ حَتّٰى مَا اَحِسُّ مِنْهُ بِقَطْرَةٍ، فَقُلْتُ لِاَبِیْ: اَجِبْ عَنِّیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِیْ مَا اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِاُمِّیْ: اَجِيْبِیْ عَنِّیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا اَدْرِیْ مَا اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ وَاَنَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ، لَا اَقْرَاُ كَثِيْرًا مِنَ الْقُرْآنِ: اِنِّیْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَرَفْتُ اَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ بِذَاكَ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِیْ اَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهٖ، فَاِنْ

قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي بَرِيئَةٌ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنِّي بَرِيئَةٌ لَمْ تُصَدِّقُونِي، وَإِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُونِي، وَإِنِّي وَاللّٰهِ لَا أَجِدُ مَثَلِي وَمَثَلَكُمْ إِلَّا كَمَا قَالَ أَبُو يُوسُفَ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُونَ) (يوسف: 18)، ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلٰى فِرَاشِي وَأَنَا وَاللّٰهِ حِينَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُبَرِّئُنِي بِبَرَاءَتِي، وَلٰكِنْ لَمْ أَظُنَّ أَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُنَزِّلُ فِي شَأْنِي وَحْيًا يُتْلٰى، وَلَشَأْنِي كَانَ أَحْقَرَ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلٰى، وَلٰكِنْ أَرْجُو أَنْ يَرٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنَامِهِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللّٰهُ بِهَا،

قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا رَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَهُ، وَلَا خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ أَحَدٌ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ عِنْدَ الْوَحْيِ مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ أَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا، أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَمَا وَاللّٰهِ فَقَدْ بَرَّأَكِ اللّٰهُ، فَقَالَتْ لِي أُمِّي: قُومِي إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ، وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ الَّذِي هُوَ أَنْزَلَ بَرَاءَتِي، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ)، الْعَشْرُ الْآيَاتُ، قَالَتْ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْآيَاتِ فِي بَرَاءَتِي، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أُنْفِقُ عَلَيْهِ أَبَدًا بَعْدَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ) (النور: 22)، إِلٰى قَوْلِهِ: (أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ) (النور: 22)، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِي، فَرَجَعَ إِلٰى مِسْطَحٍ بِالنَّفَقَةِ الَّتِي كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي مَا عَلِمْتِ وَمَا رَأَيْتِ؟ فَقَالَتْ: أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا، قَالَتْ: وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ، وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ تُحَارِبُ لَهَا، فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَهٰذَا مَا انْتَهٰى إِلَيَّ مِنْ أَمْرِ هٰؤُلَاءِ الرَّهْطِ

امام زہری نے سعید بن میسّب' عروہ بن زبیر' علقمہ بن وقاص' عبیداللہ بن عبداللہ کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت نقل کی ہے' جس میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر جھوٹا الزام لگایا گیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس سے بری قرار دیا تھا (ابن شہاب کہتے ہیں) ان تمام حضرات نے مجھے یہ حدیث سنائی تھی کسی نے اس حدیث کے زیادہ الفاظ کو محفوظ رکھا اور کسی نے اس کو مختصر طور پر نقل کیا میں نے اس تمام حدیث کو محفوظ کر لیا جو انہوں نے مجھے بیان کی تھی اور ان میں سے ایک کا بیان دوسرے کی تصدیق کرتا تھا ان لوگوں نے یہ روایت ذکر کی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جب آپ کسی سفر کے لیے تشریف لے جاتے تھے' تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کیا کرتے تھے ان میں سے جس کا نام نکل آتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خاتون کو اپنے ساتھ لے جایا

کرتے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی غزوہ کے لیے سفر کرنے سے پہلے ہمارے درمیان قرعہ اندازی کی تو میرا نام نکل آیا ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوگئے یہ حجاب کا حکم نازل ہوجانے کے بعد کی بات ہے مجھے ہودج میں ٹھہرایا گیا اور سفر کے دوران جب ہم پڑاؤ کرتے تھے تو وہ اس میں رہتی تھیں' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوہ سے فارغ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو (ایک پڑاؤ کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت روانگی کا اعلان کردیا جب لوگوں نے روانگی کی تیاری کی اس وقت میں اٹھی اور چلتی ہوئی لشکر سے پرے چلی گئی میں نے اپنی حاجت کو پورا کیا جب میں واپس آئی اور میں نے اپنے سینے کو ہاتھ لگایا تو پتھروں سے بنا ہوا ہار کہیں گر چکا تھا میں واپس آئی میں نے اپنے ہار کو تلاش کیا اس کی تلاش میں' میں وہیں رکی رہی وہ لوگ آئے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (روانگی کے وقت ساز و سامان وغیرہ) اٹھاتے تھے انہوں نے میرے ہودج کو اٹھایا اور اسے اٹھا کر اس اونٹ پر رکھ دیا جس پر میں سوار ہوا کرتی تھی وہ یہ سمجھے کہ میں اس کے اندر موجود ہوں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان دنوں خواتین ہلکی پھلکی ہوتی تھیں انہیں گوشت نے ڈھانپا نہیں ہوتا تھا ان لوگوں نے اسے اٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ دیا جب وہ لوگ اس سے فارغ ہوئے' تو لشکر روانہ وہ گیا لشکر کے روانہ ہوجانے کے بعد مجھے اپنا ہار مل گیا میں پڑاؤ کی جگہ پر آئی تو وہاں نہ کوئی بلانے والا تھا اور نہ کوئی جواب دینے والا تھا میں اسی جگہ پر ٹھہر گئی جہاں میں پہلے موجود تھی میں وہاں بیٹھی ہوئی تھی اسی دوران میری آنکھ لگ گئی اور میں سوگئی۔

حضرت صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ عنہ نے رات کے وقت پڑاؤ کیا تھا وہ صبح کے وقت چلتے ہوئے میری رہائشی جگہ کے پاس آگئے انہوں نے کسی انسان کا ہیولا دیکھا تو (میری طرف آئے) جب انہوں نے مجھے دیکھا تو مجھے پہچان گئے' کیونکہ وہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھ چکے تھے ان کے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنے پر میں بیدار ہوگئی جو انہوں نے مجھے پہچان کر پڑھا تھا میں نے اپنی چادر کے ذریعے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا اللہ کی قسم! نہ تو انہوں نے میرے ساتھ کوئی بات کی اور نہ ہی میں نے ان کی زبانی انا للہ وانا الیہ راجعون کے علاوہ کوئی کلمہ سنا۔ انہوں نے اپنی سواری کو بٹھایا اور میں اس پر سوار ہوگئی پھر وہ اس سواری کو لے کر چل پڑے' یہاں تک کہ ہم لشکر کے پاس آگئے اس وقت جب انہوں نے دن چڑھ جانے کے بعد پڑاؤ کیا ہوا تھا۔

تو میرے اس واقعے کے حوالے سے کچھ لوگ ہلاکت کا شکار ہوئے اور ان میں سب سے زیادہ حصہ لینے والا شخص عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔

(سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) میں مدینہ منورہ آگئی مدینہ منورہ آنے کے بعد میں ایک ماہ تک بیمار رہی لوگ جھوٹا الزام لگانے والوں کے بارے میں جو بات چیت کررہے تھے مجھے اس میں سے کسی بھی چیز کا علم نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے مجھے کچھ الجھن ہوتی تھی' کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرا اس طرح سے خیال نہیں رکھ رہے تھے جس طرح پہلے میری بیماری کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرا خیال رکھا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لاتے تھے اور دریافت کرتے تھے تمہارا کیا حال ہے یہ چیز مجھے شک میں مبتلا کرتی تھی' لیکن مجھے حقیقت کا پتہ نہیں تھا اپنی بیماری کی وجہ سے نقاہت کا شکار ہونے کے بعد ایک مرتبہ میں گھر سے (قضائے حاجت کے لیے) نکلی میرے ساتھ ام مسطح تھیں ہم مناصع (کھلے میدان) کی طرف گئے جو ہمارے قضائے حاجت کرنے

کی جگہ تھی ہم (خواتین) صرف رات کے وقت ہی وہاں جایا کرتی تھیں اس کی وجہ یہ ہے: ہم لوگ اس چیز کو ناپسند کرتے تھے کہ بیت الخلاء گھر کے قریب موجود ہو ہمارا معاملہ پہلے زمانے کے عربوں کے معاملے کی طرح تھا کہ ہم ان کی طرح (کھلی جگہوں پر جا کر) قضائے حاجت کیا کرتے تھے اور گھر کے قریب بیت الخلاء موجود ہونے سے ہمیں اذیت محسوس ہوتی تھی میں جا رہی تھی میرے ساتھ ام مسطح تھیں وہ ابورہم بن مطلب بن عبد مناف کی صاحبزادی تھیں ان کی والدہ صخر بن عامر کی صاحبزادی تھیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خالہ تھیں اور ان کا بیٹا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن مطلب تھا ہم اپنے کام سے فارغ ہونے کے بعد گھر آنے کے لیے واپس آ رہی تھیں اسی دوران ام مسطح کا پاؤں ان کی چادر میں الجھ گیا تو انہوں نے (گرنے سے بچتے ہوئے) یہ کہا: مسطح برباد ہو جائے میں نے ان سے کہا آپ نے بہت بری بات کہی ہے آپ ایک ایسے شخص کو برا کہہ رہی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک ہو چکا ہے' تو انہوں نے کہا: اے بھولی خاتون کیا آپ نے نہیں سنا کہ اس نے کیا کیا ہے؟ میں نے دریافت کیا: اس نے کیا کیا ہے' تو انہوں نے مجھے الزام لگانے والوں کے بیان کے بارے میں بتایا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) اس سے میری بیماری میں اضافہ ہو گیا میں اپنے گھر واپس آئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارا کیا حال ہے۔ میں نے عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بات کی اجازت دیں گے کہ میں اپنے ماں باپ کے پاس چلی جاؤں؟ اس وقت میں یہ چاہتی تھی کہ اپنے والدین سے اس خبر کے بارے میں یقینی معلومات حاصل کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی میں اپنے والدین کے ہاں آئی میں نے اپنی والدہ سے دریافت کیا: اے امی جان لوگ کیا بات چیت کر رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اے میری بیٹی تم پرسکون رہو اللہ کی قسم! جو بھی عورت اپنے شوہر کے نزدیک زیادہ خوب صورت ہو اور وہ مرد اس سے محبت کرتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں' تو وہ اس سے زیادہ زیادتی کر دیا کرتی تھیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: سبحان اللہ کیا لوگ اس قسم کی بات چیت کر رہے ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس رات میرا یہ عالم تھا کہ میرے آنسو تھمتے نہیں تھے اور صبح ہو جانے تک مجھے نیند نہیں آئی میں مسلسل روتی رہی۔

(اسی دوران کسی وقت میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بلوایا آپ ان دونوں صاحبان سے اپنی اہلیہ (یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) سے علیحدگی اختیار کرنے کے بارے میں مشورہ کرنا چاہتے تھے یہ اس وقت کی بات ہے' جب اس بارے میں وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ جہاں تک حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہی گزارش کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ کے بری الذمہ ہونے سے واقف تھے اور اس چیز کا ذکر کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اہلیہ سے محبت تھی انہوں نے کہا: وہ آپ کی اہلیہ ہیں۔ ان کے بارے میں ہمیں صرف بھلائی کا علم ہے' لیکن جہاں تک حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا تو انہوں نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو کوئی تنگی نہیں دی ہے ان کے علاوہ بھی خواتین بے شمار ہیں' لیکن اگر آپ گھر کی خادمہ سے پوچھیں گے تو وہ آپ کے ساتھ سچ بیانی کرے گی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو بلایا اور فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے عائشہ کے حوالے سے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے' جو تمہیں شک کا شکار کرے؟

بریرہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں نے ان میں صرف ایک چیز دیکھی ہے جس پر میں اعتراض کر سکتی ہوں یہ کہ وہ کم سن لڑکی ہیں ان کی عمر تھوڑی ہے وہ آٹا گوندھ کے سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹے کو کھا جاتی ہے۔

نبی اکرم ﷺ (لوگوں کے درمیان) کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے عبداللہ بن ابی سلول کی شکایت کی اور فرمایا: آپ اس وقت منبر پر موجود تھے (آپ ﷺ نے فرمایا)

''اے مسلمانوں کے گروہ اس شخص کے حوالے سے کون میرے سامنے عذر پیش کرے گا' جس کی اذیت میرے گھر والوں تک پہنچ چکی ہے اللہ کی قسم! مجھے اپنی اہلیہ کے بارے میں صرف بھلائی کا علم ہے اور انہوں نے جس مرد پر الزام لگایا ہے اس کے بارے میں بھی مجھے صرف بھلائی کا علم ہے وہ میرے گھر میں ہمیشہ میرے ساتھ ہی داخل ہوا ہے اس پر حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس کی طرف سے میں آپ کی خدمت میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ اگر وہ اوس قبیلے سے تعلق رکھتا ہے' تو ہم اس کی گردن اڑا دیتے ہیں اور اگر وہ خزرج قبیلے سے تعلق رکھتا ہے' تو آپ ہمیں حکم دیں ہم آپ کے حکم کی پابندی کریں گے اس پر حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے وہ خزرج قبیلے کے سردار تھے وہ ویسے نیک آدمی تھے' لیکن اس وقت قبائلی حمیت ان پر غالب آ گئی انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! تم اس شخص کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس شخص کو قتل کر سکو گے۔ اس پر حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے جو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے چچازاد تھے انہوں نے کہا: آپ غلط کہہ رہے ہیں اللہ کی قسم! ہم اس شخص کو ضرور قتل کر دیں گے آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑا کر رہے ہیں اس پر اوس اور خزرج قبیلے کے لوگوں کے درمیان جھگڑا شروع ہو گیا' یہاں تک کہ نوبت باقاعدہ لڑائی تک پہنچ گئی۔ نبی اکرم ﷺ انہیں خاموش کرواتے رہے' یہاں تک کہ وہ خاموش ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ بھی خاموش ہو گئے میں پورا دن روتی رہی میرے آنسو تھمتے نہیں تھے اور مجھے نیند نہیں آتی تھی میرے ماں باپ کو یوں لگتا تھا جیسے رونے کی وجہ سے میرا کلیجہ پھٹ جائے گا۔

ابھی وہ دونوں میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران انصار کی ایک عورت نے میرے پاس اندر آنے کی اجازت مانگی میں نے اسے اجازت دے دی وہ میرے پاس بیٹھ گئی ابھی ہم اسی حالت میں بیٹھی ہوئی تھیں کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے آپ ﷺ نے سلام کیا پھر آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے جب سے میرے ساتھ یہ صورت حال درپیش آئی تھی اس کے بعد نبی اکرم ﷺ اس دن کے علاوہ کبھی بھی اس سے پہلے اس طرح نہیں بیٹھے تھے ایک مہینہ گزر چکا تھا نبی اکرم ﷺ کی طرف کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کلمہ تشہد پڑھا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اما بعد! اے عائشہ تمہارے حوالے سے اس' اس طرح کی اطلاعات مجھ تک پہنچی ہیں اگر تم بری ہو' تو اللہ تعالیٰ تمہاری برأت کو ظاہر کر دے گا اور اگر تم نے گناہ کا ارادہ کیا تھا تو تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو اور توبہ کرو' کیونکہ جب انسان گناہ کا اعتراف کر لے اور پھر توبہ کر لے' تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کر لیتا ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو رک گئے' یہاں تک کہ مجھے ایک قطرہ بھی محسوس نہیں ہوا میں نے

اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں۔ انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں اللہ کے رسول کو کیا جواب دوں؟ میں نے اپنی والدہ سے کہا آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں انہوں نے بھی یہی کہا۔ اللہ کی قسم! مجھے نہیں سمجھ آ رہی کہ میں اللہ کے رسول سے کیا کہوں (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) تو میں نے کہا: میں ایک لڑکی ہوں جس کی عمر کم ہے مجھے زیادہ قرآن نہیں آتا' لیکن اللہ کی قسم! مجھے اس بات کا پتہ ہے' آپ لوگوں نے اس بارے میں بات سنی اور یہ آپ کے ذہن میں پختہ ہوگئی اور آپ نے (دلی طور پر) اس کو سچ سمجھ لیا اگر میں آپ سے یہ کہوں کہ میں بری ہوں اور اللہ جانتا ہے' میں بری ہوں' تو آپ میری تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں اس حوالے سے آپ کے سامنے اعتراف کرلوں حالانکہ اللہ جانتا ہے' میں اس سے بری ہوں' تو پھر آپ مجھے سچا سمجھیں گے اللہ کی قسم! اپنے اور آپ کے معاملے میں مجھے صرف وہی بات سمجھ آ رہی ہے' جو حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے کہی تھی۔

''تو اب صبر کرنا ہی بہتر ہے اور جو لوگ تم کہہ رہے ہو اس کے حوالے سے اللہ ہی سے مدد لی جاسکتی ہے''۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) پھر میں نے رخ موڑا اور اپنے بستر پر لیٹ گئی اللہ کی قسم! اس وقت میں یہ بات جانتی تھی کہ میں بری الذمہ ہوں اور اللہ تعالیٰ میرے بری ہونے کا اظہار کردے گا' لیکن مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے بارے میں ایسی وحی نازل کردے گا' جس کی تلاوت کی جائے گی میرے نزدیک میری ذات کی یہ حیثیت نہیں ہے' اللہ تعالیٰ میرے بارے میں کوئی ایسا کلام نازل کرے جس کی تلاوت کی جائے مجھے یہ امید تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں کوئی ایسا خواب دیکھ لیں گے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ میری برأت کا اظہار کردے گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس جگہ سے ہٹے بھی نہیں تھے اور گھر میں موجود افراد میں سے کوئی بھی شخص گھر سے باہر نہیں نکلا تھا کہ اسی دوران اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر وحی نازل کردی وحی کے نزول کے وقت اس کے نزول کی شدت کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کیفیت ہوتی تھی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر طاری ہوگئی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے یہ بات کہی: اے عائشہ! اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے تمہارے بری الذمہ ہونے (کا حکم نازل کر دیا ہے) میری والدہ نے مجھ سے کہا تم اٹھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نہیں کھڑی ہوں گی اور میں صرف اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کروں گی' جس نے میری برأت کا حکم نازل کیا ہے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم میں سے ایک گروہ نے جو جھوٹا الزام لگایا''۔

اس کے بعد کی دس آیات ہیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات میرے بری ہونے کے بارے میں نازل کی تھیں۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنی رشتے داری اور ان کی غربت کی وجہ سے ان پر خرچ کیا کرتے تھے انہوں نے یہ کہا: اس نے عائشہ کے بارے میں جو کہا ہے اللہ کی قسم! اس کے بعد میں کبھی بھی اس پر کچھ

خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم میں سے فضیلت رکھنے والے لوگ اور گنجائش رکھنے والے لوگ یہ قسم نہ اٹھائیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کر دے''۔

تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت کر دے اس کے بعد انہوں نے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کو اسی طرح خرچ دینا شروع کر دیا جس طرح وہ پہلے انہیں خرچ دیا کرتے تھے اور انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اس کے بعد میں اسے کبھی ترک نہیں کروں گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے معاملے کے بارے میں سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی دریافت کیا تھا: تم اس بارے میں کیا جانتی ہو اور تمہاری اس بارے میں کیا رائے ہے' تو سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا: میں اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں کو محفوظ کرتی ہوں مجھے صرف بھلائی کا علم ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے یہ وہ خاتون تھیں جو میری برابری کی دعوے دار تھیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی پرہیزگاری کی وجہ سے انہیں (الزام لگانے سے) محفوظ رکھا جب کہ ان کی بہن حمنہ بنت جحش نے ان کے لیے جھگڑا کرتے ہوئے (الزام لگانے والوں میں حصہ لیا) اور وہ ہلاکت کا شکار ہونے والوں میں شامل ہو گئی۔

امام زہری بیان کرتے ہیں: ان لوگوں کے واقعہ کے بارے میں یہ وہ روایت ہے' جو مجھ تک پہنچی ہے۔

كِتَابُ الرَّضَاعِ

کتاب! رضاعت کے بارے میں روایات

4213 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، وَرَبِيعَةُ بْنُ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ امْرَاَةَ اَبِىْ حُذَيْفَةَ اَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا مَوْلٰى اَبِىْ حُذَيْفَةَ حَتّٰى تَذْهَبَ غَيْرَةُ اَبِىْ حُذَيْفَةَ، فَاَرْضَعَتْهُ وَهُوَ رَجُلٌ، قَالَ رَبِيعَةُ: فَكَانَتْ رُخْصَةً لِسَالِمٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ سہلہ رضی اللہ عنہا کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام سالم کو دودھ پلا دیں تا کہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے مزاج کی تیزی (یعنی ناراضگی) ختم ہو جائے تو اس خاتون نے اس لڑکے کو دودھ پلا دیا جو پورا مرد تھا۔

ربیعہ نامی راوی کہتے ہیں: یہ سالم کے لیے رخصت تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذِكْرُنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4213- إسناده صحيح على شرط مسلم . حرملة: هو ابن يحيى وهو من رجال مسلم وقد تُوبع، ومن فوقه على شرطهما .وأخرجه النسائى 6/105 فى النكاح: باب رضاع الكبير، عن احمد بن يحيى ابى الوزير، عن ابن وهب بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى فى (الكبير) (6375) و24/ (739) من طريق سليمان بن بلاب، بِهِ .وأخرجه بنحوه أحمد 6/38-39 و201، والحميدى (278) وعبد الرزاق (13884) ومسلم (1453) فى الرضاع: باب رضاعة الكبير، والنسائى 6/104-105 و105، وابن ماجة (1943) فى النكاح: باب رضاع الكبير، والطبرانى فى (الكبير) (6373) و (6374) و (6376) و24/ (737) و (738) و (740)، والبيهقى 7/459 من طرق عن القاسم، بِهِ .وأخرجه احمد 6/356، والطبرانى فى (الكبير) 24/ (742) من طريق حماد بن سلمة، عن عبد الرحمٰن بن القاسم، والطبرانى فى (الصغير) (894) من طريق عبد الله بن عثمان بن خثيم، كلاهما عن القاسم بن محمد، عن سهلة، فجعلوه من مسند سهلة، قال الهيثمى فى (المجمع) 4/261: رواه أحمد والطبرانى فى الثلاثة.

4214- إسناده صحيح على شرطهما، وهو فى (مصنف عبد الرزاق) (13885) بنحو هذا اللفظ .(فُضُلاً) قال فى (النهاية) 3/456: أى متبذلة فى ثياب مهنتى، يقال: تفضّلت المرأة: إذا لبست ثياب مهنتها، أو كانت فى ثوب واحد، فهى فُضُل، والرجل فُضُل أيضاً، قال ابن عبد البر فى (التمهيد) 8/255: فمعنى هذا عندى أنه كان يدخل عليها وهى متكشفة بعضها، مثل الشعر واليد والوجه، يدخل عليها وهى كيف امكنها .

4214 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ سَالِمًا يُدْعٰى لِاَبِيْ حُذَيْفَةَ وَيَاْوِيْ مَعَهُ، وَيَدْخُلُ عَلَيَّ فَيَرَانِيْ فُضُلًا، وَنَحْنُ فِيْ مَنْزِلٍ ضَيِّقٍ، وَقَالَ اللّٰهُ: (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ) (الأحزاب: 5)، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سہلہ بنت سہیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سالم کو حضرت ابوحذیفہ کے منہ بولے بیٹے کے طور پر بلایا جاتا ہے وہ ان کے ساتھ رہتا ہے وہ میرے پاس بھی آجاتا ہے مجھے (سر پر چادر وغیرہ کی موجودگی کے بغیر) دیکھ لیتا ہے ہمارا گھر بھی چھوٹا سا ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''تم ان کو ان کے حقیقی باپ کے حوالے سے بلاؤ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ انصاف کے زیادہ مطابق ہے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے دودھ پلا دو تم اس کے لیے حرمت والی ہو جاؤ گی۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجَلِهَا اَرْضَعَتْ سَهْلَةُ سَالِمًا

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے سیّدہ سہلہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سالم رضی اللہ عنہ کو دودھ پلایا تھا

4215 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَضَاعَةِ الْكَبِيْرِ، فَقَالَ: اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ اَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَكَانَ قَدْ تَبَنَّى سَالِمًا الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ سَالِمٌ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ، كَمَا تَبَنّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَاَنْكَحَ اَبُوْ حُذَيْفَةَ سَالِمًا وَهُوَ يَرٰى اَنَّهُ ابْنُهُ ابْنَةَ اَخِيْهِ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ مِّنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ اَفْضَلُ اَيَامٰى قُرَيْشٍ، فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَا اَنْزَلَ، فَقَالَ: (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْا آبَاءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيكُمْ) (الأحزاب: 5)، رَدَّ كُلُّ وَاحِدٍ مِّمَّنْ تَبَنّٰى اُولٰئِكَ

4215– حديث صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين، وهو في (الموطأ) 2/605–606 في الرضاع: باب ما جاء في الرضاعة بعد الكبر، قال ابن عبد البر في (التمهيد) 8/250: هذا حديث يدخل في المسند، للقاء عروة عائشة وسائر أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، وللقائه سهلة بنت سهيل .وأخرجه الشافعي 2/22–23 عن مالك، به .وأخرجه من طريق مالك عبد الرزاق (13886)، ومن طريق الطبراني (6377)، بذكر عائشة فيه .وأخرجه أحمد 6/255 و269 و270–272، والدارمي 1/158، وعبد الرزاق (13887)، والبخاري (4000) في المغازي: باب رقم (12)، (5088) في النكاح: باب الأكفاء في الدين، وأبو داوُد (2061) في النكاح: باب من حرّم به، والنسائي 6/63–64 في النكاح: باب تزويج المولى العربية، والبيهقي 7/459–460 و460 من طرق عن الزهري، عن عروة، عن عائشة، وبعضهم يزيد فيه على بعض .

اِلٰى اَبِيهِ، فَاِنْ لَمْ يُعْلَمْ اَبُوهُ رُدَّ اِلٰى مَوْلَاهُ، فَجَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ وَهِيَ امْرَاَةُ اَبِي حُذَيْفَةَ وَهِيَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كُنَّا نَرَى سَالِمًا وَلَدًا، وَكَانَ يَدْخُلُ عَلَيَّ، وَلَيْسَ لَنَا اِلَّا بَيْتٌ وَّاحِدٌ، فَمَاذَا تَرَى فِي شَاْنِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْضِعِيهِ خَمْسَ رَضَعَاتٍ فَيَحْرُمُ بِلَبَنِكِ.

فَفَعَلَتْ، وَكَانَتْ تَرَاهُ ابْنًا مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَاَخَذَتْ بِذٰلِكَ عَائِشَةُ فِيمَنْ كَانَتْ تُحِبُّ اَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْهَا مِنَ الرِّجَالِ، فَكَانَتْ تَاْمُرُ اُخْتَهَا اُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ وَبَنَاتِ اَخِيهَا اَنْ يُّرْضِعْنَ مَنْ اَحَبَّتْ اَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْهَا مِنَ الرِّجَالِ، وَاَبَى سَائِرُ اَزْوَاجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْهِنَّ بِتِلْكَ الرَّضَاعَةِ اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ، وَقُلْنَ: مَا نَرَى الَّذِي اَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلٍ اِلَّا رُخْصَةً فِي سَالِمٍ وَحْدَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يَدْخُلُ عَلَيْنَا بِهٰذِهِ الرَّضَاعَةِ اَحَدٌ، فَعَلٰى هٰذَا مِنَ الْخَبَرِ كَانَ رَاْيُ اَزْوَاجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَضَاعَةِ الْكَبِيرِ

امام مالک ابن شہاب زہری کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ان سے بڑی عمر کے فرد کی رضاعت کا مسئلہ دریافت کیا گیا: تو انہوں نے بتایا: عروہ بن زبیر نے مجھے یہ بات بتائی ہے حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے انہوں نے سالم کو منہ بولا بیٹا بنایا تھا یہ وہ سالم ہے جنہیں سالم مولیٰ ابوحذیفہ کہا جاتا ہے یہ بالکل اسی طرح تھا جس طرح نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا۔

حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے سالم کی شادی اپنی بھتیجی فاطمہ بنت ولید بن عتبہ بن ربیعہ سے کی تھی اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ اسے اپنا بیٹا سمجھتے تھے اور وہ لڑکی اس وقت ابتدائی طور پر ہجرت کرنے والی خواتین میں شامل تھیں اور قریش کی بیوہ عورتوں میں سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والی خاتون تھیں جب اللہ تعالیٰ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حکم نازل کردیا اور ارشاد فرمایا۔

''تم انہیں ان کے حقیقی باپوں کے حوالے سے بلاؤ یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انصاف کے زیادہ مطابق ہے اور اگر تمہیں ان کے حقیقی باپ کے بارے میں علم نہ ہو' تو یہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور آزاد کردہ غلام ہیں''۔

تو ہر وہ شخص جس نے منہ بولا بیٹا بنایا ہوا تھا اس نے اس بچے کی نسبت اس کے باپ کی طرف کردی اور اگر کسی کے باپ کے بارے میں پتہ نہیں تھا تو اسے اس کے آزاد کرنے والے آقا کی طرف منسوب کیا گیا۔

سہلہ بنت سہیل جو ابوحذیفہ کی اہلیہ تھیں اور ان کا تعلق بنو عامر بن لوی سے تھا وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہم سالم کو اپنا بیٹا ہی سمجھتے تھے وہ میرے پاس آیا کرتا تھا ہمارا صرف ایک ہی گھر ہے' تو اس کے معاملے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے پانچ مرتبہ دودھ پلا دو تمہارے دودھ کی وجہ سے وہ حرمت والا ہو جائے گا۔ اس خاتون نے ایسا ہی کیا وہ خاتون اس لڑکے کو اپنا رضاعی بیٹا سمجھتی تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حکم حاصل کیا جس مرد کے بارے میں وہ یہ بات پسند کرتی تھیں کہ وہ ان کے ہاں آجایا کرے تو وہ اپنی

بہن سیّدہ ام کلثوم بنت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہا کو یا اپنی کسی بھتیجی کو یہ ہدایت کرتی تھیں کہ وہ اس لڑکے کو دودھ پلا دے جس کے بارے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو پسند کرتی تھیں کہ وہ ان کے ہاں آجایا کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر تمام ازواج نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ اس نوعیت کی رضاعت کی وجہ سے کوئی بھی شخص ان کے ہاں داخل ہو وہ ازواج یہ کہا کرتی تھیں: ہم یہ سمجھتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سہلہ بنت سہیل کو یہ حکم اس حوالے سے دیا تھا کہ یہ صرف سالم کے لیے رخصت تھی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تھی اس طرح کی رضاعت کی وجہ سے کوئی بھی شخص ہمارے ہاں نہیں آسکتا۔

تو بڑی عمر کے شخص کی رضاعت کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی یہ رائے تھی جو اس روایت میں منقول ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ مُفَارَقَةَ اَهْلِهِ اِذَا شَهِدَتْ عِنْدَهُ امْرَاَةٌ عَدْلَةٌ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ اپنی بیوی سے لاتعلقی اختیار کر لے جب کوئی عادل عورت اس کے سامنے اس بات کی گواہی دے کہ اس نے ان دونوں (میاں بیوی کو) دودھ پلایا ہے

4216 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ:

(متن حدیث): تَزَوَّجْتُ اُمَّ يَحْيٰى بِنْتَ اَبِىْ اِهَابٍ فَدَخَلَتْ عَلَيْنَا امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ، فَذَكَرَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْنَا جَمِيعًا، فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: كَيْفَ بِهَا وَقَدْ قَالَتْ مَا قَالَتْ؟، دَعْهَا عَنْكَ

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ام یحییٰ بنت ابواہاب سے شادی کر لی ایک سیاہ فام عورت

4216- إسناده صحيح . خلف بن هشام: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير صاحبيه، فإنه من رجال البخاري .وأخرجه أبو داوُد (3603) في الأقضية: باب الشهادة في الرضاع، والطبراني في (الكبير) /17 (974) من طريقين عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وبأطول مما هنا، وعندهما زيادة في السند عن ابن مليكة وهو قوله: وحدثنيه صاحب لي عنه وأنا لحديث صاحبي أحفظ .وأخرجه الطبراني /17 (675) من طريق حماد بن سلمة، والدارقطني 4/177 من طريق ابن أبي عروبة، كلاهما عن أيوب، بِه . وأخرجه أحمد 4/7 و383-384، وعبد الرزاق (13968) و (15435)، والبخاري (5104) في النكاح: باب شهادة المرضعة، وأبو داوُد (3604)، والترمذي (1151) في الرضاع، باب ما جاء في شهادة المرأة الواحدة في الرضاع، والنسائي 6/109 في النكاح: باب الشهادة في الرضاع، وفي (الكبرى) كما في (التحفة) 7/300، والدارقطني 4/175-176، والبيهقي 7/463 من طرق عن أيوب، عن ابن أبي مليكة، عن عبيد ابن أبي مريم، عن عقبة بن الحارث، بزيادة عبيد ابن أبي مريم بين أبي مليكة وعقبة بن الحارث . وقد سمع ابن أبي مليكة الحديث منهما جميعاً . وعبيد ابن أبي مريم قال الحافظ في (الفتح) 9/153: مكي ما له في الصحيح سوى هذا الحديث، ولا أعرف من حاله شيئاً إلا أن ابن حبان ذكره في ثقات التابعين، وقد أوضحت في الشهادات 5/269 بيان الاختلاف في إسناده على ابن أبي مليكة، وأن العمدة فيه على سماع ابن أبي مليكة له من عقبة بن الحارث نفسه .وأخرجه أحمد 4/7 و384، والحميدي (579)، والبخاري (2052) في البيوع: باب تفسير المشبّهات، والطبراني /17 (972) و (976)، والبيهقي 7/463، والدارقطني 4/177 من طرق عن ابن أبي مليكة، عن عقبة بن الحارث .

ہمارے ہاں آئی اس نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ اس نے ہم دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے' جب کہ اس عورت نے یہ بات بیان کردی ہے' تو تم اس عورت (یعنی اپنی بیوی) کو چھوڑ دو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا عَنْكَ، اِنَّمَا هُوَ نَهْيٌ نَهَاهُ عَنِ الْكَوْنِ مَعَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''اس عورت کو اپنے سے چھوڑ دو'' یہ ایک ممانعت ہے اس میں نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو اس عورت کے ساتھ رہنے سے منع کیا ہے

4217 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيدُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ تَزَوَّجَ بِنْتَ اَبِي اِهَابٍ، فَزَعَمَتِ امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَاَعْرَضَ عَنِّي، قَالَ: فَجِئْتُهُ مِنَ الْجَانِبِ الْاٰخَرِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهَا كَاذِبَةٌ، قَالَ: فَكَيْفَ بِهَا وَقَدْ زَعَمَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْكُمَا، فَنَهَاهُ عَنْهَا،

اَخْبَرَنَاهُ هٰذَا الشَّيْخُ فِي وَسَطِ اَحَادِيثِ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، عَنْ مَشَايِخِهِ

❁❁ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے ابواہاب کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی تو ایک سیاہ فام عورت نے یہ بات بیان کی کہ اس نے ان دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے منہ پھیر لیا میں دوسری طرف سے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! وہ عورت جھوٹ کہتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے' جب کہ اس نے یہ بات بیان کردی ہے' اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو اس خاتون سے منع کر دیا (یعنی انہیں اس خاتون سے علیحدگی اختیار کرنے کا حکم دیا)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس شیخ (یعنی امام ابن حبان کے استاد محمد بن عمر) نے نصر بن علی کی یزید بن زریع کے حوالے سے ان کے مشائخ کے حوالے سے منقول روایات کے درمیان ہمیں اس روایت کے بارے میں بتایا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عُقْبَةَ فَارَقَهَا، وَتَزَوَّجَتْ اٰخَرَ غَيْرَهُ، حِينَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا عَنْكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی تھی

اوراس خاتون نے دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لی تھی (علیحدگی اس وقت اختیار کی تھی) جب نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا تھا ''تم اس عورت کو چھوڑ دو''

4218 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِاَبِىْ اِهَابِ بْنِ عَزِيْزٍ، فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ لَهُ: قَدْ اَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِىْ تَزَوَّجَ، فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ: مَا اَعْلَمُ اَنَّكِ اَرْضَعْتِيْنِىْ وَلَا اَخْبَرْتِيْنِىْ، فَاَرْسَلَ اِلٰى آلِ اَبِىْ اِهَابٍ، فَسَاَلَهُمْ، فَقَالُوْا: مَا عَلِمْنَاهَا اَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا، فَرَكِبَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ فَسَاَلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ؟، فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ

✿✿ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے ابواہاب بن عزیز کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی ایک خاتون ان کے پاس آئی اور ان سے کہا میں نے عقبہ کو دودھ پلایا ہے اور جس عورت کے ساتھ اس نے شادی کی ہے اسے بھی دودھ پلایا ہے' تو عقبہ نے اس عورت سے کہا مجھے تو اس بات کا علم نہیں ہے' تم نے مجھے دودھ پلایا ہے اور نہ ہی تم نے مجھے پہلے اس بارے میں بتایا ہے پھر عقبہ نے ابواہاب کے خاندان والوں کی طرف پیغام بھجوایا اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا: تو ان لوگوں نے بھی یہی بتایا کہ ہمیں یہ علم نہیں ہے' اس عورت نے اس لڑکی کو دودھ پلایا ہے پھر حضرت عقبہ سوار ہو کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں مدینہ منورہ حاضر ہوئے انہوں نے اس بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہو سکتا ہے' جب کہ یہ بات بیان کی جا چکی ہے' تو حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے اس خاتون سے علیحدگی اختیار کی اور اس عورت نے دوسری شادی کر لی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الرَّضَاعَ لِلْمُرْضِعَةِ يَكُوْنُ مِنَ الزَّوْجِ كَمَا هُوَ مِنَ الْمَرْاَةِ، سَوَاءٌ فِى الْاِبَاحَةِ وَالْحَظْرِ مَعًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' دودھ پلانے والی کے دودھ پلانے کا تعلق شوہر سے بھی اسی طرح ہو گا' جس طرح عورت کے ساتھ ہو گا اور مباح ہونے یا ممنوع ہونے کے حوالے سے ان دونوں کا حکم برابر ہو گا

4219 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

4218– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابى الحديث فعلى شرط البخارى، وهو فى (صحيحه) (2640) فى الشهادات: باب إذا شهد شاهد أو شهود بشىء . . .، ومن طريقه البغوى (2286) عن حبان بن موسى، بهذا الإسناد، عبد الله: هو ابن المبارك .وأخرجه أيضاً (88) فى العلم: باب الرحلة فى المسألة النازلة، عن محمد بن مقاتل، عن عبد الله بن المبارك، به .وأخرجه ابن أبى شيبة 4/196، والبخارى (2660) فى الشهادات: باب شهادة المرضعة، والنسائى فى (الكبرى) كما فى (التحفة) 7/300، والطبرانى 17/ (973) من طريقين عن عمر بن سعيد، به . رواية البخارى مختصرة .

(متن حدیث): اِسْتَأْذَنَ عَلَيَّ اَخُو اَبِي قُعَيْسٍ بَعْدَمَا ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ، فَقُلْتُ: لَا آذَنُ لَكَ حَتّٰى يَاْتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذَنْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَخَا اَبِي قُعَيْسٍ اسْتَاْذَنَ عَلَيَّ فَاَبَيْتُ اَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰى اَسْتَاْذِنَكَ، وَاِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي امْرَاَةُ اَبِي قُعَيْسٍ وَلَمْ يُرْضِعْنِي اَبُوْ قُعَيْسٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْذَنِي لَهُ فَاِنَّهُ عَمُّكِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوقعیس رضی اللہ عنہ کے بھائی نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی یہ حجاب کا حکم نازل ہو جانے کے بعد کی بات ہے' تو میں نے کہا: میں آپ کو اس وقت تک اجازت نہیں دوں گی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لے آتے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں اجازت مانگی میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوقعیس کے بھائی نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' تو میں نے آپ سے اجازت لینے سے پہلے انہیں اجازت دینے سے انکار کر دیا' کیونکہ مجھے ابوقعیس کی بیوی نے دودھ پلایا تھا ابوقعیس نے مجھے دودھ نہیں پلایا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے اجازت دے دینی تھی وہ تمہارا چچا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَاْذَنَ لِعَمِّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ اَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْهَا

عورت کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے رضاعی چچا کو اپنے ہاں اندر آنے کی اجازت دے

4220 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

4219- إسناده صحيح على شرط الصحيح . داؤد بن شبيب من رجال البخاري، وحماد بن سلمة من رجال مسلم، ومن فوقهما من رجالهما .وأخرجه مالك 2/601-602 في الرضاع: باب رضاعة الصغير، وعبد الرزاق (13938) و (13940) و (13941)، وأحمد 6/38 و194، والحميدي (230)، والدارمي 2/156، والبخاري (5239) في النكاح: باب ما يحل من الدخول والنظر إلى النساء في الرضاع، ومسلم (1445) (7) في الرضاع: باب تحريم الرضاعة من ماء الفحل، وأبو داؤد (2057) في النكاح: باب في لبن الفحل، والترمذي (1148) في الرضاع: باب ما جاء في لبن الفحل، والنسائي 6/103 في النكاح: باب لبن الفحل، وابن ماجة (1949) في النكاح: باب لبن الفحل، وأبو يعلى (4501)، والدارقطني 4/177-178، والبيهقي 7/452، والبغوي (2280) من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/602، وعبد الرزاق (13937)، والحميدي (229)، والشافعي 2/24، وأحمد 6/33 و36-37 و38 و177 و271، والبخاري (4796) في التفسير: باب (إِنْ تُبْدُوا شَيْئاً أَوْ تُخْفُوهُ . . .)، و (5103) في النكاح: باب لبن الفحل، و (6156) في الأدب: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم "تربت يمينك"، ومسلم (1445)، والنسائي 6/103، وابن ماجة (1948)، والدارقطني 4/177-178 و178، والبيهقي 7/452 من طرق عن الزهري، عن عُروة، به وبعضهم يزيد على بعض، ووقع عند بعضهم (أفلح بن أبي القعيس) وعند بعضهم (أبو قعيس)، والمحفوظ أفلح أخو أبي القعيس. وانظر (الفتح) 9/150 .وأخرجه أحمد 6/201، وعبد الرزاق (13939)، ومسلم (1445) (8) و (9) و (10)، والنسائي 6/99 و103 و104، والبيهقي 7/452 من طرق عن عروة، به . وأخرجه أحمد 6/217 من طريق القاسم بن محمد، عن عائشة .

4220- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

(متن حدیث):اِسْتَأْذَنَ عَلَيَّ اَخُو اَبِي قُعَيْسٍ بَعْدَمَا ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ، فَقُلْتُ: لَا آذَنُ لَكَ حَتّٰى يَأْتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَأْذَنْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَخَا اَبِي قُعَيْسٍ اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ فَاَبَيْتُ اَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰى اَسْتَأْذِنَكَ، وَاِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي امْرَاَةُ اَبِي قُعَيْسٍ وَلَمْ يُرْضِعْنِي اَبُوْ قُعَيْسٍ، فَقَالَ: ائْذَنِي لَهُ فَاِنَّهُ عَمُّكِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابوقعیس کے بھائی نے پردے کا حکم نازل ہو جانے کے بعد میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' تو میں نے کہا: میں آپ کو اس وقت تک اجازت نہیں دوں گی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لے آتے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوقعیس کے بھائی نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' تو میں نے انہیں اس وقت تک اجازت دینے سے انکار کر دیا جب تک میں آپ سے اجازت نہ لے لوں کیوں کہ ابوقعیس کی بیوی نے مجھے دودھ پلایا ہے ابوقعیس نے مجھے دودھ نہیں پلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اسے اجازت دے دینی تھی وہ تمہارا چچا ہے۔

ذِكْرُ قَدْرِ الرَّضَاعِ الَّذِي يُحَرِّمُ مَنْ اَرْضَعَ فِي السَّنَتَيْنِ الرَّضَاعَ الْمَعْلُومَ

رضاعت کی اس مقدار کا تذکرہ جو اس بچے کے لیے حرمت کو ثابت کرتی ہے' جس نے دو سال کی عمر کے اندر دودھ متعین مقدار میں پیا ہو

4221 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث):نَزَلَ الْقُرْآنُ بِعَشْرِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ يُحَرِّمْنَ، ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ، فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ مِمَّا نَقْرَاُ مِنَ الْقُرْآنِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قرآن میں یہ حکم نازل ہوا تھا کہ دس متعین مرتبہ میں دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے پھر یہ حکم منسوخ ہو کر پانچ متعین مرتبہ میں تبدیل ہو گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو یہ حکم قرآن کی ان آیات میں شامل تھا جن کی ہم تلاوت کرتے تھے۔

4221– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في (الموطأ) 2/608 في الرضاع: باب جامع ما جاء في الرضاعة، وفي آخره قال يحيى: قال مالك: وليس على هذا العمل . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/21، والدارمي 2/157، ومسلم (1452) (24) في الرضاع: باب التحريم بخمس رضعات، وأبو داؤد (2062) في النكاح: باب هل يحرّم ما دون خمس رضعات، والترمذي 3/456 في الرضاع: باب ما جاء لا تحرّم المصة ولا المصتان، والنسائي 6/100 في النكاح: باب القدر الذي يحرم من الرضاعة، والبيهقي 7/454 .وقع في المطبوع من الترمذي (. . . حدثنا مالك حدثنا معن . . .) وهو تحريف صوابه (. . . حدثنا معن، حدثنا مالك . . .) .واخرجه بنحوه الشافعي 2/21، ومسلم (1452) (25)، والبيهقي 7/454 من طرق عن يحيى بن سعيد، عن عمرة، به .

4222 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ فِيمَا اُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ يُحَرِّمْنَ، ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُومَاتٍ، فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ مِمَّا نَقْرَاُ مِنَ الْقُرْآنِ

❀❀ ام المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قرآن میں یہ حکم نازل ہوا کہ دس متعین مرتبہ دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے پھر یہ حکم منسوخ ہو کر پانچ متعین مرتبہ میں تبدیل ہو گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو یہ آیات ان چیزوں میں شامل تھیں جنہیں ہم قرآن میں پڑھا کرتے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرَّضَاعَةَ اِذَا كَانَتْ خَمْسُ رَضَعَاتٍ يُحَرِّمُ مِنْهَا مَا يُحَرِّمُ مِنَ النَّسَبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب رضاعت پانچ چسکیوں کی شکل میں ہو' تو اس کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوگی جو نسب کے ذریعے ثابت ہوتی ہے

4223 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يُحَرِّمُ مِنَ الْوِلَادَةِ

4222– إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم (خواتین) کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے خواتین کے گروہ تم صدقہ کیا کرو خواہ اپنے زیور ہی کرو' کیونکہ اہل جہنم میں اکثریت قیامت کے دن تمہاری ہوگی وہ خاتون بیان کرتی ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی آمدن بہت کم تھی اس خاتون نے (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے) کہا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے بارے میں دریافت کیجئے کہ اگر میں اپنے شوہر پر اور اپنے زیر پرورش یتیم بچوں پر خرچ کرتی ہوں' تو کیا ایسا کرنا میری طرف سے جائز ہوگا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رعب بہت زیادہ تھا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں' بلکہ تم خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرو وہ خاتون کہتی ہیں میں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں) آئی تو وہاں دروازے پر انصار سے تعلق رکھنے والی ایک اور عورت بھی موجود تھی اس کا بھی وہی مسئلہ تھا جو میرا تھا اس عورت کا نام بھی زینب تھا حضرت بلال رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے میں نے ان سے کہا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے لیے مسئلہ دریافت کریں کہ ہم اپنے شوہروں اور اپنے زیر پرورش یتیم بچوں پر جو خرچ کرتے ہیں کیا ہماری طرف سے یہ صدقہ کرنے کی جگہ کافی ہوگا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ اندر گئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دروازے پر زینب موجود ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون سی زینب؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ زینب اور انصار سے تعلق رکھنے والی زینب ان دونوں نے اپنے شوہروں پر اور اپنے زیر پرورش یتیم بچوں پر خرچ کرنے کے بارے میں دریافت کیا ہے: کیا یہ ان کی طرف سے صدقہ کی جگہ کافی ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں ان دونوں کو دگنا اجر ملے گا رشتہ داری کے حقوق کی پاسداری کا اجر اور صدقہ کرنے کا اجر۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ بِكُلِّ مَا يُنْفِقُ الْمَرْءُ عَلٰى عِيَالِهٖ حَتّٰى رَفْعِهِ اللُّقْمَةَ اِلٰى فِيْ اَهْلِهٖ

اللہ تعالیٰ کا ہراس چیز کا اجر نوٹ کرنے کا تذکرہ جو آدمی اپنے بیوی بچوں پر خرچ کرتا ہے یہاں تک کہ جو لقمہ وہ اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتا ہے (اس کا بھی اجر نوٹ ہوتا ہے)

4249 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرِضْتُ بِمَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا اَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَعَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ: اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ مَالًا كَثِيْرًا وَلَيْسَ يَرِثُنِيْ اِلَّا ابْنَتِيْ، اَفَاُوْصِيْ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: الشَّطْرُ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: الثُّلُثُ؟ قَالَ: الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، اِنَّكَ اِنْ تَتْرُكْ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَتْرُكَهُمْ عَالَةً، يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، اِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تُرِيْدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اُجِرْتَ عَلَيْهَا، حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا اِلٰى فِيْ امْرَاَتِكَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اُخَلَّفُ عَنْ هِجْرَتِيْ، قَالَ: اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِيْ فَتَعْمَلَ عَمَلًا تُرِيْدُ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ، اِلَّا ازْدَدْتَ بِهٖ رِفْعَةً وَدَرَجَةً، وَلَعَلَّكَ اَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِيْ حَتّٰى يَنْتَفِعَ اَقْوَامٌ بِكَ، وَيُضَرَّ بِكَ اٰخَرُوْنَ،

4249- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الجبار بن العلاء من رجال مسلم، ومن فوقه على شرطهما .وأخرجه أحمد 1/179، والحميدى (66)، وابن سعد فى (الطبقات) 3/144، والبخارى (6733) فى الفرائض: باب ميراث البنات، ومسلم (1628) (5) فى ما لا يجوز للموصى بماله، والترمذى (2116) فى الوصايا: باب ما جاء فى الوصية بالثلث، والنسائى 6/241-242 فى الوصايا: باب الوصية بالثلث، وابن ماجة (2708) فى الوصايا: باب الوصية بالثلث، وأبو يعلى (747)، والطحاوى فى (شرح معانى الآثار) 4/379، وابن الجارود (947)، والبيهقى 6/268-269 من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق (16357)، وأحمد 1/176، والطيالسى (195) و (197)، والبخارى (56) فى الإيمان: باب ما جاء إن الأعمال بالنية و (3936) فى مناقب الأنصار: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهم أمض لأصحابى هجرتهم"، و (5668) فى المرضى: باب ما رخص للمريض أن يقول: إنى وجع . . .، و (6373) فى الدعوات: باب الدعاء برفع الوباء، ومسلم (1628) (5)، والبيهقى 6/268 من طريق الزهرى، به وبعضهم يزيد فيه على بعض .وأخرجه عبد الرزاق (16358)، وأحمد 1/172-173، والبخارى (2742) فى الوصايا: باب أن يترك ورثته أغنياء خيرٌ من أن يتكففوا الناسَ، و (5354) فى النفقات: باب فضل النفقة على الأهل، ومسلم (1628)، والنسائى 6/242 فى الوصايا: باب الوصية بالثلث، والبغوى (1458) من طريق سفيان الثورى، عن سعد بن إبراهيم (تحرّف فى المصنف) إلى: سعيد)، عن عامر بن سعد (تحرف فى (المصنف) إلى: عمرو بن سعيد)، بِهِ .وأخرجه النسائى 6/243 عن طريق بكر بن مسمار، عن عامر بن سعد، عن أبيه .وأخرجه أحمد 1/184 من طريق جرير بن حازم، عن عمه جرير بن زيد، عن عامر بن سعد، بِهِ .وأخرجه البخارى (2744) فى الوصايا: باب الوصية بالثلث، والبيهقى 6/269 عن طريق هاشم بن هاشم، عن عامر بن سعد، به نحوه .وأخرجه من طرق وبألفاظ عن سعد بن أبى وقاص عبدُ الرزاق (16359) و (16360)، وأحمد 1/168 و171 و172 و173 و174، وَالبخارى (5659) فى المرضى: باب وضع اليد على المريض، ومسلم (1628)، والنسائى 6/242-243 و243 و244، والبيهقى 6/269، وانظر (5994) .

اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِی هِجْرَتَهُمْ، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰی اَعْقَابِهِمْ، لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِی لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

✿✿ عامر بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فتح مکہ کے سال میں مکہ میں شدید بیمار ہو گیا' یہاں تک کہ موت کے کنارے تک پہنچ گیا نبی اکرم ﷺ میری عیادت کرنے کے لیے تشریف لائے میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ ﷺ! میرے پاس بہت زیادہ مال ہے اور میری وارث صرف میری بیٹی ہے' تو کیا میں اپنے دو تہائی مال کے بارے میں وصیت کردوں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں میں نے دریافت کیا: نصف؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے عرض کی: ایک تہائی؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک تہائی کردو ویسے ایک تہائی بھی زیادہ ہے۔ اگر تم اپنے ورثاء کو خوشحال چھوڑ کر جاتے ہو' تو یہ اس سے زیادہ بہتر ہے' تم انہیں تنگ دست چھوڑ کر جاؤ اور وہ لوگوں سے مانگتے پھریں تم اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے جو کچھ بھی خرچ کرو گے اس کا تمہیں اجر ملے گا' یہاں تک کہ جو لقمہ تم اپنی بیوی کے منہ کی طرف بڑھاؤ گے (اس کا بھی اجر ملے گا) میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا میں اپنی ہجرت سے پیچھے کر دیا جاؤں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک تم میرے بعد بھی زندہ رہو گے تو اس کے نتیجے میں تمہاری قدر و منزلت اور درجے میں اضافہ ہوگا۔ ہوسکتا ہے تم میرے بعد زندہ رہو' یہاں تک کہ بہت سے لوگ تم سے نفع حاصل کریں اور دوسرے لوگوں کو تم سے نقصان بھی ہو۔ اے اللہ! میرے ساتھیوں کی ہجرت کو برقرار رکھنا اور انہیں ایڑیوں کے بل واپس نہ لوٹا دینا البتہ سعد بن خولہ پر افسوس ہے

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے ان پر افسوس کا اظہار اس لیے کیا' کیونکہ ان کا انتقال مکہ میں ہو گیا تھا۔

ذِكْرُ عَدَمِ اِيجَابِ السُّكْنٰی، وَالنَّفَقَةِ لِلْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا عَلٰی زَوْجِهَا

جس عورت کو تین طلاقیں دے دی گئی ہوں اسے رہائش اور خرچ فراہم کرنا شوہر کے ذمے لازم نہ ہونے کا تذکرہ

4250 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِیُّ قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا، فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَقَةً وَلَا سُكْنٰی، قَالَ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْرَاهِيمَ النَّخَعِیِّ فَقَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: لَا نَدَعُ كِتَابَ رَبِّنَا وَلَا سُنَّةَ نَبِيِّنَا لِقَوْلِ امْرَاَةٍ،

4250– إسناده صحيح على شرطهما . الشعبي: هو عامر بن شراحيل .وأخرجه البيهقي 7/475 من طريق يوسف بن يعقوب القاضي، عن محمد بن كثير، بهذا السند . وحديث إبراهيم عن عمر منقطع، فإن إبراهيم لم يدركه، وقد وصله ابن أبي شيبة 5/146، والدارمي 2/165، والدارقطني 4/23، 24، 27، والبيهقي 7/475 من طريق الأعمش والحكم وحماد، عن إبراهيم، عن الأسود، عن عمر .وأخرجه أبو داوٗد (2288) في الطلاق: باب في النفقة المبتوتة، والطبراني في (الكبير) 24/ (934) من طريق محمد بن كثير، بِهِ .إلا أنه ليس فيه حديث إبراهيم عن عمر .

لَهَا النَّفَقَةَ وَالسُّكْنٰى

❀❀ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان کے شوہر نے انہیں تین طلاقیں دے دیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں خرچ اور رہائش کا حق نہیں دیا۔

راوی کہتے ہیں: میں نے اس روایت کا تذکرہ ابراہیم نخعی سے کیا' تو انہوں نے بتایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں۔

''ہم اپنے پروردگار کی کتاب اور اپنے نبی کی سنت (کا حکم) کسی عورت کے بیان کی وجہ سے نہیں چھوڑیں گے ایسی عورت کو خرچ اور رہائش ملے گی''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4251 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ: طَلَّقَنِىْ زَوْجِى عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا سُكْنٰى لَكِ وَلَا نَفَقَةَ

❀❀ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں میرے شوہر نے مجھے طلاق دے دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں رہائش اور خرچ نہیں ملے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ: مَنْ اَوْجَبَ سُكْنٰى لِلْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا عَلٰى زَوْجِهَا، وَنَفٰى اِيجَابَ النَّفَقَةِ لَهَا عَلَيْهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے تین طلاق یافتہ

عورت کے رہائش کے حق کو اس کے شوہر کے ذمے لازم قرار دیا ہے اور اس عورت کے خرچ کے اس کے شوہر پر لازم ہونے کی نفی کی ہے

4252 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سَيَّارٌ،

4251– إسناده صحيح على شرطهما . جرير: هو ابن عبد الحميد، والمغيرة: هو ابن مِقسَم الضبى، وهو فى (مصنف ابن أبى شيبة) 5/149، وعنه ابن ماجة (2036) فى الطلاق: باب المطلقة ثلاثاً هل لها سُكنى ونفقة .وأخرجه الترمذى (1180) فى الطلاق: باب ما جاء فى المطلقة ثلاثاً لا سكنى لها ولا نفقة، عن هناد، عن جرير، به، وزاد فى آخره حديث إبراهيم عن عمر .

4252– إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه مسلم (1480) (42)، والترمذى 3/485، والنسائى فى (الكبرى) كما جاء فى (التحفة) 12/464، والطبرانى /24 (938) من طرق عن هشيم، به .

وَحُصَيْنٌ، وَمُغِيرَةُ، وَمُجَالِدٌ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، وَدَاوُدُ، كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):دَخَلْتُ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَسَاَلْتُهَا عَنْ قَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ، قَالَتْ: فَخَاصَمْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةِ، فَلَمْ يَجْعَلْ لِيْ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةً، وَاَمَرَنِيْ اَنْ اَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: ان کے شوہر نے انہیں طلاق بتہ دے دی تھی وہ خاتون بیان کرتی ہیں: رہائش اور خرچ کے بارے میں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مقدمہ پیش کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے رہائش اور خرچ کا حق نہیں دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی کہ میں ابن ام مکتوم کے ہاں عدت بسر کروں۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ اَنْ تَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ

اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر میں عدت بسر کریں

4253 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):حَدَّثَتْنِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ، اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا، وَاَمَرَ لَهَا بِنَفَقَةٍ، وَاسْتَقَلَّتْهَا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ نَحْوَ الْيَمَنِ، فَانْطَلَقَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِيْ بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَ فَاطِمَةَ ثَلَاثًا، فَهَلْ لَهَا نَفَقَةٌ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ لَهَا نَفَقَةٌ وَّلَا سُكْنٰى،

4253- إسناده صحيح على شرط البخاری، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم فمن رجال البخاری . يحيى: هو ابن أبی كثير وأخرجه أبو داؤد (2286) فی الطلاق: باب فی نفقة المبتوتة، عن محمود بن خالد، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحه النسائی 6/145 فی الطلاق: باب الرخصة فی ذلك، عن عمرو بن عثمان، عن بقية، عن الأوزاعی، به .وأخرجه مسلم (1480) (38) فی الطلاق: باب المطلقة ثلاثاً لا نفقة لها، وأبو داؤد (2285) و (2287)، والطبرانی /24 (920)، والبيهقی 7/178 من طرق عن يحيى بن أبی كثير، به .وأخرجه من طرق وبألفاظ مختلفة عن أبی سلمة، عن فاطمة: منت 2/580-581 فی الطلاق: باب ما جاء فی نفقة المطلقة، والشافعی فی (الرسالة) فقرة (856)، وأحمد 6/412 و413 و413-414 و414 و416، وعبد الرزاق (12022)، ومسلم (1480)، وأبو داؤد (2284) و (2289)، والنسائی 6/74 و75-77 و208، والطبرانی /24 (909) و (910) و (911) و (913) و (914) و (915) و (916) و (917) و (918) و (919) و (921)، والبيهقی 7/135 و177-178 و178 و432 و471 و472 .

فَارْسَلَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَنْتَقِلَ اِلٰى اُمِّ شَرِيْكٍ، ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَيْهَا: اَنَّ اُمَّ شَرِيْكٍ يَاْتِيهَا الْمُهَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ، فَانْتَقِلِيْ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَاِنَّكِ اِنْ وَضَعْتِ خِمَارَكِ لَمْ يَرَكِ، وَاَرْسَلَ اِلَيْهَا لَا تَسْبِقِيْنِيْ بِنَفْسِكِ، فَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

❀❀ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوعمرو بن حفص رضی اللہ عنہ نے انہیں تین طلاقیں دے دیں اور انہیں خرچ دینے کی ہدایت کردی' لیکن اس خاتون نے اس خرچ کو تھوڑا شمار کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو یمن کی طرف بھیجا تھا۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بنومخزوم سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سیّدہ میمونہ کے گھر میں موجود تھے انہوں نے عرض کی: ابوعمرو بن حفص نے فاطمہ کو تین طلاقیں دے دی ہیں کیا اسے خرچ ملے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے خرچ اور رہائش نہیں ملے گی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ پیغام بھجوایا کہ وہ سیّدہ ام شریک رضی اللہ عنہا کے ہاں منتقل ہوجائے پھر آپ نے اس خاتون کو پیغام بھجوایا کہ ام شریک کے ہاں مہاجرین اولین آتے جاتے رہتے ہیں تم ابن ام مکتوم کے گھر میں منتقل ہو جاؤ' کیونکہ وہاں اگر تم اپنی چادر اتار دوگی' تو وہ تمہیں نہیں دیکھ سکے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو پیغام بھجوایا تم اپنی ذات کے حوالے سے مجھ سے آگے نہ نکلنا (یعنی عدت گزرنے کے بعد شادی کرنے سے پہلے مجھ سے مشورہ لے لینا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کی شادی حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے کردی۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا بَعَثَ بِهِ اَبُوْ عَمْرِو بْنُ حَفْصٍ اِلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ لِنَفَقَتِهَا، وَاِنْ لَمْ تَكُنْ تَجِبُ عَلَيْهِ

اس چیز کی صفت کا تذکرہ جو حضرت ابوعمرو بن حفص رضی اللہ عنہ نے خرچ کے طور پر سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو بھجوائی تھی اگرچہ اس کی ادائیگی ان کے ذمے لازم نہیں تھی

4254 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ، قَالَ:

4254– إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو بكر بن أبي الجهم: هو أبو بكر بن عبد الله بن أبي الجهم العدوي، وهو ثقة من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وابن مهدي: هو عبد الرحمٰن، وسفيان هو الثوري .وأخرجه أحمد 6/411، ومسلم (1480) (48) في الطلاق: باب المطلقة ثلاثاً لا نفقة لها، والنسائي في (الكبرى) كما في (التحفة) 12/469 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي 6/150 في الطلاق: باب إرسال الرجل إلى زوجته بالطلاق، عن عُبيد الله بن سعيد، عن عبد الرحمٰن بن مهدي، به مختصراً .وأخرجه مسلم (1480) (47) و (49)، والترمذي (1135) في النكاح: باب ما جاء أن لا يخطب الرجل على خِطبة أخيه، وابن ماجة (2035) في الطلاق: باب المطلقة ثلاثاً هل لها سكنى ونفقة، والطبراني /24 (929) والبيهقي 7/136 و473 من طرق عن سفيان، به وبعضهم يزيد على بعض .وأخرجه بنحوه أحمد 6/413، ومسلم (1480) (50)، والنسائي 6/210 في الطلاق: باب نفقة البائنة، والطبراني /24 (930)، والبيهقي 7/181 من طريقين عن أبي بكر بن أبي الجهم، به .

(متن حدیث): سَمِعْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ تَقُولُ: اَرْسَلَ اِلَيَّ زَوْجِي اَبُو عَمْرِو بْنُ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَيَّاشَ بْنَ اَبِي رَبِيعَةَ بِطَلَاقِي، وَاَرْسَلَ اِلَيَّ بِخَمْسَةِ آصُعٍ مِنْ شَعِيرٍ، وَخَمْسَةِ آصُعٍ مِنْ تَمْرٍ، فَقُلْتُ: مَالِي نَفَقَةٌ اِلَّا هٰذَا، وَلَا اَعْتَدُّ فِي مَنْزِلِكُمْ؟ قَالَ: لَا، قَالَتْ: فَشَدَدْتُ عَلَيَّ ثِيَابِي، ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: كَمْ طَلَّقَكِ؟، قُلْتُ: ثَلَاثَةً، قَالَ: صَدَقَ، لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ، وَاعْتَدِّي فِي بَيْتِ ابْنِ عَمِّكِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ، فَاِنَّهُ ضَرِيرُ الْبَصَرِ، تُلْقِينَ ثَوْبَكِ عِنْدَهُ، فَاِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُكِ فَآذِنِينِي، قَالَتْ: فَخَطَبَنِي خُطَّابٌ مِنْهُمْ: مُعَاوِيَةُ وَاَبُو جَهْمٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مُعَاوِيَةَ خَفِيفُ الْحَاذِ وَاَبُو جَهْمٍ فِيهِ شِدَّةٌ عَلَى النِّسَاءِ، - اَوْ يَضْرِبُ النِّسَاءَ، اَوْ نَحْوَ هٰذَا - وَلٰكِنْ عَلَيْكِ بِاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

❀❀ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے شوہر ابوعمرو بن حفص نے مجھے طلاق بھجوادی انہوں نے ''جو'' کے پانچ صاع مجھے بھجوائے اور کھجور کے پانچ صاع بھی بھجوائے میں نے کہا: مجھے صرف یہی خرچ ملے گا؟ میں تمہارے گھر میں عدت نہیں گزاروں گی انہوں نے کہا: جی نہیں۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے چادر لی اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس نے تمہیں کتنی طلاقیں دیں میں نے جواب دیا: تین۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اس شخص نے سچ کہا ہے تمہیں خرچ نہیں ملے گا۔ تم اپنے چچا زاد ابن ام مکتوم کے گھر میں عدت بسر کرو' کیونکہ وہ نابینا ہیں وہاں تم اپنی چادر اتار سکتی ہو' جب تمہاری عدت گزر جائے' تو تم مجھے اطلاع دے دینا۔

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: متعدد لوگوں نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ان میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاویہ غریب آدمی ہے اور ابوجہم خواتین کے ساتھ سخت رویہ رکھتا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) خواتین کو مارتا ہے یا اس کی مانند کچھ اور الفاظ ہیں' البتہ تم اسامہ بن زید کے ساتھ شادی کر لو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَاْخُذَ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا بِالْمَعْرُوفِ لِتُنْفِقَ عَلٰى عِيَالِهِ، اِذَا قَصَّرَ الزَّوْجُ فِي النَّفَقَةِ عَلَيْهِمْ

عورت کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے شوہر کے مال میں سے مناسب طور پر حاصل کر سکتی ہے' تاکہ وہ اسے اپنے بچوں پر خرچ کرے جب اس کا شوہر ان کا خرچ فراہم کرنے میں کوتاہی کرتا ہو

4255 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَتْ هِنْدٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيحٌ، وَلَيْسَ لِي اِلَّا مَا يُدْخِلُ عَلَيَّ، قَالَ: خُذِي مَا يَكْفِيكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوفِ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ ہند رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: حضرت ابوسفیان

ایک کنجوس آدمی ہے میرے پاس صرف وہی کچھ ہوتا ہے جو وہ مجھے دیتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اتنا مال حاصل کرلو جو تمہاری اور تمہاری اولاد کی بنیادی ضروریات کے لیے کفایت کرجائے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَاْخُذَ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا لِعِيَالِهِ بِالْمَعْرُوْفِ مِنْ غَيْرِ عِلْمِهِ

عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنے بچوں کے لیے اپنے شوہر کے مال میں سے مناسب طور پر کچھ لے سکتی ہے جو شوہر کی لاعلمی میں ہو

4256 - سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْخٍ اَبَا بَكْرٍ، بِوَاسِطَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ هِنْدٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ مُضَيِّقٌ عَلَيَّ، وَعَلٰى وَلَدِيْ، اَفَاٰخُذُ مِنْ مَالِهِ، وَهُوَ لَا يَشْعُرُ؟، قَالَ: خُذِيْ مِنْ مَالِهِ بِالْمَعْرُوْفِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ ہند رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: ابوسفیان نے مجھ پر اور میری اولاد پر (خرچ کے حوالے سے) تنگی کی ہوئی ہے تو کیا میں ان کے مال میں سے ان کی لاعلمی میں کچھ حاصل کرسکتی ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی لاعلمی میں اس کے مال میں سے مناسب طور پر لے لو۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ اَخْذِ الْمَرْاَةِ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا بِغَيْرِ عِلْمِهِ، تُرِيْدُ بِهِ النَّفَقَةَ عَلٰى اَوْلَادِهِ وَعِيَالِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ عورت کے لیے اپنے شوہر کی لاعلمی میں اس کے مال میں سے کچھ لینا جائز ہے جبکہ وہ عورت اسے اس مرد کی اولاد اور عیال پر خرچ کرنے کا ارادہ رکھتی ہو

4255- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه الشافعي 2/64، وأحمد 6/39، والحميدي (242)، والبخاري (2211) في البيوع: باب من أجرى أمر الأمصار على ما يتعارفون بينهم في البيوع . . .، و (5370) في النفقات: باب (وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ) وهل على المرأة منه شيء ؟ و (7180) في الأحكام: باب القضاء على الغائب، والبيهقي 7/466 و477 و10/269-270 من طريق سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/64، وأحمد 6/50، 206، والدارمي 2/159، والبخاري (5364) في النفقات: باب إذا لم ينفق الرجل فللمرأة أن تأخذ بغير علمه ما يكفيها وولدها بالمعروف، ومسلم (1714) (7) في الأقضية: باب قضية هند، وأبو داوٗد (3532) في البيوع: باب في الرجل يأخذ حقه من تحت يده، والنسائي 8/246-247 في آداب القضاة: باب قضاء الحاكم على الغائب إذا عرفه، وفي (عشرة النساء) (309)، وابن ماجة (2293) في التجارات: باب ما للمرأة من مال زوجها، والبيهقي 10/141 و270 والبغوي (2149) و (2397) من طرق عن هشام بن عروة، به .

4256- إسناده صحيح .عبيد الله بن محمد بن عائشة ثقة روى له أصحاب السنن غيرَ ابنِ ماجة، وحمادُ بن سلمة من رجال مسلم، ومن فوقهما من رجال الشيخين، وانظر ما قبله .

4257 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَهْلُ خِبَاءٍ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يُذِلَّهُمُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ خِبَائِكَ، وَمَا عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَهْلُ خِبَاءٍ اَحَبَّ اِلَيَّ الْيَوْمَ اَنْ يُعِزَّهُمُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ خِبَائِكَ، ثُمَّ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مُمْسِكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ مِنْ حَرَجٍ، اَنْ اُنْفِقَ عَلٰى عِيَالِهِ مِنْ مَالِهِ بِغَيْرِ اِذْنِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَرَجَ عَلَيْكِ اَنْ تُنْفِقِي بِالْمَعْرُوْفِ عَلَيْهِم

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہند بنت عتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ کی قسم! (پہلے ہی یہ حالت تھی) کہ روئے زمین پر کوئی بھی گھرانہ میرے نزدیک آپ کے گھرانے سے زیادہ ناپسندیدہ نہیں تھا اور اب روئے زمین پر کوئی بھی گھرانہ میرے نزدیک آپ کے گھرانے سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہے۔ پھر اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہے' تو کیا مجھے کوئی گناہ ہوگا اگر میں اس کے مال میں سے اس کی اجازت کے بغیر اس کے بال بچوں پر خرچ کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم مناسب طریقے سے ان پر خرچ کرتی ہو' تو تمہیں کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَاْخُذَ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا بِغَيْرِ عِلْمِهِ مِقْدَارَ مَا تُنْفِقُهُ عَلَيْهَا، وَعَلٰى وَلَدِهَا، مِنْ غَيْرِ حَرَجٍ يَلْزَمُهَا فِيْ ذٰلِكَ

عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے شوہر کی لاعلمی میں اس کے مال میں سے

کچھ لے' جو اتنی مقدار میں ہو' جسے وہ عورت اپنے اوپر اور اپنی اولاد پر خرچ کر سکے ایسا کرنے سے عورت پر کوئی گناہ لازم نہیں ہوگا

4257– حديث صحيح، ابن أبي السرى: هو محمد بن المتوكل صدوق وله أوهام، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو في (مصنف عبد الرزاق) (16612) . ومن طريقه أخرجه أحمد 6/225، ومسلم (1714) (8) في الأقضية: باب قضية هند، وأبو داؤد (3533) في البيوع: باب في الرجل يأخذ حقه من تحت يده، والنسائي في (عشرة النساء) (380) .وأخرجه البخاري (2460) في المظالم: باب قصاص المظلوم إذا وجد مال ظالمه، و (3825) في مناقب الأمصار: باب ذكر هند بنت عتبة رضي الله عنها، و (5359) في النفقات: باب نفقة المرأة إذا غاب عنها زوجها ونفقة الولد، و (6641) في الأيمان: باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم، و (7161) في الأحكام: باب من رأى للقاضي أن يحكم بعلمه في أمر الناس إذا لم يخف الظنون والتهمة، ومسلم (1714) (9)، والبيهقي 10/270، والبغوي (2150) من طرق عن الزهري، به، وبعضهم يذكر فيه قصة الخباء، وبعضهم لا يذكره . 1/407، وأبو داؤد (3528) في البيوع: باب الرجل يأكل من مال ولده، والنسائي 7/240–241 في البيوع: باب الحث على الكسب، والحاكم 2/46، والبيهقي 7/479–480 من طرق عن سفيان، عن منصور، به .

4258 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ هِنْدُ امْرَاَةُ اَبِي سُفْيَانَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيحٌ، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ اَنْ اُصِيبَ مِنْ مَالِهِ فَاُنْفِقَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَلَدِي؟، فَقَالَ لَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَرَجَ عَلَيْكِ اَنْ تَاْخُذِي مِنْ مَالِ اَبِي سُفْيَانَ فَتُنْفِقِيهِ عَلَيْكِ وَعَلٰى وَلَدِكِ، بِالْمَعْرُوفِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابوسفیان کی اہلیہ ہند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہے' تو کیا مجھے کوئی گناہ ہوگا اگر میں ان کا کچھ مال حاصل کر کے اسے اپنے اوپر اور اپنی اولاد پر خرچ کر لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تمہیں کوئی گناہ نہیں ہوگا اگر تم ابوسفیان کا مال لے کر اسے اپنے اوپر اور اپنی اولاد پر مناسب طریقے سے خرچ کرتی ہو۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِبَاحَةِ اَخْذِ الْمَرْءِ مِنْ مَالِ وَلَدِهِ حَسْبَ الْحَاجَةِ اِلَيْهِ مِنْ غَيْرِ اَمْرِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مباح ہے' وہ اپنی اولاد کے مال میں سے اپنی ضرورت کے مطابق اور اولاد کی ہدایت کے بغیر کچھ لے سکتا ہے

4259 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ فِي حُجْرِ عَمَّةٍ لِي ابْنٌ لَهَا يَتِيمٌ، وَكَانَ يَكْسِبُ، فَكَانَتْ تَحَرَّجُ اَنْ تَاْكُلَ مِنْ كَسْبِهِ، فَسَاَلَتْ عَنْ ذٰلِكَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ، وَاِنَّ وَلَدَ الرَّجُلِ مِنْ كَسْبِهِ

4258–وأخرجه البخارى 1/407 من طريق روح بن القاسم، عن منصور، به .

4259–وأخرجه أحمد 6/41 و201، والنسائى 7/241 من طريق سفيان وأحمد 6/220 من طريق شريك كلاهما عن الأعمش، عن إبراهيم، به .وأخرجه أحمد 6/162، والترمذى (1358) فى الأحكام: باب ما جاء أن الوالد يأخذ من مال ولده، وابن ماجة (2290) فى التجارات: باب ما للرجل من مال ولده، من طريق يحيى بن زكريا، وأحمد 6/173، والطيالسى (1580) من طريق شعبة، كلاهما عن الأعمش، عن عمارة، به .وقال الترمذى: حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 6/202–203، وأبو داؤد (3529)، والحاكم 2/46، والبيهقى 7/480 من طريق شعبة، عن الحكم بن عُتيبة، عن عمارة بن عمير، عن أمه، عن عائشة . . . وأم عمارة لا تعرف فيما قاله ابن القطان، وقد وقع فى (المستدرك) للحاكم وفى (تلخيصه) (عن أبيه) ويغلب على الظن أنه من تحريف الطبع، وإن صحت النسخة فأبوه لا يُعرف، ومع ذلك فقد قال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه ووافقه الذهبى!!

عمارہ بن عمیر بیان کرتے ہیں: میری پھوپھی کا ایک یتیم بچہ ان کے زیر پرورش تھا وہ بچہ (کام کرکے) کماتا تھا' لیکن وہ خاتون اس کی آمدن میں سے کچھ کھانا گناہ سمجھتی تھی اس نے اس بارے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سب سے پاکیزہ چیز وہ ہے' جو انسان اپنی کمائی میں سے کھاتا ہے اور آدمی کی اولاد اس کی کمائی کا حصہ ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اِسْنَادَ هٰذَا الْخَبَرِ مُنْقَطِعٌ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کی سند منقطع ہے متصل نہیں ہے

4260 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَطْيَبُ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ، وَاِنَّ وَلَدَهُ مِنْ كَسْبِهِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں سب سے پاکیزہ چیز وہ ہے' جو آدمی اپنی کمائی میں سے کھاتا ہے اور آدمی کی اولاد اس کی کمائی کا حصہ ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ ذِكْرَ الْاَسْوَدِ فِي هٰذَا الْخَبَرِ، وَهِمَ فِيهِ شَرِيكٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس کی سند میں اسود کا ذکر کرتے ہوئے شریک نامی راوی کو وہم ہوا ہے

4261 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ، وَوَلَدُهُ مِنْ

4260- رواية إسحاق الأزرق وهو ابن يوسف- عن شريك وهو ابن عبد الله النخعي- قديمة، وقد توبع شريك عليه، وباقي رجال السند ثقات على شرطهما غير تميم بن المنتصر، وهو ثقة، روى له أبو داؤد، والنسائي، وابن ماجة .وأخرجه أحمد 6/220 عن إسحاق الأزرق، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/42، والنسائي 7/241 في البيوع: باب الحث على الكسب، والبغوي (3298) من طرق عن الأعمش، به .وهذا سند صحيح على شرطهما .

4261- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه أحمد 6/42، وابن ماجة (2137) في التجارات: باب الحث على المكاسب، والرامهرمزي في (المحدث الفاصل) (232)، والبيهقي 7/480 من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد .

كَسْبِهِ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''آدمی جو کچھ کھاتا ہے اس میں سب سے پاکیزہ چیز اس کی اپنی کمائی ہے اور آدمی کی اولاد اس کی کمائی کا حصہ ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ مَالَ الْاِبْنِ يَكُوْنُ لِلْاَبِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) بیٹے کا مال باپ کی ملکیت ہوتا ہے

4262 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّاجِرُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ الْمُثَنّٰى الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَاصِمُ اَبَاهُ فِيْ دَيْنٍ لَهٗ عَلَيْهِ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيْكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَاهُ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَجَرَ عَنْ مُعَامَلَتِهٖ اَبَاهُ بِمَا يُعَامِلُ بِهِ الْاَجْنَبِيِّيْنَ، وَاَمَرَ بِبِرِّهٖ، وَالرِّفْقِ بِهٖ فِي الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ مَعًا، اِلٰى اَنْ يَّصِلَ اِلَيْهِ مَالُهٗ، فَقَالَ لَهٗ: اَنْتَ، وَمَالُكَ لِاَبِيْكَ لَا اَنَّ مَالَ الْاِبْنِ يَمْلِكُهٗ اَبُوْهُ فِيْ حَيَاتِهٖ عَنْ غَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ مِّنَ الْاِبْنِ بِهٖ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس کا اپنے والد کے ساتھ ایک قرض کے سلسلے میں جھگڑا چل رہا تھا جو اس نے اپنے والد سے لینا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کا مطلب یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اس بات پر ڈانٹا ہے اس نے اپنے والد کے ساتھ اس طرح کا رویہ اختیار کیا ہے جو رویہ اجنبی لوگوں کے ساتھ اختیار کیا جاتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے والد کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیا ہے اور اپنے والد کے ساتھ بات چیت اور طرز عمل میں نرمی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے یہاں تک کہ آپ نے اس شخص کے مال کو اس کے والد کے ساتھ ملا دیا اور اس سے ارشاد فرمایا: تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کا ہے اس سے یہ مراد ہے بیٹے کا باپ اپنے بیٹے کی زندگی میں ہی اس کے مال کا مالک بن جاتا ہے جب کہ بیٹے کی اس حوالے سے کوئی رضامندی بھی نہ ہو۔

4262– إسناده ضعيف . حصينُ بن المثنى أورده ابن أبي حاتم 3/197: ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلاً، وعبد الله بن كيسان هو أبو مجاهد المروزي ضعفه أبو حاتم والنسائي، وقال العقيلي: في حديثه وهم كثير، وقد تقدم برقم (410) وذكرت هناك في التعليق عليه أنه رواه غيرُ واحد مِن الصحابة، فيتقوى بها ويصح، فانظره .

كِتَابُ الطَّلَاقِ

کتاب! طلاق کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّطَلِّقَ امْرَاَتَهُ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فِيْ طُهْرِهَا لَا فِيْ حَيْضِهَا

جو شخص اپنی بیوی کو طلاق دینے کا ارادہ کرے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ عورت کو طہر کے دوران طلاق دے اس کے حیض کے دوران اسے طلاق نہ دے

4263 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ،

4263- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه أحمد 2/54، والنسائی 6/137-138 فی أول الطلاق، من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائی 6/212-213 باب الرجعة، من طريق عبد الله بن إدريس، عن محمد بن إسحاق، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، بِهِ وأخرجه الدارقطنی 4/7 من طريق بشر بن المفضل، عن عبيد الله بن عمر، بِهِ .وأخرجه أحمد 2/102، والطيالسی (1853)، وابن أبی شيبة 5/2-3، ومسلم (1471) فی الطلاق: باب تحريم طلاق الحائض بغير رضاها، وأنه لو خالف وقع الطلاق ويؤمر برجعتها، وابن ماجة (2019) فی الطلاق: باب طلاق السنة، والطحاوی 3/53، وابن الجارود (734)، والبيهقی 7/324، والدارقطنی 4/7 من طرق عن عبيد الله بن عمر، بِهِ . وأخرجه مالك 3/576 فی الطلاق: باب ما جاء فی الأقراء وعدة الطلاق وطلاق الحائض، ومن طريقه أخرجه الشافعی 2/32-33، وأحمد 2/63، والدارمی 2/160، وعبد الرزاق (10952)، والبخاری (5251) فی الطلاق: باب قول الله تعالى: (يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ)، ومسلم (1471) (1)، وأبو داوُد (2179) فی الطلاق: باب فی طلاق السنة، والنسائی 6/138، والبيهقی 7/323 و414، والبغوی (2351) عن نافع، بِهِ .وأخرجه أحمد 2/6 و64 و124، والطيالسی (1853)، وعبد الرزاق (10953) و (10954)، والبخاری (5332) فی الطلاق: باب (وَبُعُولَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ) فی العدة، ومسلم (1471) (3)، والنسائی 6/213، وأبو داوُد (2180)، والطحاوی 3/53، والبيهقی 7/324، والدارقطنی 4/9 من طرق عن نافع، أن ابن عمر طلق امرأته وهی حائض، فسأل عمر النبیّ صلى الله عليه وسلم، فأمره أن يرجعها، ثم يمهلها حتى تحيض حيضة أخرى، ثم يمهلها حتى تطهر، ثم يطلقها قبل أن يمسها، فتلك العدة التی أمر الله أن يطلق لها النساء، قال: فكان ابن عمر إذا سئل عن رجل يطلق امرأته وهی حائض يقول: أمّا أنت طلقتها واحدة أو اثنتين، إن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر أن يَرْجِعَهَا، ثم يمهلها حتى تحيضَ حيضةً أخرى، ثم يمهلها حتى تطهر، ثم يطلقها قبل أن يمسها، وأما أنت طلقتها ثلاثاً، فقد عصيتَ ربك فيما أمرك به من طلاق امرأتك، وبانت منك . لفظ مسلم .وأخرجه الطيالسی (68)، والدارقطنی 4/9، من طريق ابن أبی ذئب، عن نافع، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أنه طلّق امرأته وهی حائض، فأتى عُمَرُ النبیّ صلى الله عليه وسلم، فذكر ذلك له، فجعلها واحدة . وهذا إسناد صحيح على شرطهما .

(متن حدیث): اَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ تَطْلِيقَةً وَهِيَ حَائِضٌ، فَاسْتَفْتَى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَقَالَ: مُرْ عَبْدَ اللّٰهِ فَلْيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضَتِهَا هٰذِهٖ، فَاِذَا حَاضَتْ حَيْضَةً اُخْرٰى فَطَهُرَتْ، فَاِنْ شَاءَ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ اَنْ يُّجَامِعَهَا، وَاِنْ شَاءَ فَلْيُمْسِكْهَا

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حیض کے دوران ایک طلاق دے دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا: انہوں نے عرض کی: عبداللہ نے اپنی بیوی کو حیض کے دوران طلاق دے دی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عبداللہ سے کہو وہ اس عورت سے رجوع کرلے پھر وہ اسے اپنے ساتھ رکھے' یہاں تک کہ وہ اس حیض سے پاک ہو جائے پھر جب اس عورت کو دوسری مرتبہ حیض آ جائے اور پھر وہ پاک ہو جائے پھر اگر وہ چاہے' تو اسے اس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے طلاق دیدے اور اگر چاہے' تو اپنے ساتھ رکھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّطَلِّقَ الْمَرْءُ امْرَاَتَهُ فِيْ حَيْضِهَا دُوْنَ طُهْرِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی بیوی کو اس کے طہر کی بجائے اس کے حیض کے دوران طلاق دے

4264 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): طَلَّقْتُ امْرَاَتِيْ وَهِيَ حَائِضٌ، فَرَدَّ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ حَتّٰى طَلَّقْتُهَا وَهِيَ طَاهِرٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنی بیوی کو اس کے حیض کے دوران طلاق دے دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے میری طرف لوٹا دیا' یہاں تک کہ میں نے اسے اس وقت طلاق دی جب وہ تو طہر کی حالت میں تھی۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّطَلِّقَ الْمَرْءُ النِّسَاءَ وَيَرْتَجِعُهُنَّ حَتّٰى يَكْثُرَ ذٰلِكَ مِنْهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی بیوی کو طلاق دے پھر اس سے رجوع کرلے اور ایسا کئی مرتبہ کرے

4264- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما، أبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية، وهشيم قد صرح بالتحديث عند النسائي وغيره، فانتفت شبهة تدليسه .وأخرجه النسائي 6/141 في الطلاق: باب الطلاق لغير العدة، والطحاوي 3/52 من طرق عن هشيم، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (1871) عن هشيم (وتحرف في المطبوع إلى: هشام)، به .

4265 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسَى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا بَالُ اَحَدِكُمْ يَلْعَبُ بِحُدُوْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: قَدْ طَلَّقْتُ، قَدْ رَاجَعْتُ؟

❁❁ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کیا وجہ ہے' تم میں سے کوئی ایک شخص اللہ کی حدود سے کھیلتا ہے اور یہ کہتا ہے: میں نے طلاق دی' میں نے رجوع کر لیا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْكِنَايَاتِ فِي الطَّلَاقِ اِنْ اُرِيْدَ بِهَا الطَّلَاقَ كَانَ طَلَاقًا عَلٰى حَسَبِ نِيَّةِ الْمَرْءِ فِيْهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' طلاق کے بارے میں کنایہ کے طور پر

استعمال کیے جانے والے الفاظ میں اگر طلاق مراد لی گئی ہو' تو اس صورت میں آدمی کی نیت کے مطابق طلاق واقع ہو گی

4266 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ:

(متن حدیث):سَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ: اَيُّ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَاذَتْ مِنْهُ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ بِنْتَ الْجَوْنِ لَمَّا دَخَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَنَا مِنْهَا،

4265– ذكر الحافظ في (التلخيص) 3/205 عنوان ابن حبان هذا وقال: والذي يظهر لي من سياق الحديث خلاف ما فهمه ابن حبان . والله أعلم .وأخرجه ابن ماجة (2017) في أول الطلاق عن محمد بن بشار، والبيهقي 7/322 من طريق محمد بن أبي بكر، كلاهما عن مؤمل بن إسماعيل، بهذا الإسناد وقال البوصيري في (مصباح الزجاجة) ورقة 130/2: هذا إسناد حسن من أجل مؤمل بن إسماعيل!وأخرجه البيهقي 7/322 من طريق الطيالسي عن زهير، عن أبي إسحاق، عن أبي بردة قال: كان رجل يقول: قد طلقتك، قد راجعتك، فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: "ما بال رجال يلعبون بحدود الله " هذا مرسل، ثم رواه من طريق أبي حذيفة موسى بن مسعود (وهو سيء الحفظ) عن سفيان الثوري، عن أبي إسحاق، عن أبي بردة عن أبي موسى مثل رواية المصنف .

4266– إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم وهو الملقب بدحيم– ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه على شرطهما . الوليد: هو ابن مسلم، وقد صرح بالتحديث فانتفت شبهة تدليسه .وأخرجه ابن ماجة (2050) في الطلاق: باب ما يقع به الطلاق من الكلام، والطحاوي في (مشكل الآثار) (635) بتحقيقنا، وابن الجارود (738)، والبيهقي 7/342 من طريق عبد الله بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (5254) في الطلاق: باب من طلّق، وهل يواجه الرجل امرأته بالطلاق؟، والنسائي 6/150 في الطلاق: باب مواجهة الرجل المرأة بالطلاق، والطحاوي (636)، والحاكم 4/35، والبيهقي 7/39 و342، والدارقطني 4/29 من طرق عن الوليد بن مسلم، به .

قَالَتْ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُذْتِ بِعَظِيمٍ، الْحَقِي بِاَهْلِكِ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: الْحَقِي بِاَهْلِكِ تَطْلِيقَةٌ

❁❁ امام اوزاعی بیان کرتے ہیں: میں نے زہری سے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ کی وہ کون سی زوجہ محترمہ تھیں جنہوں نے نبی اکرم ﷺ سے پناہ مانگی تھی' تو زہری نے بتایا: عروہ بن زبیر نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کیا ہے' جون کی صاحبزادی کے پاس جب نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے اور آپ ﷺ اس کے قریب ہوئے (تو وہ خاتون نبی اکرم ﷺ کو پہچانتی نہیں تھی) اس نے کہا: میں آپ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے ایک عظیم ذات کی پناہ مانگی ہے' تم اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلی جاؤ۔

امام زہری بیان کرتے ہیں: تم اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلی جاؤ اس سے مراد ایک طلاق تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَخْيِيرَ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ بَيْنَ فِرَاقِهِ، اَوِ الْكَوْنِ مَعَهُ اِذَا اخْتَارَتْ نَفْسُهُ لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ طَلَاقًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب آدمی اپنی بیوی کو اس سے علیحدگی اختیار کرنے یا اس کے ساتھ رہنے کا اختیار دے اور عورت آدمی کو اختیار کر لے' تو یہ چیز طلاق شمار نہیں ہوگی

4267 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحِرَّانَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَهَلْ كَانَ ذٰلِكَ طَلَاقًا؟

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں اختیار دیا' تو ہم نے آپ کو اختیار کر لیا تو کیا یہ چیز طلاق شمار ہوئی تھی؟

4267- إسناده صحيح، زيد بن أخزم ثقة من رجال البخاري، وأبو داوُد وهو سليمان بن داوُد بن الجارود الطيالسي- ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، أبو الضحى: هو مسلم بن صبيح، وهو في (مسند الطيالسي) (1403) عن شعبة، عن الأعمش، به، وقولها: (فهل كان ذلك طلاقاً) استفهام إنكار .وأخرجه أحمد 6/173، والنسائي 6/56 في النكاح: باب مما افترض اللّٰه عز وجل على رسوله عليه السلام وحرَّمه على خلقه . . .، من طريق محمد بن جعفر، والنسائي 6/161 في الطلاق: باب في المخيرة تختار زوجها، من طريق خالد بن الحارث، كلاهما عن شعبة، عن الأعمش، به .وأخرجه أحمد 6/202 و205 و240، والدارمي 2/162، والحميدي (234)، وابن أبي شيبة 5/59، والبخاري (5263)، ومسلم (1477) (24) و (25) و (27)، والترمذي (1179)، والنسائي 6/56 و160-161، وابن الجارود (740)، والبيهقي 7/38-39 و345 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1477) (26) و (27)، والنسائي 6/161 من طرق عن عاصم الأحول، عن الشعبي، به وأخرجه مسلم (1477)، والبيهقي 7/345 من طريق الأعمش، عن إبراهيم، عن الأسود، عن عائشة .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَائِشَةَ لَمَّا خَيَّرَهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَارَتِ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا وَصَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ‘ جب نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ عائشہ ؓ کو اختیار دیا تھا انہوں نے اللہ اور اس کے محبوب ﷺ کو اختیار کرلیا تھا

4268 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): لَمْ اَزَلْ حَرِيصًا اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنِ الْمَرْاَتَيْنِ اللَّتَيْنِ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ اللّٰهُ: (اِنْ تَتُوبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا) (التحريم: 4)، حَتّٰى حَجَّ عُمَرُ فَحَجَجْتُ مَعَهُ، فَلَمَّا كَانَ فِىْ بَعْضِ الطَّرِيقِ عَدَلَ لِيَتَوَضَّاَ، وَعَدَلْتُ مَعَهُ بِالْاِدَاوَةِ، فَتَبَرَّزَ، ثُمَّ اَتَانِىْ، فَسَكَبْتُ عَلٰى يَدَيْهِ فَتَوَضَّاَ، فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، مَنِ الْمَرْاَتَانِ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَانِ قَالَ اللّٰهُ: (اِنْ تَتُوبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا) (التحريم: 4)، فَقَالَ عُمَرُ: وَاعَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، ثُمَّ قَالَ: هِيَ عَائِشَةُ، وَحَفْصَةُ، ثُمَّ اَنْشَاَ يَسُوقُ الْحَدِيثَ، فَقَالَ: كُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ قَوْمًا نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَجَدْنَاهُمْ قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ، وَكَانَ مَنْزِلِىْ فِىْ بَنِىْ اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ فِى الْعَوَالِىْ، قَالَ: فَتَغَضَّبْتُ يَوْمًا عَلَى امْرَاَتِىْ، فَاِذَا هِىَ تُرَاجِعُنِىْ، فَاَنْكَرْتُ اَنْ تُرَاجِعَنِىْ، فَقَالَتْ: مَا تُنْكِرُ اَنْ اُرَاجِعَكَ، فَوَاللّٰهِ اِنَّ

4268- حديث صحيح . ابن أبى السرى هو محمد بن المتوكل- صدوق، له أوهام، وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه بطوله مسلم (1479) (34) (35) فى الطلاق: باب فى الإيلاء واعتزال النساء وتخييرهن، والترمذى (3318) فى التفسير: باب ومن سورة التحريم، والبيهقى 7/37-38 من طريق عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/33-34 عن عبد الرزاق، به .إلى قوله: (حتى عاتبه الله) .وأخرجه بطوله البخارى (2468) فى المظالم: باب الغرفة والعلية المشرفة، من طريق عقيل، و (5191) فى النكاح: باب موعظة الرجل ابنته لحال زوجها، من طريق شعيب، كلاهما عن الزهرى، به .وأخرجه مختصراً البخارى (89) فى العلم: باب التناوب فى العلم، والنسائى 4/137-138 فى الصيام: باب كم الشهر من طريق شعيب وصالح بن كيسان، عن الزهرى، به .وأخرجه مقطعاً البخارى (4913) فى التفسير: باب (تَبْتَغِى مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ . . .) و (4914) باب (وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهِ حَدِيثاً . . .)، و (4915) باب (اِنْ تَتُوبَا اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا)، و (5218) فى النكاح: باب حب الرجل بعض نسائه أفضل من بعض، و (5843) فى اللباس: باب ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يتجوز من اللباس والبسط، و (7256) فى أخبار الآحاد: باب ما جاء فى إجازة خبر الواحد، و (7263) باب قول الله تعالى: (لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ)، ومسلم (1479) (31) و (32) و (33) من طرق عن يحيى بن سعيد، عن عبيد بن حنين، عن ابن عباس، به .وحديث عائشة أخرجه مسلم (1083) فى الصيام: باب الشهر يكون تسعاً وعشرين، عن عبد بن حميد، عن عبد الرزاق، عن معمر، عن الزهرى، به .وأخرجه بنحوه أحمد 6/185 و263-264 من طريق جعفر بن برقان، عن الزهرى، به .وأخرجه مختصراً النسائى 4/136-137 من طريق عبد الأعلى، عن معمر، به .

أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتُرَاجِعْنَهُ، وَتَهْجُرُهُ إِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ، فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: أَتُرَاجِعِينَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: نَعَمْ، وَتَهْجُرُهُ إِحْدَانَا الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: قَدْ قُلْتِ، قَدْ خَابَ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْكُنَّ، وَخَسِرَ، أَفَتَأْمَنُ إِحْدَاكُنَّ أَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هِيَ قَدْ هَلَكَتْ، لَا تُرَاجِعِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تَسْأَلِيهِ شَيْئًا، وَسَلِينِي مَا بَدَا لَكِ، وَلَا يَغُرَّنَّكِ إِنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِيَ أَوْسَمُ وَأَحَبُّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكِ، - يُرِيدُ عَائِشَةَ -

قَالَ: وَكَانَ لِي جَارٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ، وَكُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُولَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَنْزِلُ يَوْمًا، وَأَنْزِلُ يَوْمًا، فَيَأْتِينِي بِخَبَرِ الْوَحْيِ وَغَيْرِهٖ، وَأَنْزِلُ فَآتِيهِ بِمِثْلِ ذٰلِكَ، وَكُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ غَسَّانَ تُنْعِلُ الْخَيْلَ لِتَغْزُوَنَا، قَالَ: فَنَزَلَ صَاحِبِي يَوْمًا ثُمَّ أَتَانِي، فَضَرَبَ عَلٰى بَابِي، ثُمَّ نَادَانِي، فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: حَدَثَ أَمْرٌ عَظِيمٌ، فَقُلْتُ: مَاذَا؟ أَجَاءَتْ غَسَّانُ؟، قَالَ: بَلْ أَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ وَأَطْوَلُ، طَلَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ نِسَاءَهُ، فَقُلْتُ: خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ، قَدْ كُنْتُ أَظُنُّ هٰذَا كَائِنًا، فَلَمَّا صَلَّيْتُ الصُّبْحَ شَدَدْتُ عَلَيَّ ثِيَابِي، ثُمَّ نَزَلْتُ، فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَإِذَا هِيَ تَبْكِي، فَقُلْتُ: أَطَلَّقَكُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: لَا أَدْرِي، هُوَ ذَا، هُوَ مُعْتَزِلٌ فِي هٰذِهِ الْمَشْرُبَةِ، قَالَ: فَأَتَيْتُ غُلَامًا لَهُ أَسْوَدَ، فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ الْغُلَامُ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ، وَقَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى أَتَيْتُ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا قَوْمٌ حَوْلَ الْمِنْبَرِ جُلُوسٌ يَبْكِي بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، قَالَ: فَجَلَسْتُ قَلِيلًا، ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَجِدُ، فَأَتَيْتُ الْغُلَامَ، فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ، فَقَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ، فَصَمَتَ، فَرَجَعْتُ فَجَلَسْتُ إِلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَجِدُ، فَأَتَيْتُ الْغُلَامَ، فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ، فَقَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَسَكَتَ،

(متن حدیث): فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا، فَإِذَا الْغُلَامُ يَدْعُوْنِي، وَيَقُوْلُ: ادْخُلْ فَقَدْ أَذِنَ لَكَ، فَدَخَلْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هُوَ مُتَّكِءٌ عَلٰى رَمْلِ حَصِيرٍ قَدْ أَثَّرَ بِجَنْبِهٖ، فَقُلْتُ: أَطَلَّقْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نِسَاءَكَ؟ قَالَ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَيَّ، وَقَالَ: لَا، فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ لَوْ رَأَيْتَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكُنَّا مَعْشَرُ قُرَيْشٍ قَوْمًا نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ، فَتَغَضَّبْتُ عَلٰى امْرَأَتِي يَوْمًا، فَإِذَا هِيَ تُرَاجِعُنِي، فَأَنْكَرْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: أَتُنْكِرُ أَنْ أُرَاجِعَكَ، فَوَاللّٰهِ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرَاجِعْنَهُ، وَتَهْجُرُهُ إِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: فَقُلْتُ: قَدْ خَابَ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْهُنَّ، وَخَسِرَتْ، أَتَأْمَنُ إِحْدَاهُنَّ أَنْ يَّغْضَبَ اللّٰهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هِيَ قَدْ هَلَكَتْ، قَالَ: فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ، فَقُلْتُ لَهَا: لَا تُرَاجِعِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تَسْأَلِيهِ شَيْئًا، وَسَلِينِي مَا بَدَا لَكِ، وَلَا يَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ

جَارَتُكِ هِيَ اَوْسَمُ، وَاَحَبُّ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكِ، قَالَ: فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُخْرَى، فَقُلْتُ: اَسْتَاْنِسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَجَلَسْتُ، فَرَفَعْتُ رَاْسِي فِي الْبَيْتِ، فَوَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ فِيْهِ شَيْئًا يَرُدُّ الْبَصَرَ اِلَّا اُهُبًا ثَلَاثَةً، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّوَسِّعَ عَلٰى اُمَّتِكَ، فَقَدْ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلٰى فَارِسَ وَالرُّوْمِ وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَهُ، قَالَ: فَاسْتَوٰى جَالِسًا، وَقَالَ: اَفِيْ شَكٍّ اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، اُولٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، فَقُلْتُ: اسْتَغْفِرْ لِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَانَ اَقْسَمَ لَا يَدْخُلُ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا مِنْ شِدَّةِ مَوْجِدَتِهٖ عَلَيْهِنَّ حَتّٰى عَاتَبَهُ اللّٰهُ

قَالَ الزُّهْرِيُّ، فَاَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: فَلَمَّا مَضَى تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ، دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَاَ بِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ اَقْسَمْتَ اَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا، وَاِنَّكَ دَخَلْتَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ اَعُدُّهُنَّ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، اِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ اَمْرًا فَلَا اُرِيْدُ اَنْ تَعْجَلِيْ فِيْهِ حَتّٰى تَسْتَاْمِرِيْ اَبَوَيْكِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَرَاَ عَلَيَّ الْآيَةَ: (يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا) (الأحزاب: 29)، قَالَتْ عَائِشَةُ: قَدْ عَلِمَ وَاللّٰهِ اَنَّ اَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَاْمُرَانِيْ بِفِرَاقِهٖ، فَقُلْتُ: اَفِيْ هٰذَا اَسْتَاْمِرُ اَبَوَيَّ؟، فَاِنِّيْ اُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں ایک طویل عرصے سے اس بات کا خواہش مند تھا کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ان دو خواتین کے بارے میں دریافت کروں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے تعلق رکھتی ہیں' جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

''اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں' توبہ کرلو (تو یہ مناسب ہوگا)' کیونکہ تم دونوں کے دل مائل ہو گئے تھے''۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں)' یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حج کے لیے گئے ان کے ہمراہ میں بھی حج کے لیے گیا راستے میں کسی جگہ پر وہ ایک طرف ہٹ گئے (انہوں نے قضائے حاجت کی) پھر وہ وضو کرنے لگے میں بھی ان کے ہمراہ ایک برتن لے کر ہٹ گیا تھا انہوں نے قضائے حاجت کی پھر وہ میرے پاس آئے میں نے ان کے دونوں ہاتھوں پر پانی انڈیلا انہوں نے وضو کیا میں نے کہا: اے امیر المومنین! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے تعلق رکھنے والی وہ دو خواتین کون سی تھیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

''اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں' توبہ کرلو (تو یہ مناسب ہوگا)' کیونکہ تم دونوں کے دل مائل ہو گئے تھے''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس تم پر حیرت ہے (کہ تم نے پہلے اس بارے میں سوال کیوں نہیں کیا) پھر انہوں نے بتایا: وہ عائشہ اور حفصہ تھیں اس کے بعد انہوں نے پورا واقعہ بیان کیا۔

انہوں نے بتایا: ہم قریش کے لوگ اپنی بیویوں پر غالب تھے جب ہم مدینہ آئے' تو ہمیں ایسے لوگوں سے واسطہ پڑا جن کی

عورتیں ان پر غالب تھیں ہماری خواتین نے ان سے طریقہ سیکھنا شروع کر دیا میری رہائش نواحی علاقے میں بنوامیہ بن زید کے محلے میں تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن میں نے اپنی بیوی پر غصے کا اظہار کیا' تو اس نے مجھے پلٹ کر جواب دیا: میں اس کے پلٹ کر جواب دینے پر بہت حیران ہوا تو اس نے کہا: آپ اس بات پر اعتراض کر رہے ہیں کہ میں آپ کو جواب دے رہی ہوں حالانکہ اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دے دیتی ہیں اور ان میں سے ایک تو صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لاتعلق (یا ناراض) رہتی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے روانہ ہوا اور حفصہ کے پاس آیا میں نے کہا: کیا تم پلٹ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دیتی ہو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں اور ہم میں سے ایک تو صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لاتعلق رہتی ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم یہ بات کہہ رہی ہو تم میں سے جو بھی ایسا کرتی ہے وہ رسواء ہو جائے گی اور خسارے کا شکار ہو جائے گی؟ کیا تمہیں اس بات سے ڈر نہیں لگتا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ناراضگی کی وجہ سے اس پر ناراض ہو جائے گا اور اس صورت میں وہ ہلاکت کا شکار ہو جائے گی تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پلٹ کر جواب نہ دیا کرو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی چیز کا مطالبہ نہ کیا کرو تمہاری جو ضرورت ہو مجھے کہہ دیا کرو اور یہ چیز تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ تمہاری پڑوسن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک زیادہ خوب صورت اور زیادہ محبوب ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مراد سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرا ایک انصاری پڑوسی تھا ہم لوگ باری باری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے ایک دن وہ چلا جاتا تھا ایک دن میں آ جایا کرتا تھا ایک مرتبہ وہ وحی یا اس سے متعلق دیگر کسی چیز کی اطلاع لے آتا تھا جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آتا تھا تو اس طرح اطلاع میں بھی لے آتا تھا (اور اسے بتا دیتا تھا) ان دنوں ہم یہ بات چیت کر رہے تھے کہ غسان قبیلے کے لوگ ہمارے ساتھ لڑائی کی تیاریاں کر رہے ہیں ایک دن میرا ساتھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا پھر وہ میرے پاس آیا اس نے میرے دروازے کو کھٹکھٹایا اور مجھے آواز دی میں نکل کر اس کے پاس آیا' تو اس نے کہا: ایک عظیم واقعہ رونما ہو گیا ہے میں نے دریافت کیا: کیا ہوا ہے کیا غسان قبیلے کے لوگ آ گئے ہیں اس نے کہا: نہیں اس سے زیادہ بڑا اور زیادہ لمبا واقعہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے' تو میں نے کہا: حفصہ رسوا ہو گئی اور خسارے کا شکار ہو گئی' مجھے اندازہ تھا کہ یہ ہو کے رہے گا۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) جب میں نے صبح کی نماز ادا کی تو میں نے چادر لپیٹی اور (مدینہ منورہ کی طرف آ گیا) میں حفصہ کے پاس آیا وہ رو رہی تھی میں نے دریافت کیا: اللہ کے رسول نے تم لوگوں کو طلاق دے دی ہے؟ اس نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم وہ وہاں ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بالا خانے میں علیحدہ رہ رہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سیاہ فام غلام کے پاس آیا میں نے کہا: تم عمر کے لیے اندر آنے کی اجازت مانگو وہ لڑکا اندر گیا پھر وہ نکل کر باہر آیا اور بولا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کا تذکرہ کیا ہے' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ ارشاد نہیں فرمایا (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں وہاں سے چلا اور مسجد میں آ گیا اور وہاں منبر کے قریب کچھ لوگ بیٹھے ہوئے تھے اور رو رہے تھے میں ان کے پاس تھوڑی دیر بیٹھا رہا پھر میری پریشانی مجھ پر غالب آ گئی میں اس لڑکے کے پاس آیا میں نے کہا: تم عمر کے لیے اجازت مانگو وہ اندر گیا پھر نکل کر باہر آیا اور بولا میں

نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے آپ کا ذکر کیا تھا' لیکن نبی اکرم ﷺ خاموش رہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں وہاں سے واپس آیا اور منبر کے پاس بیٹھ گیا پھر میری پریشانی مجھ پر غالب آ گئی میں اس لڑکے کے پاس آیا اور میں نے کہا: تم عمر کے لیے اندر آنے کی اجازت مانگو وہ اندر گیا پھر وہ نکل کر باہر آیا اور بولا میں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے آپ کا ذکر کیا' لیکن نبی اکرم ﷺ خاموش رہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں مڑ کر واپس آیا اسی دوران اس لڑکے نے مجھے بلایا اور بولا آپ اندر تشریف لے جائیں نبی اکرم ﷺ نے آپ کو اجازت دے دی ہے۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں اندر داخل ہوا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا نبی اکرم ﷺ اس وقت چٹائی پر ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے جس کا نشان آپ ﷺ کے پہلو پر موجود تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے سر اٹھا کر میری طرف دیکھا اور فرمایا: جی نہیں' تو میں نے اللہ اکبر کہا (میں نے عرض کی) یارسول اللہ ﷺ! آپ نے یہ بات ملاحظہ فرمائی ہے ہم قریش کے لوگ ایسے لوگ تھے جو اپنی بیویوں پر غالب تھے جب ہم مدینہ آئے' تو ہم نے وہاں ایسے لوگوں کو پایا جن کی عورتیں ان پر غالب تھیں ہماری خواتین نے ان کی خواتین سے طریقہ سیکھنا شروع کر دیا ایک دن میں اپنی بیوی پر غضب ناک ہوا تو اس نے مجھے پلٹ کر جواب دیا: میں نے اس کی اس بات پر حیرانگی کا اظہار کیا' تو اس نے کہا: آپ اس بات پر حیرانگی کا اظہار کر رہے ہیں کہ میں نے آپ کو پلٹ کر جواب دیا ہے: اللہ کی قسم! نبی اکرم ﷺ کی ازواج نبی اکرم ﷺ کو جواب دے دیتی ہیں اور ان میں سے کوئی ایک صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم ﷺ سے لاتعلق (یا ناراض) رہتی ہے' تو میں نے کہا: ان میں سے جو ایسا کرتی ہے وہ رسوا ہو جائے گی اور خسارے کا شکار ہو جائے گی کیا اسے اس بات کا ڈر نہیں ہے' اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ناراضگی کی وجہ سے اس سے ناراض ہو جائے گا اور اس صورت میں وہ ہلاکت کا شکار ہو جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں حفصہ کے پاس گیا میں نے اس سے کہا تم نبی اکرم ﷺ کو آگے سے جواب نہ دیا کرو اور نبی اکرم ﷺ سے کسی چیز کا مطالبہ نہ کیا کرو۔ تمہیں جو چاہئے ہو مجھ سے کہہ دیا کرو' اور یہ چیز تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ تمہاری پڑوسن نبی اکرم ﷺ کے نزدیک تمہارے مقابلے میں زیادہ خوب صورت اور زیادہ محبوب ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ دوسری مرتبہ مسکرا دیئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا میں ٹھہر جاؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں' تو میں بیٹھ گیا میں نے اپنا سر اٹھا کر گھر کا جائزہ لیا اللہ کی قسم! میری نگاہ صرف تین کھالوں پر پڑی میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ آپ ﷺ کی امت کو کشادگی عطا کرے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اہل فارس اور اہل روم کو کشادگی عطا کی ہے حالانکہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی نہیں کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے! کیا تمہیں شک ہے یہ وہ لوگ ہیں' جنہیں ان کی نعمتیں دنیاوی زندگی میں پہلے دے دی گئی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ میرے لیے دعائے مغفرت کیجئے۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ قسم اٹھائی تھی کہ آپ اپنی ازواج کے پاس ایک ماہ تک تشریف نہیں لے جائیں گے یہ آپ ﷺ نے ان

سے شدید ناراضگی کی وجہ سے فرمایا: تھا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس حوالے سے آپ کو تنبیہ کی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب انتیس دن گزر گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے مجھے شرف بخشا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے تو یہ قسم اٹھائی تھی کہ آپ ایک ماہ تک ہمارے پاس تشریف نہیں لائیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم انتیس دن کے بعد تشریف لے آئے ہیں میں نے ان کی گنتی کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مہینہ کبھی انتیس دن کا بھی ہوتا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! میں تمہارے سامنے ایک معاملے کا ذکر کرنے لگا ہوں میں یہ نہیں چاہتا کہ تم اس بارے میں جلد بازی کا مظاہرہ کرو جب تک تم اس بارے میں اپنے والدین سے مشورہ نہیں کر لیتی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سامنے یہ آیت تلاوت کی۔

"اے نبی! تم اپنی ازواج سے کہہ دو کہ اگر تم لوگ دنیاوی زندگی اور اس کی زینت حاصل کرنا چاہتی ہو' تو آگے آؤ میں تمہیں مال و دولت دیتا ہوں اور مناسب طریقے سے رخصت کر دیتا ہوں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو' تو بے شک اللہ تعالیٰ نے تم میں سے نیکی کرنے والوں کے لیے عظیم اجر تیار کیا ہوا ہے"۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات جانتے تھے کہ اللہ کی قسم! میرے والدین مجھے کبھی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے علیحدگی کی ہدایت نہیں کریں گے میں نے عرض کی: کیا میں اس معاملے میں اپنے والدین سے مشورہ کروں؟ بے شک میں اللہ تعالیٰ' اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمَةَ الْمُزَوَّجَةَ اِذَا اُعْتِقَتْ كَانَ لَهَا الْخِيَارُ فِي الْكَوْنِ تَحْتَ زَوْجِهَا الْعَبْدِ اَوْ فِرَاقِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' شادی شدہ کنیز کو جب آزاد کر دیا جائے' تو اسے اس بات کا اختیار ہوتا ہے' وہ اپنے غلام شوہر کے ساتھ رہے یا اس سے علیحدگی اختیار کر لے

4269 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، وَيَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ الْيَرْبُوعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ فِي بَرِيرَةَ ثَلَاثُ قَضِيَّاتٍ اَرَادَ اَهْلُهَا اَنْ يَبِيعُوهَا وَيَشْتَرِطُوا الْوَلَاءَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ

4269- إسناده صحيح على شرط مسلم، يحيى بن طلحة اليربوعي، وإن كان في حديثه لين، تابعه عليه هناد بن السرى وهو ثقة من رجال مسلم، ومن فوقهما ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 6/45-46، ومسلم (1075) (172) في الزكاة: باب إباحة الهدية للنبي صلى الله عليه وسلم ولبني هاشم وبني عبد المطلب . . .، و (1504) (10) في العتق: باب إنما الولاء لمن أعتق، والنسائي 6/162-163 في الطلاق: باب خيار الأمة، من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد، ورواية مسلم في الزكاة بقصة الهدية فقط . وانظر رقم (5093) و (5094) .

لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اشْتَرِيهَا وَاَعْتِقِيهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ، وَعَتَقَتْ، فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا، وَكَانَتْ يُتَصَدَّقُ عَلَيْهَا فَتُهْدِي لَنَا مِنْهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُلُوْا فَإِنَّهُ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَهُوَ لَكُمْ هَدِيَّةٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بریرہ کے معاملے میں تین فیصلے سامنے آئے اس کے مالکان نے اسے فروخت کرنے کا ارادہ کیا اور اس کے ولاء کی شرط عائد کی میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے خرید کر آزاد کر دو' کیونکہ ولاء کا حق اسے حاصل ہوتا ہے' جو آزاد کرتا ہے پھر بریرہ آزاد ہو گئی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ اختیار دیا (کہ وہ اپنے شوہر سے علیحدگی اختیار کر سکتی ہے) تو اس نے اپنی ذات کو اختیار کیا' (تیسری بات یہ ہے) بریرہ کو کوئی چیز صدقہ دی جاتی تھی' تو وہ اس میں کوئی چیز ہمیں تحفے کے طور پر دے دیتی تھی میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے کھالو کیونکہ تو یہ چیز اس کے لیے صدقہ ہے اور یہ تمہارے لیے تحفہ ہے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ لِلْجَارِيَةِ إِذَا أُعْتِقَتْ وَهِيَ تَحْتَ عَبْدٍ أَنْ تَخْتَارَ فِرَاقَهُ أَوِ الْكَوْنَ مَعَهُ

اس بات کا تذکرہ' جب کنیز آزاد کر دی جائے اور وہ کسی غلام کی بیوی ہو' تو اسے اس بات کا اختیار ہو گا کہ وہ شوہر سے علیحدگی اختیار کرے یا اس کے ساتھ رہے

4270 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَيَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بریرہ کو اختیار دیا' تو اس نے اپنی ذات کو اختیار کر لیا (یعنی اپنے شوہر سے علیحدگی اختیار کر لی)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْجَارِيَةَ إِذَا أُعْتِقَتْ وَهِيَ تَحْتَ عَبْدٍ لَهَا الْخِيَارُ فِي فِرَاقِهِ أَوِ الْكَوْنِ مَعَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب کنیز آزاد کر دی جائے اور وہ کسی غلام کی بیوی ہو تو اسے اس غلام سے علیحدگی اختیار کرنے یا اس کے ساتھ رہنے کا اختیار ہو گا

4270– إسناده قوي، الحسن بن عمر بن شقيق لا باس به من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه من طريق أيوب بهذا الإسناد: البخاري (5281) و (5282) في الطلاق: باب خيار الأمة تحت العبد، ولفظه عن ابن عباس: ذاك مغيث عبد فلان يعني زوج بريرة– كأني أنظر إليه يتبعها في سكك المدينة يبكي عليها .وأخرجه بنحوه الترمذي (1156) في الرضاع: باب ما جاء في المرأة تعتق ولها زوج، من طريق سعيد بن أبي عروبة، عن أيوب وقتادة، عن عكرمة، به .وأخرجه أيضاً مختصراً بنحوه البخاري (5280) .

4271 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ النِّيلِيُّ، اِمْلَاءً مِنْ كِتَابِهِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث):اَنَّهَا اشْتَرَتْ بَرِيرَةَ، وَاشْتَرَطَ اَهْلُهَا وَلَاءَ هَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْتِقِيهَا، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْطَى الْوَرِقَ، وَوَلِيَ النِّعْمَةَ، قَالَتْ: فَاَعْتَقْتُهَا، فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: لَوْ اُعْطِيتُ كَذَا وَكَذَا مَا كُنْتُ مَعَهُ، قَالَ الْاَسْوَدُ: وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے بریرہ کو خرید لیا اس کے مالکان نے یہ شرط عائد کی کہ اس کی ولاء کا حق انہیں حاصل ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) فرمایا تم اسے آزاد کردو' کیونکہ ولاء کا حق اسے ملتا ہے' جو قیمت ادا کرتا ہے اور نعمت کا ولی بنتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو میں نے اسے آزاد کردیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اختیار دیا' تو اس نے کہا: اگر مجھے اتنا اتنا مال بھی دیا جائے' تو میں (اپنے شوہر) کے ساتھ نہیں رہوں گی۔

اسود نامی راوی کہتے ہیں: اس کا شوہر ایک آزاد شخص تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا لَا حُرًّا، وَاَنَّ الْاَسْوَدَ وَاهِمٌ فِي قَوْلِهِ: كَانَ حُرًّا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سیّدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کے شوہر غلام تھے وہ آزاد شخص نہیں تھے

اور اسود نامی راوی کو یہ بیان کرنے میں وہم ہوا ہے' وہ آزاد تھے

4272 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ،

4271– إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج النيلي ثقة روى له النسائي، وقد وقع في نسخ (تهذيب التهذيب) و (التقريب) في ترجمته أنه تمييز، وهو خطأ يستدرك من (تهذيب الكمال) 2/71، والنِّيلي: نسبة إلى النيل: مدينة بين الكوفة وواسط، ومن فوقه ثقات على شرطهما . أبو عوانة: هو وضاح اليشكري، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو إبراهيم بن يزيد بن قيس بن الأسود النخعي، والأسود: هو ابن يزيد بن قيس النخعي (خال إبراهيم النخعي) .وأخرجه البيهقي 7/223 من طريق أبي بكر الإسماعيلي، عن الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (6754) في الفرائض: باب ميراث السائبة، والبيهقي 7/223 .

4272– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه مسلم (1504) (9) في العتق: باب إنما الولاء لمن أعتق، والنسائي 6/164–165 في الطلاق: باب خيار الأمة تعتق وزوجها مملوك، وفي العتق من (الكبرى) كما في (التحفة) 12/124، والبيهقي 7/132 من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1504) (9)، والبيهقي 7/132 من طريقين عن جرير، به .وأخرجه أبو داوُد (2233) في الطلاق: باب في المملوكة تعتق وهي تحت حر أو عبد، والترمذي (1154) في الرضاع: باب ما جاء في المرأة تعتق ولها زوج، من طريقين عن جرير، به مختصراً بلفظ: كان زوج بريرة عبداً فخيرها رسول الله صلى الله عليه وسلم فاختارت نفسها، ولو كان حراً لم يخيرها .وأخرجه أحمد 6/213، والبخاري (2563) في المكاتب: باب استعانة المكاتب وسؤال الناس، ومسلم (1504) (8) و (9)، وأبو داوُد (3930) في العتق: باب في بيع المكاتب إذا فسخت الكتابة، وابن ماجة (2521) في العتق: باب المكاتب، والبيهقي 5/338 من طرق عن هشام بن عروة، به، مطولاً .وأخرجه أحمد 6/81–82 و272، والبخاري (2155) في البيوع: باب الشراء والبيع مع النساء، و (2561) في المكاتب: باب ما يجوز من شروط المكاتب، و (2717) في الشروط: باب الشروط في البيوع، ومسلم (1504) (6) و (7)، وأبو داوُد (3929)، والبيهقي 10/299–300 و338 من طرق عن الزهري، به نحوه، وانظر (4325) .

قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَاتَبَتْ بَرِيرَةُ عَلٰى نَفْسِهَا بِتِسْعَةِ اَوَاقٍ، فِي كُلِّ سَنَةٍ اُوقِيَّةً، فَاَتَتْ عَائِشَةَ تَسْتَعِينُهَا، فَقَالَتْ: لَا، اِلَّا اَنْ يَّشَاؤُوا اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً، وَيَكُونَ الْوَلَاءُ لِي، فَذَهَبَتْ بَرِيرَةُ، فَكَلَّمَتْ بِذٰلِكَ اَهْلَهَا فَاَبَوْا عَلَيْهَا اِلَّا اَنْ يَّكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَجَاءَتْ اِلٰى عَائِشَةَ وَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ لَهَا مَا قَالَ اَهْلُهَا، فَقَالَتْ: لَاهَا: اللّٰهِ اِذًا اِلَّا اَنْ يَّكُونَ الْوَلَاءُ لِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا؟، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بَرِيرَةَ اَتَتْنِي تَسْتَعِينُنِي عَلٰى كِتَابَتِهَا، فَقُلْتُ: لَا اِلَّا اَنْ يَّشَاؤُوا اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً، وَيَكُونَ الْوَلَاءُ لِي، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِاَهْلِهَا، فَاَبَوْا عَلَيْهَا، اِلَّا اَنْ يَّكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْتَاعِيهَا وَاشْتَرِطِي لَهُمُ الْوَلَاءَ وَاَعْتِقِيهَا، فَاِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ اَعْتَقَ.

ثُمَّ قَامَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَشْتَرِطُونَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَقُولُونَ: اَعْتِقْ يَا فُلَانُ وَالْوَلَاءُ لِي، كِتَابُ اللّٰهِ اَحَقُّ، وَشَرْطُ اللّٰهِ اَوْثَقُ، كُلُّ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَاِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ، فَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوْجَهَا، وَكَانَ عَبْدًا فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا.

قَالَ عُرْوَةُ: فَلَوْ كَانَ حُرًّا مَا خَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں بریرہ نے اپنی ذات کے بارے میں نو اوقیہ کے عوض میں کتابت کا معاہدہ کرلیا جس میں ہر سال ایک اوقیہ کی ادائیگی کرنی تھی وہ مدد حاصل کرنے کے لیے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جی نہیں اگر وہ لوگ چاہیں' تو میں انہیں ایک ساتھ ساری ادائیگی کر دیتی ہوں اور ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا۔ بریرہ گئی اس نے اس بارے میں اپنے مالکان سے بات چیت کی تو انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا وہ اس بات کے خواہشمند تھے کہ ولاء کا حق انہیں حاصل رہے۔ بریرہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں تشریف لے آئے۔ بریرہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتایا جو اس کے مالکان نے کہا تھا تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے فرمایا: جی نہیں اللہ کی قسم! یہ اسی صورت میں ہوگا' جب ولاء کا حق مجھے حاصل ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا معاملہ ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بریرہ میرے پاس مدد حاصل کرنے کے لیے آئی جو اس کی کتابت کے معاوضے کی ادائیگی کے سلسلے میں تھی' تو میں نے کہا: جی نہیں اگر وہ لوگ چاہیں' تو ان کو ایک ساتھ ادائیگی کر دیتی ہوں اور ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا اس نے اس بات کا تذکرہ اپنے مالکان سے کیا' تو انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا وہ مصر تھے کہ ولاء کا حق ان کے پاس رہے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے خرید لو اور ولاء کی شرط ان کے لیے رہنے دو اور پھر تم اسے آزاد کردو ولاء کا حق اسے حاصل ہوتا ہے' جو آزاد کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کو کیا ہوگیا ہے وہ ایسی شرائط عائد کرتے ہیں' جن کی اجازت اللہ کی کتاب میں نہیں ہے لوگ یہ کہتے ہیں تم فلاں کو آزاد کردو اور

ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا حالانکہ اللہ کی کتاب اس کی زیادہ حقدار ہے اور اللہ تعالیٰ کی شرط زیادہ مضبوط ہوتی ہے ہر وہ شرط جس کی اجازت اللہ کی کتاب میں نہ ہو وہ باطل شمار ہوگی اگرچہ وہ ایک سو شرطیں ہوں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو اس کے شوہر کے حوالے سے اختیار دیا وہ شوہر ایک غلام شخص تھا اس عورت نے اپنی ذات کو اختیار کر لیا۔

عروہ کہتے ہیں اگر ان کا شوہر آزاد شخص ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے اس کے شوہر کے حوالے سے اسے اختیار نہ دیتے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا لَا حُرًّا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' سیدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کے شوہر غلام تھے وہ آزاد نہیں تھے

4273 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا، يُقَالُ لَهُ: مُغِيثٌ، كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِ يَطُوفُ خَلْفَهَا يَبْكِي وَدُمُوعُهُ تَسِيلُ عَلَى لِحْيَتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ: يَا عَبَّاسُ، اَلَا تَعْجَبُ مِنْ شِدَّةِ حُبِّ مُغِيثٍ بَرِيرَةَ، وَمِنْ شِدَّةِ بُغْضِ بَرِيرَةَ مُغِيثًا، فَقَالَ لَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ رَاجَعْتِيهِ فَاِنَّهُ اَبُو وَلَدِكِ، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَاْمُرُنِي بِهِ؟ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا اَنَا شَافِعٌ، قَالَتْ: فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بریرہ کا شوہر ایک غلام تھا اس کا نام مغیث تھا یہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' وہ اس کے پیچھے روتا ہوا جا رہا تھا اس کے آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عباس کیا آپ کو حیرانگی نہیں ہو رہی کہ مغیث بریرہ سے کتنی محبت کرتا ہے اور بریرہ مغیث کو کتنا ناپسند کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: اگر تم اس سے رجوع کر لو (تو یہ مناسب ہوگا)' کیونکہ یہ تمہاری اولاد کا باپ ہے اس خاتون نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ مجھے اس بارے میں حکم دے رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں صرف سفارش کر رہا ہوں' تو اس خاتون نے کہا: مجھے اس کے ساتھ رہنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

4273- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية ثقة من رجال مسلم ومن فوقه ثقات على شرطهما . خالد الأول: هو خالد بن مهران الحذاء، والثاني: هو ابن عبد الله الطحان الواسطي .وأخرجه الدارمي 2/169-170 عن عمرو بن عون، عن خالد بن عبد اللّٰه، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (5283) في الطلاق: باب شفاعة النبي صلى الله عليه وسلم في زوج بريرة، والنسائي 8/245-246 في آداب القضاة: باب شفاعة الحاكم للخصوم قبل فصل الحكم، وابن ماجة (2075) في الطلاق: باب خيار الأمة إذا أعتقت، والبيهقي 7/22، والبغوي (2299) من طرق عن عبد الوهاب الثقفي، عن خالد بن مهران الحذاء، به .وأخرجه بنحوه أبو داؤد (2231) في الطلاق: باب في المملوكة تعتق وهي تحت حر أو عبد، من طريق حماد بن سلمة، عن خالد الحذاء، به .

بَابُ الرَّجْعَةِ

باب: رجوع کرنے کا حکم

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ طَلَاقَ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ مَا لَمْ يُصَرِّحْ بِالثَّلَاثِ فِيْ نِيَّتِهٖ يُحْكَمُ لَهٗ بِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کا اپنی بیوی کو طلاق دینا' جبکہ اس نے تین طلاقوں کی صراحت نہ کی ہو' تو اس بارے میں اس آدمی کی نیت کے مطابق حکم عائد کیا جائے گا

4274 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهٖ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَرَدْتَ بِهَا؟، قَالَ: وَاحِدَةً، قَالَ: آللّٰهِ؟، قَالَ: آللّٰهِ، قَالَ: هِيَ عَلٰى مَا اَرَدْتَ

4274- إسناده ضعيف . الزبير بن سعيد ضعفه غير واحد، وقال الدارقطني: يعتبر به، وقال أبو زرعة: شيخ، وقال الدوري عن ابن معين: ثقة، وقال مرّة: ليس بشيء، وقال الآجري عن أبي داوٗد: في حديثه نكارة لا أعلم إلا أني سمعت ابن معين يقول: هو ضعيف، وقال مرة: بلغني عن يحيى أنه ضعيف، وعبد الله بن علي بن يزيد لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف، ولم يَروِ عنه غير الزبير بن سعيد، فهو في عداد المجهولين، وقال العقيلي: لا يتابع على حديثه، مضطرب الإسناد، وأبوه علي بن يزيد: لم يوثقه غير المؤلف، وقال البخاري: لم يصح حديثه، وأبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داوٗد العتكي، وهو في (مسند أبي يعلى) (1537) .وأخرجه أبو داوٗد (2208) في الطلاق: باب في البتة، والبيهقي 7/342، والدارقطني 4/34، من طريق أبي الربيع الزهراني، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 5/65، والطيالسي (1188)، والدارمي 2/163، والترمذي (1177) في الطلاق: باب ما جاء في الرجل يطلق امرأته البتة، وابن ماجة (2051) في الطلاق: باب طلاق البتة، وأبو يعلى: (1538)، والحاكم 2/199، والبيهقي 7/342، وأخرجه أحمد 1/265 من طريق محمد بن إسحاق، حدثني داوٗد بن الحصين عن عكرمة مولى ابن عباس، عن ابن عباس، قال: طلق ركانة بن عبد يزيد أخو بني مطلب- امرأته ثلاثاً في مجلس واحد، فحزن حزناً شديداً، قال: فسأله رسول الله صلى الله عليه وسلم: "كيف طلقتها؟" قال: طلقتها ثلاثاً، قال: فقال: "في مجلس واحد؟" قال: نعم، قال: "فإنما تلك واحدة، فأرجعها إن شئت"، قال: فرجعها، فكان ابن عباس يرى أنما الطلاق عند كل طهر . قلت ورواية داوٗد بن الحصين عن عكرمة فيها شيء، قال علي بن المديني: ما روى عن عكرمة فمنكر، وقال أبو داوٗد: أحاديثه عن شيوخه مستقيمة، وأحاديثه عن عكرمة مناكير، وفي (التقريب) ثقة إلا عكرمة .وأخرجه البيهقي 7/339 من هذا الوجه،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدٍ هٰذَا هُوَ الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اُمُّهُ: حَمَادَةُ بِنْتُ يَعْقُوبَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، مَاتَ فِیْ وِلَايَةِ اَبِیْ جَعْفَرٍ

❁❁ عبداللہ بن علی اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے اپنی اہلیہ کو طلاق بتہ دے دی وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم نے اس کے ذریعے کیا مراد لی تھی انہوں نے جواب دیا: ایک (طلاق) نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم! (ایسا ہی ہے) انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! (ایسا ہی ہے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ اس کے مطابق شمار ہوگی جو تم نے ارادہ کیا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) زبیر بن سعید نامی راوی زبیر بن سعید بن سلیمان بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب ہیں ان کی والدہ حمادہ بنت یعقوب بن سعید بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب ہیں ان کا انتقال خلیفہ ابوجعفر کے عہد خلافت میں ہوا تھا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ طَلَاقَ امْرَاَتِهِ وَرَجْعَتِهَا مَتٰى مَا اَحَبَّ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدے اور پھر جب وہ چاہے اس سے رجوع کر لے

4275 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ، بِعُكْبَرَا، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ، عَنْ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَ حَفْصَةَ، ثُمَّ رَاجَعَهَا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی تھی پھر آپ ﷺ نے ان سے رجوع کر لیا تھا۔

4275– حديث صحيح . مسروق بن المرزبان روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات، وقال صالح بن محمد: صدوق، وقال أبو حاتم: ليس بالقوى، يكتب حديثه، قلت: وقد توبع عليه، ومن فوقه ثقات على شرطهما، ابن أبى زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبى زائدة، وصالح: هو صالح بن صالح بن حيّ الهمداني الكوفي .وأخرجه ابن ماجة (2016) في أول الطلاق، عن مسروق بن المرزبان، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/160–161، وأبو داؤد (2283) في الطلاق: باب في المراجعة، والنسائي 6/213 في الطلاق: باب الرجعة (وقع في المطبوع منه: ابن عباس عن ابن عمر، وهو تحريف)، وابن ماجة (2016)، وأبو يعلى (173)، والحاكم 2/197، والبيهقي 7/321–322 من طرق عن يحيى بن زكريا بن أبى زائدة، به . وصححه الحاكم على شرطهما ووافقه الذهبي .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاجَعَ حَفْصَةَ مِنْ اَجْلِ اَبِيْهَا عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے ان کے والد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی وجہ سے رجوع کیا تھا

4276 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث):دَخَلَ عُمَرُ عَلٰى حَفْصَةَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ، لَعَلَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَكِ، اِنَّهُ قَدْ كَانَ طَلَّقَكِ، ثُمَّ رَاجَعَكِ مِنْ اَجْلِي، فَاَيْمُ اللّٰهِ لَئِنْ كَانَ طَلَّقَكِ لَا كَلَّمْتُكِ كَلِمَةً اَبَدًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے وہ رو رہی تھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو؟ شاید نبی اکرم ﷺ نے تمہیں طلاق دے دی ہے' اگر نبی اکرم ﷺ نے تمہیں طلاق دے بھی دی ہے' تو میری وجہ سے وہ تم سے رجوع کر لیں گے۔ اللہ کی قسم! اگر نبی اکرم ﷺ تمہیں طلاق دے دیں (یعنی ایسی طلاق جس میں رجوع کی گنجائش نہ ہو) تو میں تمہارے ساتھ کبھی بات نہ کرتا۔

4276– إسناده جيد، يونس بن بكير صدوق روى له مسلم متابعة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين، أبو صالح: هو ذكوان السمان .ورواه الطبراني في (الكبير) /23 (305) عن عبد الله بن أحمد بن حنبل، حدثني محمد بن عبد الله بن نمير بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في (المجمع) 9/244، وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح وأخرجه البزار (1502) من طريق يونس بن كريب به .وأخرجه البزار (1503) من طريق عمر بن عبد الغفار، بِهِ .وذكره البزار في (المجمع) 4/333، وقال: رواه أبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح، وكذا البزار .

بَابُ الْإِيلَاءِ

باب: ایلاء کا حکم

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّوَلِّيَ مِنِ امْرَاَتِهِ اَيَّامًا مَعْلُوْمَةً

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ متعین دنوں تک کے لیے اپنی بیوی سے ایلاء کرلے

4277 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): آلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهِ، وَكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهُ، فَاَقَامَ فِيْ مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَّعِشْرِينَ، ثُمَّ نَزَلَ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، آلَيْتَ شَهْرًا، قَالَ: الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کے ساتھ ایلاء کرلیا آپ کی ٹانگ پر بھی چوٹ آئی ہوئی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انتیس دن تک بالا خانے میں مقیم رہے پھر آپ اس سے نیچے اترے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے ایک ماہ کے لیے ایلاء کیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہینہ (کبھی) انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يَعْمَلُ الْمَرْءُ اِذَا آلٰى مِنِ امْرَاَتِهِ بِالْيَمِيْنِ

اس بات کا تذکرہ' جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ قسم اٹھا کر ایلاء کرلے' تو اسے کیا کرنا چاہیے

4278 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): آلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهِ، فَجَعَلَ الْحَرَامَ حَلَالًا، وَجَعَلَ فِي

4277- إسناده صحيح على شرط مسلم . يحيى بن أيوب المَقَابرى ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما، وحميد قد سمعه من أنس كما في رواية البخارى (5289) . أخرجه الترمذى (690) في الصوم: باب ما جاء أن الشهر يكون تسعاً وعشرين، والبغوى (2344) من طريق على بن حجر، عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/200، وابن أبي شيبة 3/85، والبخارى (378) في الصلاة: باب الصلاة في السطوح والمنبر الخشب، و (1911) في الصوم: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "إذا رأيتم الهلال فصوموا، وإذا رأيتموه فأفطروا"

الْيَمِيْنِ كَفَّارَةً

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کے ساتھ ایلاء کرلیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام کو حلال کیا (یعنی اس سے رجوع کرلیا) اور قسم کا کفارہ ادا کیا۔

4278- إسناده ضعيف. مسلمة بن علقمة مختلف فيه، وثقه ابن معين، وقال أبو زرعة: لا بأس به، وقال أبو حاتم: صالح الحديث، وذكره المؤلف في (الثقات)، وقال أحمد: شيخ ضعيف حدث عن داوُد بن أبي هند أحاديث مناكير، وقال النسائي: ليس بالقوى، وترك عبد الرحمن بن مهدى حديثه، ولم يكن يحيى بن سعيد بالراضى عنه، وقال الساجي: روى عن داوُد بن أبي هند مناكير، وذكره العقيلي في (الضعفاء) وقال: وله عن داوُد مناكير، وما لا يتابع عليه من حديثه كثير، وذكر له ابن عدى أحاديث وقال: وله غير ما ذكرت مما لا يتابع عليه، وذكر له الإمام الذهبي في (ميزان الاعتدال) 4/409 هذا الحديث من مناكيره. وأخرجه الترمذى (1201) في الطلاق: باب ما جاء الإيلاء، وابن ماجة (2072) في الطلاق: باب الحرام، والبيهقي 7/352 من طريق الحسن بن قزعة، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: رواه على بن مسهر وغيره عن داوُد عن الشعبى أن النبى صلى الله عليه وسلم، و (2469) في المظالم: باب الغرفة والعُلِّيَّة المشرفة . . .، و (5201) في النكاح: باب قول الله تعالى: (لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ . . .)، و (6684) في الأيمان والنذور: باب من حلف ألا يدخل على أهله شهراً وكان الشهر تسعاً وعشرين، والنسائى 6/166-167 في الطلاق: باب الإيلاء، والبيهقي 7/381 من طرق عن حميد، به . . . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .

بَابُ الظِّهَارِ

باب: ظہار کا حکم

ذِكْرُ وَصْفِ الْحُكْمِ لِلْمُظَاهِرِ مِنِ امْرَاَتِهٖ، وَمَا يَلْزَمُهُ عِنْدَ ذٰلِكَ مِنَ الْكَفَّارَةِ

اپنی بیوی کے ساتھ ظہار کرنے والے شخص کے حکم کی صفت کا تذکرہ نیز ایسی صورت میں اس پر کس نوعیت کا کفارہ لازم ہوتا ہے (اس کا بیان)

4279 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَعْمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ يُّوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ خُوَيْلَةَ بِنْتِ ثَعْلَبَةَ،

(متنِ حدیث): قَالَتْ: فِیْ وَاللّٰهِ وَفِیْ اَوْسِ بْنِ الصَّامِتِ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَدْرَ سُوْرَةِ الْمُجَادِلَةِ،

4279- حديث صحيح رجاله كلهم ثقات غير معمر بن عبد الله بن حنظلة، فإنه لا يعرف، قال الإمام الذهبي في (الميزان) 4/155: كان في زمن التابعين لا يعرف، وذكره ابن حبان في ثقاته، ما حدث عنه سوى ابن إسحاق بخبر مظاهرة أوس بن الصامت، وقال الحافظ في (التقريب) : مقبول، أي: عند المتابعة، ومع ذلك فقد حسن إسناده في (الفتح) 9/343 . قلت: وله شواهد تقويه ستأتي، فيصح بها .وأخرجه أحمد 6/410-411 عن سعد ويعقوب ابنا إبراهيم، قالا: حدثنا أبي، بهذا الإسناد .وأخرجه بأخصر مما هنا أبو داوٗد (2214) و (2215) في الطلاق: باب في الظهار، والبيهقي 7/391-392، وابن الجارود (746) من طريقين عن ابن إسحاق، بـه .ولـلـحـديـث شـاهـد مـرسـل صـحـيـح عن صالح بن كيسان عند ابن سعد في (الطبقات) 8/378-379، وآخـر عـنـد البيهقي 7/389-390 عـن عـطـاء بـن يـسـار، قال البيهقي بإثره: هذا مرسل، وهو شاهد للموصول قبله، وثالث موصول عن عائشة عند أبي داوٗد (2063)، وصـحـحه الحاكم 2/481 ووافـقـه الذهبي .وفي الباب عن سلمة بن صخر عند أحمد 4/37، وأبي داوٗد (2213)، والدارمي 2/163-164، والترمذي (3299)، وابن الجارود (744)، وابن ماجة (2062)، والحاكم 2/203، والبيهقي 7/390 من طرق عن محمد بن إسحاق، عن محمد بن عمرو بن عطاء، عن سليمان بن يسار، عن سلمة بن صخر البياض وفيه عندهم عنعنة ابن اسحاق، وقال البخاري فيما نقل عنه الترمذي: سليمان بن يسار لم يسمع عندي من سلمة بن صخر .وأخرجه الترمذي (1200)، والحاكم 2/204، والبيهقي 7/390 من طريقين عن يحيى بن كثير، عن محمد بن عبد الرحمٰن بن ثوبان وأبي سلمة أن سلمة بن صخر البياض . . .ورجاله ثقات لكنه مرسل .وله شاهد من حديث ابن عباس يَتَقَوّٰى به عند أبي داوٗد (2223)، والترمذي (1199)، والنسائي 6/167، وابن الجارود (747)، والحاكم 2/204، والبيهقي 7/386، وقال الترمذي: حديث حسن، وحسنه الحافظ في (الفتح) 9/343 .

قَالَتْ: كُنْتُ عِنْدَهُ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا قَدْ سَاءَ خُلُقُهُ، وَضَجِرَ، قَالَتْ: فَدَخَلَ عَلَيَّ يَوْمًا فَرَاجَعْتُهُ فِي شَيْءٍ، فَغَضِبَ، وَقَالَ: أَنْتِ عَلَيَّ كَظَهْرِ أُمِّي، ثُمَّ خَرَجَ، فَجَلَسَ فِي نَادِي قَوْمِهِ سَاعَةً، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ، فَإِذَا هُوَ يُرِيدُنِي عَلَى نَفْسِي، قَالَتْ: قُلْتُ: كَلَّا وَالَّذِي نَفْسُ خُوَيْلَةَ بِيَدِهِ، لَا تَخْلُصُ إِلَيَّ، وَقَدْ قُلْتَ مَا قُلْتَ حَتَّى يَحْكُمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فِينَا بِحُكْمِهِ، قَالَتْ: فَوَاثَبَنِي، فَامْتَنَعْتُ مِنْهُ، فَغَلَبْتُهُ بِمَا تَغْلِبُ بِهِ الْمَرْأَةُ الشَّيْخَ الضَّعِيفَ، فَأَلْقَيْتُهُ تَحْتِي، ثُمَّ خَرَجْتُ إِلَى بَعْضِ جَارَاتِي، فَاسْتَعَرْتُ مِنْهَا ثِيَابًا، ثُمَّ خَرَجْتُ حَتَّى جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَذَكَرْتُ لَهُ مَا لَقِيتُ مِنْهُ، فَجَعَلْتُ أَشْكُو إِلَيْهِ مَا أَلْقَى مِنْ سُوءِ خُلُقِهِ، قَالَتْ: فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا خُوَيْلَةُ، ابْنُ عَمِّكِ شَيْخٌ كَبِيرٌ، فَاتَّقِي اللّٰهَ فِيهِ، قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا بَرِحْتُ حَتَّى نَزَلَ الْقُرْآنُ، فَتَغَشَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ يَغْشَاهُ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا خُوَيْلَةُ، قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيكِ وَفِي صَاحِبِكِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَرَأَ عَلَيَّ: (قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللّٰهِ) (المجادلة: 1)، إِلَى قَوْلِهِ: (وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ) (البقرة: 104)، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُرِيهِ فَلْيُعْتِقْ رَقَبَةً، قَالَتْ: وَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا عِنْدَهُ مَا يَعْتِقُ، قَالَ: فَلْيَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ شَيْخٌ كَبِيرٌ، مَا بِهِ مِنْ صِيَامٍ، قَالَ: فَلْيُطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا ذَلِكَ عِنْدَهُ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِنَّا سَنُعِينُهُ بِعَرَقٍ مِنْ تَمْرٍ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: وَأَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ سَأُعِينُهُ بِعَرَقٍ آخَرَ، فَقَالَ: أَصَبْتِ، وَأَحْسَنْتِ، فَاذْهَبِي فَتَصَدَّقِي بِهِ عَنْهُ، ثُمَّ اسْتَوْصِي بِابْنِ عَمِّكِ خَيْرًا، قَالَتْ: فَفَعَلْتُ

❀❀ سیّدہ خویلہ بنت ثعلبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے میرے اور (میرے شوہر) اوس بن صامت کے بارے میں سورۂ مجادلہ کی ابتدائی آیات نازل کی تھیں وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں ان کی بیوی تھی وہ ایک بڑی عمر کے بزرگ آدمی تھے جن کے اخلاق اچھے نہیں تھے وہ ڈانٹ ڈپٹ کیا کرتے تھے۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں: ایک دن وہ میرے ہاں تشریف لائے میں نے (لڑائی کے دوران) کسی بات کا جواب دیا: تو وہ غصے میں آ گئے اور بولے: تم میرے لیے میری ماں کی پشت کی طرح (قابل احترام) ہو پھر وہ گھر سے باہر چلے گئے وہ اپنی قوم کی چوپال میں کچھ دیر بیٹھے رہے پھر میرے ہاں تشریف لائے وہ میری قربت حاصل کرنا چاہتے تھے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں خویلہ کی جان ہے آپ جو بات کہہ چکے ہیں اس کی وجہ سے اب آپ میرے پاس اس وقت تک نہیں آ سکتے جب تک اللہ اور اس کا رسول اس بارے میں کوئی فیصلہ نہیں دے دیتے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: انہوں نے مجھ پر حملہ کر دیا میں نے ان سے بچنے کی کوشش کی وہ خاتون اس پر اتنا غالب آ گئی جتنی کوئی عورت ایک بوڑھے عمر رسیدہ شخص پر غالب آ سکتی ہے میں نے انہیں اپنے نیچے کر لیا' پھر میں اپنی پڑوسن کے گھر آ گئی میں نے اس سے چادر عارضی استعمال کے لیے لی پھر میں وہاں سے نکلی' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں آپ کے سامنے بیٹھ گئی میں نے آپ کے سامنے ساری صورت حال کا ذکر کیا اور میں نے آپ کے

سامنے اس بات کی بھی شکایت کی کہ مجھے ان کی طرف سے برے اخلاق کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ خاتون بیان کرتی ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خویلہ تمہارے چچازاد بوڑھے عمر رسیدہ شخص ہیں تم ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ خاتون نے عرض کی: اللہ کی قسم: میں ابھی وہیں تھی' یہاں تک کہ قرآن کا حکم نازل ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ کے اوپر وہ خاص کیفیت طاری ہوئی (جو وحی کے نزول کے وقت ہوتی تھی) پھر آپ ﷺ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خویلہ! اللہ تعالیٰ نے تمہارے اور تمہارے شوہر کے بارے میں حکم نازل کر دیا ہے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے میرے سامنے یہ آیت تلاوت کی۔

"اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بات کو سن لیا ہے' جو اپنے شوہر کے بارے میں تمہارے ساتھ بحث کر رہی تھی اور وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کر رہی تھی"۔

یہ آیت یہاں تک ہے "کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے"۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے (یعنی اپنے شوہر کو) کہو کہ وہ کوئی گردن آزاد کرے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ان کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں ہے' جسے وہ آزاد کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر وہ مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ ﷺ! وہ بوڑھے عمر رسیدہ شخص ہیں ان میں روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر وہ ساٹھ مسکینوں کو کھجوروں کا ایک وسق کھلائے میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ ﷺ! ان کے پاس یہ بھی نہیں ہے وہ خاتون بیان کرتی ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم کھجوروں کے ایک عرق کے ذریعے اس کی مدد کریں گے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں ایک اور عرق کے ذریعے ان کی مدد کر دوں گی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے اور تم نے اچھا کیا ہے تم جاؤ اور ان کی طرف سے صدقہ کر دو اور اپنے چچازاد کے بارے میں بھلائی کی تلقین کو قبول کرو' تو وہ خاتون کہتی ہیں' تو میں نے ایسا ہی کیا۔

بَابُ الْخُلْعِ

باب: خلع کا حکم

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ بِاِعْطَاءِ مَا طَابَتْ نَفْسُهَا بِهٖ عَلَى الْخُلْعِ

عورت کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ خلع لیتے ہوئے اس چیز کی ادائیگی کر دے جو اسے پسند ہے

4280 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ عَنْ حَبِيْبَةَ بِنْتِ سَهْلٍ الْاَنْصَارِيَّةِ،

(متن حدیث): اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَوَجَدَ حَبِيْبَةَ بِنْتَ سَهْلٍ عَلٰى بَابِهٖ فِى الْغَلَسِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَاْنُكِ؟، فَقَالَتْ: لَا اَنَا، وَلَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ -لِزَوْجِهَا -، فَلَمَّا جَاءَ ثَابِتٌ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهٖ حَبِيْبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ، قَدْ ذَكَرَتْ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَذْكُرَ، قَالَتْ حَبِيْبَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كُلُّ مَا اَعْطَانِىْ عِنْدِىْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ: خُذْ مِنْهَا، فَاَخَذَ مِنْهَا، وَجَلَسَتْ فِىْ اَهْلِهَا

✿✿ سیّدہ حبیبہ بنت سہل انصاریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے لیے گھر سے نکلے تو انہوں نے اندھیرے میں حبیبہ بنت سہل کو اپنے دروازے پر موجود پایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ اس خاتون نے جواب دیا: میرا اور ثابت بن قیس کا گزارا نہیں ہوسکتا یعنی اس نے اپنے شوہر کے بارے میں یہ بات کہی جب ثابت آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حبیبہ بنت سہل اس نے جو اللہ کو منظور تھا وہ ذکر کیا ہے تو سیّدہ حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے جو بھی (مہر کے طور پر) دیا تھا وہ میرے پاس ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ثابت بن قیس سے فرمایا: وہ تم اس سے لے لو وہ انہوں نے اس سے لے لیا اور وہ خاتون اپنے میکے واپس چلی گئی۔

4280- إسناده صحيح على شرطهما غير صحابية الحديث، فلم يرو لها غير أبى داؤد والنسائى، وهو فى (الموطأ) 2/564 فى الطلاق: باب ما جاء فى الخلع .ومن طرق مالك أخرجه الشافعى 2/50-51، وأحمد 6/433-434، وأبو داؤد (2227) فى الطلاق: باب فى الخلع، والنسائى 6/169 فى الطلاق: باب ما جاء فى الخلع، وابن الجارود (749)، والبيهقى 7/312-313 .وأخرجه الشافعى 2/50، ومن طريقه البيهقى 7/313، عن ابن عيينة، عن يحيى بن سعيد، به مختصراً .وأخرجه أبو داؤد (2228) من طريق أبى عمر السدوسى المدنى سعيد بن سلمة بن أبى الحسام العدوى-، عن عبد الله بن أبى بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن عمرة، عن عائشة . . . .وأخرج أحمد 4/3 من طريق الحجاج بن أرطأة، عن عمرو بن شعيب .

بَابُ اللِّعَانِ

باب: لعان کا حکم

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِى مِنْ اَجْلِهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ اللِّعَانِ

اس سبب کا تذکرہ، جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے لعان کے حکم سے متعلق آیت نازل کی

4281 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: اَرَاَيْتُمْ لَوْ وَجَدَ رَجُلٌ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا، فَاِنْ قَتَلَهٗ قَتَلْتُمُوْهُ، وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ، فَوَاللّٰهِ لَاَسْاَلَنَّ عَنْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَيْهِ، فَسَاَلَهٗ، فَقَالَ: لَوْ وَجَدَ رَجُلٌ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا، فَاِنْ قَتَلَهٗ قَتَلْتُمُوْهُ، وَاِنْ تَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوْهُ، وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ افْتَحْ، فَنَزَلَتْ: (وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ) (النور: 6)، هٰؤُلَاءِ الْآيَاتُ فِي اللِّعَانِ، فَجَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَامْرَاَتُهٗ فَتَلَاعَنَا، فَشَهِدَ الرَّجُلُ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ، وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ، فَلَمَّا اَخَذَتِ امْرَاَتُهٗ لِتَلْتَعِنَ، قَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ، فَالْتَعَنَتْ، فَلَمَّا اَدْبَرَتْ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَعَلَّهَا اَنْ تَجِيْءَ بِهٖ اَسْوَدَ جَعْدًا، فَجَاءَتْ بِهٖ اَسْوَدَ جَعْدًا، قَالَ اِسْحَاقُ: قَالَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ: قُلْتُ لِجَرِيْرٍ: لَمْ يَرْوِ هٰذَا عَنِ الْاَعْمَشِ اَحَدٌ غَيْرُكَ، قَالَ: لٰكِنِّيْ سَمِعْتُهٗ مِنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ منورہ کی مسجد میں موجود تھے ایک صاحب نے عرض کی: آپ لوگوں کی کیا رائے ہے، اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے، تو اگر وہ اس دوسرے شخص کو قتل کر دیتا ہے، تو آپ لوگ اسے قتل کر دیں گے اور اگر وہ خاموش رہتا ہے، تو وہ ناراضگی کے عالم میں خاموش رہے گا (یا ایسی بات پر

4281- إسناده صحيح على شرطهما . جرير: هو ابن عبد الحميد . وأخرجه مسلم (1495) في اللعان، والبيهقي 7/405 من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم، وأبو داوُد (2253) في الطلاق: باب في اللعان، والبيهقي 7/405 من طريقين عن جرير، بِه . وأخرجه بنحوه أحمد 1/421-422، ومسلم، وابن ماجة (2068) في الطلاق: باب اللعان، وابن جرير الطبري في (جامع البيان) 18/84، من طرق عن الأعمش، به .

خاموش رہے گا' جس پر غصہ کیا جانا چاہئے) اللہ کی قسم! میں اس بارے میں نبی اکرم ﷺ سے ضرور دریافت کروں گا اگلے دن وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا: انہوں نے کہا: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے مار دیتا ہے' تو آپ لوگ قتل کر دیں گے اگر وہ یہ الزام عائد کرتا ہے' تو آپ لوگ اسے کوڑے لگائیں گے اور اگر وہ خاموش رہتا ہے' تو ایسی بات پر خاموش رہتا ہے' جس پر غصہ کرنا چاہئے پھر نبی اکرم ﷺ نے (یا اس شخص نے) دعا کی اے اللہ! تو کشادگی عطا کر تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر الزام عائد کرتے ہیں''۔

یہ آیات لعان کے بارے میں ہیں پھر وہ شخص اور اس کی بیوی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دونوں نے لعان کیا اس مرد نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ گواہی دی کہ وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہو پھر اس عورت نے لعان کرنا چاہا تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: ٹھہر جاؤ' لیکن اس عورت نے لعان کیا جب وہ چلی گئی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے' یہ عورت سیاہ رنگ کے گھنگھریالے بالوں والے بچے کو جنم دے (راوی کہتے ہیں) تو اس عورت کے ہاں سیاہ رنگ کے گھنگھریالے بالوں والے بچے کی پیدائش ہوئی۔

اسحاق نامی راوی کہتے ہیں: یحییٰ بن معین نے یہ بات بیان کی ہے میں نے جریر سے کہا آپ کے علاوہ اور کسی نے یہ روایت اعمش کے حوالے سے نقل نہیں کی ہے' تو جریر نے کہا: میں نے تو ان سے یہ روایت سنی ہوئی ہے۔

4282 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِي رَجُلًا اُمْهِلُهُ حَتّٰى آتِيَ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ ﷺ! آپ کی کیا رائے ہے' اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہوں' تو کیا میں اس شخص کو مہلت دوں گا تاکہ پہلے چار گواہ لے آؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔

4283 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ

4282- إسناده صحيح على شرط مسلم، سهيل بن أبي صالح، روى له البخاري مقروناً، واحتج به الباقون، وهو في (الموطأ) 2/737 في الأقضية: باب القضاء فيمن وجد مع امرأته رجلاً، و 823 في الحدود: باب ما جاء في الرجم .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/81، وأحمد 2/465، ومسلم (1498) (15) في اللعان، وأبو داؤد (4533) في الديات: باب في من وجد مع أهله رجلا أيقتله؟، والنسائي في الرجم كما في " التحفة " 9/416: باب عدد الشهود على الزنا، والبيهقي 8/230 و337 و10/147، والبغوي (2371) . أخرجه مسلم (1498) (16) عن سليمان بن بلال، عن سهيل بهذا الإسناد وزاد: قال: كلا والذي بعثك بالحق إن كنت لأعاجله بالسيف قبل ذلك، فقال رسول الله: " اسمعوا إلى ما يقول سيدكم إنه لغيور، وأنا أغير منه، والله أغير مني " .

الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا رَاٰى مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا يَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ، اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ بِهٖ؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنَ الْمُتَلَاعِنِيْنَ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ قُضِيَ فِيْكَ، وَفِيْ امْرَاَتِكَ، قَالَ: فَتَلَاعَنَا وَاَنَا شَاهِدٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ اَمْسَكْتُهَا فَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا فَفَارَقَهَا، فَكَانَتْ سُنَّةً بَعْدُ اَنْ يُّفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنِيْنَ، فَكَانَتْ حَامِلًا فَاَنْكَرَ حَمْلَهَا، وَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى اِلَيْهَا، ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمِيْرَاثِ اَنْ يَّرِثَهَا وَتَرِثُ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے‘ جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے مار دیتا ہے‘ تو آپ لوگ (بدلے میں) اسے قتل کر دیں گے ایسے شخص کو کیا کرنا چاہئے (راوی کہتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں وہ چیز ذکر کی جو لعان کرنے والوں کے حوالے سے ہے‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں فیصلہ دے دیا گیا ہے۔ راوی کہتے ہیں‘ تو ان دونوں نے لعان کیا میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر اب بھی میں اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں‘ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے‘ تو اس شخص نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کی۔

(راوی کہتے ہیں) اس کے بعد یہ طریقہ روایت پا گیا کہ لعان کرنے والوں کے درمیان علیحدگی کروا دی جاتی ہے وہ خاتون حاملہ تھیں اس شخص نے اس عورت کے حمل کا انکار کیا تھا تو اس خاتون کے بچے کو اس کی ماں کے حوالے سے بلایا جاتا تھا اس کے بعد میراث میں بھی یہ طریقہ جاری ہوا کہ وہ بچہ اس عورت کا وارث بنتا تھا اور وہ عورت اس بچے کی وارث بنتی تھی جو اللہ تعالیٰ نے اس کا حصہ مقرر کیا تھا۔

ذِكْرُ اسْمِ هٰذَا الْمُلَاعِنِ امْرَاَتَهُ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اپنی بیوی کے ساتھ لعان کرنے والے اس شخص کے نام کا تذکرہ جن کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

4284 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ اَخْبَرَهٗ،

4283- بإسناده على شرطهما فليح -وهو ابن سليمان- وإن كان فيه كلام من جهة حفظه، قد توبع كما سيأتي، أبو الربيع: هو سليمان بن داوٗد العتكي .وأخرجه البيهقي 7/401 من طريق أبي يعلى أحمد بن علي بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (4746) في التفسير: باب (وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ) والطبراني (5683)، والبيهقي 6/258 و7/401 من طريق أبي الربيع، بِهِ .وأخرجه مختصراً أبو داوٗد (2252) في الطلاق: باب في اللعان عن أبي الربيع الزهراني، بِهِ .

(متن حدیث): اَنَّ عُوَيْمِرَ الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ اِلٰى عَاصِمِ بْنِ عَدِيِّ الْاَنْصَارِيِّ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَاصِمُ، اَرَاَيْتَ اَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا اَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ سَلْ لِيْ يَا عَاصِمُ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَسَاَلَ عَاصِمٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، حَتّٰى كَبُرَ عَلٰى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ اِلٰى اَهْلِهِ، جَاءَهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ لِعُوَيْمِرٍ: لَمْ تَاْتِنِيْ بِخَيْرٍ، قَدْ كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْاَلَةَ الَّتِيْ سَاَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا اَنْتَهِيْ حَتّٰى اَسْاَلَهُ عَنْهَا، فَجَاءَ عُوَيْمِرٌ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَطَ النَّاسِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اُنْزِلَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ فَاْتِ بِهَا، فَقَالَ سَهْلٌ: فَتَلَاعَنَا وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلَاعُنِهِمَا، قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ اَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَّاْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ' حضرت عاصم بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے انہوں نے ان سے کہا: اے عاصم اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے' تو اگر وہ اسے قتل کر دیتا ہے' تو آپ لوگ اسے قتل کر دیں گے تو اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔ اے عاصم آپ میرے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کریں۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نوعیت کے سوالات کو ناپسندیدہ اور اسے معیوب قرار دیا۔ یہ بات حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کے لیے بڑی تکلیف دہ تھی جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی جب عاصم اپنے گھر واپس آئے' تو عویمر ان کے پاس آئے انہوں نے کہا: اے عاصم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے کیا فرمایا تو عاصم نے عویمر سے کہا تم میرے پاس بھلائی لے کر نہیں آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسندیدہ قرار دیا جس کے بارے میں' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا' تو عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں باز نہیں آؤں گا' جب تک میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت نہیں کر لیتا پھر حضرت عویمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں حکم نازل ہو گیا ہے تم جاؤ اور اسے لے آؤ۔

حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو ان دونوں نے لعان کیا میں لوگوں کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جب وہ

4284- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه البغوى (2366) من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، بهذا الإسناد . وهو فى " الموطأ " 2/566-567، فى الطلاق: باب ما جاء فى اللعان . ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 2/44، وأحمد 5/336-337، والدارمى 2/150، والبخارى (5259) فى الطلاق: باب من جوز الطلاق الثلاث، و (5308) باب اللعان ومن طلق بعد اللعان، ومسلم (1492) فى أول اللعان، وأبو داؤد (2245) فى الطلاق: باب فى اللعان، والنسائى 6/143- 144 فى الطلاق: باب الرخصة فى ذلك (أى فى الثلاث مجموعة)، والطبرانى (5676) والبيهقى 7/398-399 و399 .

دونوں لعان کر کے فارغ ہو گئے‘ تو حضرت عویمر نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! اگر میں اب بھی اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں‘ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے‘ تو نبی اکرم ﷺ کے انہیں کچھ ہدایت کرنے سے پہلے ہی انہوں نے اس خاتون کو تین طلاقیں دے دیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4285 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ اَتٰى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ وَكَانَ سَيِّدُ بَنِي الْعَجْلَانِ، فَقَالَ: كَيْفَ تَقُوْلُوْنَ فِيْ رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا اَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَقَالَ: سَلْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَاَتٰى عَاصِمٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا اَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَاَتٰى عُوَيْمِرًا، فَقَالَ لَهُ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا اَنْتَهِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَاَتٰى عُوَيْمِرٌ فَسَاَلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ، فَاَمَرَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاعَنَا بِمَا سَمَّى اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ، قَالَ: فَلَاعَنَهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اِنْ حَبَسْتُهَا فَقَدْ ظَلَمْتُهَا، قَالَ: فَطَلَّقَهَا، وَكَانَتْ سُنَّةً لِمَنْ بَعْدَهُمَا مِنَ الْمُتَلَاعِنِيْنَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُنْظُرُوا فَاِنْ جَاءَتْ بِهِ

4285– إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم، ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات على شرطهما، محمد بن يوسف: هو الفريابي . وأخرجه الدارمي 2/150، والبخاري (4745) في التفسير: باب (وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ . . .)، والطبراني (5677)، وابن الجارود (756) والبيهقي 7/400 من طرق عن محمد بن يوسف، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داؤد (2249) من طريق محمد بن يوسف الفريابي، به مختصراً .وأخرجه الشافعي 2/45، 45–46، 46، 47 وأحمد 5/330–331، 334، 337، وعبد الرزاق (12445) و (12446) و (12447)، والبخاري (423) في الصلاة: باب القضاء واللعان في المسجد، و (5309) في الطلاق: باب التلاعن في المسجد، و (7165) و (7166) في الأحكام: باب من قضى ولاعَنَ في المسجد، و (7304) في الاعتصام: باب ما يكره من التعمق والتنازع والغلو في الدين والبدع، ومسلم (1492) و (3) وأبو داؤد (2247) و (2248) و (2251)، وابن ماجة (2066) في الطلاق: باب اللعان، والطبراني (5674) و (5678) و (5679) و (5680) و (5681) و (5682) و (5684) و (5685) و (5686) و (5687) و (5688) و (5689) و (5691) و (5692)، والطحاوي 3/102، والبيهقي 7/399 و400 و401، والبغوي (2367) من طرق وبألفاظ مختلفة عن الزهري، عن سهل بن سعد .وأخرجه النسائي 6/170–171 في الطلاق: باب بدء اللعان، والطبراني (5690) من طريقين عن أبي داوُد، عن عبد العزيز بن أبي سلمة وإبراهيم بن سعد، عن الزهري، عن سهل بن سعد، عن عاصم بن عدي، فجعله من مسند عاصم .

اَسْحَمَ، اَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ، عَظِيمَ الْاَلْيَتَيْنِ، خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، فَلَا اَحْسِبُ عُوَيْمِرًا اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، وَاِنْ جَاءَ تْ بِهٖ اُحَيْمِرَ كَاَنَّهٗ وَحْرَةٌ فَلَا اَحْسِبُ عُوَيْمِرًا اِلَّا وَقَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا، قَالَ فَجَاءَ تْ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الَّذِي نَعَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِيقِ عُوَيْمِرٍ، قَالَ: فَكَانَ يُنْسَبُ بَعْدُ اِلٰى اُمِّهٖ

✿✿ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عویمر عجلانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جو بنو عجلان کے سردار تھے انہوں نے کہا: ایسے شخص کے بارے میں آپ لوگ کیا کہتے ہیں جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور مرد کو پاتا ہے تو اگر وہ اسے قتل کر دیتا ہے تو آپ لوگ اس شخص کو قتل کر دیں گے تو پھر اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا: آپ میرے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کریں۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایک اور شخص کو پاتا ہے تو کیا وہ اسے قتل کر دے اس طرح تو آپ اسے قتل کر دیں گے تو پھر اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسندیدہ قرار دیا اور اسے معیوب قرار دیا۔ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انہوں نے ان سے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسندیدہ اور معیوب قرار دیا ہے تو حضرت عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس وقت تک باز نہیں آؤں گا جب تک اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت نہیں کر لیتا تو حضرت عویمر رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں (حکم) نازل کر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں (میاں بیوی) کو ہدایت کی تو ان دونوں نے لعان کیا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: اس شخص نے اس عورت کے ساتھ لعان کر لیا پھر اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں اب بھی اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں تو میں اس کے ساتھ زیادتی کا مرتکب ہو جاؤں گا۔ راوی کہتے ہیں تو انہوں نے اس عورت کو طلاق دے دی۔

اس کے بعد لعان کرنے والوں میں یہ طریقہ رائج ہو گیا (کہ مرد آخر میں عورت کو طلاق دے دیتا ہے)

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس بات کا دھیان رکھنا اگر اس عورت نے کالے رنگ کے کالی آنکھوں والے بڑے سرین والے اور موٹی ایڑیوں والے بچے کو جنم دیا تو میرا اندازہ ہے عویمر نے اس عورت کے بارے میں سچ کہا ہو گا اور اگر اس نے سرخ رنگ کے بچے کو جنم دیا یوں جیسے وہ چھپکلی ہوتی ہے تو پھر مجھے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ عویمر نے اس عورت کے بارے میں غلط بیانی کی ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس عورت نے اس شکل وصورت کے بچے کو جنم دیا جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان کیا تھا کہ اس صورت میں عویمر کا سچ ہونا ثابت ہو گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد اس بچے کو اس کی ماں کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ اللِّعَانِ الَّذِي يَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ مَنْ وَصَفْنَا نَعْتَهُمَا مِنَ الزَّوْجِ وَالْمَرْاَةِ

لعان کے اس طریقے کا تذکرہ جوان دومیاں بیوی کے درمیان کرنا ضروری ہے جن کی حالت ہم نے بیان کی ہے

4286 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِيْ اِمْرَةِ مُصْعَبٍ، اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟، فَمَا دَرَيْتُ مَا اَقُوْلُ فِيْهِ، فَقُمْتُ مَكَانِيْ اِلٰى مَنْزِلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَهُوَ قَائِلٌ، فَاسْتَاْذَنْتُهُ، فَقَالَ الْغُلَامُ: اِنَّهُ قَائِلٌ، فَقُلْتُ: مَا بُدٌّ مِنْ اَنْ اَدْخُلَ عَلَيْهِ فَسَمِعَ صَوْتِيْ، فَعَرَفَهُ، وَقَالَ: اَسَعِيْدٌ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اُدْخُلْ مَا جِئْتَ هٰذِهِ السَّاعَةَ اِلَّا لِحَاجَةٍ، فَدَخَلْتُ، وَهُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْذَعَةَ رَحْلِهٖ مُتَوَسِّدٌ وِسَادَةً حَشْوُهَا لِيفٌ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، الْمُتَلَاعِنَانِ، اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، نَعَمْ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ اَحَدَنَا رَاٰى امْرَاَتَهٗ عَلٰى فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ اِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِاَمْرٍ عَظِيْمٍ، وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى مِثْلِ ذٰلِكَ، فَلَمْ يُجِبْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ ذٰلِكَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اِنَّ الَّذِيْ سَاَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيْتُ بِهٖ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ فَدَعَا الرَّجُلَ، فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهِ وَوَعَظَهٗ وَذَكَّرَهٗ، وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ، فَقَالَ: لَا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا، ثُمَّ دَعَا بِالْمَرْاَةِ فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا، وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ، فَقَالَتْ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنَّهٗ لَكَاذِبٌ، فَبَدَاَ بِالرَّجُلِ، فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ، ثُمَّ ثَنّٰى بِالْمَرْاَةِ فَشَهِدَتْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ، ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا

❀❀ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: مجھ سے مصعب کی حکومت کے دور میں لعان کرنے والوں کے بارے میں یہ سوال کیا گیا کہ کیا ان کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی' تو مجھے یہ علم نہیں تھا کہ میں اس بارے میں کیا جواب دوں میں اپنی جگہ سے اٹھ کر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر آیا وہ اس وقت دوپہر کے وقت آرام کررہے تھے میں نے اندر آنے کی اجازت مانگی' تو غلام نے یہ کہا: وہ آرام کررہے ہیں میں نے کہا: میرا اس وقت ان کی خدمت میں حاضر ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے میری آواز سن کر مجھے

4286- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الملك بن أبي سليمان من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه أحمد 2/19 و42 والدارمي 2/150-151، ومسلم (1493) في أول اللعان، والترمذي (1202) في الطلاق: باب ما جاء في اللعان، والنسائي في التفسير كما في " التحفة " 5/426، وابن الجارود (752)، والبيهقي 7/404-405 من طرق عن عبد الملك بن أبي سليمان، بهذا الإسناد .

پہچان لیا۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا سعید ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے فرمایا: تم اندر آ جاؤ تم اس وقت کسی ضروری کام کے سلسلے میں ہی آئے ہو گے میں اندر چلا گیا وہ اس وقت اپنے پالان کی چادر کو بچھائے ہوئے تھے اور انہوں نے تکیے کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی جو کھجور کے پتوں سے بنا ہوا تھا میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن لعان کرنے والے دوفریقوں کے درمیان کیا علیحدگی کروا دی جائے گی۔ انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ جی ہاں سب سے پہلے اس بارے میں فلاں بن فلاں نے دریافت کیا تھا: وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' ہم میں سے کوئی ایک شخص اپنی بیوی کو زنا کرتے ہوئے دیکھتا ہے' تو اسے کیا کرنا چاہئے اگر وہ اس بارے میں بات کرتا ہے' تو وہ ایک بڑے معاملے کے بارے میں بات کرے گا اور اگر وہ خاموش رہتا ہے' تو وہ بھی اسی کی مانند (یعنی بڑے معاملے کے بارے میں) خاموش رہے گا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو کوئی جواب نہیں دیا اس کے بعد وہ شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے آپ ﷺ سے جس چیز کے بارے میں دریافت کیا تھا: میں خود اس آزمائش میں مبتلا ہو گیا ہوں (راوی کہتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کر دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو بلوایا اور ان آیات کو اس کے سامنے تلاوت کیا اسے وعظ ونصیحت کی اسے ترغیب دی اور اسے یہ بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں زیادہ آسان ہے اس شخص نے کہا: جی نہیں اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں نے اس عورت پر جھوٹا الزام نہیں لگایا پھر نبی اکرم ﷺ نے اس عورت کو بلوایا آپ ﷺ نے اسے وعظ ونصیحت کی اور اسے یہ بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں زیادہ آسان ہے اس عورت نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے وہ شخص جھوٹ بول رہا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے مرد سے آغاز کیا اس نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی (قسم اٹھا کر) اس بات کی گواہی دی کہ وہ سچ بول رہا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اگر وہ جھوٹ بول رہا ہو' تو اس پر اللہ کی لعنت ہو پھر دوسری مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے عورت سے لعان کروایا اس نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ گواہی دی کہ وہ مرد جھوٹ بول رہا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اگر وہ مرد سچا ہے' تو اس عورت پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہو۔

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزَّوْجَيْنِ اِذَا تَلَاعَنَا عَلٰى حَسَبِ مَا وَصَفْنَاهُ لَمْ يَكُنْ لَهُ السَّبِيْلُ عَلَيْهَا فِيمَا بَعْدُ مِنْ اَيَّامِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب میاں بیوی لعان کر لیں جو اس طریقے کے مطابق ہو' جسے ہم نے ذکر کیا ہے اس کے بعد مرد کا اس عورت کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں رہتا

4287 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ: حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ اَحَدُكُمَا كَاذِبٌ لَا سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَالِي؟ قَالَ: لَا مَالَ لَكَ، اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ مَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ

فَرْجِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ اَبْعَدُ لَكَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے لعان کرنے والے میاں بیوی سے یہ فرمایا: تم دونوں کا حساب اللہ کے ذمے ہے تم دونوں میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے (آپ ﷺ نے مرد سے فرمایا) تمہارا اس عورت کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میرے مال (کا کیا بنے گا' جو میں نے اسے مہر کے طور پر دیا تھا) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں مال نہیں ملے گا اگر تم نے اس پر سچا الزام لگایا ہے' تو تم نے اس مال کے عوض میں اس عورت کی شرم گاہ کو اپنے لیے حلال کر لیا اور اگر تم نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے' تو پھر تو یہ اور زیادہ دور ہو جائے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وَلَدَ الْمُتَلَاعِنَةِ يَلْحَقُ بِهَا بَعْدَ اللِّعَانِ الْوَاقِعِ بَيْنَهَا وَبَيْنَ زَوْجِهَا دُوْنَ اَنْ يَّلْحَقَ بِزَوْجِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' لعان کرنے والی عورت کے بچے کی نسبت اس عورت کی طرف

کی جائے گی جو اس لعان کے بعد ہو گی جو اس عورت اور اس کے شوہر کے درمیان واقع ہوا اس بچے کو اس عورت کے شوہر کی طرف منسوب نہیں کیا جائے گا

4288 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا لَاعَنَ امْرَاَتَهُ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا، فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا، وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْاَةِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ایک شخص نے اپنی بیوی کے ساتھ لعان کیا اور اس عورت کے بچے (کے نسب کی) نفی کر دی تو نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں (میاں بیوی) کے درمیان علیحدگی کروا دی اور بچے کو اس کی ماں کی طرف منسوب کر دیا۔

4287- إسناده صحيح على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب .وأخرجه مسلم (1493) (5) في اللعان، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/49، وأحمد 2/11، والحميدي (671)، والبخاري (5312) في الطلاق: باب قول الإمام للمتلاعنين: إن أحدكما كاذب فهل منكما من تائب، و (5350) : باب المتعة التي لم يفرض لها، ومسلم، وأبو داوُد (2257) في الطلاق: باب في اللعان والنسائي 6/177 في الطلاق: باب اجتماع المتلاعنين، وابن الجارود (753)، والبيهقي 7/401، 404 و409، والبغوي (2369) من طريق سفيان بن عيينة، بِهِ .وأخرجه البخاري (5311) و (5349) عن عمرو بن زرارة، عن إسماعيل، عن أيوب، عن سعيد بن جبير قال: قلت لابن عمر . . .

4288- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في " الموطأ " 2/567 في الطلاق: باب ما جاء في اللعان .ومن طريق مالك خرجه الشافعي 2/47، واحمد 2/7 و38 و64 و71، والدارمي 2/151، والبخاري (5315) في الطلاق: باب يلحق الولد بالملاعنة، و (6748) في الفرائض: باب ميراث الملاعنة، ومسلم (1494) (8) في اللعان، وأبو داوُد (2259)، والترمذي (1203) في الطلاق: باب ما جاء في اللعان، والنسائي 6/178 في الطلاق: باب نفي الولد باللعان وإلحاقه بأمه وابن ماجة (2069) في الطلاق: باب اللعان، وابن الجارود (754)، والبيهقي 7/402 و409، والبغوي (2368) .

بَابُ الْعِدَّةِ

عدت کا حکم

4289 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

(متن حدیث):اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ اَبِي عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَطَلَّقَهَا اٰخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيقَاتٍ، فَزَعَمَتْ اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْ فِي خُرُوجِهَا مِنْ بَيْتِهَا، فَاَمَرَهَا اَنْ تَنْتَقِلَ اِلٰى ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ الْاَعْمٰى

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ حضرت ابوعمرو بن حفص بن مغیرہ کی اہلیہ تھیں انہوں نے اس خاتون کو تین طلاقیں دے دیں وہ خاتون بیان کرتی ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے گھر سے باہر نکلنے کے بارے میں مسئلہ دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ جو نابینا ہیں ان کے ہاں منتقل ہو جائے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ بِالْانْتِقَالِ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر منتقل ہونے کا حکم دیا گیا تھا

4290 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

4289- إسناده صحيح، يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب، وهو ثقة روى له أبو داؤد والنسائي، وابن ماجة، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه أبو داؤد (2289) في الطلاق: باب في نفقة المبتوتة، عن يزيد بن خالد بن موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/415-416، ومسلم (1480) (40) في الطلاق: باب المطلقة ثلاثًا لا نفقة لها والطبراني /24 (910)، والبيهقي 7/432 من طرق عن الليث، به .وأخرجه عبد الرزاق (12022)، وأحمد 6/416، والطبراني /24 (909) .

4290- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في " الموطأ " 2/580-581 في الطلاق: باب ما جاء في نفقة المطلقة .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في " المسند " 2/18-19 و54، و" الرسالة " فقرة (856)، وأحمد 6/412، ومسلم (1480) (36) وأبو داؤد (2284)، والنسائي 6/75-76 في النكاح: باب إذا استشارت المرأة رجلاً فيمن يخطبها هل يخبرها بما يعلم، والطبراني /24 (913)، وابن الجارود (760) والبيهقي 7/135 و177-178 و181 و432 و471، والبغوي (2385) . وانظر (4253) .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ بِالشَّامِ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا وَكِيلَهُ بِشَعِيرٍ، فَسَخِطَتْهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ، فَجَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهَا: لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ، وَاَمَرَهَا اَنْ تَعْتَدَّ فِي بَيْتِ اُمِّ شَرِيكٍ، ثُمَّ قَالَ: تِلْكَ امْرَاَةٌ يَغْشَاهَا اَصْحَابِي، فَاعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ، فَاِنَّهُ رَجُلٌ اَعْمَى تَضَعِينَ ثِيَابَكِ حَيْثُ شِئْتِ، فَاِذَا حَلَلْتِ فَآذِنِينِي، قَالَتْ: فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ وَاَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَبُو جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهِ، وَاَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوكٌ لَا مَالَ لَهُ، انْكِحِي اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَتْ: فَكَرِهْتُ، ثُمَّ قَالَ: انْكِحِي اُسَامَةَ، فَنَكَحْتُهُ، فَجَعَلَ اللّٰهُ فِيهِ خَيْرًا وَاغْتَبَطْتُ بِهِ

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوعمرو بن حفص رضی اللہ عنہ نے انہیں طلاق بتہ دے دی وہ اس وقت (مدینہ منورہ) میں موجود نہیں تھے اور شام میں تھے انہوں نے اس خاتون کی طرف اپنے وکیل کو کچھ ''جو'' دے کر بھیجا اس خاتون نے اس وکیل پر ناراضگی کا اظہار کیا' تو اس وکیل نے کہا: اللہ کی قسم! تمہارے لیے ہمارے ذمہ اور کوئی چیز نہیں ہے۔ وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تمہیں خرچ دینا اس پر لازم نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ ہدایت کی کہ وہ سیّدہ ام شریک رضی اللہ عنہا کے ہاں عدت بسر کرے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تو ایک ایسی خاتون ہیں جس کے ہاں میرے اصحاب آتے جاتے رہتے ہیں تم ابن ام مکتوم کے ہاں عدت بسر کرو' کیونکہ وہ نابینا شخص ہے تم جہاں چاہو اپنی چادر وغیرہ اتار سکتی ہو جب تمہاری عدت ختم ہو جائے' تو تم مجھے اطلاع دے دینا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب میری عدت پوری ہوگئی تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جہاں تک ابوجہم کا تعلق ہے' تو وہ اپنی گردن سے عصا کو رکھتا نہیں ہے اور جہاں تک معاویہ کا تعلق ہے' تو وہ کنگال شخص ہے اس کے پاس مال نہیں ہے تم اسامہ بن زید کے ساتھ شادی کرلو وہ خاتون کہتی ہیں: مجھے یہ بات پسند نہیں آئی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسامہ کے ساتھ شادی کرلو تو میں نے ان کے ساتھ شادی کرلی اللہ تعالیٰ نے اس میں اتنی بھلائی رکھی کہ مجھ پر رشک کیا جاتا تھا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ اِثْبَاتِ السَّكَنِ لِلْمَبْتُوتَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' طلاق بتہ یافتہ عورت کو رہائش کا حق نہیں ملے گا

4291 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4291– عمرو بن العباس من رجال البخاري، وذكره المؤلف في " الثقات " وقال: ربما خالف، ومؤمّل بن إسماعيل صدوق سيء الحفظ، روى له البخاري تعليقاً واحتج به الترمذي والنسائي وابن ماجة . ومن فوقهما ثقات على شرطهما، وقد تقدم الحديث من غير طريق مؤمل عن سفيان عند المؤلف، فانظر (4250) و (4251) .

مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اَلْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَيْسَ لَهَا سُكْنَى، وَلَا نَفَقَةٌ

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جس عورت کو تین طلاقیں دے دی گئی ہوں اسے رہائش اور خرچ نہیں ملے گا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ عِدَّةِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا

بیوہ عورت کی عدت کا تذکرہ

4292 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ عَمَّتِهِ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكِ بْنِ سِنَانَ، وَهِيَ اُخْتُ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اَخْبَرَتْهَا، اَنَّهَا جَاءَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ اَنْ تَرْجِعَ اِلَى اَهْلِهَا فِي بَنِي خُدْرَةَ، فَاِنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِي طَلَبِ اَعْبُدٍ لَهُ اَبَقُوا، حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِطَرَفِ الْقَدُومِ لَحِقَهُمْ، فَقَتَلُوهُ، فَسَاَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَرْجِعَ اِلَى اَهْلِي، فَاِنَّ زَوْجِي لَمْ يَتْرُكْنِي فِي مَنْزِلٍ يَمْلِكُهُ، وَلَا نَفَقَةَ، فَقَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ، اَوْ فِي الْمَسْجِدِ، دَعَانِي، اَوْ اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُعِيتُ لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتِ؟، قَالَتْ: فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ الَّتِي ذَكَرْتُ مِنْ شَاْنِ زَوْجِي، فَقَالَ: امْكُثِي فِي بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ، قَالَتْ: فَاعْتَدَدْتُ فِيهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا، قَالَتْ: فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اَرْسَلَ اِلَيَّ، فَسَاَلَنِي عَنْ ذٰلِكَ فَاَخْبَرْتُهُ، فَاتَّبَعَهُ، وَقَضَى بِهِ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: رَوَى هٰذَا الْخَبَرَ الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، وَالْقَدُومُ: مَوْضِعٌ بِالْحِجَازِ، وَهُوَ

4292– إسناده صحيح، زينب بنت كعب زوج أبي سعيد الخدري، روى عنها ابنا أخويها سعد بن إسحاق، وسليمان بن محمد، ووثقها المؤلف واحتج بها مالك، وذكرها ابن الأثير وابن فتحون في " الصحابة " وهو في " الموطأ " 2/591 في الطلاق: باب مقام المتوفى عنها زوجها في بيتها حتى تحل .ومن طريق الإمام مالك أخرجه الشافعي في " الرسالة " (1214)، و" المسند " 2/53–54، والدارمي 2/168، وأبو داوُد (2300) في الطلاق: باب في المتوفى عنها تنتقل، والترمذي (1204) في الطلاق: باب ما جاء أين تعتد المتوفى عنها زوجها، والنسائي في التفسير كما في " التحفة " 12/475، وابن سعد 8/368 (وقد سقط من سنده في المطبوع: عَنْ عَمَّتِهِ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ عُجرة)، والبيهقي 7/434، والبغوي (2386) .وقال الترمذي: حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 6/370 و420–421، والترمذي بعد الحديث (1204)، والنسائي 6/199 و199–200 و200 في الطلاق: باب مقام المتوفى عنها زوجها في بيتها حتى تحل، وابن ماجة (2031) في الطلاق: باب أين تعتد المتوفى عنها زوجها، وابن سعد 8/368، وابن الجارود (759)، والبيهقي 7/434 و435 من طرق عن سعد بن إسحاق، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 2/208 ووافقه الذهبي .

الْمَوْضِعُ الَّذِی رُوِیَ فِی بَعْضِ الْاَخْبَارِ: اَنَّ اِبْرَاهِیمَ اخْتَتَنَ بِالْقَدُومِ

سیّدہ زینب بنت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ فریعہ بنت مالک بن سنان رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں انہوں نے اس خاتون کو بتایا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی کہ وہ خاتون اپنے میکے بنوخدرہ میں منتقل ہو جائے' کیونکہ ان کا شوہر اپنے کچھ مفرور غلاموں کی تلاش میں نکلا تھا اور طرف قدوم کے مقام پر اس نے ان غلاموں کو پکڑ لیا تھا اور ان غلاموں نے اسے قتل کر دیا تھا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا کہ میں اپنے میکے واپس چلی جاتی ہوں کیوں کہ میرے شوہر نے میرے لیے کوئی ایسا گھر نہیں چھوڑا جس کا وہ مالک ہوا اور نہ ہی خرچ کرنے کے لیے کچھ چھوڑا ہے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ٹھیک ہے میں وہاں سے روانہ ہوئی ابھی میں حجرے میں ہی تھی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مسجد میں ہی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بارے میں حکم دیا' تو مجھے بلا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے کیا بیان کیا تھا وہ خاتون کہتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا واقعہ بیان کیا جو میں نے اپنے شوہر کی صورت حال کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے گھر میں ٹھہری رہو جب تک تمہاری عدت پوری نہیں ہو جاتی۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں' تو میں نے اس گھر میں چار ماہ دس دن تک عدت گزاری۔

وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (کا عہد خلافت آیا) انہوں نے مجھے پیغام بھیجا اور مجھ سے اس بارے میں دریافت کیا: تو میں نے انہیں اس بارے میں بتایا تو انہوں نے اس کی پیروی کی اور اس کے مطابق فیصلہ لیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت زہری کے حوالے سے امام مالک نے نقل کی ہے اور ''قدوم'' حجاز میں ایک جگہ کا نام ہے یہ وہ جگہ ہے' جس کے بارے میں بعض روایات میں یہ بات منقول ہے' حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قدوم کے مقام پر ختنہ کیا تھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِعْتِدَادِ لِلْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا فِي الْبَيْتِ الَّذِی جَاءَ فِيهِ نَعْيُهُ

بیوہ عورت کو اس گھر میں عدت گزارنے کے حکم ہونے کا تذکرہ

جہاں اس کے شوہر کے انتقال کی اطلاع آئی تھی

4293 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیدِ الطَّیَالِسِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِی سَعْدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عَمَّتَهُ زَیْنَبَ، تُحَدِّثُ عَنْ فُرَیْعَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ زَوْجَهَا كَانَ فِی قَرْیَةٍ مِنْ قُرَى الْمَدِینَةِ، وَاَنَّهُ تَبِعَ اَعْلَاجًا، فَقَتَلُوهُ، فَاَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتِ الْوَحْشَةَ، وَذَكَرَتْ اَنَّهَا فِی مَنْزِلٍ لَیْسَ لَهَا، وَاَنَّهَا اسْتَاْذَنَتْهُ اَنْ تَاْتِیَ اِخْوَتَهَا بِالْمَدِینَةِ، فَاَذِنَ لَهَا، ثُمَّ اَعَادَهَا، ثُمَّ قَالَ لَهَا: امْكُثِی فِی بَیْتِكِ الَّذِی جَاءَ فِیهِ نَعْیُهُ حَتّٰی یَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ

سیّدہ فریعہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان کے شوہر مدینہ منورہ کے کسی دیہات میں تھے وہ اپنے (کچھ مفرور) غلاموں کے پیچھے گئے ان غلاموں نے انہیں قتل کر دیا وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آبادی سے دور رہنے کی وجہ سے) اپنی وحشت کا تذکرہ کیا اس خاتون نے یہ بات ذکر کی کہ وہ ایک ایسے گھر میں رہتی ہے' جو اس کی ملکیت نہیں ہے۔ اس خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اجازت مانگی کہ وہ مدینہ منورہ میں اپنے بھائیوں کے ہاں آ جائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دے دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صورت حال دہرانے کے لیے کہا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے ارشاد فرمایا: تم اپنے اس گھر میں ٹھہری رہو جہاں اس کے انتقال کی اطلاع آئی تھی اس وقت تک جب تک تمہاری عدت پوری نہیں ہو جاتی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ انْقِضَاءَ عِدَّةِ الْحَامِلِ وَضْعُهَا حَمْلَهَا، وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ فِي مُدَّةٍ يَسِيرَةٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' حاملہ عورت کی عدت اس کے ہاں بچے کی پیدائش سے ختم ہو جاتی ہے (خواہ وہ پیدائش اس کے بیوہ ہونے کے) کچھ ہی عرصہ کے بعد ہو جائے

4294 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُتْبَةَ، كَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ، أَنِ ادْخُلْ عَلٰى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْأَسْلَمِيَّةِ، فَاسْأَلْهَا عَمَّا أَفْتَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَمْلِهَا، قَالَ: فَدَخَلَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَأَلَهَا، فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا، فَتُوُفِّيَ عَنْهَا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَوَلَدَتْ قَبْلَ أَنْ يَمْضِيَ لَهَا أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٍ مِنْ وَفَاةِ بَعْلِهَا، فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا، دَخَلَ عَلَيْهَا أَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ فَرَآهَا مُتَجَمِّلَةً، فَقَالَ لَهَا: لَعَلَّكِ تُرِيدِينَ النِّكَاحَ قَبْلَ أَنْ يَمُرَّ عَلَيْكِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٍ، قَالَتْ: فَلَمَّا سَمِعْتُ ذٰلِكَ مِنْ أَبِي السَّنَابِلِ، جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ، وَاسْتَفْتَيْتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ حَلَلْتِ حِينَ وَضَعْتِ حَمْلَكِ

4294– إسناده صحيح، كثير بن عبيد ثقة روى له أبو داؤد والنسائي وابن ماجه، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . محمد بن حرب: هو الخولاني الحمصي، والزبيدي: هو محمد بن الوليد بن عامر الحمصي القاضي .وأخرجه النسائي 6/196 في الطلاق: باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها، عن كثير بن عبيد، بهذا الإسناد .وحديث سبيعة أخرجه من طرق وبألفاظ مختلفة: مالك 2/590 في الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها إذا كانت حاملاً، وعبد الرزاق (11722)، وأحمد 6/432، والبخاري (5319) و (5320) في الطلاق: باب (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ)، ومسلم (1484) في الطلاق: باب انقضاء عدة المتوفى عنها زوجها، وغيرها، بوضع الحمل، وأبو داؤد (2306) في الطلاق: باب في عدة الحامل، والنسائي 6/194–195 و195–196، وابن ماجة (2028) في الطلاق: باب الحامل المتوفى عنها زوجها، والطبراني 24/ (745) و (746) و (747) و (748) و (749) و (750)، والبيهقي 7/428– 429، والبغوي (2388) .

عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن عتبہ نے عمر بن عبداللہ کو خط لکھا کہ تم سیّدہ سبیعہ بنت حارث اسلمیہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے اس بارے میں دریافت کرو جو نبی اکرم ﷺ نے ان کے حمل کے بارے میں فتویٰ دیا تھا۔ راوی کہتے ہیں' تو عمر بن عبداللہ وہاں گئے انہوں نے اس خاتون سے دریافت کیا: تو اس خاتون نے انہیں بتایا کہ وہ حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی تھے جنہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے ان کا انتقال حجۃ الوداع کے موقع پر ہو گیا تو اس خاتون نے اپنے شوہر کے انتقال کے چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی بچے کو جنم دے دیا جب وہ نفاس سے پاک ہو گئی تو بنو عبدالدار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب ابوسنابل بن بعکک ان کے پاس آئے انہوں نے اس خاتون کو بنے سنورے دیکھا تو اس خاتون سے کہا شاید تم چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی دوبارہ شادی کرنا چاہتی ہو۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب میں نے ابوسنابل کی زبانی یہ بات سنی تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی میں نے آپ ﷺ کو یہ بات بتائی اور مسئلہ دریافت کیا: تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم نے بچے کو جنم دیا تھا تو اس وقت تمہاری عدت ختم ہو گئی تھی۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعِدَّةِ لِلْحَامِلِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا

حاملہ بیوہ کی عدت کا تذکرہ

4295 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ امْرَاةٍ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ، قَالَ اَبُو سَلَمَةَ: فَقُلْتُ: اَمَا قَالَ اللّٰهُ: (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق: 4)، قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِي - يَعْنِي اَبَا سَلَمَةَ - فَاَرْسَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُرَيْبًا اِلٰى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَسْاَلُهُنَّ، هَلْ سَمِعْتُنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ سُنَّةً؟، فَاَرْسَلْنَ اِلَيْهِ اَنَّ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةَ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا گیا: جو اپنے شوہر کے انتقال کے چالیس دن بعد بچے کو جنم دے دیتی ہے' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دونوں طرح کی عدت میں

4295- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات على شرطهما، وقد صرح الوليد بن مسلم بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه، يحيى: هو ابن أبي كثير .وأخرجه البخاري (4909) في التفسير: باب (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) عن سعد بن حفص، حدثنا شيبان، عن يحيى، قال: أخبرني أبو سلمة، قال: جاء رجل إلى ابن عباس وأبو هريرة جالس عنده، فقال: أفتني في امرأةٍ ولدت بعد زَوْجِهَا بِاَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اٰخِرَ الأجلين، قلت أنا: (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ)، قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِي -يعني أبا سلمة-، فأرسل ابن عباس غلامه كريباً إلى أم سلمة يسألها، فقالت: قتل زوج سبيعة الأسلمية وهي حبلى، فوضعت بعد موته بأربعين ليلة، فخطبت، فأنكحها رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أبو السنابل فيمن خطبها .

سے جو بعد میں پوری ہوگی وہ اس کے مطابق عدت گزارے گی۔

ابوسلمہ کہتے ہیں میں نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد نہیں فرمائی ہے۔

"حمل والی عورتوں کی عدت اس وقت ختم ہوگی جب وہ بچے کو جنم دے دیں"۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنے بھتیجے یعنی ابوسلمہ کے ساتھ ہوں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کریب کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی طرف بھجوایا تاکہ وہ ان سے اس بارے میں دریافت کریں کہ کیا آپ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی کوئی حدیث سن رکھی ہے' تو ان ازواج نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو یہ جواب بھجوایا کہ سیّدہ سبیعہ اسلمیہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے انتقال کے چالیس دن بعد بچے کو جنم دیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی) ان کی شادی کروادی تھی۔

ذِكْرُ وَصْفِ عِدَّةِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ

اس بیوہ عورت کی عدت کا تذکرہ جو حاملہ بھی ہو

4296 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اخْتَلَفَا فِي الْمَرْاَةِ تَنْفَسُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ، وَقَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: اِذَا نُفِسَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، قَالَ: فَجَاءَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ: اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِي - يَعْنِي اَبَا سَلَمَةَ - فَبَعَثُوا كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَجَاءَهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ اَنَّهَا قَالَتْ: وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا: قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِي

✿✿ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کے درمیان ایسی خاتون کے بارے میں اختلاف ہوگیا جو اپنے شوہر کے انتقال کے کچھ دن بعد بچے کو جنم دے دیتی ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو عدت بعد میں ختم ہوگی (وہ عورت اس کے مطابق عدت گزارے گی) ابوسلمہ نے کہا: جیسے ہی وہ نفاس والی ہوگی (یعنی بچے کو جنم دے گی) تو وہ حلال ہوجائے گی (یعنی اس کی عدت ختم شمار ہوگی) راوی بیان کرتے ہیں: اسی دوران حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تشریف

4296- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في " الموطأ " 2/590 في الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها إذا كانت حاملاً . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/52، والنسائي 6/193 في الطلاق: باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها، والطبراني في " الكبير " 23/ (573) . وأخرجه عبد الرزاق (11724) عن مالك مختصراً . وأخرجه أحمد 6/314، والدارمي 2/165-166، ومسلم (1485) في الطلاق: باب انقضاء عدة المتوفى عنها زوجها وغيرها بوضع الحمل، والترمذي (1194) في الطلاق: باب ما جاء في الحامل المتوفّى عنها زوجها تضع، والنسائي 6/192 و193، وابن الجارود (762) من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد، نحوه .

لے آئے انہوں نے فرمایا: میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہوں یعنی ابوسلمہ کے ساتھ ہوں ان لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے غلام کریب کو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں اس نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا: اور پھر ان حضرات کے پاس واپس آ کر انہیں یہ بتایا کہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: سبیعہ اسلمیہ نامی خاتون نے اپنے شوہر کے انتقال کے کچھ دن بعد بچے کو جنم دیا اس خاتون نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تمہاری عدت ختم ہوگئی ہے تم (دوسرا) نکاح کرلو۔

ذِكْرُ الْقَدْرِ الَّذِى وَضَعَتْ فِيهِ سُبَيْعَةُ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا

اس مدت کا تذکرہ' جس کے بعد سیّدہ سبیعہ نے اپنے شوہر کے انتقال کے بعد بچے کو جنم دیا تھا

4297 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَاَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِىَ حَامِلٌ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اٰخِرُ الْاَجَلَيْنِ، وَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: اِذَا وَلَدَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، فَدَخَلَ اَبُو سَلَمَةَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِنِصْفِ شَهْرٍ، فَخَطَبَهَا رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا شَابٌّ، وَالْاٰخَرُ كَهْلٌ، فَحَطَّتْ اِلَى الشَّابِّ، فَقَالَ الْكَهْلُ: لَمْ تَحْلُلْ، وَكَانَ اَهْلُهَا غَيَبًا وَرَجَا اِذَا جَاءَ اَهْلُهَا اَنْ يُّؤْثِرُوهُ بِهَا، فَجَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِى مَنْ شِئْتِ

✿✿ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایسی بیوہ عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا: جو حاملہ ہو' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو عدت بعد میں پوری ہوگی (وہ عورت وہ والی عدت پوری کرے گی) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب وہ بچے کو جنم دے گی' تو اس کی عدت ختم شمار ہوگی پھر ابوسلمہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: سبیعہ اسلمیہ نے اپنے شوہر کے انتقال کے پندرہ دن بعد بچے کو جنم دیا دو آدمیوں نے اسے نکاح کا پیغام بھیجا ان میں سے ایک نوجوان تھا اور دوسرا عمر رسیدہ تھا وہ عورت نوجوان کی طرف مائل ہوئی تو عمر رسیدہ شخص نے کہا: تمہاری تو ابھی عدت ہی ختم نہیں ہوئی اس خاتون کے خاندان کے افراد وہاں موجود نہیں تھے اس بوڑھے کو یہ امید تھی کہ جب اس کے گھر کے افراد وہاں آ جائیں گے تو اسے (نوجوان پر) ترجیح دیں گے وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم حلال ہو چکی ہو (یعنی تمہاری عدت ختم ہو چکی ہے) اب تم جس سے چاہو شادی کرلو۔

4297- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في " الموطأ " 2/589 .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/52، وأحمد 6/319-320، والنسائي 6/191-192، والطبراني 23/ (547) .وأخرجه الطيالسي (1593)، وأحمد 6/311-312، والنسائي 6/191 والطبراني 23/ (546) من طريق شعبة، عن عبد ربه بن سعيد، بهذا الإسناد .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْأَةِ الْحَامِلِ إِذَا مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا أَنْ تَتَزَوَّجَ بَعْدَ وَضْعِهَا حَمْلَهَا، وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ فِي مُدَّةٍ يَسِيرَةٍ

حاملہ عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب اس کے شوہر کا انتقال ہو جائے'

تو وہ بچے کو جنم دینے کے بعد شادی کر سکتی ہے اگر چہ (اس کے بیوہ ہونے کے) کچھ ہی دن بعد (اس کے ہاں بچے کی پیدائش ہوئی ہو)

4298 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ:

(متن حدیث): وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِأَيَّامٍ قَلَائِلَ، فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَأْذَنَتْهُ فِي النِّكَاحِ، فَأَذِنَ لَهَا

✿✿ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ سبیعہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے انتقال کے کچھ دن بعد بچے کو جنم دے دیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کرنے کی اجازت مانگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دے دی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا لَهَا أَنْ تَتَزَوَّجَ بَعْدَ وَضْعِهَا الْحَمْلَ، وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ فِي مُدَّةٍ يَسِيرَةٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ بیوہ عورت کو اس بات کا حق حاصل ہے

وہ بچے کو جنم دینے کے بعد شادی کر سکتی ہے اگر چہ تھوڑی مدت گزری ہو

4299 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِي السَّنَابِلِ قَالَ:

4298- إسناده صحيح على شرطهما . أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، وعاصم بن عمر: هو عاصم بن عمر بن الخطاب العدوي . وأخرجه الطبراني في " الكبير " 20/ (9) و (10) من طريقين عن أبي معاوية، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك 2/590 في الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها إذا كانت حاملاً، ومن طريقه الشافعي 2/52-53، وأحمد 4/327 والبخاري (5320) في الطلاق: باب (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ)، والنسائي 6/190 في الطلاق: باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها، والبيهقي 7/428، والبغوي (2387) عن هشام، به . وأخرجه عبد الرزاق (11734)، والنسائي 6/190، والطبراني 20/ (5) و (6) و (7) و (8) و (11)، وابن ماجة (2029) في الطلاق: باب الحامل المتوفى عنها زوجها إذا وضعت حلت للأزواج، والبيهقي 7/428 من طرق عن هشام، به .

4322– نبهان مولى أم سلمة مجهول لم يوثقه غير المؤلف، ومع ذلك، فقد قال الترمذي عن حديثه هذا: حسن صحيح، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي!وأخرجه الشافعي 2/44–45 "بترتيب الساعاتي"، وعبد الرزاق "15729"، وأحمد 6/289 و308 و311، والحميدي "289"، وأبو داؤد "3928" في العتق: باب في المكاتب يؤدي بعض كتابه فيعجز أو يموت، والترمذي "1261" في البيوع: باب ما جاء في المكاتب إذا كان عنده ما يؤدي، .والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 13/34 و35، وابن ماجة "2520" في العتق: باب المكاتب، والطحاوي في "مشكل الآثار " "298" و"299" و"300"، والطبراني "676"/23 و"955"، والحاكم 2/219، والبيهقي 10/327 من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد .وقد ورد ما يُخالفه، فروى البيهقي 10/325 من طريق سعيد بن منصور، عن هُشيم، عن أبي قلابة، قال: "كن أزواج رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحتجبن من مكاتب ما بقي عليه دينار " ورجاله ثقات لكنه مرسل .وروى البيهقي أيضاً 10/324 من طريق أبي معاوية محمد بن خازم الضرير، عن عمرو بن ميمون بن مهران، عن سليمان بن يسار، عن عائشة ن: استأذنت عليها، فقالت: من هذا؟ فقلت: سليمان بن يسار، قال: كم بقي عليك من مكاتبتك؟ قال: قلت: عشر أواق، قالت: ادخل، فإنك عبد ما بقي عليك درهم، وهذا سند صحيح .

عبداللہ بن ابوامیہ کو میرے پاس بلا کر لاؤ اور اس کے نکاح میں وہ رقم خرچ کرو جو میں نے تم سے لینی ہے اور میں تمہیں سلام کرتی ہوں۔ نبہان کہتے ہیں میں رو پڑا اور میری آواز نکل گئی میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں انہیں کبھی بھی یہ ادائیگی نہیں کروں گا' تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''جب تم خواتین میں سے کسی کے مکاتب کے پاس کتنی رقم موجود ہو' جس کے ذریعے وہ (اپنے کتابت کے معاہدے کی) مکمل ادائیگی کر سکے' تو تم (اس مقاطب غلام سے) پردہ کرو''۔

(سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا) اللہ کی قسم! اب تم مجھے صرف آخرت میں ہی دیکھ سکو گے۔

بَابُ اُمِّ الْوَلَدِ

باب: ام ولد کا حکم

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ فِي الضَّرُورَةِ بَيْعَ اُمِّ وَلَدِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ ضرورت کے وقت اپنی ام ولد کو فروخت کرسکتا ہے

4323 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُنَّا نَبِيعُ سَرَارِيَنَا اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ فِينَا، فَلَا يَرٰى بِذٰلِكَ بَاْسًا

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم اپنے قیدیوں میں سے ام ولد خواتین کو فروخت کردیا کرتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان حیات تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ هُوَ الَّذِي نَهٰى عَنْ بَيْعِ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ فرد ہیں جنہوں نے ام ولد کو فروخت کرنے سے منع کیا تھا

4324 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ:

4323- إسناده صحيح، أبو الزبير: هو محمد بن مسلم بن تدرس، روى له البخاري مقروناً واحتج به مسلم والباقون، وقد صرح هنا بسماعه من جابر، وباقي السند ثقات على شرط الشيخين . وهو في "مسند أبي يعلى" "2229" .وأخرجه عبد الرزاق "13211"، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/321، وابن ماجة "2517" في العتق: باب أمهات الأولاد، والدارقطني 4/135، والبيهقي 10/348 عن ابن جريج، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/47 "بترتيب الساعاتي " عن عبد المجيد، والنسائي في العتق كما في "التحفة" 2/324 من طريق مكي بن إبراهيم، كلاهما عن ابن جريج، به .وفي الباب عن أبي سعيد الخدري عند الطيالسي "2200"، والنسائي في العتق كما في "التحفة" 3/336، والحاكم 2/19، والبيهقي 10/348 وفي إسناده زيد ابن الحواري العَمِّيُّ وهو ضعيف، ومع ذلك فقد صححه الحاكم ووافقه الذهبي!قال البيهقي: ليس في شيء من هذه الأحاديث أن النبي صلى الله عليه وسلم علم بذلك، فأقرَّهم عليه .

4324- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه أبو داود "3954" في العتق: باب في عتق أمهات الأولاد، والحاكم 2/18-19، والبيهقي 10/347 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد، وصحَّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي .

اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَبِيعُ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِىْ بَكْرٍ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ نَهٰى عَنْ بَيْعِهِنَّ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد میں ہم لوگ ام ولد کنیزوں کو فروخت کر دیا کرتے تھے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عہد حکومت آیا' تو انہوں نے انہیں فروخت کرنے سے منع کر دیا۔

بَابُ الْوَلَاءِ

باب: ولاء کا حکم

4325 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْنِىْ بَرِيْرَةُ فَقَالَتْ: اِنِّىْ كَاتَبْتُ اَهْلِىْ عَلٰى تِسْعِ اَوَاقٍ فِىْ كُلِّ عَامٍ اُوقِيَّةٌ فَاَعِيْنِيْنِىْ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَدْتُهَا لَهُمْ، وَيَكُوْنُ لِىْ وَلَاؤُكِ، فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ اِلٰى اَهْلِهَا، فَقَالَتْ لَهُمْ ذٰلِكَ، فَاَبَوْا عَلَيْهَا، فَجَاءَتْ مِنْ عِنْدِ اَهْلِهَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، فَقَالَتْ: اِنِّىْ قَدْ عَرَضْتُ عَلَيْهِمْ ذٰلِكَ فَاَبَوْا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَسَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهَا، فَاَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِىْ لَهُمُ الْوَلَاءَ، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى النَّاسِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، مَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا كَانَ مِنْ شَرْطٍ لَيْسَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَاِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ، قَضَاءُ اللّٰهِ اَحَقُّ، وَشَرْطُ اللّٰهِ اَوْثَقُ، وَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ [1]

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ: اشْتَرِطِىْ لَهُمُ الْوَلَاءَ لَفْظَةُ اَمْرٍ مُرَادُهَا نَفْىُ جَوَازِ اسْتِعْمَالِ ذٰلِكَ الْفِعْلِ لَوْ فَعَلَتْهُ لَا الْاَمْرُ بِهٖ، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ عَقِبِ هٰذَا الْقَوْلِ قَامَ خَطِيْبًا لِلنَّاسِ، وَاَخْبَرَهُمْ اَنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ اَعْتَقَ لَا لِمَنِ اشْتَرَطَ لَهٗ، وَنَظِيْرُ هٰذِهِ اللَّفْظَةِ فِى السُّنَنِ قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَشِيْرِ بْنِ سَعْدٍ فِىْ قِصَّةِ النَّحْلِ: اَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِىْ اَرَادَ بِهِ الْاِعْلَامَ اَنَّكَ لَوْ فَعَلْتَ هٰذَا الْفِعْلَ لَمْ يُجْزْ لِاَنَّهٗ جَوْرٌ، وَلَوْ جَازَ شَهَادَةٌ غَيْرِهٖ لَجَازَتْ شَهَادَتُهٗ، وَلَمْ يَكُنْ جَوْرًا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بریرہ میرے پاس آئی اس نے کہا: میں نے نواوقیہ کے عوض میں اپنے مالک

4325- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/780-781 في العتق: باب مصير الولاء لمن أعتق . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/70-71 و71-72، والبخاري "2168" في البيوع: باب إذا اشترط شروطاً في البيع لا تحل، و "2729" في الشروط: باب الشروط في الولاء، والبيهقي 10/295 و336، والبغوي "2114" . وقد تقدم هذا الحديث برقم "4272" .

[1] حديث صحيح سيأتي عند المؤلف برقم "5104" .

کے ساتھ کتابت کا معاہدہ کیا ہے' جس میں ہر سال ایک اوقیہ کی ادائیگی کرنی ہوگی' تو آپ میری مدد کیجئے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر تمہارا مالک چاہے' تو میں انہیں تمام ادائیگی ایک ساتھ کر دیتی ہوں اور تمہاری ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا۔ بریرہ اپنے مالک کے پاس گئی اس نے انہیں یہ بات بتائی تو ان لوگوں نے یہ بات ماننے سے انکار کر دیا وہ اپنے مالکان سے واپس آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اس نے بتایا: میں نے اس کے سامنے یہ پیش کش رکھی تھی' لیکن انہوں نے اسے قبول نہیں کیا اور یہ اصرار کیا کہ ولاء کا حق ان کے پاس رہے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں دریافت کیا: تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ساری بات بتائی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے خرید لو اور ولاء کی شرط ان کے لیے رہنے دو' کیونکہ ولاء کا حق اسے حاصل ہوتا ہے' جو آزاد کرتا ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا: اما بعد! لوگوں کو کیا ہو گیا ہے' وہ ایسی شرائط عائد کرتے ہیں' جن کی اجازت اللہ کی کتاب میں نہیں ہے ہر وہ شرط جس کی اجازت اللہ کی کتاب میں نہ ہو وہ باطل شمار ہوگی اگرچہ سو شرطیں عائد کی گئی ہوں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ (پورا کیے جانے کا) زیادہ حقدار ہے اور اللہ تعالیٰ کی (جائز کردہ) شرط زیادہ مضبوط ہوتی ہے ولاء کا حق اسے حاصل ہوتا ہے' جو آزاد کرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ فرمانا ''تم ولاء کی شرط ان کے لیے رہنے دو'' یہ لفظی طور پر امر کے الفاظ ہیں' لیکن اس سے مراد اس فعل پر عمل کرنے کے جائز ہونے کی نفی ہے' اگر وہ ایسا کر لیتی ہیں (تو یہ جائز نہیں ہوگا) اس سے یہ مراد نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اس بات کا حکم دے رہے ہیں اور اس بات کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فرمان کے بعد لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا: اور انہیں یہ بتایا کہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو حاصل ہوتا ہے اسے حاصل نہیں ہوتا جو اس کی شرط عائد کرتا ہے اور اس نوعیت کے الفاظ کی مثالیں سنت میں اور بھی ہیں جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ کو (اپنے ایک بیٹے کو) عطیہ دینے کے واقعے میں یہ فرمایا تھا: ''تم میری بجائے کسی اور کو گواہ بنالو''۔ اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد اس بات کی اطلاع دینا تھا کہ اگر تم اس فعل کو سرانجام دو گے تو یہ جائز نہیں ہوگا' کیونکہ یہ ظلم ہے (کیونکہ اصول یہ ہے) اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کی گواہی جائز ہوتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی گواہی بھی جائز ہونی چاہیے تھی اور یہ عمل ظلم نہ ہوتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عَائِشَةَ اَعَانَتْ بَرِيرَةَ فِيْ كِتَابَتِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ تَكُوْنَ قَدِ اشْتَرَتْهَا اَوْ اَعْتَقَتْهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے سیّدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کی کتابت کی رقم کی ادائیگی میں ان کی مدد کی تھی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں خریدا نہیں تھا یا انہیں آزاد نہیں کیا تھا

4326 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

(متن حدیث): اَنَّ بَرِيرَةَ جَاءَتْ تَسْتَعِينُ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَصُبَّ لَهُمْ عَنْكِ صَبَّةً، فَاُعْتِقَكِ فَعَلْتُ، وَيَكُونُ لِي وَلَاؤُكِ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيرَةُ لِاَهْلِهَا، فَقَالُوا: لَا، اِلَّا اَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَنَا، قَالَ يَحْيَى: فَزَعَمَتْ عَمْرَةُ اَنَّ عَائِشَةَ ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا يَمْنَعُكِ ذٰلِكِ اشْتَرِيهَا وَاَعْتِقِيهَا، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَهٰذَا اٰخِرُ جَوَامِعِ اَنْوَاعِ الْاَمْرِ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْنَاهَا بِفُصُولِهَا وَاَنْوَاعِ تَقَاسِيمِهَا، وَقَدْ بَقِيَ مِنَ الْاَوَامِرِ اَحَادِيثُ بَدَّدْنَاهَا فِي سَائِرِ الْاَقْسَامِ؛ لِاَنَّ تِلْكَ الْمَوَاضِعَ بِهَا اَشْبَهُ، كَمَا بَدَّدْنَا مِنْهَا فِي الْاَوَامِرِ لِلْبُغْيَةِ فِي الْقَصْدِ فِيهَا، وَاِنَّمَا نُمْلِي بَعْدَ هٰذَا الْقِسْمَ الثَّانِي الَّذِي هِيَ النَّوَاهِي بِتَفْصِيلِهَا وَتَقْسِيمِهَا عَلٰى حَسَبِ مَا اَمْلَيْنَا الْاَوَامِرَ اِنْ قَضَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَشَاءَهُ، جَعَلَنَا اللّٰهُ مِمَّنْ اَغْضَى فِي الْحُكْمِ فِي دِينِ اللّٰهِ عَنْ اَهْوَاءِ الْمُتَكَلِّفِينَ، وَلَمْ يُعَرِّجْ فِي النَّوَازِلِ عَلٰى آرَاءِ الْمُقَلِّدِينَ مِنَ الْاَهْوَاءِ الْمَعْكُوسَةِ وَالْآرَاءِ الْمَنْحُوسَةِ، اِنَّهُ خَيْرُ مَسْؤُولٍ

❁❁ عمرہ بنت عبدالرحمٰن بیان کرتی ہیں: بریرہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مدد مانگنے کے لیے آئی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر تمہارے مالکان چاہیں' تو میں انہیں ایک ہی مرتبہ میں ادائیگی کر دیتی ہوں اور پھر میں تمہیں آزاد کردوں گی اور تمہاری ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا۔ بریرہ نے اپنے مالکان کے سامنے اس کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے کہا: جی نہیں ولاء کا حق ہمیں حاصل رہے گا۔

یحییٰ نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے عمرہ نامی خاتون نے یہ بات بیان کی ہے: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ چیز تمہیں اس بات سے نہ روکے' تم اسے خرید کر اسے آزاد کر دو' کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ملتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول عوامر کی مختلف اقسام کے مجموعے کا یہ آخری حصہ ہے ان اوامر کو ہم نے فصول اور ذیلی تقسیم کے تحت ذکر کیا ہے اب اوامر میں سے کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں' جنہیں ہم نے دیگر اقسام میں مختلف مقامات پر نقل کیا ہے' کیونکہ وہ اس مقام کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتی ہیں جس طرح ہم نے ان میں سے کچھ احادیث کو اوامر کے

4326- إسناده صحيح على شرطهما، وصورة سياقه لإرسال، ولم تختلف الرواة عن مالك في ذلك، لكن ورد من وجه اخر عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عائشة كما سيأتي في التخريج وهو في "الموطأ" 2/781 في العتق والولاء : باب مصير الولاء لمن أعتق .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/72، والبخاري "2564" في المكاتب: باب بيع المكاتب إذا رضي، والنسائي في العتق كما في "التحفة" 12/425، والبيهقي 10/336-337 .وأخرجه الشافعي 2/71، والبخاري "456" في الصلاة: باب ذكر البيع والشراء على المنبر في المسجد، و"2735" في الشروط: باب المكاتب وما لا يحل من الشروط التي تخالف كتاب الله، والنسائي كما في "التحفة" 12/425 و526، والبيهقي 10/337 من طرق عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمْرَةَ بِنْتِ عبد الرحمٰن، عن عائشة . . . فذكرته، وانظر ما قبله .

تحت بھی نقل کیا ہے' تا کہ اس بارے میں مقصد حاصل ہو جائے اس کے بعد ہم دوسری قسم املاء کروائیں گے جو نواہی سے تعلق رکھتی ہے ہم اسے مختلف فصلوں اور ذیلی تقسیم کے تحت ذکر کریں گے جس طرح ہم نے عوامر کو املاء کروایا تھا اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جو اللہ کے دین کے بارے میں حکم بیان کرتے ہوئے تکلف کرنے والوں کی نفسانی خواہشات سے لاتعلق رہتے ہیں اور نئے پیش آمدہ مسائل میں الٹی خواہشات اور منحوس آراء کی پیروی کرنے والوں کی رائے کے مطابق نہیں چلتے ہیں بے شک وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مسئول ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِلْمُتَوَلِّي غَيْرَ مَوَالِيهِ فِي الدُّنْيَا

ایسے شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ

جو دنیا میں اپنے آزاد کرنے والے کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے

4327 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي حِصْنٌ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَوَلّٰى اِلٰى غَيْرِ مَوَالِيهِ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: حِصْنٌ هٰذَا هُوَ حِصْنُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التَّرَاغِمِيُّ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقَ جَدُّ سَلَمَةَ بْنِ الْعَيَّارِ لَهُ حَدِيثَانِ غَيْرَ هٰذَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''جو شخص اپنے آزاد کرنے والے کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے وہ جہنم میں اپنے مخصوص مقام پر پہنچنے کے لیے تیار رہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حصن نامی راوی حصن بن عبدالرحمٰن تراغمی ہے یہ اہل دمشق سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ سلمہ بن عیار کے دادا ہیں ان سے اس روایت کے علاوہ دو اور احادیث بھی منقول ہیں۔

4327– إسناده ضعيف، حصن مجهول لم يرو عنه غير الأوزاعي، ولم يوثقه غير المؤلف .وفي الباب عن أبي هريرة عند مسلم 1508، وأبي داؤد 5114 بلفظ "من تولى قَوْمًا بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيهِ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ يَوْمَ القيامة عدل ولا صرف" .وعن علي عند البخاري 1870، ومسلم 1370، وأبي داؤد 2034، والترمذي 2127 .وعن جابر عند أحمد 3/332 . نقله المزي في "التهذيب 6/510" هكذا، والنص المذكور في "الثقات" 6/246 يختلف عما هنا .

كِتَابُ الْاَيْمَانِ

کتاب! قسم کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ حَفْظِ نَفْسِهِ فِي الْاَيْمَانِ وَالشَّهَادَاتِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ قسم اٹھاتے ہوئے اور گواہی دیتے ہوئے اپنی حفاظت کرے

4328 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَجِيءُ قَوْمٌ تَبْدُرُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ يَمِيْنَهُ وَيَمِيْنُهُ شَهَادَتَهُ

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کون سے لوگ بہتر ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے زمانے کے پھر اس کے بعد والے پھر اس کے بعد والے' پھر وہ لوگ آئیں گے کہ ان میں سے کسی کی گواہی قسم سے پہلے ہوگی اور قسم گواہی سے پہلے ہوگی (یعنی وہ جھوٹی قسمیں اٹھائیں گے اور جھوٹی گواہیاں دیں گے)۔

4328- إسناده صحيح على شرطهما . عَبيدة: هو ابن عمرو السَّلْماني، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، ومنصور: هو ابن المعتمر، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وأبو خيثمة: هو زهير بن حرب . وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 241/1، وزاد في آخره: قال إبراهيم: كانوا ينهوننا ونحن صبيان عن العهد والشهادات .وأخرجه مسلم 2533 211 في فضائل الصحابة: باب فضل الصحابة ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم، والنسائي في الكبرى كما في "التحفة" 7/92، وابن ماجة 2362 في الأحكام: باب كراهية الشهادة لمن لم يستشهد، من طرق عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 299، وأحمد 1/438، والبخاري 6658 في الأيمان والنذور: باب إذا قال: أشهد بالله، أو شهدت بالله، ومسلم 2533، والنسائي في "الكبرى"، والطحاوي في "المشكل" 3/176، والطبراني 10338، والبيهقي 10/45 من طرق عن منصور، بِهِ .وأخرجه الطيالسي 299، وأحمد 1/378 و417 و438 و442، والبخاري 6429 في الرقاق: باب ما يحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها، ومسلم 2533 212، والترمذي 3859 في المناقب: باب ما جاء في فضل من رأى النبي صلى الله عليه وسلم وصحبه، والنسائي في "الكبرى"، والطحاوي 3/176، والبيهقي 10/122-123 و159-160 من طريقين عن إبراهيم، بِهِ . وسيأتي هذا الحديث عند المؤلف 7178 و7179 .

ذِكْرُ اِبَاحَةِ حَلْفِ الْاِنْسَانِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، وَاِنْ لَّمْ يُحَلَّفْ اِذَا اَرَادَ بِذٰلِكَ تَاْكِيدَ قَوْلِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا سکتا ہے

اگرچہ اس سے قسم نہ لی گئی ہو اور اس کا مقصد یہ ہو کہ اپنی بات میں تاکید پیدا کرے

4329 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَهُ ذَاتَ يَوْمٍ غِلْمَانٌ، وَاِمَاءٌ، وَعُبَيْدٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کچھ بچے' کنیزیں اور انصار کے غلام آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! میں تم لوگوں سے محبت کرتا ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ جَائِزٌ لَهُ اَنْ يَّحْلِفَ فِيْ كَلَامِهِ اِذَا اَرَادَ التَّاْكِيدَ لِقَوْلِهِ الَّذِي يَقُوْلُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات جائز ہے' جب وہ اپنے کلام کے دوران

تاکید پیدا کرنا چاہے' تو وہ کلام کے دوران حلف اٹھا سکتا ہے

4330 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ

4329– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 3/285، وأبو يعلى 3517 من طريق عفان، والحاكم 4/80 من طريق محمد بن كثير، كلاهما عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 3/150 عن عبد الصمد، عن محمد بن ثابت، عن أبيه، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم استقبله نساء وصبيان وخدم جائين من عرس من الأنصار، فسلم عليهم وقال: "والله إني لأحبكم " .وأخرجه أحمد 3/175، والبخارى 3785 فى مناقب الأنصار: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم للأنصار: "أنتم أحب الناس إلي"، و5180 فى النكاح: باب ذهاب النساء والصبيان إلى العرس، ومسلم 2508 فى فضائل الصحابة: باب من فضائل الأنصار رضى الله عنهم، من طريقين عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس بنحوه .

4330– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الوارث بن عبيد الله وهو صدوق، روى له الترمذى .عبد الله: هو ابن المبارك، وهو عنده فى "الزهد" 496 .وأخرجه النسائى فى الرقاق كما فى "التحفة" 8/376 عن سويد بن نصر، عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/228–229 و229، ومسلم 2858 فى الجنة وصفة نعيمها: باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيامة، والترمذى 2323 فى الزهد: باب رقم 15، وابن ماجة 4108 فى الزهد: باب مثل الدنيا، والطبرانى 20/713 و714 و716 من طرق عن إسماعيل بن أبى خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/230، والطبرانى 20/722 من طريق مجالد بن سعيد، والطبرانى 20/717، والحاكم 4/319 من طريق إبراهيم بن مهاجر كلاهما عن قيس، به .وصححه الحاكم ووافقه الذهبى .وأخرجه الطبرانى 20/731، والحاكم 3/592 من طريق عبد الله بن صالح، عن يحيى بن أيوب، عن عبيد الله بن زحر، عن أبى إسحاق الهمدانى، عن المستورد .

اللّٰہِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ، اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِی حَازِمٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ، اَخِی بَنِی فِھْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

(متن حدیث): وَاللّٰہِ مَا الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا کَمَا یَجْعَلُ اَحَدُکُمْ اِصْبَعَہٗ فِی الْیَمِّ فَلْیَنْظُرْ بِمَ تَرْجِعُ

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ جو بنوفہر سے تعلق رکھتے ہیں' بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ کی قسم! آخرت کے مقابلے میں دنیا کی مثال بالکل اس طرح جیسے کوئی شخص اپنی انگلی کو دریا میں ڈالے اور پھر اس بات کا جائزہ لے کہ وہ کس چیز کے ہمراہ واپس آئی ہے''۔

ذِکْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اِذَا حَلَفَ اَنْ یَّحْلِفَ بِرَبِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب وہ قسم اٹھائے' تو یہ قسم اٹھائے' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار کی قسم

4331 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْھَمْدَانِیُّ، بِالصُّغْدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ الْبُخَارِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ اَبِی اُوَیْسٍ، حَدَّثَنِی اَخِی، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ، عَنْ اَبِیْہِ، عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ لِی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا یَخْفَی عَلَیَّ حِینَ تَکُوْنِیْنَ غَضْبَی، وَحِینَ تَکُوْنِیْنَ رَاضِیَۃً، اِذَا کُنْتِ غَضْبَی، قُلْتِ: لَا وَرَبِّ اِبْرَاھِیمَ، وَاِذَا کُنْتِ رَاضِیَۃً، قُلْتُ: لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: صَدَقْتَ، اِنَّمَا اَھْجُرُ اسْمَکَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، اَرَاَیْتَ لَوْ نَزَلْتَ وَادِیًا فِیْہِ شَجَرٌ کَثِیْرٌ قَدْ اُکِلَ مِنْھَا، وَوَجَدْتَ شَجَرَۃً لَمْ یُؤْکَلْ مِنْھَا، فِیْ اَیِّھَا کُنْتَ تَرْتَعُ بَعِیْرَکَ؟ قَالَ: فِی الَّذِی لَمْ یُرْتَعْ فِیْھَا، تُرِیْدُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَتَزَوَّجْ بِکْرًا غَیْرَھَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: یہ بات مجھ سے پوشیدہ نہیں رہتی جب تم مجھ سے ناراض ہوتی ہو اور جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو' جب تم ناراض ہوتی ہو' تو یہ کہتی ہو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پروردگار کی قسم اور جب تم راضی ہوتی ہو' تو یہ کہتی ہو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار کی قسم' تو میں نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے' لیکن میں' تو صرف آپ کا

4331- محمد بن إسماعيل البخاري: هو الإمام الثقة صاحب الصحيح ومن فوقه من رجالهما . أخو إسماعيل: هو ابو بكر عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ أويس . وهو في صحيح البخاري 5077 في النكاح: باب نكاح الأبكار، بالقصة الثانية فقط .وأخرجه أحمد 6/213، والبخاري 5228 في النكاح: باب غيرة النساء ووجدهن، و 6078 في الأدب: باب ما يجوز من الهجران لمن عصى، ومسلم 2439 في فضائل الصحابة: باب في فضل عائشة رضي الله تعالى عنها، والبيهقي 10/27، والبغوي 2338 من طرق عن هشام بن عروة، به، بالقصة الأولى .

نام لینا ترک کرتی ہوں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی ایسی وادی میں پڑاؤ کرتے ہیں جہاں بہت سے درخت ہوتے ہیں' جن سے کھایا گیا ہوتا ہے اور وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایسا درخت ملتا ہے' جس میں سے کچھ بھی نہ کھایا گیا ہو' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اونٹ کو کہاں چرائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پاس جس میں سے کچھ نہ کھایا گیا ہو۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ تھی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے علاوہ اور کسی کنواری خاتون کے ساتھ شادی نہیں کی۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَحْلِفُ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات کن الفاظ میں قسم اٹھاتے تھے

4332 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ يَمِيْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي يَحْلِفُ عَلَيْهَا: لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوبِ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قسم اٹھاتے تھے' تو یہ الفاظ استعمال کرتے تھے۔ ''دلوں کو پھیرنے والی ذات کی قسم''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اللَّغْوِ الَّذِي لَا يُؤَاخِذُ اللّٰهُ الْعَبْدَ بِهِ فِي كَلَامِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس لغو قسم کے بارے میں ہے' جس کو کلام کے دوران اٹھانے پر اللہ تعالیٰ بندے سے مواخذہ نہیں کرے گا

4333 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الصَّائِغِ قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَطَاءً عَنِ اللَّغْوِ فِي الْيَمِيْنِ، فَقَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

4332- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه أحمد 2/25-26 عن وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 13163 عن الحسن بن علي المعمري، عن خلف بن سالم وزهير بن حرب، ووكيع، به .وأخرجه الدارمي 2/187، والبخاري 6628 في الأيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم؟، والنسائي 7/2 في أول الأيمان والنذور من طرق عن سفيان، به وأخرجه أحمد: 2/67 و68 و127، والبخاري 6617 في القدر: باب يحول بين المرء وقلبه، و 7391 في التوحيد: باب مقلب القلوب، والترمذي 1540 في النذور والأيمان: باب ما جاء كيف كان يمين النبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني 13164 و13165 و13166، والبيهقي 10/27 من طرق عن موسى بن عقبة، به .وأخرجه النسائي 7/2-3 باب الحلف بمصرف القلوب، وابن ماجة 2093 في الكفارات: باب يمين رسول الله صلى الله عليه وسلم التي كان يحلف بها، من طريق .

وَسَلَّمَ قَالَ: هُوَ كَلَامُ الرَّجُلِ: كَلَّا وَاللّٰهِ، وَبَلٰى وَاللّٰهِ

ابراہیم صائغ بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء سے لغو قسم کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے اللہ کے رسول نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

اس سے مراد آدمی کا یہ کہنا ہے: ہرگز نہیں اللہ کی قسم! جی ہاں اللہ کی قسم۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْاَيْمَانَ وَالْعُقُودَ اِذَا اخْتَلَجَتْ بِبَالِ الْمَرْءِ لَا حَرَجَ عَلَيْهِ بِهَا، مَا لَمْ يُسَاعِدْهُ الْفِعْلُ، اَوِ النُّطْقُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، قسم اور عقود جب آدمی کے ذہن میں الجھن پیدا کریں، تو اس پر اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا جب تک آدمی اپنے عمل اور کلام کے ذریعے اس کی موافقت نہیں کرتا

4334 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ

4333– رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم الصائغ فقد روى له أبو داؤد والنسائي وهو صدوق، وفي حسان بن إبراهيم كلام ينزله عن رتبة الصحيح .وأخرجه أبو داؤد 3254 في الأيمان والنذور: باب لغو اليمين، ومن طريقه البيهقي 10/49 عن حميد بن مسعدة .وأخرجه ابن جرير 4382 من طريق حسان الكرماني كلاهما عن إبراهيم الصائغ، بهذا الإسناد . وقال أبو داؤد: روى هذا الحديث داؤد بن أبي الفرات، عن إبراهيم الصائغ، موقوفاً على عائشة، وكذلك رواه الزهري، وعبد الملك بن أبي سليمان، ومالك بن مغول، كلهم عن عطاء، عن عائشة، موقوفاً، وصحح الدارقطني وقفه فيما نقله عنه الحافظ في "التلخيص" 4/167 .وأخرجه الشافعي 2/74، ومن طريق البيهقي 10/49 عن سفيان، عن عمرو، وابن جريج، عن عطاء، قال: ذهبت أنا وعبيد الله بن عمير إلى عائشة رضي الله عنها وهي معتكفة في ثبير، فسألناها عن قول الله تعالى: (لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ) فقالت: هو: لا والله، بلى والله .وأخرجه الطبري 4379 و4380 و4381 و4394 و4395 و4397 و4399 و4400، والبيهقي 10/49 من طرق عن عطاء، به .وأخرجه البخاري 6663 في الأيمان والنذور: باب (لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ)، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 12/221، والبيهقي 10/48 من طريق يحيى بن سعيد، وابن الجارود 925 من طريق عيسى بن يونس، والطبري 4377 و4378 عن وكيع وعبيدة، وأبي معاوية وجرير، عن هشام بن عروة، عن أبيه عن عائشة، في قول الله تعالى: (لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ) قالت: أنزلت في قول الرجل: بلى والله، ولا والله .وأخرجه مالك 2/477 في النذور والأيمان: باب اللغو في اليمين، عن هشام ابن عروة، عن أبيه عن عائشة أنها كانت تقول: لغو اليمين قول الإنسان: لا والله، وبلى والله . .

4334– إسناده صحيح على شرطهما . قتادة: هو ابن دعامة السَّدوسي، وهمام: هو ابن يحيى بن دينار العَوْذي .وأخرجه الطيالسي 2459، وأحمد 2/491، والبيهقي 7/298 من طريقين عن همام، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 2459، وأحمد 2/255 و393 و425 و474 و481، والبخاري 2528 والعتق: باب الخطأ والنسيان في العتاقة والطلاق ونحوه، و5269 في النكاح: باب الطلاق في الإغلاق والكره والسكران . . .، و6664 في الأيمان: باب تجاوز الله عن حديث النفس والخواطر بالقلب إذا لم تستقر، وأبو داؤد 2209 في الطلاق: باب في الوسوسة بالطلاق، والترمذي 1183 في الطلاق: باب ما جاء فيمن يحدث نفسه بطلاق امرأته، والنسائي 6/156–157 و157 في الطلاق: باب من طلق في نفسه، وابن ماجة 2044 في الطلاق: باب طلاق المكره والناسي، والبيهقي 7/298 من طرق عن قتادة، به .قال الحافظ: قال الكرماني: فيه أن الوجود الذهني لا أثر له، وإنما الاعتبار بالوجود القولي في القوليات، والعملي في العمليات، وقد احتج به من لا يرى المؤاخذة بما وقع في النفس ولو عزم عليه، وانفصل من قال: يؤاخذ بالعزم بأنه نوع من العمل يعني عمل القلب .قلت القائل ابن حجر: وظاهر الحديث أن المراد بالعمل عمل الجوارح، لأن المفهوم من لفظ ما لم تعمل يشعر بأن كل شيء في الصدر لا يؤاخذ به سواء توطن به أم لم يتوطن .

قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِى عَنْ كُلِّ شَىْءٍ حَدَّثَتْ بِهٖ اَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَتَكَلَّمْ اَوْ تَعْمَلْ بِهٖ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ نے میری امت کی ہر اس چیز سے درگزر کیا ہے' جو ان کے ذہن میں خیال آتا ہے' جب تک وہ اس بارے میں کوئی بات نہ کریں' یا اس پر عمل نہ کریں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ قَتَادَةُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں قتادہ نامی راوی منفرد ہے

4335 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِى عَمَّا حَدَّثَتْ بِهٖ اَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَنْطِقْ اَوْ تَعْمَلْ بِهٖ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے میری امت کی ان چیزوں سے درگزر کیا ہے' جو ان کے ذہن میں خیالات آتے ہیں جب تک وہ اس بارے میں بات نہیں کرتے یا ان پر عمل نہیں کرتے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا حَلَفَ لَهٗ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ يَنْبَغِى اَنْ يُّصَدِّقَهٗ عَلٰى يَمِيْنِهٖ، وَاِنْ عَلِمَ مِنْهُ ضِدَّهٗ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: جب آدمی کے سامنے

اس کا کوئی مسلمان بھائی قسم اٹھائے' تو آدمی کو چاہئے کہ وہ اس کی قسم کی تصدیق کر دے اگرچہ اسے اس شخص کے حوالے سے اس کے برخلاف کا علم ہو

4336 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4335- إسناده قوى، رجاله رجال الشيخين غير سالم بن نوح فمن رجال مسلم، وهو مختلف فيه، وثقه أبو زرعة والساجي وابن قانع، وذكره المؤلف في الثقات، وقال أحمد: ما بحديثه بأس، وقال ابن معين: ليس بشيء، وفي رواية عنه: ليس بحديثه بأس، وقال أبو حاتم: يكتب حديثه ولا يحتج به، وقال النسائي: ليس بالقوي، وقال ابن عدي: عنده غرائب وأفراد.

(متن حدیث): رَاٰی عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ رَجُلًا سَرَقَ، فَقَالَ عِیْسَی: اَسَرَقْتَ؟، قَالَ: کَلَّا وَالَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، فَقَالَ عِیْسَی: آمَنْتُ بِاللّٰهِ، وَکَذَّبْتُ عَیْنِی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے ایک شخص کو دیکھا اس نے چوری کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا: کیا تم نے چوری کی ہے؟ اس نے جواب دیا: جی نہیں اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے (میں نے چوری نہیں کی ہے) تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا: میں اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہوں اور میں اپنی آنکھوں کو غلط قرار دیتا ہوں"۔

ذِکْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ الْحَالِفَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّحْلِفَ عَلٰی شَیْءٍ یَجِبُ اَنْ یُّعَقِّبَ یَمِیْنَهُ الِاسْتِثْنَاءَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے قسم اٹھانے والا شخص جب کسی چیز پر قسم اٹھانے کا ارادہ کرے تو اس کے لیے یہ بات ضروری ہے وہ اپنی قسم کے بعد استثنیٰ کر لے

4337 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ مُکْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): حَلَفَ سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ لَیَطُوْفَنَّ عَلٰی مِائَةِ امْرَاَةٍ، کُلُّ امْرَاَةٍ مِّنْهُنَّ تَحْمِلُ غُلَامًا یُجَاهِدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ اِلَّا امْرَاَةٌ وَّاحِدَةٌ نِصْفَ غُلَامٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ کَانَ کَمَا قَالَ

4336– إسناده صحيح . ابن أبي السَّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/314، والبخارى 3444 فى أحاديث الأنبياء : باب قول الله: (وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا)، ومسلم 2368 فى الفضائل: باب فضائل عيسى عليه السلام، والبغوى 3520 .وأخرجه أحمد 2/383، والنسائى 8/249 فى اٰداب القضاة: باب كيف يستحلف الحاكم، وابن ماجة 2102 فى الكفارات: باب من حُلِف له بالله فليرض، والبيهقى 10/157 من طرق عن أبى هريرة .

4337– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن داوٗد فمن رجال البخارى .وأخرجه النسائى فى الأيمان والنذور كما فى "التحفة" 10/208 عن إبراهيم ابن محمد التيمى قاضى البصرة، عن عبد الله بن داوٗد الخريبى، بهذا الإسناد وأخرجه البخارى 3424 فى أحاديث الأنبياء : باب قول الله تعالى: (وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّهٗ اَوَّابٌ)، من طريق مغيرة بن عبد الرحمٰن، و 6639 فى الأيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبى صلى الله عليه وسلم؟، والنسائى 7/25–26 فى الأيمان والنذور: باب إذا حلف فقال له رجل: إن شاء الله، هل له استثناء ؟، والبغوى 79 من طريق شعيب .وأخرجه مسلم 1654 فى الأيمان: باب الاستثناء، والبيهقى 10/44 من طريق موسى بن عقبة، ومسلم 1654 25 من طريق ورقاء، كلهم عن أبى الزناد، به .

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے یہ قسم اٹھائی کہ وہ اپنی ایک سو بیویوں کے پاس تشریف لے جائیں گے اور ان میں سے ہر ایک عورت ایسے لڑکے کو جنم دے گی جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو ان میں سے صرف ایک خاتون نے نامکمل بچے کو جنم دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اگر وہ اس وقت انشاء اللہ کہہ دیتے تو اسی طرح ہوتا تھا جس طرح انہوں نے بیان کیا تھا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَلَكَ قَدْ لَقَّنَهُ الِاسْتِثْنَاءَ عِنْدَ يَمِينِهِ اِلَّا اَنَّهُ نَسِيَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' فرشتے نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو قسم اٹھانے کے وقت انشاء اللہ کہنے کی تلقین کی تھی' لیکن وہ بھول گئے تھے

4338 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَهِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): حَلَفَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ: لَيَطُوفَنَّ اللَّيْلَةَ بِتِسْعِينَ امْرَاَةً تَلِدُ كُلُّ امْرَاَةٍ مِّنْهُنَّ غُلَامًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ اَوِ الْمَلَكُ: قُلْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَنَسِيَ، وَاَطَافَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ بِتِسْعِينَ امْرَاَةً فَمَا جَاءَتِ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ اِلَّا وَاحِدَةٌ بِشِقِّ غُلَامٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ، وَكَانَ اَدْرَكَ حَاجَتَهُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام نے یہ قسم اٹھائی کہ وہ آج کی رات اپنی نوے بیویوں کے پاس جائیں گے اور ان میں سے ہر ایک خاتون ایک ایسے لڑکے کو جنم دے گی جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا' تو ان کے ساتھی نے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) فرشتے نے ان سے کہا آپ انشاء اللہ کہہ دیجئے' لیکن وہ یہ کہنا بھول گئے وہ اس رات اپنی نوے بیویوں کے پاس تشریف لے گئے' لیکن ان میں سے صرف ایک بیوی نے نامکمل بچے کو جنم دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اگر وہ انشاء اللہ کہہ دیتے تو وہ حانث نہ ہوتے اور ان کی خواہش بھی پوری ہو جاتی''۔

4338- إسناده قوی، رجاله رجال الشیخین غیر إبراهیم بن بشار وهو الرمادی- وهو حافظ روی له أبو داوٗد والترمذی .وأخرجه البخاری 6720 فی کفارات الأیمان: باب الاستثناء فی الأیمان، ومسلم 1654 23 من ثلاث طرق عن سفیان بن عیینة، عن أبی الزناد وهشام بن حجیر، بِهٖ .وفی حدیث ابن أبی عمر عن سفیان عند مسلم علی سبعین امرأة .

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الِاسْتِثْنَاءِ لِلْحَالِفِ فِي يَمِيْنِهِ اِذَا اَعْقَبَهَا اِيَّاهُ

قسم اٹھانے والے کے لیے اپنی قسم میں استثنٰی کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ‘ جبکہ وہ قسم کے بعد استثنٰی کرے

4339 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ، فَقَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَقَدِ اسْتَثْنَى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص قسم اٹھاتے ہوئے انشاء اللہ کہہ دے تو وہ استثناء کر لیتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے‘ جو اس بات کا قائل ہے‘ اس روایت کو نقل کرنے میں ایوب سختیانی منفرد ہے

4340 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ مَثْرُوْدٍ الْغَافِقِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ فَقَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص قسم اٹھائے اور انشاء اللہ کہہ دے وہ حانث نہیں ہوتا''۔

4339– إسناده صحيح على شرطيهما . أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني وأخرجه البيهقي 10/46 من طريق عبدان، عن ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/10، وأبو داوُد 3261 في الأيمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين، والنسائي 7/25 في الأيمان والنذور: باب الاستثناء، وابن ماجة 2106 في الكفارات: باب الاستثناء في اليمين، وابن الجارود 928، والبيهقي 7/360–361 من طريق سفيان بن عيينة، به .وأخرجه النسائي 7/25، والحاكم 4/303 من طريق ابن وهب، عن عمرو بن الحارث، عن كثير بن فرقد، عن نافع، به . وهذا سند صحيح على شرط البخاري، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .

4340– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عيسى بن مثرود: وهو عيسى بن إبراهيم بن عيسى بن مثرود، فلم يرو له سوى أبي داوُد والنسائي وهو ثقة، أيوب بن موسى: هو ابن عمرو بن سعيد بن العاص أبو موسى المكي الأموي . وانظر ما قبله .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ مَا رَوَاهُ اِلَّا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے'

یہ روایت صرف نافع نے نقل کی ہے' جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

4341 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ الطَّرَسُوسِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ فَقَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَقَدِ اسْتَثْنٰى

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص حلف اٹھائے اور انشاء اللہ کہہ دے تو اس نے استثناء کر لیا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُخَيَّرٌ عِنْدَ اسْتِثْنَائِهِ فِي الْيَمِينِ بَيْنَ اَنْ يَّتْرُكَ يَمِينَهُ، اَوْ يَمْضِيَ فِيهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قسم میں استثنیٰ کرتے ہوئے آدمی کو اختیار ہوتا ہے'

وہ اپنی قسم کو ترک کر دے یا اسے برقرار رکھے

4342 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ فَاسْتَثْنٰى فَهُوَ بِالْخِيَارِ، اِنْ شَاءَ مَضٰى، وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ غَيْرَ حَنِثٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص قسم اٹھائے اور استثناء کر لے' تو اسے اختیار ہو گا اگر چاہے' تو اسے برقرار رکھے اور اگر چاہے' تو حانث ہوئے

4341– إسناده صحيح، نوح بن حبيب روى له أبو داوٗد والنسائى، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وهو فى مصنف عبد الرزاق 16118 .وأخرجه النسائى 7/30–31 فى الأيمان والنذور: باب الاستثناء، عن نوح بن حبيب، بهذا الإسناد .ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/309، والترمذى 1532 فى النذور والأيمان: باب ما جاء فى الاستثناء فى اليمين، وابن ماجة 2104 فى الكفارات: باب الاستثناء فى اليمين .

4342– إسناده قوى . عمر بن يزيد السَّيَّارى روى له أبو داوٗد، وهو صدوق لا بأس به، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين وأخرجه أحمد 2/68 و127 و153، وأبو داوٗد 3262 فى الأيمان والنذور: باب الاستثناء فى اليمين، والترمذى 1531 فى النذور والأيمان: باب ما جاء فى الاستثناء فى اليمين، والنسائى 7/12 فى الأيمان والنذور: باب من حلف فاستثنى، وابن ماجة 2105 فى الكفارات: باب الاستثناء فى اليمين، والبيهقى 10/46 من طرق عن عبد الوارث بهذا الإسناد . وقال الترمذى: حدث ابن عمر حديث حسن .وأخرجه أحمد 2/6 و48–49 و68 و126 و127 و153، والدارمى 2/185، والترمذى 1531، والنسائى 7/25 باب الاستثناء، والبيهقى فى السنن 7/360–361 و10/46 وفى الأسماء والصفات ص169 من طرق عن أيوب، به .

بغیر اسے ترک کردے''۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْحِنْثِ عَنْ مَنِ اسْتَثْنَى فِيْ يَمِيْنِهِ بَعْدَ سَكْتَةٍ يَسِيْرَةٍ

جو شخص اپنی قسم میں تھوڑے سے وقفے کے بعد استثنیٰ کر لیتا ہے اس کے حانث ہونے کی نفی کا تذکرہ

4343 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، وَاَبُوْ يَعْلٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَاللّٰهِ لَاَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا، وَاللّٰهِ لَاَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا، وَاللّٰهِ لَاَغْزُوَنَّ قُرَيْشًا، ثُمَّ سَكَتَ فَقَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ کی قسم! میں قریش کے ساتھ ضرور لڑائی کروں گا اللہ کی قسم! میں قریش کے ساتھ ضرور لڑائی کروں گا اللہ کی قسم! میں قریش کے ساتھ ضرور لڑائی کروں گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر خاموش رہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْحَسَنَةَ لِلتَّارِكِ يَمِيْنَهُ بِاَخْذِ مَا هُوَ خَيْرٌ مِّنْهُ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے لیے نیکیاں نوٹ کرنے کا تذکرہ جو اپنی قسم کو ترک کر دیتا ہے اور اس چیز کو اختیار کرتا ہے جو اس سے زیادہ بہتر ہو

4344 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ *، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَحْوَلُ، عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ عَلٰى مُلْكِ يَمِيْنِهِ اَنْ يَّضْرِبَهُ، فَكَفَّارَتُهُ تَرْكُهُ، وَمَعَ الْكَفَّارَةِ حَسَنَةٌ

4343- إسناده ضعيف، ورواية سماك عن عكرمة خاصة مضطربة، وعبد الغفار بن عبد الله الزبيري ذكره المؤلف في "ثقاته" 8/421، وأورده ابن أبي حاتم 6/54 ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً . وهو في "مسند أبي يعلى" 2375 .وأخرجه الطحاوي في "مشكل الآثار" 2/378 من طريق عبد الله بن داوُد، عن مسعر، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو يعلى 2674، والطحاوي 2/379، والطبراني 11742، والبيهقي 10/47 من طرق عن شريك، عن سماك، به . وشريك وهو ابن عبد الله– سيءُ الحفظ .وأخرجه أبو داوُد 3286 في الأيمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين بعد السكوت، والطحاوي 2/378–379، والبيهقي 10/48 من طريقين عن مسعر، عن سماك بن حرب، عن عكرمة، مرسلاً .وأخرجه أبو داوُد 3285، ومن طريقه البيهقي 10/47–48 عن قتيبة بن سعيد، عن شريك، عن سماك، عن عكرمة مرسلاً .

4344– إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البيهقي 10/34 من طريق عبد الحميد بن صبيح، عن سفيان، بهذا الإسناد .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اپنے غلام کے بارے میں یہ قسم اٹھائے کہ وہ اس کی پٹائی کرے گا' تو اس کا کفارہ یہ ہے: وہ اس عمل کو ترک کر دے اور کفارے کے ہمراہ یہ نیکی بھی ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَرْكِ الْيَمِيْنِ لِلْحَالِفِ اِذَا عَلِمَ تَرْكَهُ خَيْرٌ مِّنَ الْمُضِيِّ فِيْ يَمِيْنِهِ

قسم اٹھانے والے شخص کو اپنی قسم ترک کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ جب اسے اس بات کا علم ہو جائے کہ قسم کو ترک کرنا اسے پورا کرنے کے مقابلے میں زیادہ بہتر ہے

4345 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْجُدِّيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ تَمِيْمِ بْنِ طَرَفَةَ الطَّائِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَاٰى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَاْتِ الَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ، ثُمَّ لِيَتْرُكْ يَمِيْنَهُ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کوئی قسم اٹھائے اور اس کے برخلاف کام کو اس سے زیادہ بہتر سمجھے تو اسے وہ کام کرنا چاہئے جو زیادہ بہتر ہے اور اپنی قسم کو ترک کر دینا چاہئے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4346 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ

4345- إسناده قوي، عبد الملك بن إبراهيم روى له البخاري مقروناً وهو صدوق، وباقي السند رجاله ثقات على شرطهما غيرَ تميم بن طرفة فمن رجال مسلم .وأخرجه الطيالسي 1027، وأحمد 4/157 و159، ومسلم 1651 16 في الأيمان: باب ندب من حلف يميناً، فرأى خيراً منها أن يأتي الذي هو خير ويكفِّر عن يمينه، والنسائي 7/11 في الأيمان والنذور: باب الكفارة بعد الحنث، والبيهقي 10/32 من طريق شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1651 17، والنسائي 7/11، وابن ماجة 2108 في الكفارات: باب من حلف على يمين، فرأى غيرها خيراً منها، والبيهقي 10/32 من طرق عن عبد العزيز بن رفيع، به .وأخرجه الطيالسي 1028، وأحمد 4/256 و258، ومسلم 1651 18 من طريقين عن سماك بن حرب، عن تميم بن طرفة، به . وذكر فيه قصة .وأخرجه الطيالسي 1029، وأحمد 4/256، والدارمي 2/186، والنسائي 7/10-11، والبيهقي 10/32 من طريق شعبة، عن عمرو بن مرة، عن عبد الله بن عمرو مولى الحسن بن علي، عن عدي بن حاتم . وهذا إسناد ضعيف لجهالة عبد الله بن عمرو مولى الحسن، إلا أنه يتقوى بما قبله .

4346- إسناده صحيح، تميم بن طرفة ثقة على شرط مسلم، وباقي السند ثقات على شرطهما . وهو في "صحيح مسلم" 1651 15 عن قتيبة بن سعيد، عن جرير بن عبد الحميد، بهذا الإسناد .

عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَهُ، فَسَاَلَهُ نَفَقَةً، فَقَالَ: مَا عِنْدِي شَيْءٌ اُعْطِيكَهُ اِلَّا دِرْعِي وَمِغْفَرِي، فَاَكْتُبُ اِلَى اَهْلِي اَنْ تُعْطِيكَهَا، فَلَمْ يَرْضَ، فَحَلَفَ اَنْ لَا يُعْطِيَهُ شَيْئًا، ثُمَّ رَضِيَ الرَّجُلُ، فَقَالَ عَدِيٌّ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ ثُمَّ رَاَى مَا هُوَ اَتْقَى لِلّٰهِ مِنْهَا فَلْيَاْتِ التَّقْوَى، مَا حَنِثْتُ

❁❁ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص ان کے پاس آیا اور ان سے خرچ کا مطالبہ کیا' تو انہوں نے فرمایا: میرے پاس تمہیں دینے کے لیے کچھ نہیں ہے صرف یہ زرہ ہے اور یہ خود ہے میں اپنے گھر والوں کی طرف کاغذ لکھ دیتا ہوں کہ وہ تمہیں کچھ دے دیں وہ شخص اس بات پر راضی نہیں ہوا تو حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے یہ قسم اٹھائی کہ وہ اسے کچھ نہیں دیں گے پھر وہ شخص اس بات پر راضی ہو گیا تو حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا۔

''جو شخص کوئی قسم اٹھائے اور پھر وہ (اس کے برخلاف صورت حال کو) دیکھے کہ وہ اس کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی پرہیز گاری کے زیادہ قریب ہے' تو اسے وہ کام کرنا چاہئے جو پرہیز گاری والا ہو''۔

(حضرت عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر یہ حدیث نہ ہوتی) تو میں اپنی قسم نہ توڑتا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَالِفَ اِنَّمَا اُمِرَ بِتَرْكِ يَمِينِهِ اِذَا رَاَى ذٰلِكَ خَيْرًا لَهُ مَعَ الْكَفَّارَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قسم اٹھانے والے شخص کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے' وہ اپنی قسم کو اس وقت ترک کر دے جب وہ اس سے زیادہ بہتر صورت دیکھے اور اس کے ہمراہ کفارہ ادا کر دے

4347 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ بِطَرَسُوسَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَاَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَّلْيُكَفِّرْ عَنْ يَّمِينِهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص کوئی قسم اٹھائے اور اس کے برخلاف کام کو اس سے زیادہ بہتر دیکھے تو اسے وہ کام کرنا چاہئے کہ جو زیادہ بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دینا چاہئے''۔

4347- إسناده حسن لغيره، مسلم بن خالد الزنجي: سيء الحفظ .وأخرجه أحمد 2/204 عن الحكم بن موسى، عن مسلم بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/185 و211 و212، والطيالسي 2259، والنسائي 7/10 في الأيمان والنذور: باب الكفارة قبل الحنث، وابن ماجة 2111 في الكفارات: باب من قال: كفارتها تركها، والبيهقي 10/33-34 من طريق عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده، وهذا سند حسن .

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْحَالِفَ مَاْمُوْرٌ بِالْكَفَّارَةِ عِنْدَ تَرْكِهِ الْيَمِيْنَ اِذَا رَاٰى ذٰلِكَ خَيْرًا لَهٗ مِنَ الْمُضِيِّ فِيْهِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنو عکل سے تعلق رکھنے والے کچھ افراد (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) عرینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ مدینہ منورہ آئے۔ وہاں کی آب و ہوا انہیں موافق نہیں آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اونٹوں کی طرف جانے کا حکم دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ وہ اونٹنیوں کا دودھ اور پیشاب پئیں۔ جب انہوں نے ان کا دودھ اور پیشاب پیا اور ان کی بیماری ختم ہوگئی تو انہوں نے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے۔ یہ اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کے وقت ان کے پیچھے مہم روانہ کر دی۔ دن چڑھ جانے کے بعد ان کو پکڑ کر لایا گیا ان کے ہاتھ اور پاؤں کٹوا دیے گئے ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دیں اور انہیں تپتے ہوئے پتھروں پر ڈال دیا وہ لوگ پانی مانگتے تھے' لیکن انہیں پانی نہیں دیا گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ابوقلابہ نے یہ بات بیان کی ہے۔

یہ وہ لوگ ہیں' جنہوں نے قتل بھی کیا چوری بھی کی ایمان لانے کے بعد کفر بھی اختیار کیا اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ بھی کی (اس لیے انہیں اتنی سخت سزا دی گئی)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرَحَ الْعُرَنِيِّينَ فِي الشَّمْسِ بَعْدَ تَعْذِيبِهِ اِيَّاهُمْ بِمَا عَذَّبَ حَتّٰى مَاتُوا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرینہ قبیلے کے لوگوں کو سزا دینے کے بعد دھوپ میں ڈلوا دیا تھا یہاں تک کہ وہ لوگ مر گئے تھے

4470 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدِيْنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ رَجَاءٍ مَوْلٰى اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: اِيَّايَ حَدَّثَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعُوهُ عَلٰى

4470– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأبو رجاء : هو سلمان . وأخرجه مسلم 1671 10 عن محمد بن الصباح وأبي بكر بن أبي شيبة، كلاهما عن ابن عُليّة، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 4193، والنسائي 7/93–94 من طريقين عن الحجاج الصواف، به . تابع حجاجاً عليه عند البخاري أيوبُ . وأخرجه البخاري 4610، ومسلم 1671 11 و12 من طريقين عن أبي رجاء، به نحوه . وانظر 1387 .

الْإِسْلَامِ، فَاسْتَوْخَمُوا الْاَرْضَ، وَسَقِمَتْ اَجْسَامُهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تَخْرُجُوْنَ مَعَ رَاعِينَا فِيْ اِبِلِهِ فَتُصِيبُوْنَ مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا؟، فَقَالُوا: بَلٰى، فَخَرَجُوا فَشَرِبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا، فَصَحُّوا، فَقَتَلُوْا رَاعِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَطَرَدُوا النَّعَمَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ فِيْ آثَارِهِمْ فَجَلَبَهُمْ، فَاَمَرَ بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ، وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَّرَ اَعْيُنَهُمْ، وَنَبَذَهُمْ فِي الشَّمْسِ حَتّٰى مَاتُوا

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عکل قبیلے سے تعلق رکھنے والے آٹھ افراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا اس علاقے کی آب و ہوا انہیں موافق نہیں آئی۔ ان کے جسم بیمار ہو گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: تم ہمارے چرواہے کے ساتھ اونٹوں کی طرف کیوں نہیں چلے جاتے۔ وہاں تم ان کا دودھ اور پیشاب پی لینا۔ ان لوگوں نے کہا: ٹھیک ہے' پھر وہ لوگ نکلے (اور وہاں چلے گئے) وہاں انہوں نے اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیا۔ جب وہ تندرست ہو گئے' تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ ساتھ لے گئے اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے کچھ لوگوں کو روانہ کیا۔ انہوں نے انہیں پکڑ لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں اور انہیں دھوپ میں پھینک دیا گیا' یہاں تک کہ وہ اسی حالت میں مر گئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعُرَنِيِّينَ كَفَرُوا بَعْدَ فِعْلِهِمُ الَّذِي فَعَلُوا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' عرینہ قبیلے کے لوگوں نے جو کچھ کیا تھا' اس کو کرنے کے بعد وہ کافر بھی ہو گئے تھے

4471 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِّنْ عُرَيْنَةَ، فَقَالَ لَهُمْ: لَوْ خَرَجْتُمْ اِلٰى ذَوْدِنَا فَكُنْتُمْ فِيهَا فَشَرِبْتُمْ مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا، فَفَعَلُوا، فَلَمَّا صَحُّوا قَامُوْا اِلٰى رَاعِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلُوْهُ، وَرَجَعُوا كُفَّارًا، وَاسْتَاقُوْا ذَوْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ طَلَبِهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ، وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَّلَ اَعْيُنَهُمْ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو عرینہ قبیلے سے تعلق رکھنے

4471– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابري فمن رجال مسلم .وأخرجه النسائي 7/96 عن علي بن حُجر، عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد . وانظر 1387 .

والے کچھ لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: تم لوگ ہمارے اونٹوں کی طرف چلے جاؤ اور وہاں ٹھہرے رہو اور ان کا دودھ اور پیشاب پیو (تو یہ مناسب ہوگا) ان لوگوں نے ایسا ہی کیا جب وہ لوگ تندرست ہو گئے' تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے چرواہے کے پاس جا کر اسے قتل کر دیا اور دوبارہ کافر ہو گئے اور نبی اکرم ﷺ کے اونٹ ہانک کر لے گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کی تلاش میں مہم روانہ کی ان لوگوں کو پکڑ کر لایا گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے اور ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھروا دیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا قَتَلَ الْعُرَنِيِّيْنَ لِاَنَّهُمْ كَفَرُوا وَارْتَدُّوا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے عرینہ قبیلے کے لوگوں کو اس لیے قتل کروادیا تھا' کیونکہ وہ مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہو گئے تھے

4472 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَاسًا مِنْ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ قَدِمُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَكَلَّمُوا بِالْاِسْلَامِ، وَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّا كُنَّا اَهْلَ ضَرْعٍ وَلَمْ نَكُنْ اَهْلَ رِيفٍ، وَاسْتَوْخَمُوا الْمَدِينَةَ، فَاَمَرَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَوْدٍ وَرَاعِي، وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَخْرُجُوا لِيَشْرَبُوا مِنْ اَبْوَالِهَا وَاَلْبَانِهَا، فَانْطَلَقُوا حَتّٰى اِذَا كَانُوا فِيْ نَاحِيَةِ الْحَرَّةِ كَفَرُوا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ، وَقَتَلُوا رَاعِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِيْ آثَارِهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ فَسَمَّرَ اَعْيُنَهُمْ، وَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ، وَاَرْجُلَهُمْ، ثُمَّ تَرَكَهُمْ فِيْ نَاحِيَةِ الْحَرَّةِ حَتّٰى مَاتُوا عَلٰى حَالِهِمْ ذٰلِكَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عکل (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) عرینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے اسلام کے بارے میں بات چیت کی (یعنی اسلام قبول کر لیا) انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہم لوگ جانور پالنے والے لوگ ہیں ہم کھیتی باڑی کرنے والے لوگ نہیں ہیں۔ ان لوگوں کو مدینہ منورہ کی آب و ہوا موافق نہیں آئی تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں اونٹوں اور چرواہے کے پاس جانے کا حکم دیا آپ ﷺ نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ لوگ جائیں اور ان اونٹوں کا پیشاب اور دودھ پئیں۔ وہ لوگ چلے گئے' یہاں تک کہ وہ پتھریلے علاقے کے کنارے پر پہنچ گئے وہاں انہوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد کفر کو اختیار کیا اور نبی اکرم ﷺ کے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو

4472– إسناده صحيح على شرطهما . وانظر 1388وأخرجه البخاري 5727 و4192، والنسائي 1/158–161 من طريقين عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد .

ہانک کرلے گئے جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے مہم روانہ کی۔ان لوگوں کو پکڑ کر لایا گیا ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں ان کے ہاتھ اور پاؤں کٹوا دیئے گئے اور پھر انہیں پتھریلی زمین کے کنارے پر ڈال دیا گیا' یہاں تک کہ وہ اسی حالت میں مر گئے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ ضِدَّ مَا ذَهَبْنَا اِلَيْهِ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا جو اس موقف کے برخلاف ہے' جس کی طرف ہم گئے ہیں

4473 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ لِعِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، اِنَّ لِيْ عَبْدًا، وَاِنِّيْ نَذَرْتُ لِلّٰهِ اِنْ اَصَبْتُهُ لَاَقْطَعَنَّ يَدَهُ، فَقَالَ: لَا تَقْطَعْ يَدَهُ، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ فِيْنَا فَيَاْمُرُنَا بِالصَّدَقَةِ وَيَنْهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَلْمُثْلَةُ الْمَنْهِيُّ عَنْهَا لَيْسَ الْقَوَدُ الَّذِيْ اُمِرَ بِهٖ لِاَنَّ اَخْبَارَ الْعُرَنِيِّيْنَ الْمُرَادُ مِنْهَا كَانَ الْقَوَدَ لَا الْمُثْلَةَ

حسن بصری بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے کہا: ہمارا ایک غلام ہے میں نے اللہ کے نام کی یہ نذر مانی ہے' وہ اگر مجھے مل گیا تو میں اس کا ہاتھ ضرور کاٹوں گا' تو حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے کہا: تم اس کا ہاتھ مت کاٹنا' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن ہمارے درمیان کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا اور مثلہ کرنے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع کر دیا۔

4473- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين غير أيوب بن محمد الوزّان فمن رجال أصحاب السنن وهو ثقة، والحسن لم يسمع من عمران في قول أبي حاتم ويحيى القطان وصالح بن أحمد .وأخرجه أحمد 4/432 عن إسماعيل، عن يونس قال: نبئت أن المسور بن مخرمة جاء إلى الحسن فقال: إن غلاماً لي أبق، فنذرت إن أنا عاينته أن أقطع يده، فقد جاء، فهو الآن بالجسر . قال: فقال الحسن: لا تقطع يده، وحدّثه أن رجلاً قال لعمران بن حصين . . . فذكره .وأخرجه أحمد 4/445، والطبراني 18/325 و326 و327 من طرق عن يونس، عن الحسن، عن عمران .وقد تابع يونسَ منصورٌ وحميدٌ عند أحمد والطبراني في الرواية الأولى .وأخرجه أحمد 4/439 و440، والطحاوي 3/182 من طرق عن الحسن، به .وأخرجه أحمد 4/428، وأبو داوُد 2667 في الجهاد: باب في المبارزة، والبيهقي 9/69 من طريقين عن قتادة، عن الحسن، عن الهياج بن عمران . البرجمي، عن عمران بن حصين، وفيه أيضاً عن سمرة بن جندب . وهذا إسناد صحيح، الهياج بن عمران، وإن جهله علي بن المديني لأنه لم يرو عنه غير الحسن، فقد قال ابن سعد: كان ثقة قليل الحديث، وذكره المؤلف في "الثقات" 5/512 .وأخرجه أحمد 5/12 و20، والطحاوي 3/182، والطبراني 6944 من طريق حميد ويزيد بن إبراهيم، عن الحسن، عن سمرة بن جندب . وقد صرح الحسن في رواية حميد عنه بالتحديث، فالإسناد صحيح .وأخرجه الطبراني 6966 من طريق همام، عن قتادة، عن الحسن، عن هياج بن عمران، عن سمرة .

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ممنوعہ مثلہ سے مراد یہ ہے: وہ کسی قصاص کے طور پر نہ ہو' کیونکہ عرینہ قبیلے کے لوگوں کے بارے میں روایات میں یہ بات مذکور ہے' اس سے مراد قصاص ہے مثلہ کرنا نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَمَّرَ اَعْيَنَ الْعُرَنِيِّيْنَ لِاَنَّهُمْ سَمَّرُوا اَعْيَنَ الرِّعَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے عرینہ قبیلے کے لوگوں کی آنکھوں میں سلائیاں اس لیے پھروائی تھیں' کیونکہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے چرواہوں کی آنکھوں میں سلائیاں پھیری تھیں

4474 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْوَزَّانُ بِجُرْجَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى الثَّلْجِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَمَّرَ اَعْيُنَهُمْ لِاَنَّهُمْ سَمَّرُوا اَعْيَنَ الرِّعَاءِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ان لوگوں کی آنکھوں میں سلائیاں پھروائیں' کیونکہ انہوں نے چرواہوں کی آنکھوں میں سلائیاں پھیری تھیں۔

4474– إسناده صحيح، رجاله ثقات على شرط الصحيح .وأخرجه البيهقي 8/62 من طريق محمد بن إسحاق الصغاني، عن ابن أبي الثلج، بهذا الإسناد .زوأخرجه مسلم 1671 14 في القيامة: باب حكم المحاربي والمرتدين، والترمذي 73 في الطهارة: باب ما جاء في بول ما يؤكل لحمه، والنسائي 7/100 في تحريم الدم: باب ذكر اختلاف طلحة بن مصرف ومعاوية بن صالح على يحيي بن سعيد في هذا الحديث، والبيهقي 9/70 من طريق الفضل بن سهل، عن يحيى بن غيلان، بِهٖ . وعندهم جميعاً سلموا بدل سمروا وهما بمعنى، أي: فقأ أعينهم .

بَابُ الرِّدَّةِ

مرتد ہونے کا بیان

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْقَتْلِ لِمَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ رَجُلًا كَانَ اَوِ امْرَاَةً اِلٰى اَيِّ دِيْنٍ كَانَ سِوٰى الْاِسْلَامِ

جو شخص اپنے دین کو تبدیل کر لیتا ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو وہ اسلام کے علاوہ جس بھی دین کو اختیار کرے اسے قتل کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

4475 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوهُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے دین (یعنی دین اسلام) کو تبدیل کر لے اسے قتل کر دو''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4476 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْجَنَدِيُّ، بِمَكَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4475- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البيهقي 8/204-205 من طريق أبي الوليد الفقيه، عن أحمد بن الحسن بن عبد الجبار، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/322-323، والنسائي 7/105 في تحريم الدم: باب الحكم في المرتد، وأبو يعلى 2533، والطبراني 10638، والبيهقي 8/202 من طريق عبد الصمد بن عبد الوارث، بِهِ . زاد بعضهم فيه أن علياً رضي الله عنه أُتي بناس من الزُّطّ يعبدون وثناً فحرَّقهم بالنار، فقال ابن عباس: . . . فذكره .

(متن حدیث): مَنْ تَرَكَ دِيْنَهُ اَوْ قَالَ رَجَعَ عَنْ دِيْنِهِ فَاقْتُلُوْهُ، وَلَا تُعَذِّبُوا بِعَذَابِ اللّٰهِ اَحَدًا يَعْنِي بِالنَّارِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص اپنے دین کو (یعنی دین اسلام کو) ترک کردے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو شخص اپنے دین (یعنی دین اسلام) سے رجوع کرلے تو اسے قتل کردو اور تم کسی بھی شخص کو وہ عذاب نہ دو جو عذاب اللہ تعالیٰ دے گا (راوی کہتے ہیں:) یعنی آگ کا عذاب نہ دو۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ) (آل عمران: 86)

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی

"اللہ تعالیٰ اس قوم کو کیسے ہدایت نصیب کرسکتا ہے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو جائیں"

4477 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ:

4476– علی بن زیاد اللحجی أورده المؤلف فی "ثقاته" 8/470 وقال: مستقيم الحديث، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين غير أبی قرة: وهو موسى بن طارق اليمانی، فقد روى له النسائی، وهو ثقة .وأخرجه النسائی 7/104 فی تحريم الدم: باب الحكم فی المرتد، عن محمود بن غيلان، عن محمد بن بكر، عن ابن جريج، بهذا الإسناد . ولفظه عنده "من بدل دينه فاقتلوه" .وأخرجه عبد الرزاق 18706، ومن طريقه أخرجه الطبرانی 11850 عن معمر، بِهِ .وأخرجه بنحوه الشافعی 2/86–87، وأحمد 1/217 و219–220 و282–283، والحميدی 533، وابن أبی شيبة 10/139، والبخاری 3017 فی الجهاد: باب لا يعذَّب بعذاب الله، وأبو داوُد 4351 فی الحدود: باب الحكم فيمن ارتد، والترمذی 1458 فی الحدود: باب ما جاء فی المرتد، والنسائی 7/104، وابن ماجة 2535 فی الحدود: باب المرتد عن دينه، وأبو يعلی 2532، والحاكم 3/538–539، والبيهقی 8/195 و202 و9/71، والدارقطنی 3/108 و113، والبغوی 2560 و2561 من طرق عن أيوب، به–وبعضهم يزيد فی الحديث علی بعض، زاد بعضهم فی آخر الحديث: فبلغ ذلك علياً رضی الله عنه فقال: ويح ابن عباس .وأخرجه أيضاً النسائی 7/104، والطبرانی 11835 من طريق عباد بن . العوام، عن سعيد، عن قتادة، عن عكرمة، بِهِ .وأخرجه النسائی 7/104–105 عن موسى بن عبد الرحمٰن، عن محمد بن بشر، عن سعيد، عن قتادة عن الحسن قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "مَن بدّل دينه فاقتلوه " قال النسائی: وهذا أولی بالصواب من حديث عباد . وانظر 5577 .

4477– إسناده صحيح، رجاله ثقات على شرط مسلم غير بشر بن معاذ العقدی، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه النسائی 7/107 فی تحريم الدم: باب توبة المرتد، وفی التفسير كمًا فی "التحفة" 5/133، والطبرانی فی جامع البيان 7360 عن محمد بن عبد الله بن بزيع البصری، عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبری 7362، والحاكم 2/142 و4/366، والواحدی فی "أسباب النزول" ص75 من طرق عن داوُد بن أبی هند، بِهِ . صححه الحاكم ووافقه الذهبی .وأخرجه بنحوه الواحدی ص74–75 من طريق علی بن عاصم، عن خالد . وداوُد، عن عكرمة، بِهِ .وأخرجه الطبری 7361 من طريق عبد الأعلی . عن داوُد، عن عكرمة بنحوه، ولم يرفعه إلی ابن عباس .وأخرجه بنحوه أيضاً الطبری 7363، والواحدی ص75 من طريقين عن جعفر بن سليمان، عن حميد الأعرج، عن مجاهد من قوله، وسمی الأنصاریّ الحارث بن سويد .

حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِى هِنْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ اَسْلَمَ ثُمَّ ارْتَدَّ فَلَحِقَ بِالشِّرْكِ، ثُمَّ نَدِمَ فَاَرْسَلَ اِلٰى قَوْمِهِ اَنْ سَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لِيْ مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: فَنَزَلَتْ: (كَيْفَ يَهْدِى اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوا بَعْدَ اِيمَانِهِمْ وَشَهِدُوْا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ) (آل عمران: 86)، اِلٰى قَوْلِهٖ: (اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوا مِنْ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاَصْلِحُوا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيْمٌ) (آل عمران: 89)، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ قَوْمُهُ فَاَسْلَمَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص مسلمان ہو گیا پھر وہ مرتد ہو گیا اور مشرکین سے جاملا پھر اسے ندامت ہوئی اس نے اپنی قوم کی طرف پیغام بھیجا کہ تم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرو کیا میرے لیے توبہ کی گنجائش ہے؟

راوی بیان کرتے ہیں: تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''اللہ تعالیٰ اس قوم کو کیسے ہدایت نصیب کر سکتا ہے' جو اسلام قبول کرنے کے بعد کافر ہو جائیں جب کہ وہ اس بات کی گواہی دے چکے ہوں کہ رسول سچا ہے اور ان کے پاس دلائل بھی آ چکے ہوں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''ماسوائے ان لوگوں کے جو اس کے بعد توبہ کر لیں اور وہ ٹھیک ہو جائیں بے شک اللہ تعالیٰ مغفرت کرنے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے''۔

تو اس کی قوم نے اسے پیغام بھجوایا تو اس نے اسلام قبول کر لیا۔

كِتَابُ السِّيَرِ

کتاب! سیر کا بیان

بَابُ فِي الْخِلَافَةِ وَالْإِمَارَةِ

باب: خلافت اور حکومت کا بیان

4478 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّهُ قِيلَ لَهُ: أَلَا تَسْتَخْلِفُ؟ فَقَالَ: إِنْ أَتْرُكْ، فَقَدْ تَرَكَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنْ أَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي أَبُو بَكْرٍ فَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: إِنِّي وَدِدْتُ أَنْ أَتَخَلَّصَ مِنْهَا لَا عَلَيَّ وَلَا لِي

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی گئی آپ کسی کو اپنا جانشین مقرر کیوں نہیں کرتے انہوں نے فرمایا: اگر میں اس چیز کو ترک کرتا ہوں' تو اس ہستی نے اسے ترک کیا تھا جو مجھ سے بہتر ہے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور اگر میں کسی کو اپنا جانشین مقرر کر دیتا ہوں' تو اس شخصیت نے اپنا جانشین مقرر کیا تھا جو مجھ سے بہتر ہیں اور وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں پھر انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تعریف کی اور یہ بات ارشاد فرمائی: میری یہ خواہش ہے' میں اس معاملے سے خلاصی حاصل کرلوں نہ میرے ذمے کچھ ہو اور نہ میرے حق میں کچھ ہو۔

4478- إسناده صحيح على شرط مسلم، إسحاق بن موسى الأنصاري، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه أحمد 1/43، والبخاري 7218 في الأحكام: باب الاستخلاف، ومسلم 1823 11 في الإمامة: باب الاستخلاف وتركه، وأبو يعلى 206، والبيهقي 8/148، والبغوي 2489 من طريق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 9763، ومن طريق أحمد 1/47، ومسلم 1823 12، وأبو داؤد 2939 في الخراج والإمارة: باب في الخليفة يستخلف، والترمذي 2225 في الفتن: باب ما جاء في الخلافة، والبيهقي . 8/148-149 عن معمر، عن الزهري، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عن أبيه وبعضهم يزيد فيه على بعض . قال الترمذي: حديث صحيح .وأخرجه بنحوه في قصة طويلة أحمد 1/46 من طريق أبي عوانة، عن داؤد بن عبد اللّٰه الأودي، عن حميد بن عبد الرحمٰن الحميري، عن ابن عباس، عن ابن عمر .

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ طَلَبِ الْإِمَارَةِ حَذَرَ قِلَّةِ الْمَعُونَةِ عَلَيْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ حکومتی عہدہ طلب نہ کرے اس بات سے بچتے ہوئے کہ اس بارے میں اس کی مدد نہیں کی جائے گی

4479 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، وَحُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، وَيُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، جَمِيعًا عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ الْقُرَشِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ، لَا تَسْاَلِ الْإِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُوتِيتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ اُوتِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَاِذَا آلَيْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ وَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا فَاْتِ الَّذِی هُوَ خَيْرٌ وَّكَفِّرْ عَنْ يَّمِيْنِكَ

❀❀ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے عبدالرحمٰن! تم حکومتی عہدے کو طلب نہ کرنا' کیونکہ اگر تمہیں یہ مانگنے سے ملا تو تمہیں اس کے حوالے کر دیا جائے گا اور اگر یہ تمہیں مانگے بغیر ملا تو اس بارے میں تمہاری مدد کی جائے گی اور جب تم کوئی قسم اٹھا لو اور پھر اس کے علاوہ (دوسری) صورت حال کو بہتر سمجھو تو وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دو''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْمَرْءِ الْإِمَارَةَ لِئَلَّا يُوكَلَ اِلَيْهَا اِذَا كَانَ سَائِلًا لَهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی حکومتی عہدہ کو مانگے' کیونکہ جب وہ اسے مانگے گا' تو کہیں اسے اس کے سپرد نہ کر دیا جائے

4480 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ، لَا تَسْاَلِ الْإِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُوتِيتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ اُوتِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَاِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ وَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَاْتِ الَّذِی هُوَ خَيْرٌ وَّكَفِّرْ عَنْ يَّمِيْنِكَ

❀❀ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومتی عہدے کو نہ مانگنا' کیونکہ اگر تمہیں یہ مانگنے سے ملا تو تمہیں اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور اگر تمہیں مانگے بغیر ملا تو اس بارے میں تمہاری مدد کی

4479- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "صحيح مسلم" 1652 في الأيمان: باب ندب من حلف يميناً فرأى غيرها خيراً منها أن يأتي الذي هو خير ويكفر عن يمينه، عن علي بن حُجر السعدي، بهذا الإسناد، وقد تقدم برقم 4348 .

4480- حديث صحيح، وهو مكرر 4348 .

جائے گی اور جب تم کوئی قسم اٹھاؤ اور اس کے برخلاف صورت کو اس سے زیادہ بہتر سمجھو تو وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دو۔

4481 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِیْ عَمِّیْ، فَقَالَ اَحَدُ الرَّجُلَيْنِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَمِّرْنَا عَلٰى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّی عَلٰى هٰذَا الْعَمَلِ اَحَدًا سَاَلَهُ، وَلَا اَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ

✿✿ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور میرے دو چچازاد بھائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دو میں سے ایک نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو حکومت عطا کی ہے اس میں سے کسی معاملے کا ہمیں بھی اہل کار مقرر کر دیں دوسرے شخص نے بھی اس کی مانند بات کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! ہم اس کام کا نگران کسی ایسے شخص کو مقرر نہیں کریں گے جو اسے مانگتا ہے اور نہ ہی کسی ایسے شخص کو مقرر کریں گے جو اس کا لالچ کرتا ہو۔

ذِكْرُ مَا يَكُوْنُ مُتَعَقَّبُ الْاِمَارَةِ فِی الْقِيَامَةِ اِذَا حَرَصَ عَلَيْهَا فِی الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ' قیامت میں اس شخص کا انجام کیا ہوگا' جو دنیا میں حکومتی عہدے کا لالچ رکھتا تھا

4482 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّكُمْ سَتَحْرِصُوْنَ عَلَى الْاِمَارَةِ، وَاِنَّهَا سَتَكُوْنُ نَدَامَةً وَحَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَنِعْمَتِ الْمُرْضِعَةُ، وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

4481- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وبُريد: هو ابن عبد الله بن أبي بردة، وأبو كريب: هو محمد بن العلاء بن كريب الهمداني .وأخرجه البخاري 7149 في الأحكام: باب ما يُكره من الحرص على الإمارة، ومسلم 14 3/1456 في الإمارة: باب النهي عن طلب الإمارة والحرص عليها، عن أبي كريب، بهذا الإسناد وأخرجه مسلم، والبيهقي 10/100، والبغوي 2466 من طريقين عن أبي أسامة، به . وانظر الحديث 1072 .

4482- إسناده صحيح على شرطهما . المقبري: هو سعيد بن أبي سعيد، وابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمٰن، وعبد الله: هو ابن المبارك، وحبّان: هو ابن موسى المروزي . وأخرجه النسائي 7/162 في البيعة: باب ما يكره من الحرص على الإمارة، و8/225-226 في آداب القضاة: باب النهي عن مسألة االإمارة، وفي السير كما في "التحفة" 9/487 عن محمد بن آدم بن سليمان، عن ابن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/448 و476، والبخاري 7148 في الأحكام: باب ما يكره من الحرص على الإمارة، والبيهقي 3/129 و10/95، والبغوي 2465 من طرق عن ابن أبي ذئب، به . وقع عند أحمد في الموضع الأول من طريق يزيد بن هارون عن ابن أبي ذئب: "فبئست المرضعة، ونعمت الفاطمة" وهو خطأ .

''عنقریب تم حکومتی عہدوں کا لالچ کرو گے اور قیامت کے دن یہ چیز ندامت اور حسرت کا باعث ہوگی' تو دودھ پلانے والی اچھی شمار ہوتی ہے اور دودھ چھڑوانے والی بری شمار ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَتَمَنَّى الْأُمَرَاءُ أَنَّهُمْ مَا وَلَّوْا مِمَّا وُلُّوا شَيْئًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' حکمران یہ آرزو کریں گے کہ انہیں (دنیا میں) کسی بھی چیز کا نگران نہ بنایا گیا ہوتا

4483 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، بِحِرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ مَوْلَى اَبِي رُهْمٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ لِلْاُمَرَاءِ، لَيَتَمَنَّيَنَّ اَقْوَامٌ اَنَّهُمْ كَانُوا مُعَلَّقِينَ بِذَوَائِبِهِمْ بِالثُّرَيَّا، وَاَنَّهُمْ لَمْ يَكُونُوا وُلُّوا شَيْئًا قَطُّ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سرکاری اہلکاروں کے لیے خرابی ہے عنقریب کچھ لوگ اس بات کی آرزو کریں گے کہ انہیں ان کے بالوں کے ساتھ اوج ثریا پر لٹکا دیا جاتا' لیکن انہیں کسی (حکومتی عہدے) کا اہلکار مقرر نہ کیا جاتا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْاَئِمَّةِ فِي الْقِيَامَةِ اِذَا كَانُوا عُدُولًا فِي الدُّنْيَا

قیامت کے دن حکمرانوں کی صفت کا تذکرہ جب وہ دنیا میں انصاف سے کام لیتے رہے ہوں

4484 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4483- إسناده صحيح، النفيلي: هو عبد الله بن محمد بن علي بن نفيل، ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين غير أبي حازم مولى أبي رُهم وهو ثقة روى له النسائي. وأخرجه بنحوه الطيالسي 2523، وأحمد 2/352، والحاكم 4/91، والبيهقي 10/97، والبغوي 2468 من طريق هشام الدستوائي، عن عباد بن أبي علي، عن أبي حازم، عن أبي هريرة. وهذا إسناد حسن، عباد بن أبي علي حسن الحديث، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

4484- حديث صحيح، ابن أبي السري: وهو محمد بن المتوكل صدوق له أوهام، وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدي 588، وأحمد 2/160، ومسلم 1827 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر..، والنسائي 8/221 في آداب القضاة: باب فضل الحاكم العادل في حكمه، والبيهقي في "السنن" 10/87-88، وفي "الأسماء والصفات" ص324، والآجري في "الشريعة" ص322، والبغوي 2470 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/159 و203، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/300، والحاكم 4/88 من طريقين عن معمر، عن الزهري وقد سقط من المستدرك، عن سعيد بن المسيب، عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "المقسطون في الدنيا على منابر من لؤلؤ يوم القيامة بين يدي الرحمن عز وجل بما أقسطوا في الدنيا" وإسناده صحيح على شرطهما. وانظر "أقاويل الثقات" لمرعي يوسف الحنبلي ص156-157.

سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ اَوْسٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْمُقْسِطُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى مَنَابِرٍ مِّنْ نُورٍ عَنْ يَّمِيْنِ الرَّحْمٰنِ، وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ الْمُقْسِطُونَ عَلٰى اَهْلِيهِمْ، وَاَوْلَادِهِمْ، وَمَا وَلُّوا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ مِنَ الْفَاظِ التَّعَارُفِ اُطْلِقَ لَفْظُهُ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ فِيمَا بَيْنَهُمْ، لَا عَلَى الْحَقِيقَةِ لِعَدَمِ وُقُوفِهِمْ عَلَى الْمُرَادِ مِنْهُ اِلَّا بِهٰذَا الْخِطَابِ الْمَذْكُورِ وَالْمُقْسِطُ: الْعَدْلُ، وَالْقَاسِطُ: الْعَادِلُ عَنِ الطَّرِيقِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''(دنیا میں) انصاف کرنے والے لوگ قیامت کے دن رحمان کے دائیں طرف نور کے منبروں پر ہوں گے حالانکہ اس (رحمٰن) کے دونوں طرف دائیں ہیں وہ لوگ جو اپنی بیویوں کے ساتھ اپنی اولاد کے ساتھ اور جس معاملے کے وہ نگران بنتے ہیں اس کے ساتھ انصاف سے کام لیتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کے الفاظ لوگوں کے عام محاورے کے مطابق ہیں اور یہاں وہ لفظ استعمال ہوئے ہیں جو لوگ اپنے محاورے میں استعمال کرتے ہیں اس کا حقیقی مفہوم مراد نہیں ہے' کیونکہ اس کی مراد سے واقفیت حاصل نہیں کی جا سکتی وہ واقفیت صرف انہی الفاظ میں حاصل کی جا سکتی ہے' جو اس روایت میں ذکر ہوئے ہیں۔

لفظ ''مقسط'' کا مطلب انصاف کرنا ہے اور لفظ ''قاسط'' مطلب راستے سے ہٹ جانے والا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اَمْكِنَةِ الْاَئِمَّةِ الْعَادِلَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن انصاف کرنے والے حکمرانوں کی حیثیت کیا ہوگی

4485 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْمُقْسِطُونَ عَنْ يَّمِيْنِ الرَّحْمٰنِ، وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ الَّذِينَ يَعْدِلُونَ فِي حُكْمِهِمْ وَاَهْلِيهِمْ وَمَا وَلُّوا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''انصاف کرنے والے لوگ رحمان کے دائیں طرف ہوں گے ویسے اس کے دونوں طرف ہی دائیں ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو اپنا فیصلہ کرنے میں اپنے بیوی بچوں کے ساتھ تعلقات میں اور اپنی ذمے داریوں میں انصاف سے کام لیتے ہیں''۔

4485- حدیث صحیح، هشام بن عمار حسن الحدیث وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرطهما وهو مكرر ما قبله.

ذِكْرُ اِظْلَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْإِمَامَ الْعَادِلَ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ

اللہ تعالیٰ کا عادل حکمران کو اس دن اپنا سایہ نصیب کرنے کا تذکرہ، جس دن اس کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا

4486 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ: اِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَاَ فِیْ عِبَادَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، وَرَجُلٌ كَانَ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ فِی الْمَسْجِدِ، وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَاَةٌ ذَاتَ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ اِلٰى نَفْسِهَا فَقَالَ: اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهٗ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهٗ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سات لوگ ایسے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ اس دن اپنا سایہ نصیب کرے گا، جس دن اس کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ عادل حکمران، وہ نوجوان جس کی نشوونما اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہوئے ہوئی، وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کا ذکر کر رہا ہو، تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں، وہ شخص جس کا دل مسجد کے ساتھ معلق رہتا ہو وہ دو افراد جو اللہ تعالیٰ کے لیے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں اسی وجہ سے وہ ملتے ہیں اسی وجہ سے جدا ہوتے ہیں۔ ایک وہ شخص کوئی صاحب حیثیت اور خوب صورت عورت اپنی ذات کی طرف (گناہ کی) دعوت دیتی ہے اور وہ شخص یہ کہتا ہے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور وہ شخص جو کوئی صدقہ کرتے ہوئے اسے اتنا پوشیدہ رکھتا ہے، بائیں ہاتھ کو یہ پتہ نہیں چلتا

4486- إسناده صحيح على شرطهما . عُبيد الله بن عمر: هو ابن حفص بن عاصم العمري المدني، وعبد الله: هو ابن المبارك، وهو في "الزهد" له 1342 . وأخرجه البخاري 6806 في الحدود: باب فضل من ترك الفواحش، والنسائي 8/222-223 في آداب القضاة: الإمام العادل، والبيهقي 3/65-66 من طرق عن ابن المبارك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/439، والبخاري 660 في الأذان: باب من جلس في المسجد ينتظر الصلاة وفضل المساجد، و1423 في الزكاة: باب الصدقة . باليمين، و6479 في الرقاق: باب البكاء من خشية الله عز وجل، ومسلم 1031 91 في الزكاة: باب فضل إخفاء الصدقة، والترمذي بعد الحديث 2391 في الزهد: باب ما جاء في الحبِّ في الله، وابن خزيمة في "صحيحه" 358، والبيهقي 4/190 و8/162 من طريق يحيى بن سعيد القطان، عن عبيد الله بن عمر، به . وبعض الرواة عن يحيى قال فيه: "لا تعلم يمينه ما تنفق شماله "، وسائر الرواة قالوا فيه: "لا تعلم شماله ما تنفق يمينه " وهو الصواب، لأن السنة المعهودة في الصدقة إعطاؤها باليمين، وانظر "الفتح" 2/146 . وأخرجه الطيالسي 2462 عن ابن فضالة، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص371 من طريق شعبة، كلاهما عن خبيب بن عبد الرحمٰن، به . وانظر 7294 . والمقصود من قوله: حتى لا تعلم شماله ما تنفق يمينه: المبالغة في إخفاء الصدقة بحيث إن شماله مع قُربها وتلازمها لو تصوَّر أنها تعلم لما علمت ما فعلت اليمين لشدة إخفائها، فهو على هذا من مَجاز التشبيه .

کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہے"۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ لُزُوْمُ الْعَدْلِ فِيْ رَعِيَّتِهِ مَعَ الرَّأْفَةِ بِهِمْ وَالشَّفَقَةِ عَلَيْهِمْ

اس بات کا تذکرہ' حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا کے ساتھ نرمی اور شفقت کرنے کے ساتھ ان میں انصاف کو بھی قائم رکھے

4487 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَيَّاضُ بْنُ زُهَيْرٍ *، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَا جَهْمِ بْنِ حُذَيْفَةَ مُصَدِّقًا فَلَاجَّهُ رَجُلٌ فِيْ صَدَقَتِهِ، فَضَرَبَهُ اَبُوْ جَهْمٍ فَشَجَّهُ، فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: الْقَوَدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكُمْ كَذَا وَكَذَا، فَلَمْ يَرْضَوْا، فَقَالَ: لَكُمْ كَذَا وَكَذَا، فَلَمْ يَرْضَوْا، فَقَالَ: لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَرَضُوْا، وَقَالَ: اَرَضِيْتُمْ؟، قَالُوْا: نَعَمْ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوجہم بن حذیفہ رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا تو زکوٰۃ کی ادائیگی کرتے ہوئے ایک شخص کی ان کے ساتھ بحث ہوگئی۔ حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے اسے مارا اور زخمی کر دیا۔ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمیں قصاص دلوائیے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہ چیزیں لے لو (اور اس پر راضی ہو جاؤ)' لیکن وہ لوگ اس پر راضی نہیں ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ' یہ چیزیں مزید لے لو وہ اس پر بھی راضی نہیں ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ' یہ چیزیں مزید لے لو تو وہ اس بات پر راضی ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم راضی ہو گئے ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ لُزُوْمُ الْاِحْتِيَاطِ لِرَعِيَّتِهِ فِي الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ يَخَافُ عَلَيْهِمْ مِنْ مُتَعَقَّبِهَا

اس بات کا تذکرہ' حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا کے حوالے سے ان چیزوں کے بارے میں احتیاط کو لازم پکڑے جن کے بارے میں اسے آگے چل کر خرابی کا اندیشہ ہو

4487- إسناده صحيح، فياض بن زهير من أهل نسا، روى عنه غير واحد، وذكره المؤلف في "الثقات" 9/11، ومن فوقه ثقات على شرطهما . وهو في "المصنف" 18032، وزاد: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنِّي خاطب على الناس، ومخبرهم برضابكم" . قالوا: نعم، فخطب النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "اِنَّ هؤلاء الليثيين اتوني يريدون القودَ، فعرضت عليهم كذا وكذا فرفضوا، أرضيتم؟ " قالوا: لا، فهمَّ المهاجرون بهم، فَاَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يكفوا، فكفوا، ثم دعاهم فزادهم، وقال: "أرضيتم؟ "، قالوا: نعم . ومن طريق عبد الرزاق بهذا الزيادة أخرجه أحمد 6/232، وأبو داوٗد 4534 في الديات: باب العامل يُصاب على يده خطأ، والنسائي 8/35 في القسامة: باب السلطان يصاب على يده، وابن ماجة 2638 في الديات: باب الجارح يفتدى بالقود، والبيهقي 8/49 .

31/31

4488 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ هِيتًا كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَزْوَاجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يَعُدُّونَهُ مِنْ أُولِي الْإِرْبَةِ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ يَنْعَتُ امْرَأَةً، وَهُوَ يَقُولُ: إِنَّهَا إِذَا أَقْبَلَتْ أَقْبَلَتْ بِأَرْبَعٍ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ أَدْبَرَتْ بِثَمَانٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَرَى هٰذَا يَعْلَمُ مَا هَا هُنَا؟ لَا يَدْخُلْ عَلَيْكُمْ وَأَخْرَجَهُ، فَكَانَ بِالْبَيْدَاءِ يَدْخُلُ كُلَّ يَوْمِ جُمُعَةٍ يَسْتَطْعِمُ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے ہاں آیا جایا کرتا تھا لوگ یہ سمجھتے تھے کہ اس میں نفسانی خواہش نہیں ہے۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس آئے' تو وہ کسی عورت کی خوبصورتی کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا کہ جب وہ آتی ہے' تو اس کی چار سلوٹیں پڑتی ہیں اور جب وہ جاتی ہے' تو اس کی آٹھ سلوٹیں ہوتی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں یہ نہیں دیکھ رہا کہ اسے ان چیزوں کا پتہ ہے۔ یہ تمہارے ہاں نہ آیا کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے وہاں سے نکلوا دیا' تو وہ کھلے میدان میں رہا کرتا تھا اور ہر جمعے کے دن کھانا لینے کے لیے آیا کرتا تھا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ مَنْ كَانَ تَحْتَ يَدِهِ أَخُوهُ الْمُسْلِمُ عَلَيْهِ رِعَايَتُهُ وَالتَّحَفُّظُ عَلَى أَسْبَابِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' جس کا کوئی مسلمان بھائی اس کا ماتحت ہو اسے اس کا خیال رکھنا چاہیے اور اس کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے

4489 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

4488– إسناده قوي مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم .وأخرجه أبو داوُد 4109 في اللباس: باب في قوله: (غَيْرِ أُولِي الْأَرْبَةِ)، عن أحمد بن صالح، عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/152، وابن جرير الطبري 18/123، ومسلم 2181 في السلام: باب منع المخنث من الدخول على النساء الأجانب، وأبو داوُد 4107 و4108، والنسائي في "عِشرة النساء " 365، والبيهقي 7/96، والبغوي 3209 من طرق عن معمر، به، وليس عندهم أنه أخرجه إلى البيداء، ولكن قالوا فيه: فحجبوه، وقد تابع الزهريَّ عليه هشامُ بن عروة عند أبي داوُد في الموضع الأول .وفي الباب عن أم سلمة عند أحمد 6/290، والبخاري 4324 و5235 و5887، ومسلم 2180، وأبي داوُد 4929، وابن ماجة 1902 و2614 ولفظه أن مخنثاً كان عندهم ورسول الله صلى الله عليه وسلم في البيت، فقال أي المخنث لأخي أم سلمة: يا عبد الله بن أمية، إن فتح الله عليكم الطائف غداً، فإني أدلك على بنت غيلان، فإنها تقبل بأربع، وتدبر بثمان . فسمعه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: "لا يَدْخل هؤلاءِ عليكم" .

4489– إسناده صحيح على شرطهما . أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني .وأخرجه البخاري 5188 في النكاح: باب (قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَاراً)، ومسلم 1829 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العال . . .، والبيهقي 7/291 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/5 عن إسماعيل، عن أيوب، به .وأخرجه أحمد 2/54–55، والبخاري 2554 في العتق: باب كراهية التطاول على الرقيق، و 5200 في النكاح: باب المرأة راعية في بيت زوجها، ومسلم 1829، والترمذي 1705 في الجهاد: باب ما جاء في الإمام، من طرق عن نافع، به .

زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ: فَالْاَمِيْرُ رَاعٍ عَلَى النَّاسِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ، وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ، اَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے حساب لیا جائے گا۔ حکمران اپنی رعایا کا نگران ہے اور اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا اور غلام اپنے آقا کے مال کے بارے میں نگران ہے اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا خبردار تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک شخص سے حساب لیا جائے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلٰى كُلِّ رَاعٍ حِفْظَ رَعِيَّتِهٖ صَغُرَ فِيْ نَفْسِهٖ اَمْ كَبُرَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر نگران اپنی نگرانی کی حفاظت کرے

خواہ وہ اپنے طور پر چھوٹا نگران ہو یا بڑا ہو

4490 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ: فَالْاِمَامُ رَاعٍ وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِيْ اَهْلِهٖ وَمَسْئُوْلٌ عَنْ اَهْلِهٖ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْئُوْلَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالْخَادِمُ رَاعٍ فِيْ مَالِ سَيِّدِهٖ وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ، وَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ

❁❁ سالم بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا حاکم نگران

4490- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم . وهو في صحيحه 1829 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 893 في الجمعة: باب الجمعة في القرى والمدن، و 2751 في الوصايا: باب تأويل قوله تعالى: (مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا اَوْ دَيْنٍ) من طريق عبد الله بن المبارك، عن يونس، بِهِ . وأخرجه البخاري 2409 في الاستقراض: باب العبد راع في مال سيده ولا يعمل إلا بإذنه، و 2558 في العتق: باب العبد راع في مال سيده، والبيهقي 6/287 من طريق شعيب عن الزهري، بِهِ .

اس سے اس کی رعایا کے بارے میں حساب لیا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے اس کے گھر والوں کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگران ہے اس سے اس کے ماتحت چیزوں کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ خادم اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اس سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور اس سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِمَامَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ الَّتِي هُوَ عَلَيْهِمْ رَاعي

اس بات کے بیان کا تذکرہ حاکم سے اس کی رعایا کے بارے میں حساب لیا جائے گا جن کا وہ نگران تھا

4491 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالْاَمِيرُ الَّذِي عَلَى النَّاسِ رَاعٍ عَلَيْهِمْ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالرَّجُلُ رَاعِي اَهْلَ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهِ وَهِيَ مَسْؤُوْلَةٌ عَنْهُمْ، وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُ، فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا لوگوں کا حکمران ان لوگوں کا نگران ہے اور اس سے ان لوگوں کے بارے میں حساب کیا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے ان کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی اور اس کی اولاد کی نگران ہے اس سے ان کے بارے میں حساب لیا جائے گا اور آدمی کا غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا''۔

4491– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابرى فمن رجال مسلم . وهو فى "صحيحه" 1829 عن يحيى بن أيوب المقابرى، بهذا الإسناد . وتابعه عنده يحيى بن يحيى وقتيبة بن سعيد وعلى بن حُجر . وأخرجه البغوى فى "شرح السنة " 2469 من طريق على بن حُجر، عن إسماعيل بن جعفر، به . وأخرجه مالك فى "الموطأ 992" برواية محمد بن الحسن الشيبانى، ومن طريقه أخرجه البخارى 7138 فى الأحكام: باب وقل الله تعالى: (اَطِيعُوا اللّٰهَ وَاَطِيعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنكُمْ)، وأبو داوٗد 2928 فى الخراج والإمارة: باب ما يلزم الإمام من حق الرعية، عن عبد الله بن دينار، به . وأخرجه أحمد 2/111 من طريق سفيان، عن عبد الله بن دينار، به

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا كُلَّ مَنِ اسْتَرْعَى رَعِيَّةً عَنْ رَعِيَّتِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ ہر شخص سے اس نگرانی کے بارے میں حساب لے گا

4492 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ اَحَفِظَ اَمْ ضَيَّعَ؟

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ ہر نگران سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لے گا کیا اس نے اس کی حفاظت کی ہے یا اس نے اسے ضائع کر دیا''۔

4493 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ، فِيْ عَقِبِهِ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ، اَحَفِظَ اَمْ ضَيَّعَ، حَتّٰى يَسْاَلَ الرَّجُلَ عَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ

✿✿ حضرت حسن رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ ہر نگران سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لے گا کہ اس نے اس کی حفاظت کی ہے یا اسے ضائع کر دیا ہے' یہاں تک کہ وہ آدمی سے اس کے گھر والوں کے بارے میں بھی حساب لے گا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْوَالِي الَّذِي يُرِيْدُ اللّٰهُ بِهِ الْخَيْرَ اَوِ الشَّرَّ

نگران کی اس صفت کا تذکرہ' جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ بھلائی یا برائی کا ارادہ کر لیتا ہے

4494 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِالْاَمِيْرِ خَيْرًا جَعَلَ لَهُ وَزِيْرَ صِدْقٍ، اِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ، وَاِنْ ذَكَرَ اَعَانَهُ، وَاِذَا

4492– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه النسائي في "عشرة النساء " 292 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وقال الترمذي 4/208 في الجهاد: باب ما جاء في الإمام: قال محمد يعني . ابن إسماعيل البخاري: وروى إسحاق بن إبراهيم: عن معاذ بن هشام . . . فذكره بإسناده ومتنه مرفوعاً، ثم قال الترمذي: سمعت محمداً يقول: هذا غيرُ محفوظ، وإنما الصحيح: عن مُعَاذُ بْنُ هِشَام، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عن الحسن، عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً .

4493– رجاله رجال الشيخين، وهو مرسل .وأخرجه النسائي في "عشرة النساء " 293 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وانظر ما قبله .

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٖ غَيْرَ ذٰلِكَ جَعَلَ لَهٗ وَزِيرَ سُوءٍ، اِنْ نَسِيَ لَمْ يُذَكِّرْهُ، وَاِنْ ذَكَرَ لَمْ يُعِنْهُ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' جب اللہ تعالیٰ کسی حکمران کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرے تو اسے سچا وزیر عطا کرتا ہے' اگر وہ حکمران بھول جائے' تو وہ وزیر اسے یاد کرواتا ہے اور اگر اس حکمران کو یاد ہو' تو وہ وزیر اس کی مدد کرتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی کے بارے میں اس کے علاوہ کا ارادہ کر لے' تو اسے برا وزیر عطا کر دیتا ہے' اگر وہ حکمران بھول جائے' تو وہ وزیر اسے یاد دہانی نہیں کرواتا اگر اس حکمران کو یاد ہو' تو وہ وزیر اس کی معاونت نہیں کرتا۔

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْاِمَامِ الْغَاشِّ لِرَعِيَّتِهٖ فِيمَا يَتَقَلَّدُ مِنْ اُمُورِهِمْ

ایسے شخص سے جنت کی نفی کا تذکرہ جو حکمران اپنی رعایا کے ساتھ دھوکہ دیتا ہو ان کے جس معاملے کے بارے میں وہ نگران ہے

4495 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ الْعُطَارِدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَقَالَ مَعْقِلٌ: اِنِّي

4507/1 - (متن حدیث): قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، وَاَخْبَرَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّهُ اجْتَمَعَ لِغَزْوَةِ اَذْرِبِيجَانَ، وَاَرْمِينِيَةَ اَهْلِ الشَّامِ، وَاَهْلِ الْعِرَاقِ، فَتَذَاكَرُوا الْقُرْآنَ، فَاخْتَلَفُوا فِيهِ حَتّٰى كَادَ يَكُوْنُ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ، قَالَ: فَرَكِبَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ لَمَّا رَاَى اخْتِلَافَهُمْ فِي الْقُرْآنِ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوا فِي الْقُرْآنِ، حَتّٰى اِنِّي وَاللّٰهِ لَاَخْشٰى اَنْ يُصِيبَهُمْ مَا اَصَابَ الْيَهُودَ وَالنَّصَارٰى مِنَ الِاخْتِلَافِ، فَفَزِعَ لِذٰلِكَ عُثْمَانُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَزَعًا شَدِيدًا، وَاَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ فَاسْتَخْرَجَ الصُّحُفَ الَّتِي كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ اَمَرَ زَيْدًا بِجَمْعِهَا، فَنَسَخَ مِنْهَا الْمَصَاحِفَ، فَبَعَثَ بِهَا اِلَى الْآفَاقِ، ثُمَّ لَمَّا كَانَ مَرْوَانُ اَمِيرَ الْمَدِيْنَةِ اَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ يَسْاَلُهَا عَنِ الصُّحُفِ لِيُمَزِّقَهَا وَخَشِيَ اَنْ يُخَالِفَ بَعْضُ الْعَامِ بَعْضًا، فَمَنَعَتْهُ اِيَّاهَا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَحَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَتْ حَفْصَةُ اَرْسَلَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِعَزِيمَةٍ لِيُرْسِلَ بِهَا، فَسَاعَةَ رَجَعُوا مِنْ جَنَازَةِ حَفْصَةَ اَرْسَلَ ابْنُ عُمَرَ اِلٰى مَرْوَانَ فَحَرَّقَهَا مَخَافَةَ اَنْ يَكُوْنَ فِي شَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ اخْتِلَافٌ لَمَّا نَسَخَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' وہ آذربائیجان اور آرمینیا کے ساتھ لڑائی اور اہل شام اور اہل عراق کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے انہوں نے قرآن کے بارے میں بات چیت کی تو اس بارے میں ان کے درمیان اختلاف ہو گیا' یہاں تک کہ اس بات کا امکان موجود تھا کہ ان کے درمیان جنگ شروع ہو جائے جب حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے درمیان قرآن کے بارے میں اختلاف دیکھا تو وہ سوار ہو کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے اور بولے: لوگوں کا قرآن کے بارے میں اختلاف ہو گیا ہے مجھے یہ اندیشہ ہے' انہیں بھی وہی صورت لاحق ہو جائے گی جو یہودیوں اور عیسائیوں کو اختلاف کی وجہ سے لاحق ہوئی تھی' تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس بات پر انتہائی پریشان ہو گئے انہوں نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھجوایا اور وہ صحیفہ نکالا جسے جمع کرنے کا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس صحیفے کی مختلف نقلیں تیار کروائیں اور انہیں مختلف علاقوں میں بھجوایا پھر جب مروان مدینہ منورہ کا گورنر بنا تو

اس نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھیجا اور ان سے وہ مصحف منگوایا تا کہ اسے پھاڑ دے اسے یہ اندیشہ تھا کہ بعض لوگ اس حوالے سے بعض کی مخالفت کریں گے تو میں نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: سالم بن عبداللہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا جب انتقال ہو گیا تو مروان نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو قسم دے کر یہ پیغام بھجوایا (کہ وہ اس مصحف کو مجھے بھجوا دیں) تو جس وقت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے جنازے سے واپس آ رہے تھے اس وقت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے وہ نسخہ مروان کو بھجوا دیا' تو مروان نے اسے جلوا دیا اس اندیشے کے تحت کہ کہیں اس میں اختلاف نہ ہو یعنی اس نسخے سے اختلاف نہ ہو' جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نقل تیار کروائی تھی۔

ذِكْرُ احْتِرَازِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فِيْ مَجْلِسِهِ اِذَا دَخَلُوْا عَلَيْهِ

مشرکین جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی محافل میں مشرکین سے احتراز کرنے کا تذکرہ

4508 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْخَطِيبُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ بْنِ بِنْتِ اَزْهَرَ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِیْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلَةَ صَاحِبِ الشَّرَطِ مِنَ الْاَمِيرِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وہی نسبت حاصل تھی جو کوتوال کو گورنر کے ساتھ ہوتی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّقْصِيَ مِنْ نَفْسِهِ آكِلَ الْبَصَلِ مِنْ رَعِيَّتِهٖ اِلٰى اَنْ يَّذْهَبَ رِيحُهَا

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' کہ وہ اپنی رعایا میں سے پیاز کھانے والے شخص کو اس وقت تک کے لیے اپنے قریب آنے سے روک دے' جب تک اس کی بو ختم نہیں ہو جاتی

4508– إسناده حسن، بشر بن آدم صدوق فيه لين، روى له أصحاب السنن وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الله بن المثنى والد محمد الأنصاري فمن رجال البخاري . ثمامة: هو ابن عبد الله بن أنيس بن مالك . وأخرجه البخاري 7155 في الأحكام: باب الحاكم يحكم بالقتل على من وجب عليه دون الإمام الذي فوقه، والترمذي 3850 في المناقب: باب في مناقب قيس بن سعد بن عبادة، والبيهقي 8/155، والبغوي 2485 من طرق عن محمد بن عبد الله الأنصاري، بهذا الإسناد . وفي إحدى روايتي الترمذي زاد فيه قول الأنصاري: يعني مما يلي من أموره، وعند البيهقي والبغوي: يعني ينظر من أموره . وقال الترمذي: حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث الأنصاري . والشُّرَط: هم أعوان الأمير، قال الأزهري: شرط كل شيء: خياره، ومنه الشرَط، لأنهم نخبة الجند، وقيل: سموا شرطاً، لأن لهم علامات يعرفون بها من هيئة وملبس، وهو اختيار الأصمعي، وقيل: لأنهم أعدوا أنفسهم لذلك، يقال: أشرط فلان نفسه لأمر كذا: إذا أعدها . قاله أبو عبيدة .

4509 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى زَرَّاعَةِ بَصَلٍ هُوَ وَاَصْحَابُهُ، فَنَزَلَ نَاسٌ فَاَكَلُوْا مِنْهُ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ اٰخَرُوْنَ، فَرُحْنَا اِلَيْهِ، فَدَعَا الَّذِيْنَ لَمْ يَاْكُلُوا الْبَصَلَ، وَاَخَّرَ الْاٰخَرِيْنَ حَتّٰى ذَهَبَ رِيْحُهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیاز کے کھیت کے پاس سے گزرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بھی تھے لوگوں نے وہاں پڑاؤ کیا کچھ لوگوں نے پیاز کو کھالیا اور کچھ نے نہیں کھایا جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بلوایا جنہوں نے پیاز نہیں کھایا تھا اور دوسرے لوگوں کو پیچھے کر دیا اس وقت تک جب تک ان کی بو ختم نہیں ہوگئی۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْاِمَامِ اَنْ لَا تَكُوْنَ هِمَّتُهُ فِیْ جَمْعِ الدُّنْيَا لِنَفْسِهٖ

امام کے لیے یہ بات واجب ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے لیے دنیا جمع کرنے کی طرف ہی متوجہ نہ رہے

4510 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ وَكَانَ يُكْنَى اَبَا هَاشِمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ

(متن حدیث): قَالَ: كُنْتُ فِیْ وَفْدِ بَنِی الْمُنْتَفِقِ فَبَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ رَفَعَ الرَّاعِیْ غَنَمَهُ اِلَى الْمُرَاحِ، فَاِذَا سَخْلَةٌ تَيْعَرُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاذَا وَلَدَتْ؟، فَقَالَ الرَّاعِیْ: بَهْمَةٌ، فَقَالَ: اذْبَحْ مَكَانَهَا شَاةً، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْسِبَنَّ بِالْخَفْضِ، وَلَمْ يَقُلْ لَا تَحْسَبَنَّ بِالنَّصْبِ، اَنَّا مِنْ اَجْلِكَ ذَبَحْنَاهَا، اِنَّ لَنَا غَنَمًا مِئَةٌ، فَاِذَا وَلَدَ الرَّاعِیْ بَهْمَةً ذَبَحْنَا مَكَانَهَا شَاةً قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِیْ امْرَاَةً وَفِیْ لِسَانِهَا شَیْءٌ - يَعْنِی الْبَذَاءَ - قَالَ: طَلِّقْهَا اِذًا، فَقَالَ: اِنَّ لَهَا صُحْبَةً، وَلِیْ مِنْهَا وَلَدٌ، قَالَ: فَمُرْهَا بِقَوْلٍ فَعِظْهَا لَعَلَّهَا اَنْ تَعْقِلَ، وَلَا تَضْرِبْ ظَعِيْنَتَكَ كَضَرْبِكَ اِبِلَكَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِیْ عَنِ الْوُضُوْءِ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ فَاَسْبِغِ الْوُضُوْءَ، وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ، وَبَالِغْ فِی الْاِسْتِنْشَاقِ، اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا

4509– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم . عبد الله بن خباب: هو المدني مولى بني عدي بن النجار . وأخرجه مسلم 566 في المساجد: باب نهي من أكل ثوماً أو بصلاً أو كراثاً أو نحوها، عن هارون بن سعيد الأيلي وأحمد بن عيسى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وانظر حديث أبي سعيد المتقدم عند المؤلف برقم 2082 . والزّراعة: هي الأرض المزروعة .

4510– إسناده جيد، وهو مكرر الحديث 1054 .

❁❁ عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں بنو منتفق کے وفد میں شامل تھا ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران ایک چرواہا اپنی بکری کو اٹھا کر باڑے کی طرف لے گیا وہ آوازیں نکال رہی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اس نے کیا جنم دیا ہے چرواہے نے جواب دیا: بچے کو جنم دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی جگہ کوئی اور بکری ذبح کردو پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم یہ گمان نہ کرنا کہ ہم نے تمہاری وجہ سے اسے ذبح کیا ہے (راوی بیان کرتے ہیں: یہاں نبی اکرم ﷺ نے لفظ پر زیر پڑھی تھی زبر نہیں پڑھی تھی)

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) ہمارے پاس ایک سو بکریاں ہیں جب کوئی ایک بکری بچہ دیتی ہے' تو ہم اس کی جگہ ایک بکری کو ذبح کر دیتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میری بیوی کی زبان میں کچھ خرابی ہے یعنی وہ بدزبانی کا مظاہرہ کرتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے طلاق دے دو انہوں نے عرض کی: اس کے ساتھ بڑا پرانا ساتھ ہے پھر اس سے میری اولاد بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے زبانی طور پر وعظ و نصیحت کر کے سمجھاؤ ہو سکتا ہے اسے سمجھ آ جائے تم اپنی بیوی کو اس طرح نہ مارو جس طرح تم اپنے اونٹ کو مارتے ہو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ مجھے وضو کے بارے میں بتائیے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم وضو کرو تو اچھی طرح وضو کرو اور اپنی انگلیوں کے درمیان خلال کرو اور اچھی طرح ناک میں پانی ڈالو البتہ اگر تمہارا روزہ ہو (تو پھر مبالغہ نہ کرو)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ انْهِمَاكِ الْأُمَرَاءِ فِي أَمْوَالِ الْمُسْلِمِينَ بِمَا لَا يَسَعُهُمْ وَلَا يَحِلُّ لَهُمُ ارْتِكَابُهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کہ امراء (یعنی حکمران اور سرکاری اہل کار) مسلمانوں کے اموال کے بارے میں ایسے کاموں میں منہمک رہیں' جس کی ان کے لیے گنجائش نہیں ہے اور جن کا ارتکاب ان کے لیے حلال نہیں ہے

4511 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ،

(متن حدیث): أَنَّ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ، فَقَالَ: أَيْ بُنَيَّ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ شَرَّ الرِّعَاءِ الْحُطَمَةُ، فَإِيَّاكَ أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَإِنَّمَا أَنْتَ مِنْ نُخَالَةِ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ كَانَتْ لَهُمْ نُخَالَةٌ، إِنَّمَا كَانَتِ النُّخَالَةُ بَعْدَهُمْ، وَفِي غَيْرِهِمْ

4511– إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن أبي شيبة: هو ابن فروخ من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم 1830 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية والنهي عن إدخال المشقة عليهم، والطبراني في "الكبير" 18/26، والبيهقي 8/161 من طريق شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. لكن وقع في الطبراني أنه دخل على زياد وهو خطأ. وأخرجه أحمد 5/64، والطبراني 18/26 من طرق عن جرير بن حازم، به .

حسن بصری بیان کرتے ہیں: حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں وہ عبیداللہ بن زیاد کے پاس تشریف لے گئے انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک سب سے برا حکمران ظالم حکمران ہوتا ہے''۔

تو تم اس بات سے بچنے کی کوشش کرو کہ تم ان میں شامل ہو جاؤ۔ عبیداللہ بن زیاد نے کہا: آپ تشریف رکھیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے برے افراد میں سے ایک ہیں' تو انہوں نے فرمایا: کیا ان اصحاب کے اندر خرابی ہوگی خرابی تو ان کے بعد والے لوگوں میں اور ان کے علاوہ لوگوں میں ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنهَا لِمَنْ تَقَلَّدَ شَيْئًا مِنْ اُمُورِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَانْبَسَطَ فِيْ اَمْوَالِهِمْ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ

ایسے شخص کے لیے جہنم واجب ہونے' ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' کا تذکرہ' جو مسلمانوں کی کسی معاملے کا نگران بنتا ہے' اور ان کی اجازت کے بغیر ان کے اموال میں دست اندازی کرتا ہے

4512 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عُبَيْدَ سَنُوطَا حَدَّثَهُ، اَنَّهُ، سَمِعَ خَوْلَةَ بِنْتَ قَيْسِ بْنِ قَهْدٍ تَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْ مَالِ اللّٰهِ وَمَالِ رَسُولِهِ لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

سیدہ خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے' جو شخص اس کے حق کے ہمراہ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت رکھی

4512– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عُبيد سنوطا روى له الترمذي، وهو ثقة . يحيى بن سعيد: هو الأنصاري . وأخرجه عبد الرزاق 6962، وأحمد 6/364 و410، والحميدي 353، وابن أبي شيبة 13/242، والطبراني في "الكبير" 24/580 و581 و582 و583 و584 و585 و587 من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/378، والترمذي 2374 في الزهد: باب ما جاء في أخذ المال، والطبراني 24/577 و578 و579 من طرق عن سعيد المقبري، عن أبي الوليد عبيد سنوطا، به . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح، ووقع في "المسند": عبيد عن الوليد، وفي رواية للطبراني 578: عبيد بن الوليد، وهو تحريف . وأخرجه البخاري 3118 في فرض الخمس: باب قول الله تعالى: (فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ) عن عبد الله بن يزيد، عن سعيد بن أبي أيوب، عن أبي الأسود محمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل، عن النعمان بن أبي عياش، عن خولة الأنصارية، به مختصراً بلفظ إن رجالاً يتخوّضون في مال الله بغير حق، فلهم النار يوم القيامة . في رواية الإسماعيلي خولة بنت ثامر الأنصارية، وزاد في أوله الدنيا خضرة حلوة . . . .

جاتی ہے اور بعض اوقات کوئی شخص اللہ اور اس کے رسول کے مال کو حاصل کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کے لیے جہنم ہوگی''۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ اَنْ لَا يَاْخُذَ هٰذَا الْمَالَ اِلَّا بِحَقِّهٖ كَيْ يُبَارَكَ لَهٗ فِيْهِ

امام پر یہ بات لازم ہے' کہ وہ مال کو صرف حق کے ہمراہ ہی حاصل کرے تا کہ اس کے لیے اس میں برکت ڈال دی جائے

4513 - سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا اَنْبَتَتِ الْاَرْضُ اَوْ زُهْرَةُ الدُّنْيَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، يَاْتِى الْخَيْرُ بِالشَّرِّ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، فَاَخَذَهٗ عِرْقٌ اَوْ بُهْرٌ، ثُمَّ اَفَاقَ، فَقَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ؟، فَقَالَ: هَا اَنَا ذَا وَلَمْ اُرِدْ اِلَّا خَيْرًا، فَقَالَ: اِنَّ الْخَيْرَ لَا يَاْتِىْ اِلَّا بِالْخَيْرِ، وَاِنَّ كُلَّ مَا اَنْبَتَ الرَّبِيْعُ يَقْتُلُ حَبَطًا اَوْ يُلِمُّ اِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ، فَاِنَّهَا اَكَلَتْ، فَلَمَّا اشْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ، فَثَلَطَتْ، ثُمَّ بَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَاَكَلَتْ، ثُمَّ اَفَاضَتْ فَاجْتَرَّتْ، وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ فَمَنْ اَخَذَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ، وَمَنْ اَخَذَهٗ بِغَيْرِ حَقِّهٖ لَمْ يُبَارَكْ لَهٗ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِىْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، قَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ زَعَمَ سُفْيَانُ اَنَّ الْاَعْمَشَ سَاَلَهٗ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُنْذُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے تمہارے بارے میں سب سے زیادہ اندیشہ اس چیز کا ہے' جسے زمین پیدا کرے گی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) دنیاوی زیب وزینت کا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا بھلائی برائی کو لے کر آئے گی۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' یہاں تک کہ ہمیں اندازہ ہو گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہو رہی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسینہ آ گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سانس تیز ہو گیا پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: میں یہاں ہوں۔ میں نے اس سوال کے ذریعے صرف بھلائی کا ارادہ کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بھلائی صرف بھلائی کو لے کر آتی ہے بہار کا موسم جو کچھ اگاتا ہے وہ کسی جانور کو مار دیتا ہے اور کسی کو تکلیف کا شکار کر دیتا ہے صرف سبزہ کھانے والے جانور کا حکم مختلف ہے' کیونکہ وہ کھاتا ہے' یہاں تک کہ اس کی کوکھ پھول جاتی ہے' تو وہ دھوپ میں آ جاتا ہے وہاں وہ لید کرتا ہے'

4513- إسناده حسن من أجل ابن عجلان . وهو مكرر الحديث 3226 .

پیشاب کرتا ہے پھر واپس جا کر پھر ... ہے پھر آتا ہے اور لیٹ جاتا ہے یہ مال میٹھا اور سرسبز ہے' جو شخص اسے اس کے حق کے ہمراہ حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت رکھی جاتی ہے اور جو شخص اسے ناحق طور پر حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت نہیں رکھی جاتی اور اس شخص کی مثال ایسے شخص کی مانند ہوتی ہے' جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے''۔

حسین بن حسن نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: سفیان یہ کہتے ہیں اعمش نے چالیس سال پہلے ان سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا تھا۔

ذِكْرُ تَعَوُّذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَاءِ

مصطفیٰ کریم ﷺ کا بیوقوفوں کی حکومت سے پناہ مانگنے کا تذکرہ

4514 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ، اَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَاءِ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا اِمَارَةُ السُّفَهَاءِ؟، قَالَ: اُمَرَاءُ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِي لَا يَهْتَدُوْنَ بِهَدْيِي، وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِي، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاُولٰئِكَ لَيْسُوا مِنِّي وَلَسْتُ مِنْهُمْ، وَلَا يَرِدُوْا عَلَيَّ حَوْضِي، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُمْ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُمْ، وَسَيَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِي، يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِءُ الْخَطِيئَةَ، وَالصَّلَاةُ بُرْهَانٌ -، اَوْ قَالَ: قُرْبَانٌ - يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ: النَّاسُ غَادِيَانِ فَمُبْتَاعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا، وَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُوبِقُهَا

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے کعب بن عجرہ! اللہ تعالیٰ ہمیں بے وقوفوں کی حکومت سے بچائے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بے وقوفوں کی حکومت سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے بعد کچھ ایسے حکمران آئیں گے جو ہدایت کی پیروی نہیں کریں گے میری سنت کی پیروی نہیں کریں گے تو جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کرے گا' تو ان لوگوں کا مجھ سے کوئی واسطہ نہیں ہوگا اور میرا ان سے کوئی واسطہ نہیں ہوگا اور وہ لوگ میرے حوض پر میرے پاس نہیں آسکیں گے اور جو شخص ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق نہیں کرے گا ان کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کرے گا اس کا مجھ سے تعلق ہوگا اور میرا اس سے تعلق ہوگا اور وہ عنقریب میرے حوض پر میرے پاس آئے گا۔ اے کعب بن عجرہ! روزہ ڈھال ہے' صدقہ گناہ کو ختم کر دیتا ہے' نماز برہان ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) قربت کے حصول کا ذریعہ ہے۔

4514– إسناده صحيح على شرط مسلم . ابن خُثيم: هو عبد الله بن عثمان بن خثيم . وهو في "المصنف" 20719 .ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 3/321، والحاكم 4/422، وصحح إسناده ووافقه الذهبي . وقد تقدم برقم 1723 .

اے کعب بن عجرہ! لوگ گھر سے نکلتے ہیں اور اپنے آپ کا سودا کر لیتے ہیں' تو کوئی شخص اپنے آپ کو آزاد کروا دیتا ہے اور کوئی اپنے آپ کو فروخت کر کے اسے غلام بنا دیتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَخْذِ الْاُمَرَاءِ وَعُمَّالُهُمْ شَيْئًا مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ، اِلَّا مَا اَحَلَّ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْذَهُ عَلَيْهِمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کہ امراء اور سرکاری اہل کار مسلمانوں کے اموال میں سے کچھ بھی حاصل کریں' ماسوائے اس چیز کے' جسے لینا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے ان کے لیے حلال قرار دیا ہو

4515 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدِ السَّاعِدِيَّ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هٰذَا لَكُمْ وَهٰذِهِ هَدِيَّةٌ اُهْدِيَتْ اِلَيَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا جَلَسْتَ فِيْ بَيْتِ اَبِيْكَ وَاُمِّكَ حَتّٰى تَاْتِيَكَ هَدِيَّتُكَ، فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ قَامَ فَخَطَبَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، مَا بَالُ اَقْوَامٍ نُوَلِّيهِمْ اُمُوْرًا مِمَّا وَلَّانَا اللّٰهُ وَنَسْتَعْمِلُهُمْ عَلٰى اُمُوْرٍ مِمَّا وَلَّانِي اللّٰهُ، ثُمَّ يَاْتِيْ اَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ: هٰذَا لَكُمْ وَهٰذِهِ اُهْدِيَتْ اِلَيَّ، اَلَا جَلَسَ فِيْ بَيْتِ اَبِيْهِ وَاُمِّهِ حَتّٰى تَاْتِيَهُ هَدِيَّتُهُ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، لَا يَاْخُذُ اَحَدٌ مِّنْكُمْ شَيْئًا بِغَيْرِ حَقِّهٖ اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلٰى عَاتِقِهٖ، فَلَا اَعْرِفَنَّ رَجُلًا يَحْمِلُ عَلٰى عُنُقِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَعِيْرًا لَهُ رُغَاءٌ، اَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ، اَوْ شَاةً تَيْعَرُ، ثُمَّ بَسَطَ يَدَهُ حَتّٰى رَاَيْتُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ بَصَرَ عَيْنِيْ وَسَمِعَ اُذُنِيْ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ - ثَلَاثًا -، الشَّهِيْدُ عَلٰى ذٰلِكَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ يَحُكُّ مَنْكِبِيْ مَنْكِبَهُ

✿✿ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن لتبیہ کو زکوۃ وصول کرنے کا نگران مقرر کیا جب

4515- إسناده صحيح، عبد الواحد بن غياث روى له أبو داؤد، وحماد بن سلمة من رجال مسلم، ومن فوقهما على شرط الشيخين .وأخرجه الحميدى 840، والشافعى 1/247، والبخارى 6979 فى الحيل: باب احتيال العامل لُيهدى له، و7197 فى الأحكام: باب محاسبة الإمام العادل عمّاله، ومسلم 1832 27 و28 فى الإمارة: باب تحريم هدايا العمال، من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 1500 فى الزكاة: باب قول الله تعالى: (وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا) . . .، من طريق أبى أسامة، عن هشام، به مختصراً جداً . وأخرجه الحميدى فى "مسنده" 840، وأحمد 5/423-424، والشافعى 1/246-247، والبخارى 925 فى الجمعة: باب من قال فى الخطبة بعد الثناء : أما بعد، و 2597 فى الهبة: باب من لم يقبل الهدية لعلة، و 6636 فى الأيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبى صلى الله عليه وسلم؟ و 7174 فى الأحكام: باب هدايا العمال، ومسلم 1832 26، وأبو داؤد 2946 فى الخراج والإمارة: باب فى هدايا العمال، والبيهقى 7/16 و10/13، والبغوى 1568 من طرق عن الزهرى، عن عروة بن الزبير، به بعضهم ذكره مطولاً وبعضهم اختصره . وأخرجه بنحوه مسلم 1832 29 من طريق الشيبانى، عن أبى الزناد، .

وہ آیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے حساب لیا اس نے بتایا: یہ آپ کے لیے ہے اور یہ تحفہ ہے' جو مجھے تحفے کے طور پر دیا گیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے ماں باپ کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھے رہے' تا کہ تمہارا تحفہ وہاں تمہارے پاس آ جاتا پھر نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز ادا کی پھر آپ ﷺ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا۔

اما بعد! لوگوں کو کیا ہو گیا ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں جس چیز کا نگران بنایا ہے ہم اس میں سے کچھ کاموں کا نگران (کچھ) لوگوں کو بناتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں جس چیز کا نگران بنایا ہے اس سلسلے میں کوئی کام لوگوں سے لیتے ہیں پھر ان میں سے کوئی ایک شخص میرے پاس آ کر یہ کہتا ہے' یہ آپ کے لیے ہے اور یہ مجھے تحفے کے طور پر دیا گیا ہے وہ شخص اپنے ماں باپ کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھا رہتا کہ اس کا تحفہ خود ہی اس تک آ جائے۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے' جو بھی شخص جس بھی چیز کو ناحق طور پر لے گا' تو جب وہ قیامت کے دن آئے گا' تو اس نے اپنی گردن پر اس چیز کو اٹھایا ہوا ہوگا' تو میں کسی ایسے شخص کو نہ پاؤں جس نے قیامت کے دن کسی اونٹ کو اپنی گردن پر اٹھایا ہوا ہو اور وہ آواز نکال رہا ہو' یا گائے کو اٹھایا ہوا ہو' وہ آواز نکال رہی ہو' یا بکری کو اٹھایا ہوا ہو اور وہ منمنا رہی ہو۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک پھیلایا' یہاں تک کہ مجھے آپ ﷺ کی بغل کی سفیدی نظر آ گئی میں نے (یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے نبی اکرم ﷺ کو) اپنی آنکھوں کے ذریعے دیکھا اور میرے کانوں نے اس بات کو سنا پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: خبردار کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے یہ بات آپ ﷺ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس بات کے گواہ حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ ہیں' کیونکہ وہ اس وقت میرے کندھے سے کندھا ملا کر بیٹھے ہوئے تھے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ الْفَلَاحِ عَنْ اَقْوَامٍ تَكُوْنُ اُمُوْرُهُمْ مَنُوطَةً بِالنِّسَاءِ

ایسی قوم سے کامیابی کی نفی کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جن کی حکمران کوئی عورت ہو

4516 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

4516- حديث صحيح، مبارك بن فضالة اختلف قول الناس فيه، وهو صدوق لكنه موصوف بالتدليس وقد عنعن، علّق له البخاري وروى له أبو داوُد والترمذي وابن ماجة، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين، وقد صرح الحسن في غير هذا الحديث بسماعه من أبي بكرة، فقد روى البخاري 2704 حديث إن ابني هذا سيد من طريق الحسن قال: سمعت أباب بكرة يقول ـ . قال البخاري بإثره: قال لي علي بن عبد الله: إنما يثبت لنا سماع الحسن من أبي بكرة بهذا الحديث .وأخرجه أحمد 5/47 و51، والقضاعي في "مسند الشهاب864" و865 من طرق عن المبارك بن فضالة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/43، والترمذي 2262 في الفتن: باب رقم 75، . والنسائي 8/227 في آداب القضاة: باب النهي عن استعمال النساء في الحكم، والحاكم 3/118-119 و4/291 من طريق حميد، والبخاري 4425 في المغازي: باب كتاب النبي صلى الله عليه وسلم إلى كسرى وقيصر، و 7099 في المغازي: باب كتاب النبي صلى الله عليه وسلم إلى كسرى وقيصر، والبيهقي 3/90 و10/117-118، والبغوي 2486 من طريق عوف، كلاهما عن الحسن، به . قال الترمذي: حديث حسن صحيح .وأخرجه الطيالسي 878، والإمام أحمد 5/38 و47 من طريق عيينة بن عبد الرحمن بن جوشن الغطفاني، عن أبيه، عن أبي بكرة رفعه بلفظ "لن يفلح قوم أسندوا أمرهم إلى امرأة" وهذا إسناد صحيح .

یُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَنْ يُّفْلِحَ قَوْمٌ تَمْلِكُهُمُ امْرَاَةٌ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''وہ قوم کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی جن کی حکمران کوئی عورت ہو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاُمَرَاءَ وَاِنْ كَانَ فِيْهِمْ مَا لَا يُحْمَدُ فَاِنَّ الدِّيْنَ قَدْ يُؤَيَّدُ بِهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' بعض اوقات امراء کے ذریعے بھی دین کی تائید (یعنی مدد) حاصل ہو جاتی ہے' اگرچہ ان میں ایسے امراء بھی ہوں (یا ان میں ایسی خصوصیات ہوں) جن کی تعریف نہ کی جاتی ہو

4517 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السُّكَيْنِ، بِوَاسِطَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرَّسْعَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ خَالِدٍ الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيُؤَيِّدَنَّ اللّٰهُ هٰذَا الدِّيْنَ بِقَوْمٍ لَا خَلَاقَ لَهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب اللہ تعالیٰ اس دین کی تائید ایسے لوگوں کے ذریعے کرے گا جن کا (آخرت میں) کوئی حصہ نہیں ہوگا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرَّجُلَ الَّذِیْ يُعْرَفُ مِنْهُ الْفُجُوْرُ قَدْ يُؤَيِّدُ اللّٰهُ دِيْنَهُ بِاَمْثَالِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ایسا شخص جس کا فاجر معلوم ہو (یہاں کا فرمراد ہوسکتا ہے)' بعض اوقات اللہ تعالیٰ اس جیسے لوگوں کے ذریعے بھی اپنے دین کی تائید (یعنی مدد) کر دیتا ہے

4517- حديث صحيح، إسحاق بن زريق ذكره المؤلف في "ثقاته" 8/121 وقال: يروى عن أبي نعيم، وكان راويا لإبراهيم بن خالد، حدثنا عنه أبو عروبة، مات سنة تسع وخمسين ومئتين، . والرسعني: نسبة إلى رأس العين من أرض الجزيرة بينها وبين حران يومان، يخرج منها ماء الخابور النهر المعروف . ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين غير إبراهيم بن خالد ورباح بن يزيد وهما ثقتان روى لهما أبو داوٗد والنسائي .وأخرج البزار 1722 عن سلمة بن شبيب، عن إبراهيم بن خالد الصنعاني، بهذا الإسناد .وأخرجه البزار في السير كما في "التحفة" 1/259 عن محمد بن سهل بن عسكر، عن عبد الرزاق، عن رباح بن زيد، به .وأخرجه البزار 1720 و1721، وأبو نعيم في "الحلية" 6/262 من طريق . حميد والحسن عن أنس .وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/302 قال: رواه البزار والطبراني في "الأوسط"، وأحد أسانيد البزار رجاله ثقات .وفي الباب عن أبي بكرة عند أحمد 5/45 من طرق عن الحسن، عنه رفعه "إن اللّٰه تبارك وتعالى سيؤيد هذا الدين بأقوام لا خلاق لهم" . وزاد الهيثمي نسبته إلى الطبراني وقال: ورجالهما ثقات .وعن عبد اللّٰه بن عمرو قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: "إن اللّٰه عز وجل ليؤيد هذا الدين برجال ما هم من أهله" قال الهيثمي 5/303: رواه الطبراني وفيه عبد الرحمٰن بن زياد بن أنعم وهو ضعيف لغير كذب فيه . وانظر ما بعده .

4518 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيُؤَيِّدَنَّ اللّٰهُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"اللہ تعالیٰ اس دین کی تائید کسی فاجر شخص (یعنی کافر شخص یا گنہگار شخص) کے ذریعے بھی کردے گا"۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهٖ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

اس سبب کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی

4519 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُنَيْنٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يُدْعَى بِالْإِسْلَامِ: هُوَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالَ، قَاتَلَ الرَّجُلُ قِتَالًا شَدِيْدًا فَاَصَابَهُ الْجِرَاحُ، فَقِيْلَ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ الَّذِي قُلْتَ اِنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، قَاتَلَ الْيَوْمَ قِتَالًا شَدِيْدًا فَمَاتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَى النَّارِ، فَكَادَ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَرْتَابَ فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ، اِذْ قِيْلَ: لَمْ يَمُتْ وَبِهِ جِرَاحٌ شَدِيْدَةٌ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ اشْتَدَّ بِهِ الْجِرَاحُ، فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَاُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، ثُمَّ اَمَرَ بِلَالًا فَنَادَى فِي النَّاسِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَاِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

4518– حديث صحيح لغيره، إسناده حسن، حميد بن الربيع: وثقه جماعة وتكلّم فيه آخرون، ترجمته في "ثقات المؤلف" 8/197، و"الجرح والتعديل" 3/222، و"تاريخ بغداد" 8/162–165، والميزان 1/611–612 . وعاصم: هو ابن أبي النجود، حسن الحديث، وحديثه في "الصحيحين" مقرون، وباقي السند رجاله ثقات . سفيان: هو ابن عيينة، وزر: هو ابن حُبيش .وأخرجه الطبراني 8913 و9094 عن علي بن عبد العزيز، عن أبي نعيم، عن سفيان، بهذا الإسناد موقوفاً على ابن مسعود .وفي الباب عن عمرو بن النعمان بن مقرن عند الطبراني 17/81، والقضاعي في "الشهاب" 1096 . قال الهيثمي 5/303: ورجاله ثقات: وانظر ما بعده .

4519– حديث صحيح، ابن أبي السرى: هو محمد بن المتوكل صدوق عارف له أوهام كثيرة روى له أبو داوُد، وقد توبع عليه، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين .وهو في "مصنف" عبد الرزاق 9573، وعنده خيبر بدل حنين .ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/309، والبخاري 3062 في الجهاد: باب إن الله ليؤيد الدين بالرجل الفاجر، ومسلم 111 في الإيمان: باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه . . .، والقضاعي 1097 .وأخرجه البخاري 6606 في القدر: باب العمل بالخواتيم، ومن طريقه البغوي 2526 عن حبان بن موسى، عن ابن المبارك، عن معمر، به . وفيه شهدنا خيبر . وأخرجه بنحوه أحمد 2/309–310، والبخاري 3062، و4203 في المغازي: باب غزوة خيبر، والبيهقي 8/197، والقضاعي 1097 من طريق أبي اليمان، عن شعيب تحرف في المطبوع من القضاعي إلى: سفيان عن الزهري، به .وفيه أيضاً شهدنا خيبر . وانظر "الفتح" 7/540–541 .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حنین میں موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے بارے میں جو مسلمان کے طور پر پہچانا جاتا تھا یہ فرمایا: یہ اہل جہنم میں سے ہے' جب جنگ شروع ہوئی تو اس شخص نے شدید لڑائی کی اور وہ زخمی ہوگیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ شخص جس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا: یہ اہل جہنم میں سے ہے اس نے تو آج بڑی شدید لڑائی کی ہے اور انتقال کرگیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جہنم میں جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب کو اس بارے میں الجھن ہوئی ابھی وہ اسی حالت میں تھے کہ یہ بات بیان کی گئی' اس کا انتقال نہیں ہوا وہ شدید زخمی ہے' جب رات ہوئی تو اس کے زخم میں تکلیف زیادہ ہوگئی تو اس نے خودکشی کرلی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اکبر! میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں بے شک میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا' وہ لوگوں میں اعلان کردیں: جنت میں صرف مسلمان داخل ہوگا اور اللہ تعالیٰ کسی گنہگار شخص کے ذریعے اس دین کی تائید کردیتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّحَالِفَ بَيْنَ اَصْحَابِهٖ لِيَكُوْنَ اَجْمَعَ لَهُمْ فِيْ اَسْبَابِهِمْ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے ساتھیوں کے درمیان بھائی چارہ قائم کروائے' تاکہ یہ چیز ان کے دنیاوی معاملات کی بہتری کا باعث بنے

4520 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهٗ حَالَفَ بَيْنَ قُرَيْشٍ وَّالْاَنْصَارِ فِيْ دُوْرِهِمْ بِالْمَدِيْنَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں انصار کے محلوں میں قریش اور انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم کردیا تھا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اِذَا رَكِبَ اَنْ يَّسِيْرَ مَعَهُ النَّاسُ رَجَّالَةً

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب وہ سوار ہوکر چل رہا ہو'

4520– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أبو يعلى 4024 عن أبي خيثمة زهير بن حرب، عن جرير بن عبد الحميد، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه أحمد 3/111 و145 و281، والحميدي 1205، والبخاري 2294 في الكفالة: باب قول الله عز وجل: (وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ)، و 6083 في الأدب: باب الإخفاء بالحلف، و 7340 في الاعتصام: باب ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم وحض على اتفاق أهل العلم . . .، وفي الأدب المفرد 569، ومسلم 2529 في فضائل الصحابة: باب مؤاخاة النبي صلى الله عليه وسلم بين أصحابه رضي الله تعالى عنهم، وأبو داؤد 2926 في الفرائض: باب في الحلف، وأبو يعلى 3357 و4023 و4028، والبيهقي 6/262 من طرق عن عاصم الأحول، به . وانظر الحديث 4369 .

تو اس کے ہمراہ لوگ پیدل چل رہے ہوں

4521 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ اٰخِذٌ بِغَرْزِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ:

خَلُّوا بَنِى الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيْلِهٖ قَدْ اَنْزَلَ الْقُرْآنُ فِىْ تَنْزِيْلِهٖ

بِاَنَّ خَيْرَ الْقَتْلِ فِىْ سَبِيْلِهٖ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ قضا کے موقع پر تشریف لے گئے (یعنی مکہ میں داخل ہوگئے) تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی رکاب کو پکڑا ہوا تھا اور وہ یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

''کفار کی اولاد کو اس کے راستے پر چھوڑ دو اور قرآن میں یہ حکم نازل ہوا ہے' سب سے بہترین قتل وہ ہے' جو اس کی راہ میں کیا جائے''۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اِذْ مَرَّ فِىْ طَرِيْقِهٖ وَعَطَشَ اَنْ يَّسْتَسْقِىَ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب کہیں جاتے ہوئے راستے میں اسے پیاس محسوس ہو' تو وہ پانی طلب کرے

4522 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى فِىْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ عَلٰى بَيْتٍ فِىْ فِنَائِهٖ قِرْبَةٌ مُّعَلَّقَةٌ

4522– حديث صحيح، ابن أبى السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أبو زرعة الدمشقى فى "تاريخه" 1135، وأبو يعلى 3571، والبزار 2099، والبيهقى فى "السنن" 10/228، وفى "دلائل النبوة " 4/322 و323، والبغوى 3405 من طرق عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وقال الترمذى بإثر الحديث 2847 فى الأدب: باب ما جاء فى إسناد الشعر: وقد روى عبد الرزاق هذا الحديث أيضاً عن معمر، عن الزهرى، عن أنس نحو هذا، وروى فى غير هذا الحديث أن النبى صلى الله عليه وسلم دخل مكة فى عُمرة القضاء وكعب بن مالك بين يديه؛ وهذا أصح عند بعض أهل الحديث، لأن عبد الله بن رواحة قُتِل يوم مؤتة، وإنما كانت عمرة القضاء بعد ذلك .قال الحافظ فى "الفتح" 7/573: وهو ذهول شديد وغلط مردود، وما أدرى كيف وقع الترمذى فى ذلك مع وفرة معرفته، ومع أن فى قصة عمرة القضاء اختصام جعفر وأخيه على وزيد بن حارثة فى بنت حمزة، وجعفر قُتِلَ هو وزيد وابن رواحة فى موطن واحد، وكيف يخفى عليه يعنى الترمذى– مثل هذا؟! ثم وجدت عن بعضهم أن الذى عند الترمذى من حديث أنس أن ذلك كان فى فتح مكة، فإن كان كذلك، اتجه اعتراضُه، لكن الموجود بخط الكروخى راوى الترمذى ما تقدم، والله أعلم .قلت: وسيأتى الحديث من طريق أخرى برقم 5758 .

فَاسْتَسْقَى، فَقِيلَ لَهُ: إِنَّهَا مَيْتَةٌ، فَقَالَ: ذَكَاةُ الْأَدِيمِ دِبَاغُهُ

❀❀ حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کے موقع پر ایک گھر میں تشریف لائے جس کے کونے میں مشکیزہ لٹکا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی مانگا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: یہ (مشکیزہ) مردار کی کھال سے بنا ہوا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دباغت چمڑے کو پاک کر دیتی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَذْكِيرُ نَفْسِهِ الْآخِرَةَ بِزِيَارَةِ الْقُبُورِ فِي بَعْضِ لَيَالِيهِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' کہ وہ بعض راتوں میں قبرستان جا کر اپنے آپ کو آخرت کی یاد دلائے

4523 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ آخِرَ اللَّيْلِ إِلَى الْبَقِيعِ فَيَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، وَأَتَانَا وَإِيَّاكُمْ مَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ، اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِأَهْلِ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: عَطَاءٌ هَذَا هُوَ عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ مَوْلَى مَيْمُونَةَ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس بھی رات میں ان کے ہاں قیام کرنا ہوتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے آخری حصے میں بقیع کی طرف تشریف لے جاتے تھے اور یہ پڑھتے تھے۔

''اے اہل ایمان کی بستی کے رہنے والو! تم پر سلام ہو ہمارے پاس اور تمہارے پاس کل وہ چیز آ جائے گی' جس کا تم سے

4522- حديث صحيح لغيره، جون بن قتادة لم يوثقه غير المؤلف 4/119، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه فمن رجال السنن . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 8/381 .وأخرجه أحمد 3/476 و5/6، وأبو داوٗد 4125 في اللباس: باب في أُهب الميتة، والطبراني 6340، والبيهقي 1/17 من طرق عن همام بن يحيى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/476 و5/7، وابن أبي شيبة 8/381، والنسائي 7/173-174 في الفرع والعتيرة: باب جلود الميتة، والطحاوي 1/471، والحاكم 4/141، والطبراني 6342 من طريق هشام الدستوائي، وابن عدي في "الكامل" 2/600 من طريق شعبة، كلاهما عن قتادة، به . وصححه الحاكم ووافقه الذهبي!وأخرجه أحمد 5/6، والطبراني 6343 من طريقين عن سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، عن الحسن، عن سلمة بن المحبق، مثله . ولم يذكر فيه جون بن قتادة .وله شاهد بإسناد صحيح من حديث عائشة عند النسائي 7/174 في الفرع: باب جلود الميتة، بلفظ "ذكاة الميتة دباغها" . وآخر عن ابن عباس عند الحاكم 4/124 وسنده ضعيف .

4523- إسناده قوي على شرط مسلم، عبد العزيز بن محمد: هو الدراوردي، روى له البخاري تعليقاً ومتابعة واحتج به الباقون، وباقي السند على شرطهما .عطاء : هو ابن يسار الهلالي، والقعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب . وقد تقدم برقم 3172 .ونسبه الحافظ المزي في "تحفة الإشراف" 12/241 إلى أبي داوٗد في الجنائز، عن القعنبي وقتيبة، بهذا الإسناد . وقال: حديث أبي داوٗد في رواية أبي الحسن بن العبد . قلت: ورواية أبي الحسن بن العبد هذه لم تطبع بعد .

وعدہ کیا گیا ہے اور اگر اللہ نے چاہا تو ہم بھی (جلد ہی) تم سے آملیں گے اے اللہ! تو تمام اہل بقیع غرقد کی مغفرت کر دے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عطاء نامی راوی عطاء بن یسار ہے' جو سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا غلام ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اسْتِعْمَالُ الْوَعْظِ لِرَعِيَّتِهِ فِي بَعْضِ الْأَيَّامِ لِيَتَقَوَّى بِهِ الْمُنْشَمِرِ فِي الْحَالِ، وَيَبْتَدِءُ فِيهِ الْمَرْوِيِّ فِيهِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ

کہ وہ بعض دنوں میں اپنی رعایا کو وعظ و نصیحت کرے' تا کہ تجربہ کار اس سے قوت حاصل کرے اور اس بارے میں وہ اس سے آغاز کرے' جو اس بارے میں روایت کیا گیا ہے

4524 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ مِمَّا يُذَكِّرُ النَّاسَ كُلَّ خَمِيسٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَدِدْتُ اَنَّكَ ذَكَّرْتَنَا كُلَّ يَوْمٍ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ مَا يَمْنَعُنِي ذٰلِكَ اِلَّا مَخَافَةَ اَنْ اُمِلَّكُمْ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ بَيْنَ الْاَيَّامِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ ہر جمعرات کے دن لوگوں کو وعظ کیا کرتے تھے ایک صاحب نے عرض کی: میری یہ خواہش ہے' آپ روزانہ ہمیں وعظ کیا کریں' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں صرف اس اندیشے کے تحت یہ کام نہیں کرتا کہ کہیں میں تمہیں اکتاہٹ کا شکار نہ کردوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہمیں وقفے وقفے سے وعظ کیا کرتے تھے اس اندیشے کے تحت کہ کہیں ہم اکتا نہ جائیں۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّسْلُكَ الْوُلَاةُ فِي رَعِيَّتِهِمْ بِمَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4524- إسناده صحيح على شرطهما. جرير هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وأبو وائل: هو شقيق ابن سلمة. وأخرجه مسلم 2821 83 في صفات المنافقين: باب الاقتصاد في الموعظة، والنسائي في العلم كما في "التحفة" 7/55 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/427، والبخاري 70 في العلم: باب من جعل لأهل العلم معلومة، من طريق جرير بن عبد الحميد، به. وأخرجه أحمد 1/465-466 عن عبيدة بن حميد، ومسلم 2821 83 من طريق فضيل بن عياض، كلاهما عن منصور، به. وأخرجه أحمد 1/377 و378 و425 و440 و443 و462، والبخاري 68 في العلم: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يتخولهم بالموعظة والعلم كي لا ينفروا، و 6411 في الدعوات: باب الموعظة ساعة بعد ساعة، ومسلم 2821 82، والترمذي 2855 في الأدب: باب ما جاء في الفصاحة والبيان، من طرق عن الأعمش، عن أبي وائل، به.

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ حکمران اپنی رعایا کو یوں لے کر چلیں جس کی اجازت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے نہ دی ہو

4525 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامٍ الْغَسَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ السَّكُوْنِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا اَبُو الدَّرْدَاءِ يَوْمًا يَسِيْرُ شَاذًّا مِنَ الْجَيْشِ اِذْ لَقِيَهُ رَجُلَانِ شَاذَانِ مِنَ الْجَيْشِ، فَقَالَ: يَا هٰذَانِ، اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ ثَلَاثَةٌ فِيْ مِثْلِ هٰذَا الْمَكَانِ اِلَّا اُمِّرُوا عَلَيْهِمْ، فَلْيَتَاَمَّرْ اَحَدُكُمْ، قَالَا: اَنْتَ يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ، قَالَ: بَلْ اَنْتُمَا، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ وَالِيْ ثَلَاثَةٍ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ مَغْلُولَةً يَمِيْنُهُ فَكَّهُ عَدْلُهُ، اَوْ غَلَّهُ جَوْرُهُ

عدی بن عدی کندی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ لشکر سے ہٹ کر سفر کر رہے تھے اسی دوران ان کی ملاقات دو آدمیوں سے ہوئی وہ بھی لشکر سے ہٹے ہوئے تھے۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے دو آدمیو! جب بھی اس طرح کی جگہ پر تین آدمی اکٹھے ہو جائیں' تو ان پر کوئی امیر بھی ہونا چاہئے اس لیے تم اپنے میں سے کسی کو امیر مقرر کر دو۔ ان دونوں نے کہا: اے ابودرداء آپ امیر ہیں' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ تم دونوں امیر ہو۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب بھی تین آدمیوں کا کوئی نگران اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' تو اس کا دایاں ہاتھ باندھا ہوا ہوگا اگر اس نے انصاف کیا ہوگا' تو وہ اس کے ہاتھ کو کھلوا دے گا اور اگر ظلم کیا ہوگا' تو وہ ہاتھ بندھا رہے گا''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يَّخْتَارَ لِاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالتَّوْلِيَةِ عَلَيْهِمْ مَنْ هُوَ اَصْلَحُ لَهَا، وَلَهُمْ دُوْنَ مَنْ لَا يَصْلُحُ، وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ قَرِيْبُهُ وَحَمِيْمُهُ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ مسلمانوں کے امور (کا نگران)

اور ان کا والی ایسے شخص کو بنائیں' جو اس کام کی سب سے زیادہ صلاحیت رکھتا ہو' اور مسلمانوں کے حق میں (زیادہ بہتر ہو) نہ کہ اسے بنائیں جو اس کے لیے زیادہ بہتر نہ ہو اگرچہ وہ (اہل کار) اس (امیر کا) رشتہ دار یا دوست ہی کیوں نہ ہو

4526 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

4525– إسناده ضعيف جداً، إبراهيم بن هشام الغساني لم يوثقه غير المؤلف 8/79، وكذبه أبو حاتم وأبو زرعة، وقال علي بن الحسين بن الجنيد: ينبغي إلا يُحدث عنه . انظر "الجرح والتعديل" 2/142–143، و"الميزان" 1/72–73 .وأورده السيوطي في "الجامع الكبير" 2/732 ونسبه إلى ابن عساكر في "تاريخ دمشق" .

عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ بْنَ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث):اَنَّهُ اجْتَمَعَ رَبِيعَةُ بْنُ الْحَارِثِ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَا: وَاللّٰهِ لَوْ بَعَثْنَا هٰذَيْنِ الْغُلَامَيْنِ، قَالَ: لِيْ وَلِلْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَّرَهُمَا عَلٰى هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ، فَاَدَّيَا مَا يُؤَدِّي النَّاسُ، وَاَصَابَا مَا يُصِيبُ النَّاسُ مِنَ الْمَنْفَعَةِ، قَالَ: فَبَيْنَمَا هُمَا فِيْ ذٰلِكَ جَاءَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ: مَاذَا تُرِيْدَانِ؟ فَاَخْبَرَاهُ بِالَّذِيْ اَرَادَا، فَقَالَ: لَا تَفْعَلَا، فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ بِفَاعِلٍ، فَقَالَا: لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا، فَمَا هٰذَا مِنْكَ اِلَّا نَفَاسَةٌ عَلَيْنَا فَوَاللّٰهِ لَقَدْ صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنِلْتَ صِهْرَهُ، فَمَا نَفِسْنَا ذٰلِكَ عَلَيْكَ، فَقَالَ: اَنَا اَبُوْ حَسَنٍ اَرْسِلُوْهُمَا، ثُمَّ اضْطَجَعَ، فَلَمَّا صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ سَبَقْنَاهُ اِلَى الْحُجْرَةِ، فَقُمْنَا عِنْدَهَا حَتّٰى مَرَّ بِنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ بِآذَانِنَا، وَقَالَ: اَخْرِجَا مَا تُصَرِّرَانِ، وَدَخَلَ، فَدَخَلْنَا مَعَهُ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ فِيْ بَيْتِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، قَالَ: فَكَلَّمْنَاهُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، جِئْنَاكَ لِتُؤَمِّرَنَا عَلٰى هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ فَنُصِيبُ مَا يُصِيبُ النَّاسُ مِنَ الْمَنْفَعَةِ، وَنُؤَدِّيْ اِلَيْكَ مَا يُؤَدِّي النَّاسُ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَفَعَ رَاْسَهُ اِلٰى سَقْفِ الْبَيْتِ، حَتّٰى اَرَدْنَا اَنْ نُكَلِّمَهُ، قَالَ: فَاَشَارَتْ اِلَيْنَا زَيْنَبُ مِنْ وَرَاءِ حِجَابِهَا كَاَنَّهَا تَنْهَانَا عَنْ كَلَامِهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ، فَقَالَ: اَلَا اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَنْبَغِيْ لِمُحَمَّدٍ، وَلَا لِآلِ مُحَمَّدٍ، اِنَّمَا هِيَ اَوْسَاخُ النَّاسِ، ادْعُ لِيْ مَحْمِيَةَ بْنَ جُزْءٍ - وَكَانَ عَلَى الْعُشُوْرِ -، وَاَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ، قَالَ: فَاَتَيَا، فَقَالَ لِمَحْمِيَةَ: اَنْكِحْ هٰذَا الْغُلَامَ ابْنَتَكَ، لِلْفَضْلِ، فَاَنْكَحَهُ، وَقَالَ لِاَبِيْ سُفْيَانَ: اَنْكِحْ هٰذَا الْغُلَامَ ابْنَتَكَ، قَالَ: فَاَنْكَحَنِيْ، ثُمَّ قَالَ لِمَحْمِيَةَ: اَصْدِقْ عَنْهُمَا مِنَ الْخُمُسِ

❀❀ عبدالمطلب بن ربیعہ بیان کرتے ہیں: حضرت ربیعہ بن حارث رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اکٹھے ہوئے اور انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اگر ہم ان دو لڑکوں کو (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجیں' تو یہ مناسب ہوگا) راوی کہتے ہیں: انہوں نے مجھے اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کو زکوۃ کی وصولی کا نگران مقرر کردیں اور جو تنخواہ لوگوں کو دیتے ہیں انہیں بھی دیا کریں اور جو فائدہ لوگوں کو حاصل ہوتا ہے ان دونوں کو بھی حاصل ہو۔ راوی کہتے ہیں: یہ دونوں صاحبان ابھی وہیں بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی دوران حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے انہوں نے دریافت کیا: آپ دونوں کیا چاہتے ہیں؟ ان دونوں صاحبان نے اپنے ارادے کے بارے میں انہیں بتایا تو حضرت

4526- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . وعبيد الله بن عبد الله بن الحارث: يقال له أيضاً: عبد الله مكبراً- بن عبد الله بن الحارث .وأخرجه أحمد 4/166 عن يعقوب وسعد ابني إبراهيم، عن أبيهما، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/166، ومسلم 1072 في الزكاة: باب ترك استعمال آل النبي على الصدقة، وأبو داؤد 2985 في الخراج والإمارة: باب في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي القربى، والنسائي 5/105-106 في الزكاة: باب استعمال آل النبي صلى الله عليه وسلم على الصدقة، والبيهقي 7/31 من طرق عن ابن شهاب، بِهِ .وقوله: أخرجا ما تصرران معناه: أخرجا ما تجمعانه في صدوركما من الكلام، وكل شيء جمعته، فقد صررته .

علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ دونوں ایسا نہ کریں اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا نہیں کریں گے ان دونوں نے دریافت کیا: یہ آپ کیوں کہہ رہے ہیں؟ یہ آپ صرف ہمارے ساتھ حسد کی وجہ سے کہہ رہے ہیں۔ آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ نصیب ہوا' آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد ہیں' لیکن ہم نے تو آپ سے حسد نہیں کیا۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ابوالحسن ہوں تم ان دونوں کو بھیج دو پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ لیٹ گئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کر لی تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ مبارک کے پاس آ کر کھڑے ہو گئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے کان پکڑے اور فرمایا: جو تمہارے ذہن میں ہے بیان کرو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے اندر تشریف لے گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی اندر گئے اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ زینب بن جحش رضی اللہ عنہا کے ہاں مقیم تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں بات چیت کی ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم آپ کے پاس اس لیے آئے ہیں تاکہ آپ ہمیں زکوٰۃ وصول کرنے کا نگران مقرر کریں اور اس سے جو فائدہ لوگوں کو ہوتا ہے وہ ہمیں بھی حاصل ہو (یعنی ہمیں بھی تنخواہ ملے) ہم بھی آپ کو وہ چیز ادا کریں گے جو لوگ ادا کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھا کر گھر کی چھت کی طرف دیکھا' یہاں تک کہ ہم نے یہ خواہش کی کہ ہم نے آپ سے اس بارے میں بات چیت نہ کی ہوتی۔ راوی بیان کرتے ہیں: پردے کے پیچھے سے سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ہمیں اشارہ کیا کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بات نہ کریں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار! محمد اور محمد کے گھر والوں کے لیے زکوٰۃ مناسب نہیں ہے'' یہ لوگوں کا مال ہے تم محمیہ بن جزء کو میرے پاس بلا کر لاؤ یہ صاحب عشر'' وصول کرنے کے نگران تھے اور ابوسفیان بن حارث کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔ راوی کہتے ہیں: وہ دونوں حضرات آ گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت محمیہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اس لڑکے کی شادی اپنی بیٹی کے ساتھ کر دو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات حضرت فضل رضی اللہ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمائی تو انہوں نے ان کے ساتھ شادی کر دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان بن حارث سے فرمایا: اس لڑکے کی شادی اپنی بیٹی کے ساتھ کر دو۔ راوی کہتے ہیں' تو انہوں نے میری شادی کر دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت محمیہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: خمس میں سے ان دونوں کا مہر ادا کر دو۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّرْفُقَ بِنِسَاءِ رَعِيَّتِهٖ، وَلَا سِيَّمَا مَنْ كَانَتْ ضَعِيفَةَ الْعَقْلِ مِنْهُنَّ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا سے تعلق رکھنے والی خواتین کے ساتھ نرمی کا رویہ اختیار کرے بطور خاص وہ خواتین جن کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں ہوتا

4527 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ امْرَاَةً كَانَ فِيْ عَقْلِهَا شَيْءٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ اِلَيْكَ حَاجَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ فُلَانٍ، خُذِيْ اَيَّ الطُّرُقِ شِئْتِ، فَقُوْمِيْ فِيْهِ حَتّٰى اَقُوْمَ مَعَكِ، فَخَلَا مَعَهَا رَسُوْلُ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَاجِيهَا حَتّٰى قَضَتْ حَاجَتَهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون کچھ ذہنی مریض تھی اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے آپ سے ایک کام ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ام فلاں تم جس بھی جگہ پر چاہو جتنی دیر چاہو میں تمہارے ساتھ ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کے ساتھ سرگوشی میں کوئی بات چیت کی' یہاں تک کہ اس عورت نے اپنی ضرورت کو پورا کر لیا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْأَئِمَّةِ اَنْ يَّقِيلُوْا عِنْدَ بَعْضِ نِسَاءِ رَعِيَّتِهِمْ اِذَا كُنَّ ذَوَاتِ اَزْوَاجٍ

حکمرانوں کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنی رعایا میں سے کسی خاتون کے ہاں دوپہر کے وقت سو سکتے ہیں' جبکہ وہ شادی شدہ خاتون ہوں

4528 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ فَتَبْسُطُ لَهٗ نِطْعًا فَيَقِيلُ عَلَيْهِ،

4527– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، . فقد روى له النسائي وهو ثقة . وهو في "مسند أبي يعلى " 3472، وعنه أخرجه أبو الشيخ في أخلاق النبي صلى الله عليه وسلم وآدابه ص 30 . وأخرجه أحمد 3/285، ومسلم 2326 في الفضائل: باب قرب النبي عليه السلام من الناس وتبركهم به، وأبو داؤد 4819 في الأدب: باب في الجلوس على الطرقات، وأبو يعلى 3518، والبيهقي في الدلائل 1/331–332 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داؤد 4818، والترمذي في "الشمائل" 324، والبغوي 3672 من طريق حميد، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/98 عن هشيم، أنبأنا حميد، عن أنس بن مالك قال: إن كانت الأمَة من أهل المدينة لتأخذ بيد رسول الله صلى الله عليه وسلم فتنطلق به في حاجتها . وعلّقه البخاري 6072 في الأدب: باب الكبر، فقال: وقال محمد بن عيسى، حدثنا هشيم، أخبرنا حميد الطويل، حدثنا أنس بن مالك، فذكره . قال الحافظ: وإنما عدل البخاري عن تخريجه عن أحمد بن حنبل لتصريح حميد في رواية محمد بن عيسى بالتحديث . . . والبخاري يخرج له ما صرح فيه بالتحديث!وأخرجه ابن ماجة 4177 في الزهد: باب البراءة من الكبر، والتواضع، وأبو الشيخ ص30 و31 من طريق شعبة، عن علي بن زيد، عن أنس قال: إن كانت الأمة من أهل المدينة لتأخذ بيد رسول الله صلى الله عليه وسلم فما ينزع يده من يدها حتى تذهب به حيث شاءت من المدينة في حاجتها . وفيه علي بن زيد: وهو ابن جدعان، ضعيف الحديث .

4528– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سوار بن عبد الله العنبري وهو ثقة روى له أبو داؤد والترمذي والنسائي .وأخرجه أحمد 3/103 عن عبد الوهّاب بن عبد المجيد الثقفي، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه أحمد 6/376–377، ومسلم 2332 في الفضائل: باب طيب عرق النبي صلى الله عليه وسلم والتبرك به، والطبراني 25/297 من طريق عفان، عن وهيب، عن أيوب، عن أبي قلابة، عن أنس بن مالك، عن أم سليم .وأخرجه بروايات أخرى بنحوه عن أنس وأم سليم: أحمد 3/136 و221 و231 و287، والبخاري 6281 في الاستئذان: باب من زار قوماً فقال عندهم، ومسلم 2331، والنسائي 8/218 في الزينة: باب ما جاء في الأنطاع، والطبراني 25/289 و290، والبيهقي 1/254 .

وَتَأْخُذُ مِنْ عَرَقِهِ فَتَجْعَلُهُ فِي طِيبِهَا، وَتَبْسُطُ لَهُ الْخُمْرَةَ فَيُصَلِّي عَلَيْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے جایا کرتے تھے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چٹائی بچھا دیتی تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر آرام فرمایا کرتے تھے وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پسینہ لے کر اپنی خوشبو میں ملا لیتی تھیں پھر وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چٹائی بچھاتی تھیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر نماز ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ أَنْ يُرْدِفَ بَعْضَ رَعِيَّتِهِ خَلْفَهُ عَلٰى رَاحِلَتِهِ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی رعایا میں سے کسی کو اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا لے

4529 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ قَبْلَ أَنْ يُؤَذَّنَ بِالْأَذَانِ، وَكَانَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْعَى بِذِي قَرَدٍ، فَلَقِيَنِي غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، فَقَالَ: أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا؟، قَالَ: غَطَفَانُ، قَالَ: فَصَرَخْتُ، فَقُلْتُ: يَا صَبَاحَاهُ، فَأَسْمَعْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ، ثُمَّ انْدَفَعْتُ عَلٰى وَجْهِي حَتّٰى أَدْرَكْتُ الْقَوْمَ، وَقَدْ أَخَذُوا يَسْتَقُونَ مِنَ الْمَاءِ، فَجَعَلْتُ أَرْمِيهِمْ بِالنَّبْلِ، وَكُنْتُ رَامِيًا، وَجَعَلْتُ أَقُولُ:

أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

حَتّٰى اسْتَنْقَذْتُ اللِّقَاحَ مِنْهُمْ، وَاسْتَلَبْتُ مِنْهُمْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً، قَالَ: وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ، فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، قَدْ حَمَيْتُ الْقَوْمَ الْمَاءَ وَهُمْ عِطَاشٌ، فَابْعَثْ إِلَيْهِمُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ، مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ، إِنَّهُمُ الْآنَ بِغَطَفَانَ يُقْرَوْنَ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجْنَا وَأَرْدَفَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَاقَتِهِ حَتّٰى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اذان ہونے سے پہلے (اپنے گھر سے) نکلا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنیاں اس وقت ذی قرد کے مقام پر چل رہی تھیں میری ملاقات حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے غلام سے ہوئی اس نے بتایا:

4529- حديث صحيح إسناده حسن، هشام بن عمار لا يرقى حديثه إلى رتبة الصحيح وإن روى له البخاري، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه أحمد 4/48 عن إبراهيم بن مهدي، والبخاري 4194 في المغازي: باب غزوة ذات القَرَد، ومسلم 1806 في الجهاد: باب غزوة ذي قرد وغيرها، والنسائي في "اليوم والليلة" 978، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/180-181 من طريق قتيبة بن سعيد، كلاهما عن حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه أحمد 4/48، والبخاري 3041 في الجهاد: باب من رأى العدو فنادى بأعلى صوته: يا صاحباه، حتى يسمع الناس، عن مكّي بن إبراهيم، والطبراني 6284، والبيهقي في "السنن" 10/236، وفي "الدلائل" 4/181-182 من طريق أبي عاصم النبيل، كلاهما عن يزيد بن أبي عبيد، به . وسيرد بنحوه في قصة طويلة عند المؤلف برقم 7129 من طريق عكرمة بن عمار، عن إياس بن سلمة، عن أبيه سلمة بن الأكوع .

نبی اکرم ﷺ کی اونٹنیاں پکڑی گئی ہیں میں نے دریافت کیا: انہیں کس نے پکڑا ہے اس نے جواب دیا: غطفان (قبیلے کے لوگوں نے پکڑا ہے) حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے بلند آواز میں چیخ ماری "خطرہ ہے" پورے مدینہ منورہ تک میری آواز گئی پھر میں سامنے کی سمت میں دوڑ پڑا' یہاں تک کہ میں ان لوگوں کے پاس پہنچ گیا وہ اس وقت پانی پلا رہے تھے میں نے انہیں تیر مارنے شروع کیے میں بڑا اچھا تیر انداز تھا میں ساتھ یہ بھی کہتا جا رہا تھا۔

"میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینے لوگوں کی بربادی کا دن ہے"۔

(حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) یہاں تک کہ میں نے ان سے اونٹنیوں کو حاصل کر لیا میں نے ان سے تیس چادریں بھی حاصل کر لیں اسی دوران نبی اکرم ﷺ اور لوگ تشریف لے آئے میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے ان لوگوں کو پانی پر گھیر لیا تھا وہ لوگ پیاسے ہیں آپ اسی وقت ان کے پیچھے کسی کو روانہ کر دیں (تو وہ پکڑے جا سکتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اکوع کے بیٹے تم کامیاب ہو گئے ہو تو بس ٹھیک ہے۔ وہ لوگ اس وقت غطفان قبیلے تک پہنچ چکے ہوں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ہم روانہ ہوئے نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے پیچھے اپنی اونٹنی پر بٹھا لیا' یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ میں داخل ہو گئے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ بَذْلُ عِرْضِهِ لِرَعِيَّتِهِ، اِذَا كَانَ فِيْ ذٰلِكَ صَلَاحُ اَحْوَالِهِمْ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا کے لیے اپنی عزت کو پیش کرے' جبکہ ایسا کرنا ان کے لیے دینی اور دنیاوی اعتبار سے فائدہ مند ہو

4530 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا افْتَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ قَالَ الْحَجَّاجُ بْنُ عِلَاطٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ بِمَكَّةَ مَالًا، وَاِنَّ لِيْ بِهَا اَهْلًا، وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ آتِيَهُمْ، فَاَنَا فِيْ حِلٍّ اِنْ اَنَا نِلْتُ مِنْكَ، اَوْ قُلْتُ شَيْئًا، فَاَذِنَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَقُوْلَ مَا شَاءَ، قَالَ: فَاَتٰى امْرَاَتَهُ حِيْنَ قَدِمَ، فَقَالَ: اجْمَعِيْ لِيْ مَا كَانَ

4530- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الملك بن زنجوية وهو ثقة من رجال أصحاب السنن . وهو في مصنف عبد الرزاق 9771، وفي "مسند أبي يعلى" 3479 ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 3/138-139، والنسائي في السير كما في "التحفة" 1/153، والطبراني 3196، والبزار 1816، والبيهقي في "السنن" 9/150-151، وفي "الدلائل" 4/268 . ورواية النسائي مختصرة .وأخرجه يعقوب بن سفيان الفسوي في "المعرفة والتاريخ" 1/507-509، ومن طريقه البيهقي في "الدلائل" 4/266-267 عن زيد بن المبارك، عن محمد بن ثور، عن معمر، به .

عِنْدَكَ، فَإِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مِنْ غَنَائِمِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، فَإِنَّهُمْ قَدِ اسْتُبِيْحُوا وَأُصِيبَتْ أَمْوَالُهُمْ، قَالَ: وَفَشَا ذٰلِكَ بِمَكَّةَ، فَأَوْجَعَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَأَظْهَرَ الْمُشْرِكُوْنَ فَرَحًا وَسُرُوْرًا، وَبَلَغَ الْخَبَرُ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَعَقَرَ فِي مَجْلِسِهِ، وَجَعَلَ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَّقُوْمَ، قَالَ مَعْمَرٌ: فَأَخْبَرَنِي الْجَزَرِيُّ، عَنْ مِقْسَمٍ قَالَ: فَأَخَذَ الْعَبَّاسُ ابْنًا لَهُ يُقَالُ لَهُ: قُثَمْ، وَكَانَ يُشْبِهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَلْقٰى، فَوَضَعَهُ عَلٰى صَدْرِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ:

حِبِّي قُثَمْ حِبِّي قُثَمْ...... شَبِيْهُ ذِي الْأَنْفِ الْأَشَمْ

نَبِيُّ رَبِّ ذِي النِّعَمْ........ بِرَغْمِ أَنْفِ مَنْ رَغَمْ

قَالَ مَعْمَرٌ، قَالَ ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، ثُمَّ أَرْسَلَ غُلَامًا لَهُ إِلَى الْحَجَّاجِ بْنِ عِلَاطٍ فَقَالَ: وَيْلَكَ مَا جِئْتَ بِهٖ، وَمَاذَا تَقُوْلُ؟، فَمَا وَعَدَ اللّٰهُ خَيْرٌ * مِمَّا جِئْتَ بِهٖ، قَالَ الْحَجَّاجُ لِغُلَامِهٖ: اَقْرِءْ أَبَا الْفَضْلِ السَّلَامَ وَقُلْ لَهُ: فَلْيُخْلِ لِي بَعْضَ بُيُوْتِهٖ لِآتِيَهُ، فَإِنَّ الْخَبَرَ عَلٰى مَا يَسُرُّهُ، فَجَاءَ غُلَامُهُ، فَلَمَّا بَلَغَ الْبَابَ، قَالَ: أَبْشِرْ أَبَا الْفَضْلِ فَوَثَبَ الْعَبَّاسُ فَرَحًا حَتّٰى قَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَأَخْبَرَهُ مَا قَالَ الْحَجَّاجُ، فَأَعْتَقَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحَجَّاجُ فَأَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ افْتَتَحَ خَيْبَرَ وَغَنِمَ أَمْوَالَهُمْ، وَجَرَتْ سِهَامُ اللّٰهِ فِي أَمْوَالِهِمْ، وَاصْطَفٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ، وَاتَّخَذَهَا لِنَفْسِهٖ، وَخَيَّرَهَا بَيْنَ أَنْ يُّعْتِقَهَا فَتَكُوْنُ زَوْجَتَهُ أَوْ تَلْحَقَ بِأَهْلِهَا، فَاخْتَارَتْ أَنْ يُّعْتِقَهَا وَتَكُوْنُ زَوْجَتَهُ، وَلٰكِنِّي جِئْتُ لِمَالٍ كَانَ لِي هَا هُنَا أَرَدْتُ أَنْ أَجْمَعَهُ وَأَذْهَبَ بِهٖ، فَاسْتَأْذَنْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَذِنَ لِي أَنْ أَقُوْلَ مَا شِئْتُ، فَأَخْفِ عَنِّي ثَلَاثًا، ثُمَّ اذْكُرْ مَا بَدَا لَكَ، قَالَ: فَجَمَعَتِ امْرَأَتُهُ مَا كَانَ عِنْدَهَا مِنْ حُلِيٍّ وَمَتَاعٍ جَمَعَتْهُ فَدَفَعَتْهُ إِلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَمَرَّ بِهٖ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ثَلَاثٍ أَتَى الْعَبَّاسُ امْرَأَةَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ زَوْجُكِ، فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّهُ قَدْ ذَهَبَ، وَقَالَتْ: لَا يُخْزِيْكَ اللّٰهُ أَبَا الْفَضْلِ، لَقَدْ شَقَّ عَلَيْنَا الَّذِي بَلَغَكَ، قَالَ: أَجَلْ لَا يُخْزِيْنِي اللّٰهُ، وَلَمْ يَكُنْ بِحَمْدِ اللّٰهِ إِلَّا مَا أَحْبَبْنَاهُ، وَقَدْ أَخْبَرَنِي الْحَجَّاجُ، أَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَتَحَ خَيْبَرَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَرَتْ فِيْهَا سِهَامُ اللّٰهِ، وَاصْطَفٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ لِنَفْسِهٖ، فَإِنْ كَانَ لَكِ حَاجَةٌ فِي زَوْجِكِ فَالْحَقِي بِهٖ، قَالَتْ: أَظُنُّكَ وَاللّٰهِ صَادِقًا، قَالَ: فَإِنِّي صَادِقٌ وَّالْأَمْرُ عَلٰى مَا أَخْبَرْتُكِ، قَالَ: ثُمَّ ذَهَبَ حَتّٰى أَتٰى مَجَالِسَ قُرَيْشٍ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ: لَا يُصِيبُكَ إِلَّا خَيْرٌ أَبَا الْفَضْلِ، قَالَ: لَمْ يُصِبْنِي إِلَّا خَيْرٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ، وَقَدْ أَخْبَرَنِي الْحَجَّاجُ، أَنَّ خَيْبَرَ فَتَحَهَا اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَرَتْ فِيْهَا سِهَامُ اللّٰهِ، وَاصْطَفٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ لِنَفْسِهٖ، وَقَدْ سَأَلَنِي أَنْ أُخْفِيَ عَنْهُ ثَلَاثًا، وَإِنَّمَا جَاءَ لِيَأْخُذَ مَا كَانَ لَهُ ثُمَّ يَذْهَبَ، قَالَ: فَرَدَّ اللّٰهُ الْكَآبَةَ الَّتِي كَانَتْ بِالْمُسْلِمِيْنَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ، وَخَرَجَ الْمُسْلِمُوْنَ مَنْ كَانَ دَخَلَ بَيْتَهُ مُكْتَئِبًا حَتّٰى أَتَوُا الْعَبَّاسَ، فَأَخْبَرَهُمُ الْخَبَرَ، فَسُرَّ الْمُسْلِمُوْنَ، وَرَدَّ اللّٰهُ مَا كَانَ مِنْ كَآبَةٍ أَوْ غَيْظٍ، أَوْ خِزْيٍ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر فتح کر لیا تو حضرت حجاج بن علاط رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مکہ میں میری زمین ہے اور میرے بال بچے بھی وہاں ہیں میں یہ چاہتا ہوں کہ میں ان کے پاس چلا جاؤں آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں (جھوٹ موٹ کے طور پر) آپ کے خلاف بات کروں' یا کوئی بات کہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی کہ وہ جو چاہیں کہہ دیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب وہ اپنی بیوی کے پاس آئے' تو انہوں نے کہا: تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ اکٹھا کر کے مجھے دو میں یہ چاہتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب سے بکریاں خرید لوں' کیونکہ انہیں اس کی ضرورت ہے اور ان کے اموال تباہ ہو گئے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: یہ بات مکہ میں پھیل گئی اس سے مسلمانوں کو بہت افسوس ہوا اور مشرکین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی یہ اطلاع حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تک بھی پہنچی تو وہ جہاں تھے وہیں بیٹھے رہ گئے ان سے کھڑا بھی نہ ہوا گیا۔

مقسم نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے قثم کو لیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت رکھتے تھے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنے ساتھ لٹا لیا انہیں اپنے سینے پر رکھا اور یہ کہا۔

''میرا محبوب قثم جو مرتبے والی شخصیت (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے' جو اس پروردگار کے بھیجے ہوئے نبی ہیں جو نعمتیں عطا کرتا ہے خواہ کسی کو یہ کتنا ہی برا لگے''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر انہوں نے اپنے لڑکے کو حضرت حجاج بن علاط رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا اور کہا تمہارا ستیاناس ہو تم کیا اطلاع لے کر آئے ہو اور کیا کہتے پھر رہے ہو تم جو اطلاع لے کر آئے ہو اللہ تعالیٰ نے اس شکل میں بھلائی کا وعدہ نہیں کیا تھا۔ تو حجاج نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے غلام سے کہا تم حضرت ابوالفضل رضی اللہ عنہ (یعنی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ) کو میری طرف سے سلام کہہ دینا اور ان سے یہ کہنا کہ وہ اپنے گھر میں مجھ سے تنہائی میں ملنے کا موقع دیں انہیں ایسی اطلاع ملے گی جو انہیں خوش کر دے گی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا غلام آیا اور جب وہ دروازے پر پہنچا تو بولا اے ابوالفضل آپ خوشخبری قبول کیجئے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ انتہائی خوش ہوئے' یہاں تک کہ انہوں نے اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو بتایا جو حجاج نے اسے بتایا تھا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس غلام کو آزاد کر دیا پھر حجاج آئے انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو صورت حال کے بارے میں بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کر لیا ہے اور ان لوگوں کا مالِ غنیمت حاصل کر لیا ہے اور ان کے اموال میں اللہ تعالیٰ کا حصہ بھی جاری ہوا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو اپنے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ اختیار دیا ہے' اگر وہ چاہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں آزاد کر کے ان کے ساتھ شادی کر لیں ورنہ وہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلی جائے' تو اس خاتون نے اس بات کو اختیار کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے آزاد کر کے اس کے ساتھ شادی کر لیں۔

(حضرت حجاج نے بتایا) میں اپنے مال کی وجہ سے یہاں آیا ہوں جو یہاں ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ اسے اکٹھا کروں اور اسے ساتھ لے کر چلا جاؤں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی اجازت مانگی' تو آپ نے مجھے اجازت دے دی کہ میں جو چاہوں وہ بیان کر دوں آپ تین دن تک اس بات کو خفیہ رکھیں اس کے بعد آپ جیسے مناسب سمجھیں اس کا ذکر کر دیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: ان کی اہلیہ نے جو کچھ موجود تھا اس سب کو اکٹھا کیا جس کا تعلق زیورات اور ساز و سامان سے تھا اس خاتون نے اسے اکٹھا کیا اور ان کے سپرد کیا' تو وہ اس سامان کو ساتھ لے کر روانہ ہو گئے۔

تین دن گزرنے کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضرت حجاج رضی اللہ عنہ کی اہلیہ کے پاس آئے اور دریافت کیا: تمہارے شوہر کا کیا حال ہے اس خاتون نے انہیں بتایا وہ تو چلے گئے ہیں اس خاتون نے کہا: اے ابوالفضل اللہ تعالیٰ آپ کو رسوائی سے محفوظ رکھے آپ تک جو اطلاع پہنچی ہے وہ ہمیں بہت گراں گزری ہے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں اللہ تعالیٰ مجھے رسوائی سے محفوظ رکھے' لیکن اللہ کے فضل سے جو ہم پسند کرتے ہیں وہی ہو گا۔ حجاج نے مجھے بتا دیا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کر لیا ہے اور خیبر میں اللہ تعالیٰ کا حصہ بھی مقرر ہو گیا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو اپنی ذات کے لیے مخصوص کر لیا ہے اور اگر تم اپنے شوہر کے پاس جانا چاہتی ہو' تو اس کے پاس چلی جاؤ۔ اس خاتون نے کہا: اللہ کی قسم! آپ کے بارے میں میرا یہی گمان ہے' آپ سچ بول رہے ہیں' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سچ ہی بول رہا ہوں اور صورت حال اسی طرح ہے' جس طرح میں نے تمہیں بتائی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ وہاں سے چلے گئے اور قریش کی محفل میں تشریف لے آئے وہ لوگ یہ کہہ رہے تھے اے ابوالفضل آپ کو تو ہمیشہ بھلائی ہی لاحق ہوئی ہے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اب بھی اللہ کے فضل سے مجھے صرف بھلائی ہی لاحق ہوئی ہے۔ حجاج نے مجھے یہ بات بتائی ہے' اللہ تعالیٰ نے خیبر کو اپنے رسول کے لیے فتح کر دیا ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا حصہ مقرر ہوا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو اپنی ذات کے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ حجاج نے مجھ سے یہ کہا تھا: میں تین دن تک اس بات کو پوشیدہ رکھوں۔ حجاج یہاں اس لیے آیا تھا تاکہ اس کی جو چیزیں یہاں ہیں وہ انہیں حاصل کر لے اس کے بعد وہ چلا گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو مسلمانوں کو مشرکین کے حوالے سے جو پریشانی تھی اللہ تعالیٰ نے اسے ختم کر دیا اور جو بھی مسلمان اپنے گھر میں چھپ کے بیٹھے ہوئے تھے وہ باہر نکل آئے' یہاں تک کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں اصل صورت حال بتائی تو مسلمان اس سے بہت خوش ہوئے اور انہیں جو دکھ اور پریشانی اور مشرکین کے حوالے سے جو تکلیف تھی وہ اللہ تعالیٰ نے ختم کر دی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ بَذْلُ النَّفْسِ لِلْمِهَنِ الَّتِي مِنْهَا صَلَاحُ اَحْوَالِ رَعِيَّتِهِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ ایسے کام بذات خود کرے جو رعایا کی صورت حال کی بہتری کے لیے ہوں

4531 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَهَبْتُ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ حِيْنَ وُلِدَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ فِيْ عَبَاءَةٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْنَأُ بَعِيْرًا لَهُ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكَ تَمْرٌ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَنَاوَلْتُهُ تَمَرَاتٍ، فَأَلْقَاهُنَّ فِيْ فِيْهِ فَلَاكَهُنَّ، ثُمَّ فَغَرَفَا الصَّبِيِّ فَمَجَّهُ فِيْ فِيْهِ، فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حِبُّ الْاَنْصَارِ التَّمْرُ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں صاحب زادے عبداللہ کی پیدائش پر اسے ساتھ لے کر ایک چادر میں لپیٹ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت (صدقے کے) اونٹوں پر نشان لگا رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کھجور ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے کچھ کھجوریں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے منہ میں ڈالا انہیں چبایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ بچے کے منہ میں ڈال دی بچے نے اسے چوسنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انصار کھجوروں سے محبت کرتے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کا نام عبداللہ تجویز کیا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّقُوْمَ فِيْ اِصْلَاحِ الظَّهْرِ الَّتِيْ هِيَ لَهُ اَوْ لِلصَّدَقَةِ بِنَفْسِهِ

اس بات کا تذکرہ حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اونٹوں کی دیکھ بھال خود کرے خواہ اس کے اپنے ہوں یا صدقے کے اونٹ ہوں

4532 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ، بِالْاُبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

4531– إسناده صحيح على شرط مسلم، حماد بن سلمة ثقة من رجاله، وباقي رجال السند ثقات على شرطهما .وأخرجه البيهقي 9/305 من طريق أبي النضر الفقيه، عن أبي عبد الله محمد بن نصر الإمام، وتميم بن محمد، والحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 2144 22 في الآداب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته، وحمله إلى صالح يحنكه وجواز تسميته يوم ولادته . . .، وأبو يعلى 3283 عن عبد الأعلى بن حماد، به .وأخرجه الطيالسي 2056، وأحمد 3/175 و212 و287–288، وأبو داؤد 4951 في الأدب: باب في تغيير الأسماء، من طرق عن حماد، به . وفي رواية الطيالسي وأحمد 3/287–288 قصة لأم سليم أم أنس مع أبي طلحة، وانظر 7143 .قوله: يهنأ بعيراً يقال: هنأت البعير أهنؤه: إذا طليته بالهناء، وهو القَطِران . وقوله: فجعل الصبي يتلمظه أي: يدير لسانه في فيه ويحركه ويتتبع أثر التمر . وحِبّ، أي: محبوب .

4532– إسناده صحيح على شرطهما . محمد: هو ابن سيرين، وابن عون: هو . عبد الله، وابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم .وأخرجه البخاري بإثر الحديث 5470 في العقيقة: باب تسمية المولود غَداة يولد لمن لم يعق عنه وتحنيكه، و 5824 في اللباس: باب الخميصة السوداء، ومسلم 2119 109 في اللباس والزينة: باب جواز وسم الحيوان غير الآدمي في غير الوجه . . .، والبيهقي 7/35 من طريق محمد بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه أحمد 3/106 عن محمد بن بشار، عن ابن أبي عدي، به .وأخرجه مسلم 2144 23 في الآداب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته . . .، من طريق حماد بن مسعدة، عن ابن عون، به بنحوه .وأخرجه أحمد 3/106 من طريق هشام بن حسان، عن ابن سيرين، به مطولاً .وأخرجه البخاري 5470 عن مطر بن الفضل، ومسلم 2144 23 عن أبي بكر بن أبي شيبة، كلاهما عن يزيد بن هارون، عن ابن عون، به . في رواية البخاري عن أنس بن سيرين، وفي رواية مسلم عن ابن سيرين . وانظر "الفتح" 9/503 .وأخرجه أحمد 3/105–106 مطولاً من طريق ابن أبي عدي، عن حميد، عن أنس .

اَبِیْ عَدِیٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا وَلَدَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ قَالَتْ: يَا اَنَسُ، انْظُرْ هٰذَا الْغُلَامَ فَلَا يُصِيبَنَّ شَيْئًا حَتّٰى تَغْدُوَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُحَنِّكُهُ، قَالَ: فَغَدَوْتُ بِهٖ، فَاِذَا هُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَائِطِ وَعَلَيْهِ خَمِيصَةٌ، وَهُوَ يَسِمُ الظَّهْرَ الَّذِي قَدِمَ عَلَيْهِ فِي الْفَتْحِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے بچے کو جنم دیا' تو انہوں نے فرمایا: اے انس! تم اس بچے کا دھیان رکھنا یہ کوئی چیز نہ کھائے جب تک یہ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں جاتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے گھٹی نہیں دیتے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس بچے کو لے کر روانہ ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ایک باغ میں موجود تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر اوڑھی ہوئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان اونٹوں پر نشان لگا رہے تھے جو فتح کے نتیجے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ اَنَّ قَوْلَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: وَهُوَ يَسِمُ اَرَادَ بِهٖ بِنَفْسِهٖ دُوْنَ اَنْ يَّكُوْنَ هُوَ الْاٰمِرُ بِهٖ

اس بات کا تذکرہ' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم داغ لگا رہے تھے''

اس کے ذریعے ان کی مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود ایسا کر رہے تھے ایسا نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے کا حکم دیا تھا

4533 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهُ، فَوَافَيْتُهُ بِيَدِهِ الْمِيسَمُ يَسِمُ اِبِلَ الصَّدَقَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبداللہ کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا تاکہ آپ اسے گھٹی دیں' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں نشان لگانے والا آلہ تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ذریعے زکوٰۃ کے اونٹوں کو نشان لگا رہے تھے۔

4533- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم من رجاله، ومن . فوقه على شرطهما . وقد صرح الوليد بالتحديث عند البخاري، فانتفت شبهة تدليسه . وأخرجه البيهقي 7/34-35 من طريق محمد بن إسماعيل، عن عبد الرحمٰن بن إسماعيل، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم دحيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 1502 في الزكاة: باب وَسْم الإمام إبلَ الصدقة بيده، ومسلم 2119 112 في اللباس: باب جواز وسم الحيوان . . .، من طريقين عن الوليد بن مسلم، بِهِ . ورواية مسلم أخصر مما عند البخاري . وأخرجه أحمد 3/284 من طريق أبي إسحاق الفزاري، عن الأوزاعي، بِهِ .وأخرجه بنحوه البخاري 5542 في الذبائح والصيد: باب الوسم والعلَم في الصورة، ومسلم 2119 110 و111، وأبو داوُد 2563 في الجهاد: باب في وسم الدواب، من طريق هشام بن زيد، عن أنس . وقال فيه: يسم غنماً في مربد له في آذانها .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ إِعْطَاءُ رَعِيَّتِهِ مَا يَأْمُلُونَهُ مِنَ الْأَسْبَابِ الَّتِي بِهَا يَتَبَرَّكُونَ مِنْ نَاحِيَتِهِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا کو وہ کچھ عطا کرے جس کے وہ لوگ اس امام سے خواہش مند ہوں جس کے ذریعے وہ اپنے گوشے میں ہی برکت حاصل کرے

4534 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ:

(متن حدیث): عَقَلْتُ مَجَّةً مَجَّهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجْهِي مِنْ دَلْوٍ مُعَلَّقَةٍ فِي دَارِنَا، قَالَ مَحْمُودٌ: فَحَدَّثَنِي عِتْبَانُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بَصَرِي قَدْ سَاءَ، وَاِنَّ الْاَمْطَارَ اِذَا اشْتَدَّتْ سَالَ الْوَادِي فَحَالَ بَيْنِي وَبَيْنَ الصَّلَاةِ فِي مَسْجِدِ قَوْمِي، فَلَوْ صَلَّيْتَ فِي مَنْزِلِي مَكَانًا اَتَّخِذُهُ مُصَلًّى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، قَالَ: فَغَدَا عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ، فَاسْتَاْذَنَا، فَاَذِنْتُ لَهُمَا، قَالَ: فَمَا جَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَالَ: اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ فِي مَنْزِلِكَ؟، فَاَشَرْتُ لَهُ اِلٰى نَاحِيَةٍ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، وَحَبَسْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خَزِيرَةٍ صَنَعْنَاهَا لَهُ

❀❀ حضرت محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات یاد ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر کلی کی تھی اس ڈول میں سے پانی لے کر جو ہمارے گھر میں لٹکا ہوا تھا۔ حضرت محمود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ بات بتائی ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری نظر کمزور ہوگئی ہے' جب بارشیں زیادہ ہو جائیں' تو نشیبی علاقے میں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے' جو میرے اور میرے محلے کی مسجد کے درمیان رکاوٹ بن جاتا ہے' تو آپ اگر میرے گھر میں کسی جگہ نماز ادا کرلیں' تو میں اس جگہ کو جائے نماز بنالوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے ان دونوں نے اندر آنے کی اجازت طلب کی میں نے ان دونوں کی خدمت میں اجازت پیش کی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما نہیں ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے یہ دریافت کیا: تم کہاں یہ پسند کرتے ہو کہ میں تمہارے گھر میں اس جگہ نماز ادا کروں؟ میں نے گھر کے ایک گوشے کی طرف اشارہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک صف بنالی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات ادا کی پھر ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خزیرہ کھانے کے لیے روک لیا جو ہم نے آپ کے لیے تیار کیا تھا۔

4534– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عمرو بن عثمان: هو ابن سعيد بن كثير الحمصي، وهو صدوق روى له أصحاب السنن غير الترمذي . وأخرجه مسلم 33 265 في المساجد: باب الرخصة في التخلّف عن الجماعة بعذر، عن إسحاق بن إبراهيم، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . ولتمام تخريجه انظر 223 .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ مَعُوْنَةُ رَعِيَّتِهِ فِيْ اَسْبَابِهِمْ بِنَفْسِهِ، وَاِنْ كَانَ مِنَ الْقَوْمِ مَنْ يَّكْفِيْهِ ذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ رعایا کے کام بذاتِ خود سرانجام دے اگرچہ لوگوں میں ایسے افراد موجود ہوں جو اس کام میں کفایت کر سکتے ہوں

4535 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقِلُ مَعَنَا التُّرَابَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ، وَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا . . . وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا . . . وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا

اِنَّ الْاُولٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا . . . وَاِنْ اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ احزاب کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہمراہ مٹی منتقل کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیٹ کی سفیدی کو مٹی نے ڈھانپ لیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

''اے اللہ! اگر تیری ذات نہ ہوتی' تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ نہ دیتے ہم نماز نہ پڑھتے تو ہم پر سکینت نازل کر اور جب ہمارا دشمن سے سامنا ہو' تو ہمیں ثابت قدم رکھنا بے شک ان لوگوں نے ہم پر حملہ کیا ہے وہ لوگ اگر آزمائش کا ارادہ کریں گے تو ہم اسے تسلیم نہیں کریں گے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

4535- اسناده صحيح على شرطهما . أبو إسحاق: هو السَّبيعي عمرو بن عبد الله، وأبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي .وأخرجه الدارمي 2/221، والبخاري 2836 في الجهاد: باب حفر الخندق . والبيهقي 7/43 من طريق أبي الوليد، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 712، وأحمد 4/285، والبخاري 2837 في الجهاد، و 4104 في المغازي: باب غزوة الخندق وهي الأحزاب، و 7236 في التمني: باب قول الرجل: لولا الله ما اهتدينا، ومسلم 1803 في الجهاد: باب غزوة الأحزاب وهي الخندق، والنسائي في السير كما في "التحفة" 2/54، وأبو يعلى 1716، والبغوي 3792 من طرق عن شعبة، به .وأخرجه البخاري 3034 في الجهاد: باب الرجز في الحرب، و 4106 في المغازي: باب غزوة الخندق، و 6620 في القدر: باب (وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ . . .)، والبيهقي 7/43 من طرق عن أبي إسحاق، به .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّغْضِيَ عَنْ هَفَوَاتِ ذَوِي الْهَيْئَاتِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے'
وہ صاحب حیثیت لوگوں کی کوتاہیوں سے درگزر کرے

4536 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَصَبْتُ شَارِفًا فِي مَغْنَمِ بَدْرٍ، وَاَعْطَانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِفًا، فَاَنَخْتُهُمَا عَلٰى بَابِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ اُرِيْدُ اَنْ اَحْمِلَ عَلَيْهِمَا اِذْخِرًا اَبِيعُهُ اَسْتَعِينُ بِهٖ عَلٰى وَلِيمَةِ فَاطِمَةَ، وَمَعِي رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ، وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فِي الْبَيْتِ، وَمَعَهُ قَيْنَةٌ تُغَنِّيهِ، فَقَالَتْ:

اَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ

فَثَارَ اِلَيْهِمَا بِالسَّيْفِ، فَجَبَّ اَسْنِمَتَهُمَا، وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، وَاَخَذَ مِنْ اَكْبَادِهِمَا، - فَقُلْتُ: السَّنَامُ، فَقَالَ: ذَهَبَ بِهٖ كُلِّهٖ -، قَالَ: فَنَظَرْتُ اِلٰى مَنْظَرٍ اَفْظَعَنِيْ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ، فَخَرَجَ وَمَعَهُ زَيْدٌ، فَمَشَيْتُ مَعَهُ حَتّٰى قَامَ عَلٰى رَاْسِهٖ، اَوْ قَالَ: عَلٰى رَاْسِ حَمْزَةَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَرَفَعَ رَاْسَهٗ، وَقَالَ: اَلَسْتُمْ عَبِيدَ آبَائِي؟، قَالَ: فَرَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَهْقِرُ

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: غزوۂ بدر کے مالِ غنیمت میں مجھے ایک اونٹنی ملی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک اور اونٹنی بھی عطا کردی میں نے ان دونوں اونٹنیوں کو ایک انصاری کے دروازے کے پاس باندھ دیا میں نے یہ ارادہ کیا تھا کہ میں ان دونوں اونٹنیوں پر اذخر (نامی گھاس) لاد کر لاؤں گا پھر اسے فروخت کروں گا اور اس کے ذریعے فاطمہ کے ساتھ شادی کے ولیمے کی تیاری کروں گا میرے ساتھ بنو قینقاع کا ایک آدمی بھی تھا حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اس گھر میں موجود تھے وہاں ایک کنیز گانا گا رہی تھی وہ یہ گا رہی تھی۔

''اے حمزہ! عمدہ قسم کی اونٹنیوں (پر حملہ کردو)''

4536- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذهلي فمن رجال البخاري .وأخرجه أحمد 1/142، والبخاري 2375 في الشرب والمساقات: باب بيع الحطب والكلأ، ومسلم 1979 1 في الأشربة: تحريم الخمر . . .، من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه البخاري 2089 في البيوع: باب ما قيل في الصوّاغ، و 3091 في فرض الخمس: باب فرض الخمس، و 4003 في المغازي: باب رقم 12، و5793 في اللباس: باب الأردية، ومسلم 1979 2، وأبو داؤد 2986 في الخراج والإمارة: باب في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي القربى، والبيهقي 6/153 و341-342 من طريق يونس، عن الزهري، به وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .

تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے تلوار کے ذریعے ان دونوں پر حملہ کر کے ان کی کوہانیں کاٹ دیں ان کے پہلو چھیل دیئے اور ان کے کلیجے نکال لیے (راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا: کوہان کا کیا بنا تو انہوں نے جواب دیا: وہ تو ساری ختم کر دی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ سب دیکھا تو مجھے بڑا دکھ ہوا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی تھے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت زید رضی اللہ عنہ بھی تھے میں بھی ان کے ساتھ چلتا ہوا آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے سرہانے کھڑے ہوئے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر ناراضگی کا اظہار کیا' تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے سر اٹھایا اور بولے: کیا تم سب لوگ میرے باپ دادا کے غلام نہیں ہو؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم الٹے پاؤں واپس تشریف لے گئے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَرْكُ عُقُوبَةِ مَنْ اَسَاءَ اَدَبَهُ عَلَيْهِ مِنْ رَعِيَّتِهِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' اس کی رعایا میں جو شخص اس کی بے ادبی کرے وہ اسے سزا نہ دے

4537 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانَ بْنِ اَبِي سِنَانَ الدُّؤَلِيِّ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ: غَزَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةً قِبَلَ نَجْدٍ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ يَوْمًا فِي وَادٍ كَثِيرِ الْعِضَاهِ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْعِضَاهِ يَسْتَظِلُّونَ فِي الشَّجَرِ، وَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَعَلَّقَ سَيْفَهُ بِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ: اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ سَيْفِي وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ، وَهُوَ فِي يَدِهِ، فَقَالَ لِي: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي؟، فَقُلْتُ لَهُ: اللّٰهُ، قَالَ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي؟، قُلْتُ: اللّٰهُ، فَشَامَ السَّيْفَ، وَجَلَسَ فَهُوَ هٰذَا جَالِسٌ، ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ

4537– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري 2913 في الجهاد: باب تفرّق الناس عن الإمام عند القائلة والاستظلال بالشجر، ومسلم 4/1786 13 في الفضائل: باب توكله على الله تعالى وعصمة الله تعالى له من الناس، والنسائي في السير كما في "التحفة" 2/188 من طريق إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/311، والبخاري 2910 في الجهاد: باب من علّق سيفه بالشجر في السفر عند القائلة، و2913، ومسلم 4/14، والنسائي في السير، والبيهقي في "السنن" 6/319، وفي "الدلائل" 3/373 من طريق شعيب بن أبي حمزة، والبخاري 4135 في المغازي: باب غزوة ذات الرّقاع، من طرق محمد بن أبي عتيق، كلاهما عن الزهري، بِهِ. وفي حديث شعيب: عن الزهري، عن أبي سنان بن أبي سنان وأبي سلمة بن عبد الرحمن. وأخرجه البخاري 4139 في المغازي: باب غزوة بني المصطلق. .، ومسلم 4/13، والبيهقي في "الدلائل" 3/374 من طريق معمر، عن الزهري، عن أبي سلمة، عن جابر. وأخرجه أحمد 3/364، ومسلم 843 و4/14، والبيهقي في "الدلائل" 3/375 من طريق يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلمة، عن جابر. وانظر 2882 و2883 و2884.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نجد کی سمت ایک غزوے میں شرکت کی ایک دن انہیں دوپہر کے آرام کا وقت ایک ایسی وادی میں آیا جہاں درخت بہت زیادہ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پڑاؤ کیا لوگ مختلف درختوں کے سائے حاصل کرنے کے لیے اِدھر اُدھر پھیل گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایک درخت کے نیچے آرام فرما ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تلوار اس درخت کے ساتھ لٹکا دی (بعد میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس موجود شخص کے بارے میں بتایا کہ اس شخص نے مجھ پر تلوار سونت لی تھی میں اس وقت سویا ہوا تھا میں بیدار ہوا تو تلوار اس کے ہاتھ میں تھی اس نے مجھ سے دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے اسے جواب دیا: اللہ تعالیٰ۔ اس نے پھر دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ تو اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی اور یہ بیٹھ گیا اب یہ بیٹھا ہوا ہے (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کوئی سزا نہیں دی۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ لُزُوْمَ الْمُدَارَاةِ مَعَ رَعِيَّتِهِ، وَإِنْ عَلِمَ مِنْ بَعْضِهِمْ ضِدَّ مَا يُوْجِبُ الْحَقُّ مِنْ ذٰلِكَ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی رعایا کا خاص خیال رکھے

اگرچہ رعایا کے بعض افراد کی طرف سے اسے اس بات کا علم ہو کہ وہ ایسی حیثیت کے مالک نہیں ہے وہ اس مدارات کا حقدار ہو

4538 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُوْلُ:

4538- إسناده صحيح على شرط البخاري، علي بن المديني من رجاله، ومن فوقه على شرطهما . سفيان: هو ابن عيينة .وأخرجه أحمد 6/38، والحميدي 249، والبخاري 6054 في الأدب: باب ما يجوز من اغتياب أهل الفساد والرِّيب، و 6131 باب المداراة مع الناس، ومسلم 2591 73 في البر والصلة: باب مداراة من يُتقى فحشه، وأبو داوُد 4791 في الأدب: باب في حسن العشرة، والترمذي 1996 في البر والصلة: باب ما جاء في المداراة، والبيهقي 10/245، والخطيب البغدادي في الأسماء المبهمة ص 372، وفي "الكفاية" ص38-39، والبغوي 3563 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 6032 في الأدب: باب لم يكن النبي صلى الله عليه وسلم فاحشاً ولا متفاحشاً، من طريق روح بن القاسم، عن محمد بن المنكدر، به .وأخرجه عبد الرزاق 20144، ومن طريقه أخرجه مسلم 2591، والخطيب في "المبهمات" ص373 عن معمر، عن ابن المنكدر، به . زاد الخطيب قال معمر: بلغني أن الرجل كان عيينة بن حصن .وأخرجه مختصرا القضاعي في "مسند الشهاب " 1123 من طريق عبد الرحمٰن بن دينار، عن عروة، به دون ذكر للقصة .وأخرجه بنحوه مطولاً أحمد 6/158-159، والبخاري في "الأدب المفرد" 338، والقضاعي 1124 من طريق فليح بن سليمان، عن عبد الله بن عبد الرحمٰن بن معمر، عن أبي يونس مولى عائشة، عن عائشة .وأخرجه أبو داوُد 4792 من طريق محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن عائشة . لكن قال في اٰخره: "يا عائشة: إن اللّٰه لا يحب الفحش والمتفحش" .وأخرجه الخطيب في "المبهمات" ص373 من طريق أبي عامر الخزاز، عن أبي يزيد المدني، عن عائشة قالت: جاء مخرمة بن نوفل . . . فذكره .وأخبره مالك في "الموطأ" 2/903-904 .

(متن حدیث):اِسْتَاْذَنَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: ائْذَنِیْ لَهُ، فَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ اَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيْرَةِ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ آلَانَ لَهُ الْقَوْلَ، فَلَمَّا خَرَجَ قُلْتُ: اَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قُلْتَ لَهُ الَّذِیْ قُلْتَ، فَلَمَّا دَخَلَ آلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ، قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَیْ عَائِشَةُ، اِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ، اَوْ وَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّهِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اندر آنے کی اجازت دے دو یہ اپنے خاندان کا بہت برا شخص ہے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) جب وہ شخص اندر آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ نرمی کے ساتھ بات چیت کی جب وہ چلا گیا تو میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اس کے بارے میں پہلے' تو یہ بات ارشاد فرمائی تھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ نرمی کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قدر و منزلت کے اعتبار سے لوگوں میں سب سے برا شخص وہ ہوگا' جسے لوگ اس کے شر سے بچنے کے لیے (اس کے حال پر) چھوڑ دیں (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ لَا يَتَكَبَّرَ عَلٰی رَعِيَّتِهِ بِتَرْكِ اِجَابَةِ دَعْوَتِهِمْ، وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الدَّاعِی لَهُ شَرِيْفًا

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا میں سے کسی کی دعوت قبول نہ کر' رعایا کے سامنے بڑائی کا اظہار نہ کرے' اگرچہ اسے دعوت دینے والا شخص بڑے خاندان کا نہ ہو

4539 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ:

(متن حدیث):اِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهُ، قَالَ اَنَسٌ: فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَّبَ اِلَيْهِ خُبْزًا مِنْ شَعِيْرٍ، وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ، وَقَدِيْدٌ، قَالَ اَنَسٌ: فَرَاَيْتُ

4539- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 1/546-547 في النكاح: باب ما جاء في الوليمة . ومن طريق مالك أخرجه الدارمي 2/101، والبخاري 2092 في البيوع: باب الخياط، و 5379 في الأطعمة: باب من تتبع حوالي القصعة مع صاحبه إذا لم يعرف منه كراهية، و5436 باب المرق، و 5437 باب القديد، و 5439 باب من ناول أو قدم إلى صاحبه على المائدة شيئاً، ومسلم 2041 145 في الأشربة: باب جواز أكل المرق واستحباب أكل اليقطين . . .، وأبو داؤد 3782 في الأطعمة: باب في أكل الدباء، والترمذي 1850 في الأطعمة: باب ما جاء في أكل الدباء، وفي "الشمائل" 163، والبيهقي 7/273-274 . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض . وأخرجه بنحوه البخاري 5420 في الأطعمة: باب الثريد، و5433 باب الدباء، و 5435 باب من أضاف رجلاً إلى طعام وأقبل هو على عمله، ومسلم 2041 145، والترمذي في "الشمائل" 334، والنسائي في الوليمة كما في "التحفة" 1/159 من طرق عن أنس . وسيرد عند المؤلف برقم 5269 من طريق قتادة عن أنس .

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّبِعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَي الْقَصْعَةِ، قَالَ: فَلَمْ اَزَلْ اُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک درزی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کھانا تیار کیا تھا حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ''جو'' کی بنی ہوئی روٹی اور شوربا پیش کیا جس میں کدو تھا اور گوشت تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیالے میں کدو تلاش کر رہے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس دن کے بعد میں ہمیشہ کدو کو پسند کرتا ہوں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ تَخْوِيفَ رَعِيَّتِهِ بِمَا لَيْسَ فِيْ خَلَدِهِ اِمْضَاؤُهُ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ اپنی رعایا کو اس چیز سے ڈراتا رہے جس کا جاری رہنا اس کے حق میں بہتر نہ ہو

4540 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ فِيْ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، فَسَاَلَهُ اَصْحَابُهُ اَنْ يُوقِدُوْا نَارًا، فَمَنَعَهُمْ، فَكَلَّمُوْا اَبَا بَكْرٍ، فَكَلَّمَهُ فِيْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: لَا يُوقِدُ اَحَدٌ مِّنْهُمْ نَارًا اِلَّا قَذَفْتُهُ فِيْهَا، قَالَ: فَلَقُوا الْعَدُوَّ فَهَزَمُوهُمْ، فَاَرَادُوْا اَنْ يَّتَّبِعُوهُمْ، فَمَنَعَهُمْ، فَلَمَّا انْصَرَفَ ذٰلِكَ الْجَيْشُ ذَكَرُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَشَكَوْهُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ آذَنَ لَهُمْ اَنْ يُّوقِدُوْا نَارًا فَيَرَى عَدُوُّهُمْ قِلَّتَهُمْ، وَكَرِهْتُ اَنْ يَّتَّبِعُوهُمْ فَيَكُوْنُ لَهُمْ مَدَدٌ فَيَعْطِفُوا عَلَيْهِمْ، فَحَمِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهُ، فَقَالَ:

4540- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحسن بن حماد الحضرمي وهو ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي . يحيى بن سعيد: هو ابن أبان بن سعيد بن العاص الأموي . وأخرجه الترمذي 3886 في المناقب: باب فضل عائشة رضي اللّٰه عنها، عن إبراهيم بن سعيد الجوهري، عن يحيى بن سعيد الأموي، بهذا الإسناد مختصراً . وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث إسماعيل، عن قيس . وأخرجه مختصراً أيضاً أحمد في "فضائل الصحابة" 1637، والنائب في "فضائل الصحابة" 5، والحاكم 4/12 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به . وأخرجه كذلك أحمد في "المسند" 4/203، والبخاري 3662 في فضائل الصحابة باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "لو كنت متخذاً خليلاً"، و4358 في المغازي: باب غزوة ذات السلاسل وهي غزوة لخم وجُذام، ومسلم 2384 في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي بكر الصديق رضي الله عنه، والترمذي 3885، والبيهقي 10/233، والبغوي 3869 من طريق خالد الحذّاء، عن أبي عثمان النهدي، عن عمرو بن العاص، مختصراً، وزاد في آخره قلت: ثم مَن؟ قال: "ثم عمر بن الخطاب"، فعدّ رجالً . وأخرجه الحاكم 4/12 بنحوه من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، عن مغيرة، عن الشعبي، عن عمرو بن العاص . وسيأتي عند المؤلف برقم 6959 من طريق عبد الله بن شقيق عن عمرو بن العاص، و7062 من طريق علي بن مسهر، عن إسماعيل بن أبي خالد .

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيْكَ؟ قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: لِاُحِبَّ مَنْ تُحِبُّ، قَالَ: عَائِشَةُ، قَالَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ*

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جنگ ذات سلاسل میں بھیجا ان کے ساتھیوں نے ان سے درخواست کی کہ وہ آگ جلا لیں تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے انہیں ایسا کرنے سے منع کر دیا لوگوں نے اس بارے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بات کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں حضرت عمرو رضی اللہ عنہ سے بات کی تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو بھی شخص آگ جلائے گا میں اسے اس آگ میں ڈال دوں گا۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب ان لوگوں کا دشمن سے سامنا ہوا تو انہوں نے دشمن کو شکست دے دی (دشمن بھاگ کھڑا ہوا) ان لوگوں نے ان کے پیچھے جانے کا ارادہ کیا تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے انہیں روک لیا جب یہ لشکر واپس آیا تو لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا اور حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کی شکایت لگائی تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اس لیے انہیں آگ جلانے کی اجازت نہیں دی کیونکہ دشمن کو ان کی تعداد کی کمی کا اندازہ ہو جانا تھا اور میں نے اس لیے انہیں دشمن کے پیچھے نہیں جانے دیا کہ اگر دشمن کو کہیں سے مدد حاصل ہو گئی تو وہ ان پر غالب آجائے گا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے فیصلے کی تعریف کی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم یہ کیوں پوچھ رہے ہو۔ انہوں نے عرض کی: اس لیے تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جس سے محبت کرتے ہیں میں بھی اس سے محبت رکھوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہ۔ انہوں نے دریافت کیا: مردوں میں کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّعَلِّمَ الْوَفْدَ اِذَا وَفَدَ عَلَيْهِ شُعَبَ الْاِسْلَامِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ جب کوئی وفد اس کے پاس آئے تو وہ انہیں اسلام کے مختلف شعبوں کی تعلیم دے

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ يَوْمٍ فِي غَيْرِهِ مِنَ الطَّاعَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ کی راہ میں ایک دن گزارنا' اس کے علاوہ ایک ہزار دن تک نیکیاں کرنے سے بہتر ہے

4609 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا اَبُو مَعْنٍ، حَدَّثَنِي اَبُو عَقِيلٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ مَوْلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ عُثْمَانُ فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ بِمِنًى: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّي سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا كُنْتُ كَتَمْتُكُمُوْهُ ضَنًّا بِكُمْ، وَقَدْ بَدَا لِي اَنْ اُبْدِيَهُ نَصِيحَةً لِلّٰهِ وَلَكُمْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَوْمٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ، فَلْيَنْظُرْ كُلُّ امْرِءٍ مِّنْكُمْ لِنَفْسِهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُوْ مِعَنٍ هٰذَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مِعَنٍ الْغِفَارِيُّ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَاَبُوْ عَقِيلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ مِّنْ اَهْلِ الرَّمْلَةِ، وَاَبُوْ صَالِحٍ مَوْلٰى عُثْمَانَ اسْمُهُ: الْحَارِثُ

ابوصالح جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے منیٰ میں مسجد خیف میں یہ بات ارشاد فرمائی: اے لوگو! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میں نے تمہارے ساتھ بخل کی وجہ سے اسے تم سے چھپا رکھا تھا' لیکن اب یہ مجھے مناسب محسوس ہوا کہ میں اللہ تعالیٰ اور تمہارے لیے خیرخواہی کرتے ہوئے اسے ظاہر کردوں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ کی راہ میں ایک دن گزارنا اس کے علاوہ ایک ہزار دن گزارنے سے بہتر ہے' تو اب تم میں سے ہر شخص کو اپنے بارے میں جائزہ لے لینا چاہیے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابومعن نامی راوی محمد بن معن غفاری ہے یہ اہل مدینہ سے تعلق رکھتے ہیں جب کہ ابوعقیل نامی راوی زہرہ بن معبد ہے اور یہ اہل رملہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے غلام ابوصالح کا نام حارث ہے۔

ذِكْرُ تَكَفُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ خَرَجَ لِلْجِهَادِ قَصْدًا اِلٰى بَارِئِهِ بِاَنْ يَّرُدَّهُ بِاَجْرٍ اَوْ غَنِيمَةٍ

اللہ تعالیٰ کا ایسے شخص کے لیے ضامن ہونے کا تذکرہ جو جہاد کے لیے نکلتا ہے اور وہ اپنے پروردگار سے یہ امید رکھتا ہے' وہ اسے اجر یا غنیمت کے ہمراہ واپس لائے گا

4610 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِي سَبِيْلِهِ، لَا يُخْرِجُهُ مِنْ بَيْتِهِ اِلَّا الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِهِ وَتَصْدِيْقُ كَلِمَتِهِ، اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، اَوْ يَرْجِعَهُ اِلٰى مَسْكَنِهِ الَّذِي خَرَجَ مِنْهُ مَعَ مَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيمَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

4609- أبو صالح مولى عثمان ذكره المؤلف في "الثقات" 4/136، وقال العجلي ص 501: روى عنه زُهرة بن معبد وأهل مصر: ثقة، ووثقه أيضاً الهيثمي في "المجمع" 1/297، وجزم الدارقطني والرامهرمزي والمؤلف بأن اسمه الحارث، ويقال: تركان، وباقي السند رجاله ثقات رجال الصحيح .وأخرجه أحمد 1/62، والدارمي 2/211، والترمذي 1667 في فضائل الجهاد: ما جاء في فضل المرابط، والنسائي 6/40 في الجهاد: باب فضل الرباط، من طرق عن زهرة بن معبد، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، وصححه الحاكم 2/68 على شرط البخاري ووافقه الذهبي، مع أن أبا صالح مولى عثمان لم يخرج له البخاري .

''اللہ تعالیٰ اس شخص کا ضامن ہے' جو اس کی راہ میں جہاد کرتا ہے' جو اپنے گھر سے صرف جہاد کرنے اور اس کے کلمے کی تصدیق کرنے کیلئے نکلتا ہے۔

(اللہ تعالیٰ اس بات کا ضامن ہوتا ہے) اس شخص کو جنت میں داخل کردے گا یا پھر اسے اس کے اس گھر کی طرف لے آئے گا جہاں سے وہ نکلا تھا اور اس کے ساتھ اجر بھی ہوگا اور مال غنیمت بھی ہوگا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الدَّرَجَاتِ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کے لیے (مخصوص کیے جانے والے) درجات کی فضیلت کا تذکرہ

4611 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِهِ بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ، كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ، فَهُوَ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ، وَهُوَ اَعْلَى الْجَنَّةِ، وَفَوْقَهُ الْعَرْشُ، وَمِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ

4610- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، . . والأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز . وهو في "الموطأ" 2/443-444 في أول كتاب الجهاد . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 3123 في فرض الخمس: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "أحلت لكم الغنائم"، و7457 في التوحيد: باب قوله تعالى: (وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ)، و7463 باب قول الله تعالى: (قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَاداً لِّكَلِمَاتِ رَبِّي . . .)، والنسائي 6/16 في الجهاد: باب ما تكفل الله عز وجل لمن يجاهد في سبيله . وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" 2311 عن سفيان و2312 عن عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، كلاهما عن أبي الزناد، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1876 104 في الإمارة: باب فضل الجهاد والخروج في سبيل الله، والبيهقي 9/157 عن يحيى بن يحيى، عن المغيرة بن عبد الرحمٰن الحزامي، عن أبي الزناد، به .وأخرجه البخاري 2787 في الجهاد: باب أفضل الناس مؤمن مجاهد بنفسه وماله في سبيل الله، عن أبي اليمان، عن شعيب، عن الزهري، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/399 و424، والبيهقي 9/39 من طرق عن سهيل بن أبي صالح، عن أبيه، عن أبي هريرة .وأخرجه النسائي 8/119 في الإيمان: باب الجهاد، عن قتيبة، عن الليث، عن سعيد، عن عطاء بن ميناء، عن أبي هريرة .وأخرجه البيهقي 9/157 من طريق مسدد، عن عبد الواحد بن زياد، عن عمارة بن القعقاع، عن أبي زرعة بن عمرو بن جرير، عن أبي هريرة .

4611- فليح بن سليمان احتج به البخاري وأصحاب السنن وروى له مسلم حديثاً واحداً وهو حديث الإفك، وضعفه يحيى بن معين والنسائي وأبو داوُد، وقال الساجي: هو من أهل الصدق وكان يهم، وقال الدارقطني: مختلف فيه ولا بأس به، وقال ابن عدي: له أحاديث صالحة مستقيمة وغرائب وهو عندي لا بأس به، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين . أبو عامر: هو عبد الملك بن عمرو القيسي .وأخرجه أحمد 2/335 عن أبي عامر، و339 عن فزارة بن عمر، كلاهما عن فليح، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 2790 في الجهاد: باب درجات المجاهدين عن يحيى بن صالح، و7423 في التوحيد: باب وكان عرشه على الماء، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص398 عن محمد بن فليح، والحاكم 1/80 عن سريج بن النعمان وابن وهب، والبغوي 2610 عن سريج بن النعمان، أربعتهم عن فليح بن سليمان، عن هلال بن علي، عن عطاء بن يسار، عن أبي هريرة .

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهُوَ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ يُرِيْدُ بِهٖ اَنَّ الْفِرْدَوْسَ فِيْ وَسَطِ الْجِنَانِ، فِي الْعَرْضِ، وَقَوْلُهُ وَهُوَ اَعْلَى الْجَنَّةِ يُرِيْدُ بِهٖ: فِي الِارْتِفَاعِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک جنت میں ایک سو درجے ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والوں کیلئے تیار کیا ہے ان میں سے دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان ہے' تو جب تم اللہ تعالیٰ سے سوال کرو تو اس سے جنت الفردوس کا سوال کرو' کیونکہ یہ درمیانے درجے کی جنت ہے' اور وہ اعلیٰ درجے کی جنت ہے اور اس کے اوپر عرش ہے اور جنت کی تمام نہریں اسی سے پھوٹتی ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان وہ درمیانے درجے کی جنت ہے اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے فردوس جنت کے درمیان میں ہے یعنی چوڑائی کے حوالے سے درمیان میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ وہ جنت سب سے بلند درجہ ہے اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: بلند ہونے کے اعتبار سے (وہ سب سے اوپر ہے)

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِمَعْنَى مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس معنیٰ کی صراحت کرتی ہے' جو ہم نے ذکر کی ہے

4612 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَاهُ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):يَا اَبَا سَعِيْدٍ، مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، فَعَجِبَ لَهَا اَبُوْ سَعِيْدٍ، وَقَالَ اَعِدْهَا عَلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَفَعَلَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاُخْرٰى يُرْفَعُ بِهَا الْعَبْدُ مِائَةَ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، قَالَ: وَمَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوسعید! جو شخص اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے' اسلام کے دین ہونے' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے سے راضی ہو (یعنی ان پر ایمان رکھتا ہو) تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کو یہ بات بہت پسند آئی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ بات میرے

4612– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو هانء الخولاني: حميد بن هانء، وأبو عبد الرحمٰن الحبلي: عبد الله بن يزيد المعافري .وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" 2301، ومسلم 1884 في الإمارة: باب بيان ما أعدّه الله تعالى للمجاهد في الجنة من الدرجات، والنسائي 6/19، والبيهقي 9/158، والبغوي 2611 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/14 عن يحيى بن إسحاق، عن ابن لهيعة، عن خالد بن أبي عمران، عن أبي عبد الرحمٰن الحبلي، به .وصححه الحاكم 2/93 من طريق عبد الله بن صالح، عن أبي شريح المعافري، عن أبي هانء، عن أبي علي الجنبي، عن أبي سعيد الخدري .

سامنے دوہرا دیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایسا ہی کیا' پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک دوسری چیز بھی ہے' جس کے ذریعے بندے کے ایک سو درجے بلند کر دیئے جاتے ہیں' جن میں سے ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: وہ دوسری چیز کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْ وَفْدِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ دَعَاهُمْ فَاَجَابُوْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جہاد میں حصہ لینے والے لوگ اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں جنہیں اس نے بلایا ہے' تو وہ اس کی دعوت پر آئے ہیں

4613 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْجَعْفَرِيُّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اَلْغَازِي فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالْحَاجُّ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ، وَالْمُعْتَمِرُ وَفْدُ اللّٰهِ دَعَاهُمْ فَاَجَابُوْهُ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ کی راہ میں جنگ میں حصہ لینے والا' بیت اللہ کی طرف حج کرنے والا اور عمرہ کرنے والا شخص اللہ تعالیٰ کے مہمان ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں بلایا ہوتا ہے وہ اس کے بلاوے پر آتے ہیں''۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِهِ بِكَتْبِهِ اَجْرَ رَقَبَةٍ لَوْ اَعْتَقَهَا لَهٗ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر فضل کرنے کا تذکرہ جو اس کی راہ میں ایک تیر چلاتا ہے (فضل یہ ہے) اسے ایک گردن کو آزاد کرنے کا ثواب عطا کیا جاتا ہے' جو اس نے اللہ کی رضا کے لیے آزاد کی ہوتی ہے

4614 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ

4613– الحسن بن سهل الجعفري ذكره المؤلف في "الثقات" 8/177، وكناه بأبي علي، وقال: من أهل الكوفة يروي عن أبي خالد الأحمر والكوفيين، حدثنا عنه الحسن بن سفيان وغيره، وقال ابن أبي حاتم 3/17: روى عن محمد بن الحسن الأسدي، وأبي بكر بن عياش، وعبدة ووكيع، ومصعب بن سلام، روى عنه أبو زرعة، وعمران بن عيينة أخو سفيان، روى له أصحاب السنن، مختلف فيه، قال الحافظ في "التقريب": صدوق له أوهام، وعطاء بن السائب رمي بالاختلاط . وأخرجه ابن ماجة 2893، والطبراني في "الكبير" 13556 من طريق عمران بن عيينة، بهذا الإسناد . قال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقة 185: إسناده حسن عمران مختلف فيه . . . ورواه البيهقي من هذا الوجه فوقفه، ولم يرفعه . وله شاهد عن جابر يتقوى به عند البزار 1153 رفعه "الحجاج والعمار وفد الله دعاهم فأجابوه، وسألوه فأعطاهم " وسنده ضعيف .وآخر من حديث أبي هريرة عند ابن ماجة 2892، والبيهقي 5/262، وفي سنده صالح بن عبد الله بن صالح، قال البخاري: منكر الحديث . وانظر 3692 .

4614– إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 4/253–256 عن أبي معاوية بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 9/162 من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، عن الأعمش، بِهِ . وانظر 4597 .

الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): مَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَ كَمَنْ اَعْتَقَ رَقَبَةً

❁❁ حضرت کعب بن مرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ کی راہ میں ایک تیر چلاتا ہے' تو یہ غلام آزاد کرنے کی مانند (ثواب کا باعث ہوتا ہے)''

ذِكْرُ اِعْطَاءِ دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ مَنْ بَلَغَ سَهْمًا فِي سَبِيلِهِ

جو شخص اللہ کی راہ میں تیر (دشمن تک) پہنچاتا ہے اسے جنت میں درجہ دیئے جانے کا تذکرہ

4615 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ عَدِيٍّ، بِنَسَا، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجُوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي نَجِيحٍ السُّلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): حَاصَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّائِفَ، فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ بَلَغَ بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهُ دَرَجَةٌ فِي الْجَنَّةِ، قَالَ: فَبَلَغْتُ يَوْمَئِذٍ سِتَّةَ عَشَرَ سَهْمًا.

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُوْ نَجِيحٍ اسْمُهُ: عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ السُّلَمِيُّ

❁❁ حضرت ابونجیح سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ طائف کا محاصرہ کیا ہوا تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

''جو شخص اللہ کی راہ میں تیر چلاتا ہے' (یعنی جو دشمن تک پہنچے) تو یہ بات اس کے لیے جنت میں ایک درجے کا باعث ہوتی ہے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس دن میں نے سولہ تیر چلائے تھے۔ (یعنی جو دشمن تک پہنچے)

شیخ ابوحاتم بیان کرتے ہیں: حضرت ابونجیح رضی اللہ عنہ کا نام عمرو بن عبسہ سلمی ہے۔

4615- إسناده صحيح، حميد بن زنجويه: هو حميد بن مخلد بن قتيبة الأزدي ثقة ثبت صاحب تصانيف، روى له أبو داوُد والنسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير معدان بن أبي طلحة فمن رجال مسلم .وأخرجه أبو داوُد 3965 في العتق: باب أي الرقاب أفضل، والترمذي 1638 في فضائل الجهاد: باب ما جاء في فضل الرمي في سبيل الله، والنسائي 6/26 في الجهاد: باب ثواب من رمى بسهم في سبيل الله عز وجل، من طريقين عن هشام الدستوائي، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 2/95 و121 على شرط الشيخين ووافقه الذهبي مع أن معدان بن أبي طلحة لم يخرج له البخاري .وأخرجه البيهقي 9/161 من طريق شيبان، عن قتادة .به .وأخرجه أحمد 4/386، والنسائي 6/26 و27، والبيهقي 10/272 من طرق عن شرحبيل بن السمط، عن أبي نجيح .وأخرجه ابن ماجة 281 في الجهاد: باب الرمي في سبيل الله، والبيهقي 9/162 من طريقين عن ابن وهب، عن عمرو بن الحارث، عن سليمان بن عبد الرحمٰن القرشي، عن القاسم بن عبد الرحمٰن، عن عمرو بن عبسة .وهو في المستدرك 2/96 .وأخرجه أحمد 4/386 عن هاشم بن القاسم، عن الفرج، عن لقمان، عن أبي أمامة، عن عمرو بن عبسة .

ذِكْرُ وَصْفِ الدَّرَجَةِ الَّتِي يُعْطِيهَا اللّٰهُ لِمَنْ بَلَغَ سَهْمًا فِي سَبِيلِهِ

اس درجے کی صفت کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ اس شخص کو عطا کرتا ہے' جو اس کی راہ میں تیر (دشمن تک) پہنچاتا ہے

4616 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْنَا لِكَعْبِ بْنِ مُرَّةَ: يَا كَعْبُ، حَدِّثْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحْذَرْ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ بَلَغَ الْعَدُوَّ بِسَهْمٍ رَفَعَ اللّٰهُ بِهِ دَرَجَةً لَهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ النَّحَّامِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الدَّرَجَةُ؟، قَالَ: اَمَا اِنَّهَا لَيْسَتْ بِعَتَبَةِ اُمِّكَ مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ مِائَةُ عَامٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُمْ لِكَعْبِ بْنِ مُرَّةَ: حَدِّثْنَا وَاحْذَرْ يُرِيْدُوْنَ بِقَوْلِهِمْ: وَاحْذَرْ اَنْ لَا تَزِلَّ فَتَزِيدَ اَوْ تَنْقُصَ، وَلَمْ يُرِيْدُوْا بِقَوْلِهِمْ: وَاحْذَرْ اَنْ لَا تَكْذِبَ لِاَنَّهُمْ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ وَاَلْحَقَنَا بِهِمْ

❀❀ شرحبیل بن سمط بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت کعب بن مرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اے حضرت کعب رضی اللہ عنہ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ہمیں کوئی حدیث بیان کیجئے اور احتیاط کیجئے گا' تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص دشمن کو تیر مارتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کا درجہ بلند کر دیتا ہے''۔

تو حضرت عبدالرحمٰن بن نحام رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! درجے سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ (تمہاری والدہ کے گھر کی) چوکھٹ کی طرح نہیں ہے' بلکہ دو درجوں کے درمیان ایک سو سال کی مسافت کا فاصلہ ہوتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لوگوں کا حضرت کعب بن مرہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہنا کہ آپ ہمیں حدیث بیان کیجئے اور احتیاط کیجئے گا اس قول کے ذریعے ان کی مراد یہ تھی کہ آپ اس بات سے احتیاط کیجئے گا کہ کہیں آپ غلطی نہ کر جائیں اور زیادہ یا کم الفاظ نہ بیان کریں ان لوگوں کی یہ مراد نہیں تھی کہ آپ غلط بیانی کرنے سے احتیاط کیجئے گا' کیونکہ تمام صحابہ عادل ہیں اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے اور ہمیں بھی (آخرت میں) ان کا ساتھ نصیب کرے۔

ذِكْرُ رَجَاءِ نَوَالِ الْجِنَانِ بِالثَّبَاتِ تَحْتَ اَظِلَّةِ السُّيُوفِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

اللہ کی راہ میں تلواروں کے سائے تلے ثابت قدم رہنے والوں کیلئے جنت تک پہنچنے کی امید کا تذکرہ

4616– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه النسائي 6/27 عن محمد بن العلاء، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد

4617 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ وَهُوَ بِحِصْنِ الْعَدُوِّ اَوْ بِحَضْرَةِ الْعَدُوِّ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ، فَقَامَ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ: يَا اَبَا مُوسَى اَنْتَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَجَاءَ اِلَى اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اَقْرَاُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهِ، فَاَلْقَاهُ، ثُمَّ مَضَى بِسَيْفِهِ قُدُمًا، فَضَرَبَ بِهِ حَتّٰى قُتِلَ

ابوبکر بن عبداللہ بن قیس بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد (حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا وہ اس وقت دشمن کے قلعے کے پاس تھے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) دشمن کے مدمقابل تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک جنت تلواروں کے سائے کے نیچے ہے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو ایک شخص کھڑا ہوا جس کی حالت کوئی بہت اچھی نہیں تھی اس نے کہا: اے حضرت ابوموسیٰ! کیا آپ نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو وہ شخص اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور بولا: میری طرف سے تم سب کو سلام ہو پھر اس شخص نے اپنی تلوار کی نیام کو توڑ دیا اور اسے ایک طرف رکھ دیا پھر وہ اپنی تلوار لے کر آگے کی طرف بڑھا اور اس کے ساتھ لڑتا ہوا شہید ہو گیا۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَلَّ ثَبَاتُهُ فِيهِ اَوْ كَثُرَ

ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ جو اللہ کی راہ میں جنگ میں حصہ لیتا ہے خواہ وہ تھوڑی دیر کے لیے رہو یا زیادہ دیر کے لیے رہو

4618 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرٍ السَّكْسَكِيِّ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4617– إسناده صحيح على شرط مسلم . قطن بن نسير قد تُبع، وأبو عمران الجونى: هو عبد الملك بن حبيب، وأبو بكر بن عبد اللّٰه بن قيس: اسمه عمر أو عامر، ثقة روى له الستة، مات سنة ست ومئة، وكان أسن من أخيه أبى بردة . وأخرجه أحمد 4/396 و411، ومسلم 1902 فى الإمارة: باب ثبوت الجنة للشهيد، والترمذى 1659 فى فضائل الجهاد: باب ما ذكر أن أبواب الجنة تحت ظلال السيوف، وابن أبى عاصم فى "الجهاد" 75/1، والحاكم 2/70، والبيهقى 9/44، وأبو نعيم فى "الحلية" 2/317 من طرق عن جعفر بن سليمان، بهذا الإسناد . وفى الباب عن عبد اللّٰه بن أبى أوفى عند البخارى 2818 و2823 و2966 و3024 و7237، ومسلم 1942، وأبو داؤد 2631، وأحمد 4/353–354، والحاكم 2/78 .

(متن حدیث): مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اتنی دیر تک جنگ کرتا ہے جتنی دیر میں اونٹنی کا دودھ اترتا ہے تو ایسے شخص کیلئے جنت واجب ہو جاتی ہے''۔

ذِكْرُ فَضْلِ الْمُهَاجِرِ اِذَا جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس مہاجر کی فضیلت کا تذکرہ جو اللہ کی راہ میں جہاد میں حصہ لیتا ہے

4619 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، بِالصَّغْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الْجَنْبِيِّ، اَنَّهٗ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَنَا زَعِيمٌ، وَالزَّعِيمُ الْحَمِيلُ لِمَنْ آمَنَ بِيْ وَاَسْلَمَ، وَهَاجَرَ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ، وَبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ، وَاَنَا زَعِيمٌ لِمَنْ آمَنَ بِيْ وَاَسْلَمَ وَجَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ، وَبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ، وَبَيْتٍ فِيْ اَعْلٰى غُرَفِ الْجَنَّةِ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ لَمْ يَدَعْ لِلْخَيْرِ مَطْلَبًا، وَلَا مِنَ الشَّرِّ مَهْرَبًا، يَمُوْتُ حَيْثُ شَاءَ اَنْ يَمُوْتَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الزَّعِيمُ لُغَةً: اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ، وَالْحَمِيلُ لُغَةً: اَهْلُ مِصْرَ، وَالْكَفِيلُ لُغَةً: اَهْلُ

4618– حديث صحيح، إسناده حسن من أجل ابن ثوبان: واسمه عبد الرحمٰن .وأخرجه أبو داوٗد 2541 فى الجهاد: باب فيمن سأل اللّٰه تعالى الشهادة، والطبرانى 20/206، والبيهقى 9/170 من طريقين عن ابن ثوبان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/230–231 و244، والنسائى 6/25 فى الجهاد: باب ثواب من قاتل فى سبيل اللّٰه فواق ناقة، والترمذى 1657 فى فضائل الجهاد: باب فيمن يُكلَم فى سبيل اللّٰه، وابن ماجة 2792 فى الجهاد: باب القتال فى سبيل اللّٰه، وعبد الرزاق 9534، والطبرانى 20/204، والبيهقى 9/170 من طرق عن ابن جريج، حدثنا سليمان بن موسى، حدثنا مالك بن يخامر، عن معاذ بن جبل . وسليمان بن موسى: هو الأشدق، فقيه أهل الشام، مختلف فيه، قال أبو حاتم: محله الصدق، وفى حديثه بعض الاضطراب، وقد صرح بالسماع من مالك عند النسائى والبيهقى . وصححه الحاكم 2/77 على شرط مسلم فأخطأ، فإن سليمان بن موسى لم يخرج له مسلم . وأخرجه الدارمى 2/201، وأحمد 5/235، والطبرانى 2/203 من طريق ابن عياش، كلاهما عن بحير بن سعد، عن خالد بن معدان، عن مالك بن يخامر، عن معاذ بن جبل، وهذا سند قوى فى الشواهد .وأخرجه الطبرانى 20/207 من طريق هشام بن عمار، عن محمد بن عيسى بن سميع، عن زيد بن واقد، عن جبير بن نفير، عن مالك بن يخامر، عن معاذ بن جبل . وله شاهد من حديث عمرو بن عبسة عند أحمد 4/287 .

4619– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عمرو بن مالك الجنبى فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة .أبو هانء الخولانى: هو حميد بن هانىء .وأخرجه النسائى 6/21 فى الجهاد: باب ما لمن أسلم وهاجر وجاهد، عن الحارث بن مسكين، والطبرانى 18/801 عن أحمد بن صالح، والبيهقى 6/72 عن بحر بن نصر الخولانى ومحمد بن عبد اللّٰه بن عبد الحكيم، أربعتهم عن ابن وهب، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم 2/61 و71 من طريقين عن ابن وهب به، ووافقه الذهبى، مع أن عمرو بن مالك الجنبى لم يخرج له مسلم .

الْعِرَاقِ، وَيُشْبِهُ اَنْ تَكُوْنَ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ الزَّعِيمُ الْحَمِيلُ مِنْ قَوْلِ ابْنِ وَهْبٍ اُدْرِجَ فِي الْخَبَرِ

حضرت فضالہ بن قیس انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں اس شخص کا ضامن ہوں' جو مجھ پر ایمان لائے اور اسلام قبول کرے اور ہجرت کرے (میں اس بات کا ضامن ہوں) اسے جنت کے گوشے میں گھر ملے اور جنت کے درمیان میں گھر ملے گا اور جو شخص مجھ پر ایمان لاتا ہے اور اسلام قبول کرتا ہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے میں اس کے لیے اس بات کا ضامن ہوں کہ جنت کے ایک گوشے میں گھر ملے گا اور جنت کے درمیان میں ایک گھر ملے گا اور جنت کے بالائی حصے میں گھر ملے گا' جو شخص ایسا کرتا ہے وہ بھلائی کے لیے مزید کسی طلب کو باقی نہیں رہنے دیتا اور برائی کیلئے بھاگنے کا راستہ باقی نہیں رہنے دیتا اور پھر اس کی مرضی ہے وہ جہاں چاہے مرجائے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) الزعیم اہل مدینہ کے محاورے میں استعمال ہوتا ہے اور لفظ حمیل اہل مصر کے محاورے میں استعمال ہوتا ہے اور لفظ کفیل اہل عراق کے محاورے میں استعمال ہوتا ہے' تو اس بات کا امکان موجود ہے' یہاں زعیم کی بجائے لفظ حمیل کا استعمال ابن وہب کے الفاظ ہوں جس کو اس روایت میں درج کر دیا گیا۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ مَاتَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتْفَ اَنْفِهِ

ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ جو اللہ کی راہ میں مرجاتا ہے

4620 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِينَ، عَنْ اَبِي الْعَجْفَاءِ السُّلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ: اَلَا لَا تَغْلُوْا صَدَاقَ النِّسَاءِ، فَاِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا اَوْ تَقْوٰى عِنْدَ اللّٰهِ لَكَانَ اَوْلَاكُمْ وَاَحَقُّكُمْ بِهَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا اَصْدَقَ امْرَاَةً مِنْ نِسَائِهِ، وَلَا امْرَاَةً مِنْ بَنَاتِهِ، اَكْثَرَ مِنِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اُوقِيَّةً، وَاُخْرٰى تَقُوْلُوْنَهَا مَنْ قُتِلَ فِي مَغَازِيكُمْ، مَاتَ فُلَانٌ شَهِيدًا، فَلَا تَقُوْلُوْا ذَاكَ، وَلٰكِنْ قُوْلُوْا كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ كَمَا قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مَاتَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ

ابوعجفاء بن سلمی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: خبردار خواتین

4620- إسناده قوی، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبی العجفاء، قيل: اسمه هرم بن نسيب، وقيل بالعكس، وقيل بالصاد بدل السين، روى له أصحاب السنن، ووثقه ابن معين والدارقطنی، وذكره المؤلف فی "الثقات"، وقال البخاری: فی حديثه نظر، وقال أبو أحمد الحاكم: حديثه ليس بالقائم .وأخرجه أحمد 1/40-41 و48، والدارمی 2/141، وأبو داؤد 2106 فی النكاح: باب الصداق، والترمذی 1114 فی النكاح، والنسائی 6/117-119 فی النكاح: باب القسط فی الأصدقة، وابن ماجة 1887 فی النكاح: باب صداق النساء، والبيهقی 7/234 من طرق عن محمد بن سيرين، بهذا الإسناد .وقال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح .وأخرجه الحاكم فی "المستدرك" 2/175-176 من طريق يزيد بن هارون .

کے مہر میں غلو نہ کرو' کیونکہ اگر یہ بات دنیا میں عزت افزائی کا باعث ہوتی' یا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پرہیزگاری کا باعث ہوتی' تو اس بارے میں تم میں سب سے زیادہ حق دار حضرت محمد ﷺ ہوتے' لیکن نبی اکرم ﷺ نے اپنی ازواج میں سے اور اپنی صاحب زادیوں میں سے کسی بھی خاتون کا مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ مقرر نہیں کیا دوسری بات یہ ہے: جو شخص جنگ کے دوران مارا جاتا ہے تم کہتے ہو وہ شہید ہے تم لوگ یہ بات نہ کہو' بلکہ تم لوگ وہ بات کہو جو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمائی تھی۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمائی تھی: جو شخص اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو شخص اللہ کی راہ میں مر جائے وہ جنت میں ہوگا۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُجَاهِدَ بِالصَّائِمِ الْقَائِمِ الَّذِي لَا يُفْطِرُ وَلَا يَفْتُرُ

نبی اکرم ﷺ کا مجاہد کو ایسے شخص سے تشبیہ دینا جو روزہ دار بھی ہو اور نوافل بھی ادا کرتا رہے وہ کوئی روزہ ترک نہ کرے اور کبھی نوافل ترک نہ کرے

4621 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، - وَكَانَ قَدْ صَامَ النَّهَارَ، وَقَامَ اللَّيْلَ ثَمَانِيْنَ سَنَةً غَازِيًا وَمُرَابِطًا - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الَّذِي لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَصَلَاةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال اس روزہ دار اور نوافل ادا کرنے والے کی مانند ہے' جو کسی (نفلی) روزے کو ترک نہیں کرتا اور (نفل) نماز کو ترک نہیں کرتا جب تک وہ شخص (جہاد سے) واپس نہیں آجاتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفَضْلَ يَكُوْنُ لِلْمُجَاهِدِ وَاِنْ مَاتَ فِي طَرِيْقِهِ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ فضیلت اس شخص کو حاصل ہوتی ہے اگرچہ وہ جہاد کے راستے میں انتقال کر جائے

4622 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، - وَكَانَ يَخْتِمُ الْقُرْآنَ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ

4621- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الزناد: عبد الله بن ذكوان، والأعرج: عبد الله بن هرمز . وهو في "الموطأ" 2/443 في أول الجهاد، و"شرح السنة" 2613 . وأخرجه البخاري 2787 في الجهاد: باب أفضل الناس مؤمن مجاهد بنفسه، عن أبي اليمان، أخبرنا شعيب، والنسائي 6/18 عن هناد بن السري، عن ابن المبارك، عن معمر، كلاهما عن الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هريرة . انظر 4627 .

مَرَّتَيْنِ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الْقَانِتِ الصَّائِمِ الَّذِي لَا يَفْتُرُ صَلَاةً وَّلَا صِيَامًا، حَتّٰى يَرْجِعَهُ اللّٰهُ اِلٰى اَهْلِهِ بِمَا يَرْجِعُهُ اِلَيْهِمْ مِنْ غَنِيمَةٍ اَوْ اَجْرٍ اَوْ يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال ایسے نفلی نماز پڑھنے والے روزہ دار کی مانند ہے' جو اپنی نماز اور روزے میں کوئی وقفہ نہیں کرتا' یہاں تک کہ وہ مجاہد واپس آجائے اور اس کے ہمراہ غنیمت اور اجر ہو' یا پھر اللہ تعالیٰ اسے موت دے کر اسے جنت میں داخل کردے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُعْطِي بِتَفَضُّلِهِ الْمُرَابِطَ يَوْمًا اَوْ لَيْلَةً خَيْرًا مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت ایک دن یا ایک رات تک پہرہ دینے والے شخص کو ایک مہینے تک نفلی روزہ رکھنے اور نوافل ادا کرنے والے سے زیادہ بہتر (اجر وثواب عطا کرتا ہے)

4623 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ مَرَّ عَلَيْهِ سَلْمَانُ وَهُوَ مُرَابِطٌ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ هَاهُنَا يَا شُرَحْبِيلُ؟، فَقَالَ شُرَحْبِيلُ: اُرَابِطُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَالَ سَلْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: رِبَاطُ يَوْمٍ اَوْ لَيْلَةٍ خَيْرٌ مِّنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ

4622– إسناده حسن، محمد بن عمرو صدوق صاحب أوهام، روى له البخاري مقرونا .ومسلم متابعة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الصحيح، وانظر ما قبله .

4623– إسناده صحيح، يزيد بن موهب روى له أصحاب السنن وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه مسلم 1913 في الإمارة: باب فضل الرباط في سبيل الله، والنسائي 6/39 في الجهاد: باب فضل الرباط، والطحاوي في "مشكل الآثار" 3/102، والحاكم 2/80، والبيهقي 9/38 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1913، والطحاوي 3/101–102، والحاكم 2/80، والبغوي 2617 من طريق ابن وهب، عن عبد الرحمٰن بن شريح، عن عبد الكريم بن الحارث، عن أبي عبيد بن عقبة، عن شرحبيل بن السمط، عن سلمان .وأخرجه أحمد 5/440، والترمذي 1665 من طريقين عن شرحبيل بن السمط، به، وقال الترمذي: هذا حديث حسن .وأخرجه الطبراني 6077 و6177 و6178 و6179 و6180 من طرق عن شرحبيل بن السمط، به .وأخرجه ابن أبي عاصم في "الجهاد" 1/101–2، والطبراني 6064 من طريق كعب بن عجرة . وأخرجه الطبراني 6134 من طريق أبي عثمان، عن سلمان .

❀❀ شرحبیل بن سمط بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے وہ اس وقت پہرہ داری کر رہے تھے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: شرحبیل تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ شرحبیل نے جواب دیا: میں پہرہ دے رہا ہوں۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ایک دن (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک رات کی پہرہ داری ایک ماہ کے (نفلی) روزوں اورنوافل ادا کرنے سے زیادہ بہتر ہے''۔

ذِكْرُ انْقِطَاعِ الْأَعْمَالِ عَنِ الْمَوْتٰى وَبَقَاءِ عَمَلِ الْمُرَابِطِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَعَ اَمْنِهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

مرحومین کے عمل منقطع ہوجانے کا تذکرہ اور پہرہ دینے والے کے عمل کے قیامت تک باقی رہ جانے کا تذکرہ' اس کے ہمراہ وہ قبر کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے

4624 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ مَالِكٍ الْجَنْبِيَّ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلٰى عَمَلِهِ اِلَّا الَّذِىْ مَاتَ مُرَابِطًا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَاِنَّهُ يَنْمُوْ لَهُ عَمَلُهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَيَاْمَنُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ، قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

❀❀ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر فوت ہونے والے شخص کے عمل پر مہر لگا دی جاتی ہے ماسوائے اس شخص کے جو اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے انتقال کرتا ہے اس شخص کا عمل قیامت کے دن تک بڑھتا رہتا ہے اور وہ شخص قبر کی آزمائش سے محفوظ رہتا ہے''۔

وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''مجاہد شخص وہ ہے' جو اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اپنی جان کے ہمراہ جہاد کرے''۔

4624- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عمرو بن مالك الجنبي، فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة، وهو في الجهاد لابن المبارك 174 175 . وأخرجه الطبراني في "الكبير 18/802" والحاكم 2/144 من طريق عن ابن المبارك، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 6/20 عن إسحاق بن إبراهيم، والترمذي 1621 في فضائل الجهاد: باب ما جاء في فضل من مات مرابطاً، عن أحمد بن محمد، كلاهما عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد 2500 في الجهاد: باب في فضل الرباط، والطحاوي في "مشكل الآثار" 3/102، والطبراني 18803، والحاكم 2/72 من طريق ابن وهب، عن أبي هانء الخولاني، بِهِ . وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي!

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُرَابِطَ اِنَّمَا يَجْرِى لَهُ اَجْرُ عَمَلِهِ لَا عَمَلُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' پہرہ دینے والے شخص کے عمل کا اجر جاری رہتا ہے' اس کا عمل جاری نہیں رہتا

4625 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ، عَنْ سَلْمَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُومِنَ عَذَابَ الْقَبْرِ، وَنَمَا لَهُ اَجْرُهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: النُّعْمَانُ هٰذَا هُوَ النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْغَسَّانِيُّ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقَ

❀❀ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جو شخص اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے انتقال کر جائے وہ قبر کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے اور اس کا اجر قیامت کے دن تک بڑھتا رہتا ہے"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نعمان نامی راوی نعمان بن منذر غسانی ہے اور یہ اہل دمشق سے تعلق رکھتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُرَابِطَ الَّذِى يَجْرِى لَهُ اَجْرُ عَمَلِهِ بَعْدَ مَوْتِهِ اِنَّمَا هُوَ اَجْرُ عَمَلِهِ الَّذِى كَانَ يَعْمَلُ فِىْ حَيَاتِهِ مِنَ الطَّاعَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' پہرہ دینے والا شخص جس کے عمل کا اجر اس کے مرنے کے بعد بھی جاری رہتا ہے اس سے مراد اس کے اس عمل کا اجر ہے' جو اس نے اپنی زندگی میں نیکیاں کی تھیں

4626 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ مَرَّ عَلَيْهِ سَلْمَانُ وَهُوَ مُرَابِطٌ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا اُجْرِىَ عَلَيْهِ عَمَلُهُ الَّذِى كَانَ يَعْمَلُ، وَاُومِنَ الْفَتَّانَ، وَيَجْرِى عَلَيْهِ رِزْقُهُ

❀❀ شرحبیل بن سمط بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے وہ اس وقت پہرہ داری کے فرائض سرانجام دے رہے تھے' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

4625– إسناده قوى، الهيثم بن حميد صدوق وكذا شيخه، وباقى السند ثقات من رجال الصحيح . وانظر 4623 .

4626– إسناده صحيح، وهو مكرر 4604 .وفى الباب عن أبى هريرة عند ابن ماجة 2767، والبزار 1655 .

"جو شخص پہرہ دیتے ہوئے انتقال کر جاتا ہے اس کا عمل پہلے کی طرح مسلسل چلتا رہتا ہے اور اس شخص کو (قبر کی) آزمائشوں سے محفوظ رکھا جاتا ہے اور اسے (آخرت میں) رزق دیا جاتا ہے"۔

ذِكْرُ مَا يَعْدِلُ الْجِهَادَ مِنَ الطَّاعَاتِ

اس بات کا تذکرہ' کون سی نیکی جہاد کے برابر ہے

4627 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنَا بِعَمَلٍ يَعْدِلُ الْجِهَادَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تُطِيقُوْنَهُ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنَا لَعَلَّنَا نُطِيقُهُ، قَالَ: مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْقَانِتِ بِآيَاتِ اللّٰهِ، لَا يَفْتُرُ مِنْ صَوْمٍ وَلَا صَدَقَةٍ، حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ اِلٰى اَهْلِهِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ہمیں کسی ایسے عمل کے بارے میں بتائیں جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے برابر ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی طاقت نہیں رکھ سکتے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ہمیں بتائیں تو سہی' ہوسکتا ہے ہم اس کی طاقت رکھتے ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال نوافل ادا کرنے والے ایسے روزہ دار کی مانند ہے' جو اللہ تعالیٰ کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور وہ اپنے روزے میں اور صدقے میں کوئی وقفہ نہیں کرتا (اور وہ اتنی دیر تک مسلسل نوافل ادا کرتا رہتا ہے روزے رکھتا رہتا ہے) جب تک مجاہد اپنے گھر واپس نہیں آجاتا۔

ذِكْرُ اِظْلَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ اَظَلَّ رَاْسَ غَازٍ فِیْ سَبِيْلِهِ

اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن اس شخص کو سایہ عطا کرنا جو اس کی راہ میں جنگ میں حصہ لینے والے کے سر پر سایہ کرتا ہے

4628 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِیُّ، حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِی الْوَلِيْدِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ الْعَدَوِیِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَظَلَّ رَاْسَ غَازٍ اَظَلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لِجِهَادِهِ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، وَمَنْ بَنٰى مَسْجِدًا يُذْكَرُ فِيْهِ اسْمُ اللّٰهِ بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِی الْجَنَّةِ

4627– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 2/459، ومسلم 1878 في الإمارة: باب فضل الشهادة في سبيل الله تعالى، والبيهقي 9/158 من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد . وانظر 4621 .

❀❀ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص کسی مجاہد کے سر پر سایہ فراہم کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے سایہ نصیب کرے گا' جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے شخص کو اس کے جہاد کے لیے سامان فراہم کرتا ہے' تو اسے بھی اس شخص کی مانند اجر ملتا ہے' جو کوئی شخص مسجد تعمیر کرتا ہے جس میں اللہ کا ذکر کیا جائے' تو اللہ تعالیٰ اس شخص کیلئے جنت میں گھر بنا دیتا ہے''۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ خَلَفَ الْغَازِى فِى اَهْلِهٖ بِخَيْرٍ مِثْلَ نِصْفِ اَجْرِهٖ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو غازی کے اجر کا نصف جتنا اجر عطا کرنا' جو غازی کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا اچھی طرح خیال رکھتا ہے

4629 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اِلٰى بَنِىْ لِحْيَانَ: لِيَخْرُجْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ رَجُلٌ، ثُمَّ قَالَ لِلْقَاعِدِ: اَيُّكُمْ خَلَفَ الْخَارِجَ فِىْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ بِخَيْرٍ كَانَ لَهٗ مِثْلُ نِصْفِ اَجْرِ الْخَارِجِ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنولحیان کی طرف یہ پیغام بھیجا کہ ان میں سے ہر دو آدمیوں میں سے ایک آدمی (جہاد کیلئے) روانہ ہو اور آپ نے پیچھے رہ جانے والے شخص کیلئے یہ فرمایا: تم میں سے جو شخص جہاد میں جانے والے شخص کے اہل خانہ اور مال کے بارے میں ٹھیک طرح سے دیکھ بھال کرتا رہے گا اسے جہاد کیلئے جانے والے شخص کے

4628- رجاله ثقات رجال الصحيح، الوليد بن أبي الوليد: هو مولى عبد الله بن عمر، . . . . . . أبو عثمان المدني، ويقال: مولى لآل عثمان، قال ابن أبي حاتم 9/19-20: روى عَنِ ابْنِ عُمَرَ وعثمان بن عبد الله بن سراقة، وعبد الله بن دينار، وعقبة بن مسلم، روى عنه بكير بن الأشج، وابن الهاد، والليث بن سعد، وحيوة بن شريح، سمعتُ أبي يقول ذلك . سئل أبو زرعة عنه، فقال: ثقة، وفي "تاريخ البخاري" 8/156: قال لنا عبد الله بن يوسف: حدثنا الليث، قال: حدثنا الوليد بن أبي الوليد أبو عثمان وكان فاضلاً من أهل المدينة، وقال الذهبي في "الكاشف": ثقة: وروى له البخاري في "الأدب المفرد" ومسلم وأصحاب السنن، وأخطأ الحافظ في "التقريب" فلين حديثه .وهو في "مسند أبي يعلى" 253 . وأخرجه أحمد 1/20، وابن أبي شيبة 1/310، وابن ماجة 2758، والبزار 1665، والحاكم 2/89، والبيهقي 9/172 من طرق عن الليث بن سعد، عن يزيد بن عبد الله بن أسامة بن الهاد، عن الوليد بن أبي الوليد، عن عثمان بن عبد الله بن سراقة، بهذا الإسناد .وقد تقدم برقم 1609 .

4629- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" 2326، ومن طريق مسلم 1895 138 في الإمارة: باب فضل إعانة الغازي في سبيل الله، وأبو داؤد 2510 في الجهاد: باب ما يجزئ من الغزو، عن ابن وهب، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 2/82 من طريق ابن وهب، بِهٖ . ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 3/15 عن هارون بن معروف، عن ابن وهب، بِهٖ .وأخرجه ابن الجارود في "المنتقى" 1038 عن محمد بن يحيى، عن أبي نعيم، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِىْ سعيد مولى المهري، عن أبي سعيد الخدري .

اجر کے نصف کی مانند اجر ملے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا التَّحْصِيرَ لِهٰذَا الْعَدَدِ الْمَذْكُورِ فِىْ خَبَرِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْىَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس مذکورہ عدد کے ساتھ یہ حد بندی جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے اس کے ذریعے اس کے علاوہ کی نفی مراد نہیں ہے

4630 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، اَوْ خَلَفَهُ فِىْ اَهْلِهِ، كُتِبَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، حَتّٰى اِنَّهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِ الْغَازِىْ شَىْءٌ

❁❁ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو سامان فراہم کرتا ہے یا اس کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال رکھتا ہے تو اسے بھی اس مجاہد کی مانند اجر ملتا ہے یہاں تک کہ جہاد کرنے والے کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوتی''۔

ذِكْرُ التَّسْوِيَةِ بَيْنَ الْغَازِىْ وَبَيْنَ مَنْ خَلَفَهُ فِىْ اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فِى الْاَجْرِ

جنگ میں حصہ لینے والے اور اس کے پیچھے اس کے گھر والوں کا خیال رکھنے والے میں اجر کے حوالے سے بھلائی میں برابری کا تذکرہ

4631 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَهُ فِىْ اَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا

4630- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الملك بن أبي سليمان، فمن رجال مسلم . أبو خيثمة: زهير بن حرب، ومحمد بن عُبيد: هو الطنافسي، وعطاء : هو ابن أبي رباح .وأخرجه أحمد 4/114-115 و116 و5/192، والحميدى 818، وسعيد بن منصور فى "سننه" 2328، والدارمي 2/209، والترمذى 1629 فى فضائل الجهاد: باب من جهز غازياً، وابن ماجة 2759 فى الجهاد: باب من جهز غازياً والطبراني فى الكبير 5267 و5268 و5270 و5271 و5272 و5274 و5275 و5276، 5277، وفي "الصغير" 836، والبيهقي 4/240 من طرق عن عطاء، به .

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو سامان فراہم کرتا ہے تو گویا اس نے بھی جہاد میں حصہ لیا اور جو شخص مجاہد کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال رکھتا ہے تو گویا اس نے بھی جہاد میں حصہ لیا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ: فَقَدْ غَزَا اَرَادَ بِهِ اَنَّ لَهُ مِثْلَ اَجْرِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ ''اس نے جنگ میں حصہ لیا'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: اسے اس کی مانند اجر ملے گا (جس نے جہاد میں حصہ لیا)

4632 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنِىْ ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ، اَخْبَرَنِىْ مُوْسَى بْنِ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِىْ اَهْلِهِ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ،

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: ثُمَّ اَخْبَرَنِيْهِ بُسْرُ بْنُ سَعِيْدٍ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی مجاہد کو سامان فراہم کرتا ہے تو اسے بھی مجاہد کی مانند اجر ملتا ہے اور جو شخص مجاہد کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال رکھتا ہے اسے بھی مجاہد کی مانند اجر ملتا ہے''۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: بسر بن سعید نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُجَهِّزَ اِنَّمَا يَاْخُذُ كَحَسَنَاتِ الْغَازِىْ مِنْ اَجْرِ غَزَاتِهِ تِلْكَ، حَتّٰى يَكُوْنَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اَجْرِ الْغَازِىْ شَىْءٌ، وَكَذٰلِكَ الْخَالِفُ فِىْ اَهْلِهِ بِخَيْرٍ

4631- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم . بكير بن الأشج: هو بكير بن عبد الله بن الأشج .وأخرجه الطيالسي 956، وأحمد 4/115 و116 و117 و5/193، والبخاري 2483 في الجهاد: باب فضل من جهز غازياً أو خلفه بخير، وسعيد بن منصور 2325، ومسلم 1895 في الإمارة: باب فضل من إعان الغازي، وابو داوٗد 2509 في الجهاد: باب ما يجزء من الغزو، والترمذي 1628 في فضائل الجهاد: ما جاء في فضل مَن جهَّز غازياً، والنسائي 6/46 في الجهاد: باب فضل من جهز غازياً، وابن الجارود 1037، والطبراني 5225 و5226 و5227 و5228 و5229 و5230 و5231 و5232 و5233 و5234، والبيهقي 9/28 و47 و172 من طرق عن بسر بن سعيد، بهذا الإسناد .

4632- رجاله ثقات رجال الصحيح غير مُوْسَى بْنِ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وهب بن زمعة، فقد روى له أصحاب السنن وهو سيء الحفظ . ابن أبي فديك: هو مُحَمَّدُ بْنُ إِسمَاعِيْل بن مسلم بن أبي فديك الدِّيلي مولاهم، وعبد الرحمٰن بن إسحاق: هو ابن عبد الله بن الحارث بن كنانة المدني . وانظر ما قبله .

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سامان فراہم کرنے والا شخص' جنگ میں حصہ لینے والے کی طرح نیکیاں حاصل کر لیتا ہے' یہاں تک کہ اسے بھی غازی کی مانند اجر ملتا ہے' اور غازی کے اجر میں کوئی کمی نہیں آتی' غازی کے گھر والوں کا خیال رکھنے والے کو بھی اس کی مانند (اجر ملتا ہے)

4633 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ يَعْنِي ابْنَ اَبِي سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي عَطَاءٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، اَوْ خَلَفَهُ فِي اَهْلِهِ كُتِبَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، غَيْرَ اَنَّهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِهِ شَيْءٌ، وَمَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كُتِبَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِهِ شَيْءٌ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے شخص کو سامان فراہم کرتا ہے یا اس کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال رکھتا ہے' تو اسے بھی مجاہد کی مانند اجر وثواب ملتا ہے البتہ مجاہد کے اجر وثواب میں کوئی کمی نہیں ہوتی اور اگر کوئی روزہ دار شخص کو افطاری کرواتا ہے' تو اسے بھی روزہ دار کی مانند اجر ملتا ہے اور روزہ دار کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوتی"۔

ذِكْرُ اَخْذِ الْغَازِي اَجْرَ الْخَالِفِ اَهْلَهُ مِنْ حَسَنَاتِهِ فِي الْقِيَامَةِ

اس بات کا تذکرہ' غازی قیامت کے دن اپنے پیچھے رہ جانے والے شخص کی نیکیوں میں سے اجر حاصل کر لے گا

4634 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ قَعْنَبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَاُمَّهَاتِهِمْ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِّنَ الْقَاعِدِيْنَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِيْنَ اِلَّا نُصِبَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ: يَا فُلَانُ، هٰذَا فُلَانٌ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَا شِئْتَ، ثُمَّ

4633- إسناده صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح . وهو مكرر 3429 .

4634- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن قدامه المصيصي فقد روى له أبو داوٗد والنسائي، وهو ثقة . بندار: لقب محمد بن بشار، وسفيان: هو الثوري، وابن بريدة: هو سليمان . وأخرجه الحميدي 907 عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه سعيد بن منصور 2331، وعنه مسلم 1897 140 في الإمارة: باب حرمة نساء المجاهدين وإثم من خانهم فيهن، وأبو داوٗد 2496 في الجهاد: باب حرمة نساء المجاهدين، والبيهقي 9/173 عن سفيان، بِهِ .وأخرجه أحمد 5/352، ومسلم 1897 عن وكيع، والنسائي 6/51 في الجهاد: باب من خان غازياً، عن عبد الله بن محمد بن عبد الرحمٰن، كلاهما عن سفيان، عن علقمة بن مرثد، عن سليمان بن بريدة، عن أبيه .

اَلْتَفَتَ اِلَى اَصْحَابِهٖ فَقَالَ: فَمَا ظَنُّكُمْ مَا اَرَى يَدَعُ مِنْ حَسَنَاتِهٖ شَيْئًا

ابن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مجاہدین کی خواتین کی حرمت پیچھے رہ جانے والوں کیلئے اسی طرح ہے جس طرح ان کی اپنی مائیں ہوتی ہیں اور پیچھے رہ جانے والوں میں سے جو بھی شخص کسی مجاہد کے ساتھ خیانت کرے گا' تو اس شخص کو مجاہد کے سامنے رکھا جائے گا اور مجاہد سے کہا جائے گا اے فلاں یہ فلاں شخص ہے تم اس کی نیکیوں میں سے جتنی چاہو حاصل کرلو''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کی طرف توجہ کی اور فرمایا: تمہارا کیا گمان ہے میرا خیال ہے وہ اس کی نیکیوں میں سے کوئی بھی نیکی باقی نہیں رہنے دے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ يَكُوْنُ لِمَنْ خَلَفَ لِاَهْلِ الْغَازِى بِشَرٍّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ فعل اس شخص کے ساتھ ہوگا'

جس نے غازی کے اہل خانہ کا برے طریقے سے خیال رکھا تھا

4635 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ، وَمَا مِنْ قَاعِدٍ يَخْلُفُ مُجَاهِدًا فِىْ اَهْلِهٖ بِسُوْءٍ اِلَّا اُقِيْمَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ لَهٗ: هٰذَا خَلَفُكَ فِىْ اَهْلِكَ بِسُوْءٍ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهٖ

سلیمان بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مجاہدین کی خواتین کی پیچھے رہ جانے والوں کیلئے حرمت اسی طرح ہے' جس طرح اس کی اپنی ماؤں کی حرمت ہوتی ہے اور پیچھے رہ جانے والا جو بھی شخص کسی مجاہد کی بیوی کے حوالے سے خیانت کرے تو اس شخص کو قیامت کے دن مجاہد کے سامنے پیش کر دیا جائے گا اور مجاہد سے کہا جائے گا اس نے تمہاری غیر موجودگی میں تمہاری بیوی کے ساتھ خیانت کی تو تم اس کی نیکیوں کو حاصل کرلو۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْغَزْوِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِىْ يَاْجُرُ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ

اللہ کی راہ میں جنگ میں حصہ لینے کی اس صفت کا تذکرہ' جسے کرنے والے کو اللہ اجر عطا کرے گا

4636 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى قَالَ:

4635– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سليمان بن بريدة فمن رجال مسلم وأخرجه النسائي 6/50 عن هارون بن عبد الله، عن حرمي بن عمارة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/355 عن ليث، ومسلم 1897 عن مسعر، كلاهما عن علقمة بن مرثد، به. وأخرجه الطبراني 1164 من طريق يزيد النحوي، عن ابن بريدة، به.

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: الرَّجُلُ يُقَاتِلُ حَمِيَّةً، وَيُقَاتِلُ شَجَاعَةً، وَيُقَاتِلُ رِيَاءً، فَاَنّٰی ذٰلِكَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟، قَالَ: مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: ایک شخص حمیت کی خاطر لڑتا ہے ایک شخص بہادری کے اظہار کے لیے لڑتا ہے ایک شخص دکھاوے کیلئے لڑتا ہے' تو اس میں سے کون سا شخص اللہ کی راہ میں شمار ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس لیے جہاد میں حصہ لیتا ہے' تاکہ اللہ تعالیٰ کا دین سربلند ہو وہ اللہ کی راہ میں شمار ہوگا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ كَتْبَةِ اللّٰهِ الْاَجْرَ لِمَنْ غَزَا فِیْ سَبِيْلِهٖ يُرِيْدُ بِهٖ شَيْئًا مِنْ عَرَضِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے اجر نوٹ نہیں کرے گا'

جس نے اس کی راہ میں جنگ میں حصہ لیا تھا' اور وہ اس کے ذریعے اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا کا ساز و سامان حاصل کرنا چاہتا تھا

4637 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰی، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ،

4636- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو وائل: هو شقيق بن سلمة الأسدى الكوفى .وأخرجه الطيالسى 487 و488، وأحمد 4/392 و397 و402 و405 و417، والبخارى 123 فى العلم: باب من سأل وهو قائم عالماً جاساً، و 2810 فى الجهاد: باب مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْيَا، و 3126 فى فرض الخمس: باب من قاتل للمغنم هل ينقص أجره، و 7458 فى التوحيد: باب قوله تعالى: (وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ)، ومسلم 1904 فى الإمارة: باب من قاتل لتكون كلمة الله هى العليا فهو فى سبيل الله، وأبو داوٗد 2517 فى الجهاد: باب من قاتل لتكون كلمة الله هى العليا، والترمذى 1646 فى فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن يقاتل رياء وللدنيا، والنسائى 6/23 فى الجهاد: باب من قاتل لتكون كلمة الله هى العليا، وابن ماجة 2783 فى الجهاد: باب النية فى القتال، والبيهقى 9/167 و168، والبغوى 2626 من طرق عن أبى وائل، بهذا الإسناد .

4637- رجاله ثقات رجال الصحيح غير مكرز، كذا وقع فى الأصل و "التقاسيم" وثقات المؤلف 5/464-465 مكرز بدون كلمة ابن، وعند غيره ممن خرجه هو ابن مكرز وترجمه البخارى فى "الكبير" 8/447 باسم ابن المكرز وكذلك ابن أبى حاتم 9/328، وهو الصواب إن شاء الله، وسماه الإمام أحمد 2/366 فى رواية يزيد بن مكرز ولم يوثقه غير المؤلف، وقال ابن المدنى: مجهول .وأخرجه أبو داوٗد 2516 فى الجهاد: باب فى من يغزو ولتمس الدنيا، والحاكم 2/85، والبيهقى 9/169 من طريق عبد الله بن المبارك، عن ابن أبى ذئب، بهذا الإسناد . . . . . .وأخرجه أحمد 2/290 و366 من طريقين عن ابن أبى ذئب، به .وله شاهد حسن من حديث أبى أمامة عند النسائى 6/25 ولفظة: جاء رجل إلى النبى صلى الله عليه وسلم، فقال: أرأيت رجلاً غزا يلتمس الأجر والذكر ما له؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لا شیء له" فأعادها ثلاث مرات يقول له رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لا شیء له"، ثم قال: "إن الله لا يقبل من العمل إلا ما كان خالصاً له، وابتغى به وجهه" .وقال الحافظ فى الفتح 6/35: إسناده جيد، وحسنه الحافظ العراقى فى تخريج الإحياء .

قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ مِکْرَزٍ رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الشَّامِ مِنْ بَنِیْ عَامِرِ بْنِ لُؤَیِّ بْنِ غَالِبٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ یُرِیْدُ الْجِهَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، وَهُوَ یَبْتَغِیْ مِنْ عَرَضِ الدُّنْیَا؟، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا اَجْرَ لَهٗ، فَاَعْظَمَ ذٰلِكَ النَّاسُ، وَقَالُوْا لِلرَّجُلِ: عُدْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّكَ لَمْ تُفْهِمْهُ، قَالَ: فَقَالَ الرَّجُلُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ یُرِیْدُ الْجِهَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، وَهُوَ یَبْتَغِیْ مِنْ عَرَضِ الدُّنْیَا؟، قَالَ: لَا اَجْرَ لَهٗ، فَاَعْظَمَ ذٰلِكَ النَّاسُ، وَقَالُوْا لِلرَّجُلِ: عُدْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ الثَّالِثَةَ: رَجُلٌ یُرِیْدُ الْجِهَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، وَهُوَ یَبْتَغِیْ مِنْ عَرَضِ الدُّنْیَا؟، قَالَ: لَا اَجْرَ لَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور اس کے ہمراہ وہ دنیاوی فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسے شخص کو اجر نہیں ملے گا لوگوں کیلئے یہ بات بڑی پریشانی کا باعث بنی لوگوں نے اس شخص سے کہا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دوبارہ یہ سوال کرو' ہوسکتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمہارے مفہوم کا اندازہ نہ ہوسکا ہو۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کا ارادہ کرتا ہے اور دنیاوی فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کوئی اجر نہیں ملے گا لوگوں کیلئے یہ بات بڑی پریشانی کا باعث بنی انہوں نے اس شخص سے کہا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر یہ سوال کرو اس شخص نے تیسری مرتبہ سوال کیا کہ ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور وہ اس کے ذریعے دنیاوی فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کوئی اجر نہیں ملے گا۔

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ الْقَاصِدَ فِیْ غَزَاتِهٖ شَیْئًا مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْیَا الْفَانِیَةِ لَهٗ مَقْصُوْدُهٗ دُوْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ عَلَیْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اپنی جنگ میں (حصہ لیتے ہوئے) اس فنا ہوجانے والی دنیا کے سازوسامان میں سے کسی بھی چیز کا قصد کرنے والے شخص کو اس کا مقصود ملتا ہے' اسے آخرت میں اس کا اجر نہیں ملے گا

4638 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِیَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

4638- حدیث حسن بشواهده، رجاله ثقات غیر یحیی بن الولید فلم یُوثّقهُ غیر المؤلّف 5/523، ولم یروِ عنه غیرُ جبلة بن عطیة، وقال ابن القطان: مجهول .

ا هذا وهم من المؤلف رحمه الله، فإن یحیی بن الولید هذا: هو حفید عبادة بن الصامت لا ابن أخیه، فقد رواه أحمد 5/315 و230 و239، والدارمی 2/208، والنسائی 6/24 فی الجهاد: باب من غزا فی سبیل الله ولم ینو من غزاته إلا عقالاً، والحاکم 2/109، والبیهقی 6/331 من طرق عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِیَّةَ، عن یحیی بن الولید عبادة بن الصامت، عن جده . . .وقد نقل الحافظ فی "تهذیب التهذیب" 11/296 قول المؤلف هذا، وتعقبه بقوله: وفیما قاله نظر .

سَلَمَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ غَزَا وَلَا يَنْوِي فِي غَزَاتِهِ اِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوَى

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا يَحْيَى بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الصَّامِتِ ابْنُ اَخِي عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص جنگ میں حصہ لے اور جنگ میں حصہ لیتے ہوئے اس کی نیت صرف ایک رسی کا حصول ہو تو اسے وہی چیز ملے گی جس کی اس نے نیت کی تھی"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کے راوی یحییٰ بن ولید بن صامت حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے بھتیجے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَفْضَلَ الْجِهَادِ مَا رُزِقَ الْمَرْءُ فِيهِ الشَّهَادَةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ سب سے افضل جہاد وہ ہے جس میں آدمی کو شہادت نصیب ہو

4639 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اَنْ يُعْقَرَ جَوَادُكَ، وَيُهْرَاقَ دَمُكَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا جہاد زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تمہارے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور تمہارا خون بہادیا جائے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُعْطِي مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ، وَاُهْرِيقَ دَمُهُ مَا يُؤْتِي عِبَادَهُ الصَّالِحِينَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جس شخص کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں اس کا خون بہادیا جائے اللہ تعالیٰ اسے وہی اجر و ثواب عطا کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو عطا کرتا ہے

4640 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَائِذٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ،

4639– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي سفيان وهو طلحة بن نافع فمن رجال مسلم–، وأخرجه له البخاري مقروناً . وأخرجه أحمد 3/300 و302، والدارمي 2/20، والطيالسي 1777، والطبراني في "الصغير" 713 من طرق عن أبي سفيان، عن جابر .وأخرجه الحميدي 1276، وأبو يعلى 2081 عن سفيان، عن أبي الزبير، عن جابر .وأخرجه أحمد 3/346 و391 من طريقين عن أبي الزبير، به . وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/290–291 .

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي بِنَا، فَقَالَ حِينَ انْتَهَى إِلَى الصَّفِّ: اللّٰهُمَّ آتِنِي أَفْضَلَ مَا تُؤْتِي عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ، قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ آنِفًا؟، فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذًا يُعْقَرُ جَوَادُكَ، وَتُسْتَشْهَدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

۞۞ عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ہمیں نماز پڑھا رہے تھے جب وہ شخص صف تک پہنچا تو اس نے یہ دعا کی۔

''اے اللہ! تو نے اپنے نیک بندوں کو جو کچھ عطا کیا ہے اس میں سب سے زیادہ فضیلت والی چیز مجھے بھی عطا کر (یعنی مجھے سب سے زیادہ فضیلت والی چیز عطا کر) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ابھی کس شخص نے کلام کیا تھا؟ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس صورت میں تمہارے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں گے اور تمہیں اللہ کی راہ میں شہید کر دیا جائے گا''۔

4640- محمد بن مسلم بن عائذ ذكره المؤلف في "الثقات"، وقال أبو حاتم: مجهول، وقال العجلي: ثقة، وأخرج حديثه ابن خزيمة والحاكم، وباقي السند رجاله رجال الصحيح . الدراوردي: هو عبد العزيز بن محمد .وأخرجه البخاري في "التاريخ الكبير" 1/222، والنسائي في "اليوم والليلة " 93، وأبو يعلى 697 و769، وابن السني 105 من طرق عن عبد العزيز الدراوردي، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 1/207 بإسقاط محمد بن مسلم بن عائذ من سنده، من طريق إبراهيم بن حمزة الزبيري، حدثنا عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن سهيل بن أبي صالح، عن عامر بن سعد بن أبي وقاص، عن أبيه سعد . . . وصححه على شرط مسلم ووافقه الذهبي .

بَابُ فَضْلِ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت

4641 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث):قَالَ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ مَالِهٖ، دَعَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ اَيْ فُلُ هَلُمَّ هٰذَا خَيْرٌ مِرَارًا، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰذَا الَّذِيْ لَا تَوٰى عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنِّيْ اَرْجُوْ اَنْ تَدْعُوْكَ الْحَجَبَةُ كُلُّهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے (کسی بھی چیز کا) جوڑا خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان اسے پکار کر کہتے ہیں: اے فلاں دھیان کرو یہ چیز زیادہ بہتر ہے وہ ایسا کئی مرتبہ کہتے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص پر تو کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے' تمہیں جنت کے تمام دربان بلائیں گے''۔

ذِكْرُ مُنَافَسَةِ خَزَنَةِ الْجِنَّانِ عَلَى الْمُنْفِقِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهٖ لِيَكُوْنَ دُخُوْلُهٗ مِنَ الْبَابِ الَّذِيْ مِنْ نَاحِيَتِهٖ

اس بات کا تذکرہ' اپنے مال میں سے اللہ کی راہ میں کسی چیز کا جوڑا خرچ کرنے والے شخص کے بارے میں جنت کے دربانوں کے درمیان مقابلہ ہوجاتا ہے' تاکہ اس شخص کا داخلہ اس دروازے سے ہو' جو اس دربان کے لیے مخصوص ہے

4642 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: قَالَ

4641– إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو، وباقي رجاله ثقات، وله طريق آخر صحيح عند البخاري 2841 و3216، ومسلم 1027 86 . وقد تقدم برقم 308 .

4642– إسناده صحيح على شرط مسلم .

سُفْيَانُ: سَمِعَهُ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، مَعِي مِنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلَ النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟، قَالَ: هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ فِي سَحَابٍ؟، قَالُوا: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ عِنْدَ الظَّهِيرَةِ لَيْسَتْ فِي سَحَابٍ؟، قَالُوا: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا تُضَارُّوْنَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ، كَمَا لَا تُضَارُّوْنَ فِي رُؤْيَتِهِمَا، فَيَلْقَى الْعَبْدَ فَيَقُوْلُ: اَيْ فُلُ اَلَمْ اُكْرِمْكَ، اَلَمْ اُسَوِّدْكَ، اَلَمْ اُزَوِّجْكَ، اَلَمْ اُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْاِبِلَ وَاَتْرُكْكَ تَرْاَسُ وَتَرْبَعُ، قَالَ: فَيَقُوْلُ بَلٰى يَا رَبِّ، قَالَ: فَظَنَنْتَ اَنَّكَ مُلَاقِيَّ، قَالَ: لَا يَا رَبِّ، قَالَ: فَالْيَوْمَ اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِيَ فَيَقُوْلُ: اَلَمْ اُكْرِمْكَ، اَلَمْ اُسَوِّدْكَ، اَلَمْ اُزَوِّجْكَ، اَلَمْ اُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْاِبِلَ وَاَتْرُكْكَ تَرْاَسُ وَتَرْبَعُ، قَالَ: فَيَقُوْلُ بَلٰى يَا رَبِّ، قَالَ: فَظَنَنْتَ اَنَّكَ مُلَاقِيَّ قَالَ: لَا يَا رَبِّ، قَالَ: فَالْيَوْمَ اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى الثَّالِثَ فَيَقُوْلُ: مَا اَنْتَ؟، فَيَقُوْلُ: اَنَا عَبْدُكَ آمَنْتُ بِكَ، وَبِنَبِيِّكَ، وَبِكِتَابِكَ، وَصُمْتُ، وَصَلَّيْتُ، وَتَصَدَّقْتُ، وَيُثْنِي بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ، قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: اَفَلَا نَبْعَثُ عَلَيْكَ شَاهِدَنَا؟، قَالَ: فَيُفَكِّرُ فِي نَفْسِهِ مَنِ الَّذِي يَشْهَدُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلٰى فِيهِ، وَيُقَالُ لِفَخِذِهِ: انْطِقِي، قَالَ: فَتَنْطِقُ فَخِذُهُ وَلَحْمُهُ وَعِظَامُهُ بِمَا كَانَ يَعْمَلُ، فَذٰلِكَ الْمُنَافِقُ، وَذٰلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهِ، وَذٰلِكَ الَّذِي سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ: ثُمَّ يُنَادِي مُنَادِي اَلَا اتَّبَعَتْ كُلُّ اُمَّةٍ مَا كَانَتْ تَعْبُدُ، قَالَ: فَيَتَّبِعُ اَوْلِيَاءُ الشَّيَاطِينِ الشَّيَاطِينَ، قَالَ: وَاتَّبَعَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى اَوْلِيَاءَ هُمْ اِلٰى جَهَنَّمَ، ثُمَّ قَالَ: ثُمَّ يَبْقَى الْمُؤْمِنُونَ، ثُمَّ نَبْقَى اَيُّهَا الْمُؤْمِنُونَ، فَيَاْتِينَا رَبُّنَا وَهُوَ رَبُّنَا، فَيَقُوْلُ: عَلٰى مَا هٰؤُلَاءِ قِيَامٌ؟، فَيَقُوْلُوْنَ: نَحْنُ عِبَادُ اللّٰهِ الْمُؤْمِنُونَ وَعَبَدْنَاهُ وَهُوَ رَبُّنَا وَهُوَ آتِينَا، وَمُثِيبُنَا، وَهٰذَا مَقَامُنَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: اَنَا رَبُّكُمْ فَامْضُوا، قَالَ: فَيُوضَعُ الْجِسْرُ وَعَلَيْهِ كَلَالِيبُ مِنْ نَارٍ تَخْطَفُ النَّاسَ، فَعِنْدَ ذٰلِكَ حَلَّتِ الشَّفَاعَةُ، اللّٰهُمَّ سَلِّمِ اللّٰهُمَّ سَلِّمْ، فَاِذَا جَاوَزَ الْجِسْرَ، فَكُلُّ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجًا مِنَ الْمَالِ مِمَّا يَمْلِكُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَكُلُّ خَزَنَةِ الْجَنَّةِ تَدْعُوهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ، يَا مُسْلِمُ، هٰذَا خَيْرٌ، فَيُقَالُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، يَا مُسْلِمُ، هٰذَا خَيْرٌ، قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ ذٰلِكَ لِعَبْدٍ لَا تَوٰى عَلَيْهِ يَدَعُ بَابًا وَيَلِجُ مِنْ آخَرَ، قَالَ: فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ وَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ، قَالَ عَبْدُ الْجَبَّارِ: اَمْلَاهُ عَلَيَّ سُفْيَانُ اِمْلَاءً

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں چودھویں رات میں جس میں بادل نہ ہو کیا تمہیں چاند کو دیکھنے میں کچھ مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں دوپہر کے وقت جب کوئی بادل نہ ہو سورج کو دیکھنے میں کوئی مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تمہیں اپنے پروردگار کا

دیدار کرنے میں اسی طرح کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی' جس طرح تمہیں ان دونوں کو دیکھنے میں مشکل پیش نہیں آتی ہے۔ بندے کو (پروردگار کی بارگاہ میں) پیش کیا جائے گا' تو پروردگار فرمائے گا: اے فلاں کیا میں نے تمہیں عزت عطا نہیں کی تھی کیا میں نے تمہیں سردار نہیں بنایا تھا کیا میں نے تمہاری شادی نہیں کروائی تھی میں نے تمہارے لیے گھوڑوں اور اونٹوں کو مسخر نہیں کیا تھا کیا میں نے تمہیں ہر طرح کی نعمتیں عطا نہیں کی تھیں۔ بندہ عرض کرے گا جی ہاں میرے پروردگار (ایسا ہی ہوا تھا) پروردگار فرمائے گا تمہیں اس بات کا یقین تھا کہ تم میری بارگاہ میں حاضر ہو گے وہ جواب دے گا جی نہیں اے میرے پروردگار! تو پروردگار فرمائے گا آج میں تمہیں اسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تم مجھے بھول گئے تھے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر دوسرے شخص کو پیش کیا جائے گا پروردگار فرمائے گا کیا میں نے تمہیں عزت نہیں دی تھی کیا میں نے تمہیں سردار نہیں بنایا تھا کیا میں نے تمہاری شادی نہیں کروائی تھی کیا میں نے تمہارے لیے گھوڑوں اور اونٹوں کو مسخر نہیں کیا تھا کیا میں نے تمہیں کشادگی اور فراخی عطا نہیں کی تھی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ بندہ جواب دے گا: جی ہاں۔ اے میرے پروردگار! پروردگار دریافت کرے گا: کیا تمہیں اس بات کا یقین تھا کہ تم میری بارگاہ میں حاضر ہو گے۔ بندہ جواب دے گا: جی نہیں۔ اے میرے پروردگار! تو پروردگار فرمائے گا میں تمہیں اسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تم مجھے بھول گئے تھے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر تیسرے شخص کو پیش کیا جائے گا' تو پروردگار دریافت کرے گا تم کون ہو وہ جواب دے گا میں تیرا بندہ ہوں میں تجھ پر ایمان لایا تیرے نبی پر تیری کتابوں پر ایمان لایا میں نے روزے رکھے' میں نے نماز پڑھی' میں نے صدقہ کیا وہ جہاں تک ہو سکے گا بھلائی کا تذکرہ کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں اس شخص سے کہا جائے گا کیا ہم نے تم پر گواہ کو نہیں بھیجا تھا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ شخص ذہن میں سوچے گا کہ اس کے خلاف کون گواہی دے سکتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اس کے زانوں سے کہا جائے گا تم کلام کرو تو اس کا زانو اس کا گوشت اس کی ہڈیاں کلام کریں گے اس چیز کے بارے میں جو وہ عمل کرتا رہا تھا یہ منافق شخص ہو گا اس کی وجہ یہ ہو گی تا کہ وہ شخص اپنی طرف سے کوئی عذر نہ پیش کر سکے اور تا کہ اللہ تعالیٰ اس پر ناراضگی کا اظہار کر سکے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر ایک اعلان کرنے والا یہ اعلان کرے گا ہر گروہ اس کے پیچھے چلا جائے جس کی وہ عبادت کیا کرتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو شیاطین کے ماننے والے شیاطین کے پیچھے چلے جائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں یہودی اور عیسائی اپنے بڑوں کے ہمراہ جہنم کی طرف چلے جائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر مومن باقی رہ جائیں گے۔ اے اہل ایمان! پھر ہم باقی رہ جائیں گے ہمارا پروردگار ہمارے پاس تشریف لائے گا وہ ہمارا پروردگار ہی ہو گا وہ فرمائے گا تم کس کے لیے کھڑے ہوئے ہو' تو وہ بندے عرض کریں گے ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والے بندے ہیں ہم اس کی عبادت کرتے ہیں وہ ہمارا پروردگار ہے وہ ہمارے پاس آئے گا اور ہمیں ثواب عطا کرے گا ہم تو اسی جگہ کھڑے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو پروردگار کہے گا میں تمہارا پروردگار ہوں تم لوگ روانہ ہو جاؤ۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر پل صراط کو رکھا جائے گا' جس پر آگ کے بنے ہوئے آنکڑے ہوں گے جو لوگوں کو اچک لیں گے اس مقام پر شفاعت کی اجازت دی جائے گی (اور میں یہ

دعا کروں گا)

''اے اللہ! سلامت رکھنا اے اللہ! سلامت رکھنا''۔

جب آدمی اس پل کو پار کر لے گا' تو ہر وہ شخص جس نے اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا اللہ کی راہ میں دیا ہوگا' تو جنت کے دربان اسے بلائیں گے اے اللہ کے بندے اے مسلمان یہ بھلائی ہے' تو اسے کہا جائے گا اے اللہ کے بندے اے مسلمان یہ بھلائی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کو کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ اگر وہ کوئی ایک دروازے کو چھوڑ دے اور دوسرے دروازے سے داخل ہو جائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کندھے پر ہاتھ مارا اور ارشاد فرمایا:

''اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے مجھے یہ امید ہے' تم بھی ان لوگوں میں سے ایک ہو گے''۔

عبدالجبار نامی راوی بیان کرتے ہیں: سفیان نامی راوی نے یہ روایت مجھے املا کروائی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا اَنَّ اسْمَ الزَّوْجِ تُوقِعُ الْعَرَبُ فِيْ لُغَتِهَا عَلَى الْوَاحِدِ اِذَا قُرِنَ بِجِنْسِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے' عربوں کے محاورے میں لفظ ''زوج'' کا اطلاق اس ایک چیز پر ہوتا ہے' جس کے جیسی دوسری چیز اس کے ساتھ موجود ہو

4643 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يُحَدِّثُ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَمِّ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْتُ الرَّبَذَةَ فَلَقِيتُ اَبَا ذَرٍّ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، مَا مَالُكَ؟، قَالَ: مَالِيْ عَمَلِي، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا تُحَدِّثُنِيْ حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: بَلٰى، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوْتُ لَهُمَا ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ اِيَّاهُمْ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ رَجُلٍ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، قُلْتُ: وَمَا زَوْجَانِ مِنْ مَالِهِ؟، قَالَ: عَبْدَانِ مِنْ رَقِيقِهِ، فَرَسَانِ مِنْ خَيْلِهِ بَعِيْرَانِ مِنْ اِبِلِهِ

صعصعہ بن معاویہ جو احنف بن قیس کے چچا ہیں وہ بیان کرتے ہیں: میں ربذہ آیا وہاں میری ملاقات حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے دریافت کیا: اے ابوذر! آپ کا مال کیا ہے انہوں نے جواب دیا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا:

4643- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صعصعة بن معاوية، فقد روى له البخاري في "الأدب المفرد" والنسائي وابن ماجة، وله صحبة، وقيل: إنه مخضرم، مات في ولاية الحجاج على العراق . وقد تقدم برقم 2940 وله شواهد .

اے ابوذر مجھے کوئی ایسی حدیث بیان نہیں کریں گے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جن بھی دو مسلمانوں (یعنی مسلمان میاں بیوی) کے تین بچے فوت ہو جائیں جو ابھی بالغ نہ ہوئے ہوں اللہ تعالیٰ ان بچوں پر اپنے فضل کی وجہ سے ان دونوں (میاں بیوی) کو جنت میں داخل کر دے گا''۔

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بھی ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو بھی شخص اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا اللہ کی بارگاہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا: مال میں سے کسی چیز کے جوڑے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ کہ اپنے غلاموں میں سے دو غلام آزاد کر دے یا اپنے گھوڑوں میں سے دو گھوڑے دیدے یا اپنے اونٹوں میں سے دو اونٹ دیدے۔

ذِكْرُ ابْتِدَارِ خَزَنَةِ الْجِنَّانِ فِي الْقِيَامَةِ عِنْدَ نِدَاءِ مَنْ اَنْفَقَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهٖ

جنت کے دربانوں کا قیامت کے دن اس پکار کے وقت لپکنے کا تذکرہ

''جس شخص نے اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا خرچ کیا ہو''

4644 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ: قَالَ صَعْصَعَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَمُّ الْاَحْنَفِ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَا مَالُكَ؟، قَالَ: مَالِيْ عَمَلِي، فَقُلْتُ: حَدِّثْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا سَمِعْتَهُ مِنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ابْتَدَرَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ، قَالَ: قُلْتُ: وَمَا زَوْجَانِ؟ قَالَ: فَرَسَانِ مِنْ خَيْلِهٖ بَعِيْرَانِ مِنْ اِبِلِهٖ، عَبْدَانِ مِنْ رَقِيْقِهٖ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْعَرَبُ فِيْ لُغَتِهَا تُسَمِّي الْفَرْدَيْنِ الْمُتَلَازِمَيْنِ زَوْجَيْنِ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ) (الذاریات: 49)

صعصعہ بن معاویہ جو حضرت احنف بن قیس رضی اللہ عنہ کے چچا ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: میں ''ربذہ'' میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے کہا: اے حضرت ابوذر آپ کا مال کیا ہے انہوں نے جواب دیا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا: آپ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کیجئے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

4644- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

''جو شخص اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا: جوڑے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ کہ اپنے گھوڑوں میں سے دو گھوڑے دیدے یا اپنے اونٹوں میں سے دو اونٹ دیدے یا اپنے غلاموں میں سے دو غلام دیدے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عرب اپنے محاورے میں ایک ہی جیسی دو چیزوں کیلئے لفظ جوڑا استعمال کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بھی ارشاد فرمایا ہے:

''اور ہم نے ہر چیز میں سے جوڑے پیدا کیے ہیں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْتَدَرَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ اَرَادَ بِهٖ حَجَبَةَ الْجَنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جنت کے خزانچی اس کی طرف لپکتے ہیں'' اس کے ذریعے آپ کی مراد جنت کے دربان ہیں

4645 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ صَعْصَعَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): لَقِيْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ وَقَدْ اَوْرَدَ رَوَاحِلَ لَهُ، فَسَقَاهَا، ثُمَّ اَصْدَرَهَا وَقَدْ عَلَّقَ قِرْبَةً فِيْ عُنُقِ رَاحِلَةٍ لَهُ مِنْهَا، لِيَشْرَبَ مِنْهَا، وَيَسْقِي اَصْحَابَهُ، وَذٰلِكَ خُلُقٌ مِّنْ اَخْلَاقِ الْعَرَبِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ: مَا مَالُكَ؟ قَالَ: مَالِيْ عَمَلِيْ، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهٖ ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَا هٰذَانِ الزَّوْجَانِ؟، فَقَالَ: اِنْ كَانَ رِجَالًا فَرَجُلَانِ، وَاِنْ كَانَتْ خَيْلًا فَفَرَسَانِ، وَاِنْ كَانَتْ اِبِلًا فَبَعِيْرَانِ، حَتّٰى عَدَّ اَصْنَافَ الْمَالِ كُلَّهُ قُلْتُ: اِيْهٍ يَا اَبَا ذَرٍّ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوْتُ لَهُمَا ثَلَاثَةُ اَوْلَادٍ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ

❁❁ صعصعہ بن معاویہ بیان کرتے ہیں: ''ربذہ'' کے مقام پر میری ملاقات حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی وہ اپنے اونٹوں کو (پانی کے پاس) لائے ہوئے تھے اور انہیں پانی پلا رہے تھے پھر وہ اپنی سواری کی طرف بڑھے انہوں نے اپنی سواری کی گردن میں مشکیزہ لٹکایا ہوا تھا تاکہ اس سے پانی پی لیا کریں انہوں نے پہلے اپنے ساتھیوں کو پانی پلایا۔ یہ بات عربوں کی روایات میں شامل تھی میں نے کہا: اے ابوذر آپ کا مال کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا: اے ابوذر آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

4645- إسناده صحيح، وانظر ما قبله .

''جو شخص اپنے مال میں سے جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں''۔

میں نے دریافت کیا: اے ابوذر جوڑے سے مراد کیا ہے انہوں نے فرمایا: اگر غلام ہو' تو دو غلام اگر گھوڑے ہوں' تو دو گھوڑے اگر اونٹ ہوں' تو دو اونٹ (اللہ کی راہ میں خرچ کیے جائیں)' یہاں تک کہ انہوں نے مال کی تمام اصناف گنوا دیں۔ میں نے کہا: اے ابوذر! مزید (کوئی حدیث بیان کیجئے) تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جن بھی دو مسلمانوں (یعنی مسلمان میاں بیوی) کے تین بچے فوت ہو جائیں' تو اللہ تعالیٰ ان (بچوں) پر اپنی رحمت کے فضل کی وجہ سے ان دونوں (میاں بیوی) کو جنت میں داخل کر دے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَفَقَةَ الْمَرْءِ عَلٰى دَابَّتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ اَفْضَلِ النَّفَقَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اللہ کی راہ میں اپنی سواری اور اپنے ساتھیوں پر خرچ کرنا سب سے افضل خرچ ہے

4646 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَفْضَلُ دِيْنَارٍ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰى عِيَالِهٖ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰى اَصْحَابِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

✿✿ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے زیادہ فضیلت والا دینار وہ دینار ہے' جسے آدمی اپنی بیوی بچوں پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار ہے' جسے آدمی اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار ہے' جسے آدمی اللہ کی راہ میں اپنے ساتھیوں پر خرچ کرتا ہے''۔

ذِكْرُ تَضْعِيْفِ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِهٖ مِنَ الطَّاعَاتِ

اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے اجر کا دوسری نیکیوں سے کئی گنا زیادہ ہونے کا تذکرہ

4647 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَمِيْلَةَ يَعْنِيْ اَبَاهُ، عَنْ يُسَيْرِ بْنِ عَمِيْلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَ لَهٗ سَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ

4646- إسناده صحيح، عمران بن موسى القزاز روى له أصحاب السنن وهو ثقة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي أسماء الرحبي، فمن رجال مسلم، وقد تقدم برقم 4242 .

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ کی راہ میں کچھ خرچ کرتا ہے' تو اس کیلئے اس کا ثواب سات سو گنا تک نوٹ کیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بِتَفَضُّلِهٖ قَدْ يُضَعِّفُ الْمُنْفِقَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثَوَابَهٗ عَلٰى هٰذَا الْعَدَدِ الْمَذْكُوْرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' بعض اوقات اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اس مذکورہ عدد سے زیادہ اجر و ثواب عطا کرے گا

4648 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ الْفَرْغَانِيُّ اَبُو الْعَبَّاسِ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الدُّوْرِيُّ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ عِيْسَى بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): لَـمَّا نَزَلَتْ: (مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِىْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ)، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَبِّ زِدْ اُمَّتِيْ، فَنَزَلَتْ: (مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً) (البقرة: 245)، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَبِّ زِدْ اُمَّتِيْ، فَنَزَلَتْ: (اِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ) (الزمر: 10)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

4647- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يُسر بن عميله، فقد روى له الترمذى والنسائى، وهو ثقة، وخُريم بن فاتك صحابيه روى له الأربعة .وأخرجه أحمد 4/345، والترمذى 1625 فى فضائل الجهاد: باب ما جاء فى فضل النفقة فى سبيل الله، والطبرانى 4155، والحاكم 2/87 من طريقين عن زائدة، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى، وقال الترمذى: هذا حديث حسن .وأخرجه مطولاً أحمد 4/322 من طريق المسعودى، عن الركين بن الربيع، عن رجل، عن خريم بن فاتك .وأخرجه أيضاً 4/345 من طريق شيبان بن عبد الرحمٰن، عن الركين بن الربيع، عن عمه فلان بن عميلة، عن خريم بن فاتك .وهو عنده أيضاً 4/346 من طريق المسعودى، عن الركين بن الربيع، عن أبيه، عن خريم بن فاتك .وأخرجه الطبرانى 4151 من طريق مسلمة بن إسحاق، والحاكم 2/87 عن الركين بن الربيع، حدثنى عمى، عن أبى يحيى خريم بن فاتك .وأخرجه أيضاً 4152 من طريق عمرو بن قيس الملائى، عن الركين بن الربيع، عن الربيع بن عميلة، عن خريم بن فاتك .وأخرجه أيضاً 4153 من طريق شيبان، و4154 من طريق سفيان، والحاكم 2/87 من طريق زائدة، ثلاثتهم عن الركين بن الربيع، عن أبيه، عن عمه يُسير بن عميلة، عن خريم بن فاتك .

4648- حفص بن عمر بن عبد العزيز لا بأس به، وأبو إسماعيل المؤدب وهو إبراهيم بن سليمان بن رزين- صدوق يغرب، وعيسى بن المسيب ذكره المؤلف فى "الثقات" 7/232، وقال: من أهل مكة .وأخرجه ابن أبى حاتم فيما ذكره ابن كثير 1/442 عن أبى زرعة، عن إسماعيل بن إبراهيم بن بسام، عن أبى إسماعيل المؤدب، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن مردويه فيما قاله ابن كثير أيضاً 1/469 عن عبد الله بن عبيد الله بن العسكرى البزار، عن الحسن بن على بن شعيب، عن محمود بن خالد الدمشقى، عن أبيه، عن عيسى بن المسيب، بِهِ .وأورده السيوطى فى "الدر المنثور" 1/747، وزاد نسبته إلى ابن المنذر والبيهقى فى "شعب الإيمان" .

''وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے اموال کو خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایک ایسے دانے کی طرح ہے' جو سات بالیاں اگاتا ہے جن میں سے ہر ایک بالی میں ایک سو دانے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ جس کیلئے چاہے اجر کو دوگنا کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ وسعت والا اور علم والا ہے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا کی: اے میرے پروردگار! میری امت کو مزید عطا کر تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''جو شخص اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ دیتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اسے اس کے لیے کئی گنا زیادہ کر دیتا ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے میرے پروردگار! میری امت کو مزید عطا کر تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر کسی حساب کے بغیر پورا دیا جائے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَا اَنْفَقَ الْمَرْءُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنَ الْاَشْيَاءِ اُعْطِي فِي الْجَنَّةِ مِثْلَهَا بِعَدَدِهَا، وَاَعْيَانُهَا عَلَى التَّضْعِيفِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی اللہ کی راہ میں جو بھی چیزیں خرچ کرتا ہے اسے جنت میں اس کی مانند اتنی ہی تعداد میں ویسی ہی چیزیں کئی گنا عطا کی جائیں گی

4649 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَخْطُوْمَةٍ، فَقَالَ: هٰذِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا مَخْطُوْمَةٌ

❀❀ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نکیل والی اونٹنی لے کر آیا اس نے عرض کی: یہ اللہ کی راہ میں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں قیامت کے دن اس کے بدلے میں سات سو اونٹنیاں ملیں گی جو نکیل والی ہوں گی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ الْاَعْمَشُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے'

4649- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وأبو عمرو الشيباني: هو سعد بن إياس . وأخرجه مسلم 1892 في الإمارة: باب فضل الصدقة في سبيل الله وتضعيفها، ومن طريقه أخرجه البغوي 2625 عن إسحاق بن إبراهيم الحنظلي، عن جرير، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم 2/90 على شرط الشيخين، من طريق يحيى بن المغيرة السعدي، عن جرير، به، ووافقه الذهبي .

یہ روایت اعمش نے شیبانی سے نہیں سنی ہے

4650 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، بِنَسَا، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا تَصَدَّقَ بِنَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَأْتِيَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسَبْعِ مِائَةِ نَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اللہ کی راہ میں نکیل والی ایک اونٹنی صدقہ کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ قیامت کے دن سات سو نکیل والی اونٹنیاں لے کر آئے گی۔

4650- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله . وأخرجه مسلم 1892، والنسائي 6/49 في الجهاد: باب فضل الصدقة في سبيل الله عز وجل، عن بشر بن خالد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/121 عن محمد بن جعفر، و 5/274 عن وهب بن جرير، كلاهما عن شعبة، بِهِ . وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 8/116 من طرق عن فضيل بن عياض، عن سليمان الأعمش، به . وتحرف في المطبوع أبو مسعود إلى ابن مسعود، وكذلك تحرف في "صحيح الجامع" 5031 إلى ابن مسعود، وجاء على الصواب في "الجامع الكبير" ص652 .

بَابُ فَضْلِ الشَّهَادَةِ

باب: شہادت کی فضیلت

ذِكْرُ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي الَّذِينَ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے بارے میں کیا نازل کیا تھا جو بئر معونہ (کے قریب) میں شہید کر دیئے گئے تھے

4651 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الَّذِينَ قَتَلُوْا اَصْحَابَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ ثَلَاثِينَ صَبَاحًا يَدْعُوْ عَلٰى رِعْلٍ وَلِحْيَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ اَنَسٌ: اَنْزَلَ اللّٰهُ فِي الَّذِينَ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ قُرْآنًا قَرَاْنَاهُ حَتّٰى نُسِخَ بَعْدُ: اَنْ بَلِّغُوا قَوْمَنَا اَنْ لَقِينَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَرَضِينَا عَنْهُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیس دن تک ان لوگوں کے خلاف دعا ضرر کی جنہوں نے بئر معونہ کے مقام پر صحابہ کرام کو شہید کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رعل' لحیان اور عصیہ قبیلوں کے خلاف دعا کی جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تھی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے بئر معونہ کے مقام پر شہید ہونے والوں کے بارے میں قرآن کی آیات نازل کی تھیں جنہیں ہم تلاوت کرتے تھے بعد میں وہ آیات منسوخ ہو گئیں (ان میں یہ الفاظ بھی تھے)

''ہماری قوم کو یہ بات پہنچا دو کہ ہم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے ہیں' وہ ہم سے راضی ہے اور ہم اس سے راضی ہیں''۔

4651- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاری 2814 فی الجهاد: باب فضل قول الله تعالى: (وَلا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا)، و 4095 فی المغازی: باب غزوة الرجيع، ومسلم 677 فی المساجد: باب استحباب القنوت فی جميع الصلاة إذا نزلت بالمسلمين نازلة، من طريق مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاری 2801 و4091 من طريقين، عن همام، عن إسحاق بن عبد الله، به .وأخرجه البخاری 3064 و4090، والبغوی 3790 من طريقين عن سعيد، عن قتادة، عن أنس .

ذِكْرُ مَجِيءِ مَنْ كُلِمَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَنْثَعِبُ دَمُهُ لِيُعْرَفَ مِنْ ذٰلِكَ الْجَمْعِ

جس شخص کو اللہ کی راہ میں زخم لگ جائے اس کے قیامت کے دن ایسی حالت میں آنے کا تذکرہ' اس کا خون بہہ رہا ہوگا' تاکہ مجمع میں اس کی شناخت ہو جائے

4652 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يُكْلَمُ اَحَدٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِي سَبِيلِهِ، اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجُرْحُهُ يَنْثَعِبُ دَمًا، اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ مِسْكٍ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے' جس بھی شخص کو اللہ کی راہ میں زخمی کیا جائے اور اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے' کسے اس کی راہ میں زخمی کیا گیا ہے' تو وہ شخص جب قیامت کے دن آئے گا' تو اس کے زخم سے خون بہہ رہا ہوگا اس کا رنگ خون کی مانند ہوگا' لیکن اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کے مانند ہوگی''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

جو شخص اللہ کی راہ میں شہید ہو جاتا ہے اس کے لیے جنت واجب ہو جانے کا تذکرہ

4653 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ: اَرَاَيْتَ اِنْ قَاتَلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقُتِلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيْنَ اَنَا، قَالَ: فِي الْجَنَّةِ، قَالَ: فَاَلْقٰى تُمَيْرَاتٍ فِي يَدِهِ، ثُمَّ تَقَدَّمَ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ.

4652- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الزناد: عبد الله بن ذكوان، والأعرج: عبد الرحمٰن بن هرمز . وهو في "الموطأ" 2/461 في الجهاد: باب الشهداء في سبيل الله، ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2803 في الجهاد: باب من يجرح في سبيل الله عز وجل، والبيهقي 4/11 . وأخرجه أحمد 2/242، ومسلم 1876 105 في الإمارة: باب فضل الجهاد والخروج في سبيل الله، والنسائي 6/28-29 في الجهاد: باب من كُلِم في سبيل الله عز وجل، والبيهقي 9/164 من طرق عن سفيان، عن أبي الزناد، به . وأخرجه أحمد 2/231 عن محمد بن فضيل، عن عمارة، عن أبي زرعة، عن أبي هريرة . وأخرجه مسلم 1876 106، والبيهقي 9/165 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام بن منبه، عن أبي هريرة . وأخرجه الترمذي 1656 في فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن يكلم في سبيل الله، عن قتيبة، عن عبد العزيز بن محمد، عن سهيل بن أبي صالح، عن أبيه، عن أبي هريرة .

4653- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 3/308، والبخاري 4046 في المغازي: باب غزوة أحد، ومسلم 1899 في الإمارة: باب ثبوت الجنة للشهيد، والنسائي 6/33 في الجهاد: باب ثواب من قتل في سبيل الله عز وجل، والبيهقي 9/43 و99، والبغوي 3789 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الَّذِي قُتِلَ هُوَ حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں غزوہ احد کے دن عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے' اگر میں اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے قتل ہو جاؤں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! تو میرا ٹھکانہ کہاں ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس شخص نے اپنے ہاتھ میں موجود کچھ کھجوریں ایک طرف رکھیں پھر وہ آدمی آگے بڑھا اس نے جہاد میں حصہ لیا' یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) شہید ہونے والے یہ شخص حضرت حارثہ بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ اِنَّمَا تَجِبُ لِلشَّهِيدِ اِذَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ دَيْنٌ بِحُكْمِ الْاَمِيْنَيْنِ مُحَمَّدٍ وَجِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جنت اس شہید کے لیے واجب ہوتی ہے' جس کے ذمے کوئی قرض نہ ہو' یہ بات دو امین افراد کے حکم کے ذریعے ثابت ہے یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبرائیل علیہ السلام

4654 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنِّيْ خَطَايَايَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَلَمَّا اَدْبَرَ نَادَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ اَمَرَ بِهٖ فَنُوْدِيَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتَ؟، فَاَعَادَ قَوْلَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، اِلَّا الدَّيْنَ كَذٰلِكَ قَالَ لِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

4654- إسناده صحيح على شرط الشيخين . يحيى بن سعيد: هو الأنصارى . وهو فى "الموطأ" 2/461 فى الجهاد: باب الشهداء فى سبيل الله، ومن طريق مالك أخرجه النسائى 6/34 فى الجهاد: باب من قاتل فى سبيل الله تعالى وعليه دين . . . . وأخرجه مسلم 1885 فى الإمارة: باب من قُتل فى سبيل الله كفّرت خطاياه إلا الدين، والترمذى 1712 فى الجهاد: باب ما جاء فيمن يستشهد وعليه دين، والنسائى 6/34-35 من طريق قتيبة، عن الليث، عن سعيد بن أبى سعيد المقبرى، بهذا الإسناد . وقال الترمذى: حديث حسن صحيح . وأخرجه أحمد 5/303-304 عن حجاج بن محمد، عن الليث، بِهِ . وأخرجه ابن أبى شيبة 5/310، ومسلم 1885 من طريق يزيد بن هارون، عن يحيى بن سعيد، عن سعيد المقبرى، بِهِ . وأخرجه سعيد بن منصور 2553، ومسلم 1885، والنسائى 6/35 عن محمد بن قيس، عن عبد الله بن أبى قتادة، عن أبيه . وأخرجه الدارمى 2/207 من طريق عبيد الله بن عبد المجيد، عن ابن أبى ذئب، عن سعيد المقبرى، بِهِ .

عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی کیا رائے ہے اگر میں صبر کرتے ہوئے ثواب کی امید رکھتے ہوئے (دشمن کا) سامنا کرتے ہوئے پیٹھ نہ پھیرتے ہوئے اللہ کی راہ میں جہاد کے دوران قتل ہو جاتا ہوں تو کیا اللہ تعالیٰ میرے گناہوں کو معاف کر دے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جب وہ مڑ کر جانے لگا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا یا اسے بلانے کا حکم دیا اسے بلایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے کیا کہا تھا؟ اس نے اپنی بات دوہرا دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں البتہ قرض کا حکم مختلف ہے (یعنی اس کا حساب دینا ہوگا) جبرائیل نے مجھے اسی طرح بتایا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا يَجِدُ الشَّهِيدُ مِنْ اَلَمِ الْقَتْلِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا
شہید اللہ کی راہ میں قتل ہوتے وقت جو تکلیف محسوس کرتا ہے اس کی صفت کا تذکرہ

4655 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُجِيبِ، بِبَلَدِ الْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا يَجِدُ الشَّهِيدُ مَسَّ الْقَتْلِ اِلَّا كَمَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ مَسَّ الْقَرْصَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''شہید ہونے والے شخص کو شہید ہونے پر اتنی ہی تکلیف محسوس ہوتی ہے جس طرح کسی شخص کو چیونٹی کے کاٹنے پر ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّهِيدَ مِنْ اَوَّلِ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ فِي الْقِيَامَةِ
اس بات کے بیان کا تذکرہ قیامت کے دن شہید جنت میں داخل ہونے والے ابتدائی افراد میں شامل ہوگا

4656 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ

4655- إسناده حسن من أجل ابن عجلان وهو محمد- فإنه قد أخرج له البخاری تعليقاً ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقی السند ثقات رجاله رجال الصحيح .وأخرجه أحمد 2/297، والدارمی 2/205، والترمذی 1668 فی فضائل الجهاد: باب ما جاء فی فضل المرابط، وابن ماجة 2802 فی الجهاد: باب فضل الشهادة فی سبيل الله، من طرق عن صفوان بن عيسی، بهذا الإسناد، وقال الترمذی: حسن صحيح غريب .وأخرجه النسائی 6/36 فی الجهاد: باب ما يجد الشهيد من الألم، وأبو نعيم فی "الحلية" 8/264 من طريقين عن ابن عجلان، به .

4656- إسناده ضعيف، عامر العقيلی وهو ابن عقبة، ويقال: ابن عبد الله- لم يوثقه غير المؤلف، وكذا أبوه .وقد تقدم برقم 4312 .

هِشَامٍ، حَدَّثَنَا اَبِی، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ، حَدَّثَنِی عَامِرٌ الْعُقَيْلِیُّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ: الشَّهِيدُ، وَعَبْدٌ نَصَحَ سَيِّدَهُ وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ، وَضَعِيفٌ مُتَعَفِّفٌ، وَاَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَدْخُلُونَ النَّارَ: فَاَمِيرٌ مُسَلَّطٌ، وَذُو ثَرْوَةٍ مِّنْ مَالٍ لَا يُؤَدِّی حَقَّ اللّٰهِ فِيهِ، وَفَقِيرٌ فَخُورٌ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جنت میں پہلے داخل ہونے والے تین افراد میں ایک شہید ہوگا ایک وہ غلام ہوگا' جو اپنے آقا کا خیر خواہ ہو اور اپنے پروردگار کی اچھی طرح سے عبادت کرتا ہو اور ایک وہ کمزور شخص ہوگا' جو مانگنے سے بچتا ہو اور جہنم میں داخل ہونے والے پہلے تین افراد ایک وہ امیر جو مسلط ہوا ہو' ایک وہ مال دار شخص جو مال میں اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہ کرتا ہو اور ایک متکبر غریب"۔

ذِكْرُ تَكْوِينِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا نَسَمَةَ الشَّهِيدِ طَائِرًا يَعْلُقُ فِی الْجَنَّةِ اِلٰى اَنْ يَبْعَثَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ شہید کی روح کو پرندے میں داخل کر دیتا ہے' جو جنت میں لٹکا رہتا ہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے دوبارہ زندہ کرے گا

4657 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): نَسَمَةُ الْمُؤْمِنِ طَائِرٌ يَعْلُقُ فِی شَجَرِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرُدَّهَا اللّٰهُ اِلٰى جَسَدِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

❀❀ عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

4657– إسناده صحيح، يزيد بن مَوْهَب روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن كعب فمن رجال البخاری .وأخرجه مالك فی "الموطأ" 1/420 عن ابن شهاب، بهذا الإسناد .ومن طريق مالك أخرجه أحمد 3/455، والنسائی 4/108 فی الجنائز: باب أرواح المؤمنين، وابن ماجة 4271 فی الزهد: باب ذكر القبر والبلی، . والطبرانی 19/120، والبيهقی فی "البعث والنشور" 203، والآجری فی "الشريعة" ص392، وأبو نعيم فی "الحلية9/156" .وأخرجه أحمد 3/455–456 و460، والطبرانی 19/119 و121 و123 و124، والبيهقی فی "البعث والنشور" 202 من طرق عن الزهری، به .وأخرجه أحمد 6/386، والترمذی 1641 فی فضل الجهاد: باب ما جاء فی ثواب الشهداء، والطبرانی 19/125 من طريق سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن الزهری، عن ابن كعب، عن أبيه رفعه بلفظ: "إن أرواح الشهداء فی طير خضر تعلق من ثمر الجنة" . قلت: وسنده صحيح إلا أن ابن عيينة تفرد بهذا اللفظ الشهداء، والثقات من الرواة غيره رووه بلفظ المسلم أو المؤمن، على أن الحميدی 873 رواه عن سفيان عن عمرو بن دينار به بلفظ إن نسمة المومن . . . .وأخرجه ابن ماجة 1449، والطبرانی 19/122، والبيهقی فی "البعث والنشور" 205 .

''مومن کی روح جنت کے درخت پر لٹکی رہتی ہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اس کے جسم کی طرف لوٹا دے گا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

4658 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلشُّهَدَاءُ عَلٰى بَارِقِ نَهْرٍ بِبَابِ الْجَنَّةِ فِي قُبَّةٍ خَضْرَاءَ يَخْرُجُ اِلَيْهِمْ رِزْقُهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ بُكْرَةً وَعَشِيًّا

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''شہداء جنت کے دروازے پر موجود نہر کے کنارے پر ایک سبز گنبد میں ہوں گے جنت میں سے ان کا رزق صبح و شام ان کی طرف آتا رہے گا''۔

ذِكْرُ مَنَازِلِ الشُّهَدَاءِ فِي الْجِنَانِ بِثَبَاتِهِمْ لَهُ فِي الدُّنْيَا

جنت میں شہداء کے منازل' دنیا میں ان کی ثابت قدمی کے حساب سے ہونگے

4659 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ:

4658- إسناده قوى . محمد بن إسحاق روى له البخارى تعليقاً ومسلم مقروناً، وهو صدوق وقد صرح بالتحديث، وانتفت شبهة تدليسه، وباقى السند رجاله ثقات رجال الصحيح . وأخرجه أحمد 1/266، وابن أبى شيبة 5/290، وابن جرير 2323 و8209 و8210 و8211 و8212 و8213، والطبرانى 10825، . والحاكم 2/74 من طرق عن محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبى، وقد صرح ابن إسحاق بالتحديث عند ابن جرير والحاكم وأحمد . وذكره ابن كثير فى "تفسيره" 2/142 عن رواية "المسند"، وقال: تفرد به أحمد، ثم أشار إلى رواية الطبرى 2323 وقال: وهو إسناد جيد . وأورده الهيثمى فى "المجمع" 5/98 ونسبه لأحمد والطبرانى، وقال: ورجال أحمد ثقات . وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" 2/96، وزاد نسبته لعبد بن حميد وابن أبى حاتم وابن المنذر والبيهقى فى "البعث" .

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِّنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا؟، فَسَأَلَنَا يَوْمًا، ثُمَّ قَالَ: أُرِيتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِي فَأَخَذَا بِيَدِي فَصَعِدَا بِي فِي الشَّجَرَةِ، فَأَدْخَلَانِي دَارًا لَمْ أَرَ قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهَا، فَقَالَ: أَمَا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ

❁❁ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز ادا کر لیتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف رخ کر لیتے اور دریافت کرتے کیا تم میں سے کسی نے گزشتہ رات (کوئی نمایاں) خواب دیکھا ہے ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے دریافت کیا: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گزشتہ رات مجھے خواب دکھائی دیا دو آدمی میرے پاس آئے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور وہ مجھے ساتھ لے کر ایک درخت پر چڑھ گئے انہوں نے مجھے ایک گھر میں داخل کیا میں نے اس سے زیادہ خوبصورت گھر کبھی نہیں دیکھا تو انہوں نے بتایا: یہ شہداء کا ٹھکانہ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الشَّهِيدَ فِي الْقِيَامَةِ يَشْفَعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قیامت کے دن شہید اپنے اہل خانہ میں سے ستر افراد کی شفاعت کرے گا

4660 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمُعَدَّلُ، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ رَبَاحٍ الذِّمَارِيُّ، عَنْ نِمْرَانَ بْنِ عُتْبَةَ الذِّمَارِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْنَا عَلَى أُمِّ الدَّرْدَاءِ وَنَحْنُ أَيْتَامٌ صِغَارٌ، فَمَسَحَتْ رُءُوسَنَا، وَقَالَتْ: أَبْشِرُوا يَا بَنِيَّ، فَإِنِّي أَرْجُو أَنْ تَكُونُوا فِي شَفَاعَةِ أَبِيكُمْ، فَإِنِّي سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الشَّهِيدُ يَشْفَعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ

❁❁ نمران بن عتبہ ذماری بیان کرتے ہیں: ہم سیّدہ ام درداء رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم اس وقت یتیم اور کم سن تھے انہوں نے ہمارے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: اے میرے بچو تمہیں خوش خبری ہو' کیونکہ مجھے یہ امید ہے' تمہیں تمہارے والد کی شفاعت نصیب ہوگی میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

4659– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقاتٌ رجال الشيخين غيرَ الحسن بن محمد بن الصباح فمن رجال البخاري . أبو رجاء العطاردي: هو عمران بن ملحان، وقد تقدم مطولاً برقم 655 وخرج هناك .

4660– جعفر بن مسافر التِّنِّيسيُّ، قال النسائي: صالح، وقال أبو حاتم: شيخ، وذكره المؤلف في "الثقات"، ويحيى بن حسان: هو التنيسي، ثقة مأمون عالم بالحديث احتج به الشيخان، والوليد بن رباح صوابه رباح بن الوليد كما قال أبو داوُد، ذكره أبو زرعة الدمشقي في نفر ثقات، وروى له أبو داوُد، وعمه نمران بن عتبة روى عنه حريز بن عثمان أيضاً، وذكره المؤلف في "الثقات" 7/544 .وأخرجه أبو داوُد 2522 في الجهاد: باب في الشهيد يشفع، ومن طريقه البيهقي 9/164 عن أحمد بن صالح، حدثنا يحيى بن حسان، بهذا الإسناد .

''شہید اپنے گھر والوں میں سے ستر افراد کی شفاعت کرے گا''۔

ذِكْرُ تَمَنِّي الشُّهَدَاءِ الرُّجُوعَ إِلَى الدُّنْيَا مِنْ بَيْنِ الْأَمْوَاتِ لِلْقَتْلِ مَرَّةً أُخْرَى لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشُّهَدَاءِ عِنْدَ اللهِ

تمام مرحومین میں سے صرف شہداء کا اس بات کی آرزو کرنا کہ وہ واپس دنیا میں جا کر دوبارہ شہید ہوں' کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شہداء کی فضیلت کو دیکھ لیں گے

4661 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو قُرَيْشٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمْعَةَ الْاَصَمُّ الْقُهُسْتَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَسُرُّهُ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا اِلَّا الشَّهِيدُ، فَاِنَّهُ يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ لِيُقْتَلَ مَرَّةً اُخْرَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنت میں داخل ہونے والا کوئی بھی شخص اس بات کی آرزو نہیں کرے گا کہ وہ دوبارہ دنیا کی طرف جائے صرف شہید کا معاملہ مختلف ہے' کیونکہ وہ اس بات کو پسند کرے گا کہ وہ دوبارہ دنیا میں جائے اور اسے دوبارہ شہید کیا جائے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَمَنِّيَ الشَّهِيدِ الرُّجُوعَ اِلَى الدُّنْيَا بِالْعَدَدِ الَّذِي ذَكَرْتُ، وَقَدْ يَتَمَنَّى مَا هُوَ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ الْعَدَدِ الْمَذْكُورِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' شہید یہ آرزو کرے گا: وہ دوبارہ دنیا میں جائے اور یہ اتنی ہی تعداد میں ہوگا' جس کا میں نے ذکر کیا ہے اور ایسا بھی ہوسکتا ہے' بعض اوقات اس مذکورہ عدد سے زیادہ تعداد میں وہ یہ آرزو کرے

4662 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا

4661– حديث صحيح، يحيى بن السكن، ذكره المؤلف في "الثقات" 9/253 فقال: أصله من البصرة سكن بغداد، روى عنه أحمد بن حنبل وأهل العراق والجزيرة، مات بالرقة سنة 230 . وفي "الميزان": ليس بالقوي، وضعفه صالح جزرة، وباقي رجاله ثقات .

4662– إسناده صحيح على شرط الشيخين . محمد: هو ابن جعفر الهذلي الملقب بغندر .وأخرجه أحمد 3/103 و173 و276، والبخاري 2817 في الجهاد: باب تمنى المجاهد أن يرجع إلى الدنيا، ومسلم 1877 في الإمارة: باب فضل الشهادة في سبيل الله، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 2795 في الجهاد: باب الحور العين وصفتهن، ومسلم 1877 108، والترمذي 1643 في فضل الجهاد: باب ما جاء في ثواب الشهداء، والبغوي 2628 من طرق عن حميد، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/207–208، والنسائي 6/36 في الجهاد: باب ما تمنى أهل الجنة، من طريق حماد، عن ثابت، عن أنس .

شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَلَهُ مَا عَلَى الْاَرْضِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا الشَّهِيدُ، فَاِنَّهُ يَتَمَنَّى اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرَى مِنَ الْكَرَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جنت میں داخل ہونے والا کوئی بھی شخص اس بات کو پسند نہیں کرے گا کہ وہ دوبارہ دنیا کی طرف جائے اگرچہ اس کے عوض میں روئے زمین پر موجود سب کچھ اسے مل جائے البتہ شہید کا معاملہ مختلف ہے' کیونکہ وہ اس بات کی آرزو کرے گا کہ وہ دوبارہ دنیا کی طرف جائے اور اسے دس مرتبہ شہید کیا جائے اس کی وجہ یہ ہے: وہ (شہادت کی) عظمت کو دیکھ لے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَا يُفَضِّلُونَ الشُّهَدَاءَ اِلَّا بِدَرَجَةِ النُّبُوَّةِ فَقَطْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' انبیاء کو شہداء پر صرف مرتبہ نبوت کے حوالے سے فضیلت حاصل ہے

4663 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، اَنَّ اَبَا الْمُثَنَّى الْمُلَيْكِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ عُتْبَةَ بْنَ عَبْدِ السُّلَمِيِّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْقَتْلٰى ثَلَاثَةٌ: رَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَهُمْ حَتّٰى يُقْتَلَ فَذٰلِكَ الشَّهِيدُ الْمُمْتَحَنُ، فِي خَيْمَةِ اللّٰهِ، تَحْتَ عَرْشِهِ، وَلَا يَفْضُلُهُ النَّبِيُّوْنَ اِلَّا بِفَضْلِ دَرَجَةِ النُّبُوَّةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ قَرَفَ عَلٰى نَفْسِهِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْخَطَايَا، جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى، اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ، فَتِلْكَ مُمَصْمِصَةٌ مَحَتْ ذُنُوبَهُ وَخَطَايَاهُ، اِنَّ السَّيْفَ مَحَّاءٌ لِلْخَطَايَا، وَاُدْخِلَ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ، فَاِنَّ لَهَا ثَمَانِيَةَ اَبْوَابٍ، وَلِجَهَنَّمَ سَبْعَةَ اَبْوَابٍ، وَبَعْضُهَا اَفْضَلُ مِنْ بَعْضٍ، وَرَجُلٌ مُنَافِقٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، حَتّٰى اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ فَذٰلِكَ فِي النَّارِ، اِنَّ السَّيْفَ لَا يَمْحُو النِّفَاقَ

حضرت عتبہ بن عبد سلمی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

قتل ہونے والے لوگ تین طرح کے ہوتے ہیں ایک وہ شخص جو مومن ہو' جو اپنی جان اور مال کے ہمراہ اللہ کی راہ میں جہاد میں حصہ لیتا ہے' یہاں تک کہ جب وہ دشمن کا سامنا کرتا ہے' تو اس کے ساتھ لڑتا ہوا شہید ہو جاتا ہے یہ وہ شہید ہے' جسے آزمائش میں

4663- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير أبي المثنى واسمه ضمضم- فقد روى عنه اثنان، وذكره المؤلف في "الثقات" 4/389، ونسبه الأملوكي وقال: وهذا الذي يقال له المليكي . قلت: وخطأ البخاري 4/338، وابن أبي حاتم 4/468 . من قال فيه "المليكي"، وهو في "الجهاد" لابن المبارك 7 . وأخرجه الطيالسي 1267، ومن طريقه البيهقي 9/164 عن ابن المبارك بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/185-186، والدارمي 2/206، والطبراني 17/310 و 311 من طرق عن صفوان بن عمرو، به . وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/291: ورجال أحمد رجال الصحيح خلا أبي المثنى الأملوكي، وهو ثقة!

بتلا کیا گیا یہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے خیمے میں ہوگا اور انبیاء کو اس پر صرف مرتبہ نبوت کی فضیلت حاصل ہوگی۔ ایک وہ شخص ہے جو گناہوں اور خطاؤں میں بتلا ہو جاتا ہے وہ اپنی جان اور مال کے ہمراہ جہاد کرتا ہے یہاں تک کہ جب وہ دشمن کا سامنا کرتا ہے تو لڑتا ہوا شہید ہو جاتا ہے تو یہ وہ چیز ہے جس نے اس کے گناہوں اور خطاؤں کو مٹا دیا بے شک تلوار گناہوں کو مٹا دیتی ہے ایسا شخص جنت کے جس بھی دروازے سے چاہے گا اندر داخل ہو جائے گا جنت کے آٹھ دروازے ہیں جہنم کے سات دروازے ہیں ان میں سے بعض دوسروں پر فضیلت رکھتے ہیں اور ایک وہ شخص ہے جو منافق ہوگا جو جان اور مال کے ہمراہ جہاد میں حصہ لے گا یہاں تک کہ جب وہ دشمن کا سامنا کرے گا تو لڑتا ہوا مارا جائے گا یہ شخص جہنم میں جائے گا کیونکہ تلوار منافقت کو ختم نہیں کر سکتی۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ قُتِلَ فِي الْحَرْبِ نَظَّارًا وَاِنْ لَمْ يُرِدْ بِهِ الْقِتَالَ وَلَا قَاتَلَ

ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ جو جنگ کا جائزہ لینے کے لیے جائے اور مارا جائے اگرچہ اس نے جنگ میں حصہ لینے کا ارادہ نہ کیا ہو اور جنگ میں حصہ نہ لیا ہو

4664 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقَ حَارِثَةُ بْنُ عَمَّتِي نَظَّارًا يَوْمَ بَدْرٍ مَا انْطَلَقَ لِقِتَالٍ، فَاَصَابَهُ سَهْمٌ، فَقَتَلَهُ، فَجَاءَ تْ عَمَّتِي اُمُّهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِبْنِي حَارِثَةُ اِنْ يَّكُنْ فِي الْجَنَّةِ اَصْبِرْ، وَاَحْتَسِبْ، وَاِلَّا فَسَتَرٰى مَا اَصْنَعُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ حَارِثَةَ، اِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَاِنَّ حَارِثَةَ فِي الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلٰى

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری پھوپھو کے بیٹے حارثہ غزوۂ بدر کے دن صورت حال دیکھنے کیلئے گئے کہ جنگ کی کیا صورت حال ہے؟ انہیں ایک تیر لگا اور وہ مر گئے میری پھوپھی اور ان کی والدہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا بیٹا حارثہ اگر تو جنت میں ہے تو میں صبر سے کام لیتی ہوں اور ثواب کی امید رکھتی ہوں ورنہ آپ دیکھ لیں گے کہ میں کیا کرتی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ام حارثہ! جنت کے کئی درجات ہیں اور حارثہ فردوس اعلیٰ میں ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ اجْتِمَاعِ الْقَاتِلِ الْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ فِي النَّارِ عَلٰى سَبِيلِ الْخُلُودِ

جنگ میں حصہ لینے والے مسلمان اور کافر کے جہنم میں کبھی بھی اکٹھے ہونے کی نفی کا تذکرہ

4664- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سليمان بن مغيرة فمن رجال مسلم، وأخرج له البخاري مقروناً وتعليقاً، وهو ثقة . وقد تقدم تخريجه في "958" .

4665 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):لَا يَجْتَمِعُ الْكَافِرُ وَقَاتِلُهُ فِي النَّارِ اَبَدًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ٗ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کافر اور اس کا قاتل جہنم میں کبھی اکٹھے نہیں ہوں گے''۔

ذِكْرُ اجْتِمَاعِ الْقَاتِلِ الْكَافِرِ الْمُسْلِمَ فِي الْجَنَّةِ اِذَا سَدَّدَ الْكَافِرُ فَاَسْلَمَ بَعْدُ

مسلمان کو قتل کرنے والے کافر کے جنت میں (مسلمان کے ساتھ) اکٹھا ہونے کا تذکرہ ٗ جبکہ کافر کو توفیق ملے اور وہ بعد میں اسلام قبول کر لے

4666 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، وَاَبُوْ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):ضَحِكَ اللّٰهُ مِنْ رَجُلَيْنِ قَتَلَ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ وَكِلَاهُمَا فِي الْجَنَّةِ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ مِمَّا نَقُوْلُ فِي كُتُبِنَا بِاَنَّ الْعَرَبَ تُضِيفُ الْفِعْلَ اِلَى الْآمِرِ كَمَا تُضِيفُهُ اِلَى الْفَاعِلِ، وَكَذٰلِكَ تُضِيفُ الشَّيْءَ الَّذِي هُوَ مِنْ حَرَكَاتِ الْمَخْلُوْقِيْنَ اِلَى الْبَارِءِ جَلَّ وَعَلَا، كَمَا تُضِيفُ ذٰلِكَ الشَّيْءَ اِلَيْهِمْ سَوَاءً، فَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَحِكَ مِنْ رَجُلَيْنِ يُرِيْدُ ضَحَّكَ اللّٰهُ مَلَائِكَتَهُ وَعَجَّبَهُمْ مِنَ الْكَافِرِ الْقَاتِلِ الْمُسْلِمَ، ثُمَّ تَسْدِيْدَ اللّٰهِ لِلْكَافِرِ وَهِدَايَتِهِ اِيَّاهُ اِلَى الْاِسْلَامِ وَتَفَضُّلِهِ عَلَيْهِ بِالشَّهَادَةِ بَعْدَ ذٰلِكَ حَتّٰى يَدْخُلَا الْجَنَّةَ جَمِيعًا، فَيُعَجِّبُ اللّٰهُ مَلَائِكَتَهُ وَيُضَحِّكُهُمْ مِنْ مَوْجُوْدِ مَا قَضٰى وَقَدَّرَ، فَنُسِبَ

4665- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 2/368 و378 و379 و412، ومسلم 1891 في الإمارة: باب من قتل كافراً ثم سدد، وأبو داوُد 2495 في الجهاد: باب في فضل من قتل كافراً، والبيهقي 9/165، والبغوي 2621من طرق عن العلاء، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/263 و340 و353 و399، ومسلم 1891 131، والحاكم 2/72، والبيهقي 9/165 من طرق عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عن أبي هريرة، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي .

4666- حديث صحيح، مؤمّل بن إسماعيل، وإن كان سيء الحفظ، قد توبع، وباقي السند ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 2/464، ومسلم 1890 في الإمارة: باب بيان الرجلين يقتل أحدهما الآخر يدخلان الجنة، والنسائي 6/38 في الجهاد: باب اجتماع القاتل والمقتول في سبيل الله في الجنة، والآجري ص278، وابن خزيمة ص 234، وابن ماجة 191 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/318، ومسلم 1890 129، وابن خزيمة في "التوحيد" ص234-235، والآجري في "الشريعة" ص278، والبيهقي في "السنن" 9/165، وفي "الأسماء والصفات " ص468-469، والبغوي 2633 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام، عن أبي هريرة .وأخرجه الآجري ص278من طريقين عن عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، عن أبيه، به .وأخرجه أحمد 2/511، وابن خزيمة ص234 من طريقين، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أبي هريرة . وانظر الحديث الآتي .

الضَّحِكُ الَّذِي كَانَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى سَبِيْلِ الْاَمْرِ وَالْاِرَادَةِ، وَلِهٰذَا نَظَائِرُ كَثِيْرَةٌ سَنَذْكُرُهَا فِيمَا بَعْدُ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ فِي الْقِسْمِ الْخَامِسِ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ اِنْ قَضَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَشَاءَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ دو ایسے آدمیوں پر مسکرا دیتا ہے جن میں سے ایک نے دوسرے کو قتل کیا ہوتا ہے اور وہ دونوں جنت میں ہوں گے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ اس نوعیت کی روایت ہے' جس کے بارے میں ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ عرب بعض روایات کسی فعل کی نسبت حکم دینے والے کی طرف کر دیتے ہیں جس طرح وہ فعل کی نسبت کام کرنے والے شخص کی طرف کرتے ہیں اسی طرح وہ بعض اوقات کسی چیز جو مخلوق کی حرکات سے تعلق رکھتی ہو اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کر دیتے ہیں جس طرح وہ اس کی نسبت مخلوق کی طرف کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ اللہ تعالیٰ دو ایسے آدمیوں پر مسکرا دیتا ہے اس سے مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ فرشتوں کو ہنسنے کیلئے کہتا ہے اور انہیں خوش ہونے کیلئے کہتا ہے اس کافر کے بارے میں جس نے کسی مسلمان کو قتل کیا ہوتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کافر کو راہ راست پر ہدایت نصیب کرتا ہے وہ مسلمان ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اس کے بعد شہادت کا مرتبہ عطا کرتا ہے' یہاں تک کہ وہ دونوں جنت میں داخل ہو جاتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو اس بات پر حیران کرتا ہے اور انہیں اس بات پر ہنساتا ہے' جو اس چیز کی موجودگی کی وجہ سے ہوتا ہے' جو اس نے فیصلہ دیا ہے اور مقدر میں لکھا ہے' تو یہاں ہنسنا جو فرشتوں کی طرف سے ہوتا ہے اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی ہے' جو اس کے حکم دینے اور ارادہ کرنے کے حوالے سے ہے اس کی اور بھی بہت سی مثالیں ہیں' جنہیں ہم اس کتاب میں آگے چل کر سنن کی پانچویں قسم میں نقل کریں گے اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا۔

ذِكْرُ كَيْفِيَّةِ اجْتِمَاعِ الْقَاتِلِ الْكَافِرِ الْمُسْلِمَ فِي الْجَنَّةِ اِذَا سَدَّدَ

مسلمان کو قتل کرنے والے کافر کے جنت میں ایک (مسلمان کے ساتھ) اکٹھے ہونے کی کیفیت کا تذکرہ' جبکہ اس کافر کو توفیق نصیب ہوئی ہو (اور وہ بعد میں مسلمان ہو جائے)

4667 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4667– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الزناد: عبد الله بن ذكوان، والأعرج: عبد الرحمٰن بن هرمز . وهو في "الموطأ" 2/460 في الجهاد: باب الشهداء في سبيل الله . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2826 في الجهاد: باب الكافر يقتل المسلم ثم يسلم فيسدّد بعد ويقتل، والنسائي 6/38–39 في الجهاد: باب تفسير ذلك، وابن خزيمة في "التوحيد" ص234، والآجري في "الشريعة" ص277، والبيهقي في "السنن" 9/165، وفي "الأسماء والصفات" ص467–468، والبغوي 2632 . وانظر الحديث الذي قبله .

(متن حدیث): إِنَّ اللّٰهَ لَيَضْحَكُ إِلٰى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهٗ وَكِلَاهُمَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، يُقَاتِلُ هٰذَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ، ثُمَّ يَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُسْتَشْهَدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ دو ایسے آدمیوں پر مسکرا دیتا ہے جن میں سے ایک نے دوسرے کو قتل کیا ہوتا ہے اور وہ دونوں جنت میں داخل ہوں گے ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد میں حصہ لیتا ہے اور شہید ہو جاتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کو قتل کرنے والے کو توبہ کی توفیق دیتا ہے (وہ مسلمان ہو جاتا ہے اور پھر) وہ بھی اللہ کی راہ میں جہاد میں حصہ لیتے ہوئے شہید ہو جاتا ہے''۔

بَابُ الْخَيْلِ

گھوڑوں کا بیان

ذِكْرُ إِثْبَاتِ الْخَيْرِ فِي ارْتِبَاطِ الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اللہ تعالیٰ کی راہ میں (جنگ میں استعمال کرنے کے لیے) گھوڑے تیار رکھنے میں بھلائی کے اثبات کا تذکرہ

4668 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک کیلئے بھلائی رکھ دی گئی ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخَيْرَ الَّذِي هُوَ مَقْرُونٌ بِالْخَيْلِ اِنَّمَا هُوَ الثَّوَابُ فِي الْعُقْبٰى وَالْغَنِيمَةِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ بھلائی جو گھوڑوں کے ساتھ رکھی گئی ہے اس سے مراد آخرت میں ملنے والا ثواب اور دنیا میں ملنے والی غنیمت ہے

4669 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ

4668– إسناده صحيح على شرط الشيخين . القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة .وأخرجه من طرق عن نافع، عن ابن عمر: مالك في "الموطأ" 2/467 في الجهاد: باب ما جاء في الخيل، وأحمد 2/13 و28 و49 و57 و101 و102 و112، والطيالسي 1844، والبخاري 2849 في الجهاد: باب الخيل معقود في نواصيها الخير، و3624 في المناقب، ومسلم 1871 في الإمارة: باب الخيل في نواصيها الخير إلى يوم القيامة، والنسائي 6/221–222 في الجهاد: باب فتل ناصية الفرس، وابن ماجة 2787 في الجهاد: باب ارتباط الخيل في سبيل الله، وأبو يعلى 2642، والطحاوي في "مشكل الآثار" 219 و220 و221، و"شرح معاني الآثار" 3/273–274، والبيهقي 6/329، والقضاعي في "مسند الشهاب" 221، والبغوي 2644 .

اِبْرَاهِيمَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث):اَلْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْاَجْرُ وَالْغَنِيمَةُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک کیلئے بھلائی رکھ دی گئی ہے جو اجر اور غنیمت کی صورت میں ہے''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْبَرَكَةِ فِي ارْتِبَاطِ الْخَيْلِ لِلْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کیلئے گھوڑے پالنے میں برکت کے اثبات کا تذکرہ

4670 - (سندِ حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي غَيْلَانَ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ بْنِ عُبَيْدٍ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متنِ حدیث):اَلْبَرَكَةُ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گھوڑے کی پیشانی میں برکت ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ بِقَوْلِهِ هٰذَا بَعْضَ الْخَيْلِ لَا الْكُلَّ

4669- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن سعيد -وهو القرشي- فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 4/361، ومسلم 1872 في الإمارة: باب الخيل في نواصيها الخير إلى يوم القيامة، والنسائي 6/221 في الخيل: باب فتل ناصية الفرس، والطحاوي في "مشكل الآثار" 223 و224، والطبراني في "الكبير" 2409 و2410 و2411 و2412 و2413، والبيهقي 6/329، والبغوي 2646 من طرق عن يونس بن عبيد، بهذا الإسناد .وفي الباب عن عروة البارقي عند البخاري 2850 و2852 و3119 و3643، ومسلم 1873، والترمذي 1694، والنسائي 6/222، وأحمد 4/375 و376، والطحاوي 225 و226 و227، والبغوي 2645، والبيهقي 6/329، والدارمي 2/211-212، وابن ماجة 2305، والطيالسي 1056 و1245 . وسنن سعيد بن منصور 2426 و2428 و2430 و2431 . وعن أبي هريرة عند الطيالسي 319، والترمذي 1636، والنسائي 6/215، وابن ماجة 2788 .وعن أبي سعيد عند أحمد 3/39، والبزار 1686 .وعن النعمان بن بشير عند الطحاوي في "مشكل الآثار" 222 .وعن جابر عند أحمد 3/352 .وعن سلمة بن نفيل عند أحمد 4/104، والنسائي 6/214-215، والطحاوي 228، والطبراني 6358، والبزار 1689 .وعن حذيفة عند البزار 1685، وعن أنس عنده أيضاً 1687، وعن سوادة ابن الربيع عنده أيضاً 1688 .

4670- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الصحيحين غير علي بن الجعد، فإنه من رجال البخاري . أبو التياح: هو يزيد بن حميد .وأخرجه أحمد 3/114 و127 و171، وسعيد بن منصور في "سننه" 2427، والبخاري 2851 في الجهاد: باب الخيل معقود في نواصيها الخير، و 3645 في المناقب، ومسلم 1874 في الإمارة: باب الخيل في نواصيها الخير إلى يوم القيامة، والنسائي 6/221 في الخيل: باب بركة الخيل، والبيهقي 6/329، والبغوي 2643، والقضاعي 222 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان سے مراد بعض قسم کے گھوڑے ہیں، تمام گھوڑے مراد نہیں ہیں

4671 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْخَيْلُ ثَلَاثَةٌ: هِيَ لِرَجُلٍ اَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَعَلٰى رَجُلٍ وِزْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''گھوڑے تین طرح کے ہوتے ہیں ایک آدمی کیلئے اجر کا باعث ہوتے ہیں ایک آدمی کیلئے شر کا باعث ہوتے ہیں اور ایک شخص کیلئے گناہ ہوتے ہیں''۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ عَلٰى مُرْتَبِطِ الْخَيْلِ وَمُحْبِسِهَا بِكَتْبِهٖ مَا غَيَّبَتْ فِي بُطُونِهَا، وَاَرْوَاثِهَا، وَاَبْوَالِهَا حَسَنَاتٍ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر فضل کرنے کا تذکرہ جو گھوڑا تیار کرتا ہے اور اس کے ذریعے ثواب کی امید رکھتا ہے (وہ فضل یہ ہے) اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس گھوڑے کے پیٹ میں جانے والی ہر چیز اس گھوڑے کے لید کرنے اور پیشاب کرنے کو بھی نیکیوں کے طور پر نوٹ کرتا ہے

4672 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْخَيْلُ لِرَجُلٍ اَجْرٌ، وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَلِرَجُلٍ وِزْرٌ، فَاَمَّا الَّذِي هِيَ لَهٗ اَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَاَطَالَ لَهَا فِي مَرْجٍ اَوْ رَوْضَةٍ، فَمَا اَصَابَتْ فِي طِيَلِهَا ذٰلِكَ مِنَ الْمَرْجِ اَوِ الرَّوْضَةِ، كَانَتْ لَهٗ

4671– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مسلم 987 26 في الزكاة: باب إثم مانع الزكاة، والترمذي 1636 في فضائل الجهاد: باب ما جاء في فضل من ارتبط فرساً في سبيل الله، والنسائي 6/215 في أول كتاب الخيل، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بِهِ .وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .

4672– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ" 2/444 في الجهاد: باب الترغيب في الجهاد .ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2371 في الشراب والمساقاة: باب شرب الناس وسقي الدواب من الأنهار، و 2860 في الجهاد: باب الخيل لثلاثة، و 3646 في المناقب، و 4962 و 4963 في التفسير، و 7356 في الاعتصام: باب الأحكام التي تعرف بالدلائل، والنسائي 6/216–217 في الخيل، والبيهقي 10/15 .وأخرجه مسلم 987 في الزكاة: باب إثم مانع الزكاة، والبيهقي 4/119 عن سويد بن سعيد، عن حَفْصِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، بِهِ .

حَسَنَاتٌ، وَلَوْ اَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا، اَوْ شَرَفَيْنِ كَانَتْ آثَارُهَا وَاَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٌ لَهُ، وَلَوْ اَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ، وَلَمْ يُرِدْ اَنْ يَّسْقِيَهُ كَانَ لَهُ ذٰلِكَ حَسَنَاتٌ فَهِيَ لِذٰلِكَ اَجْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِيْ رِقَابِهَا وَلَا ظُهُوْرِهَا فَهِيَ لِذٰلِكَ سِتْرٌ، وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَنِوَاءً لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ، فَهِيَ عَلٰى ذٰلِكَ وِزْرٌ، وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحُمُرِ، فَقَالَ: مَا اُنْزِلَ عَلَيَّ فِيْهَا شَيْءٌ اِلَّا بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ الْجَامِعَةِ الْفَاذَّةِ:

(فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهُ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهُ) (الزلزلة: 8)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: النِّوَاءُ: الْكِبْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِيْ غَيْرِ ذَاتِ اللّٰهِ، وَالْكِبْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ مَحْمُوْدَانِ، اِذْ هُمَا الْفَرَحُ بِالطَّاعَاتِ وَتَانِكَ الْفَرَحُ بِالدُّنْيَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گھوڑا ایک آدمی کیلئے اجر ہوتا ہے ایک آدمی کیلئے ستر ہوتا ہے اور ایک آدمی کیلئے گناہ ہوتا ہے جہاں تک اس شخص کا تعلق ہے' جس کیلئے یہ اجر ہوتا ہے' تو یہ وہ شخص ہے' جو گھوڑے کو اللہ کی راہ میں باندھتا ہے وہ اسے اپنی چراگاہ یا باغ میں چرنے کیلئے چھوڑ دیتا ہے' تو اس چراگاہ یا باغ میں اس گھوڑے کی رسی جہاں تک جاتی ہے اس شخص کیلئے اس کی نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اگر وہ گھوڑا اپنی رسی تڑوا کر کسی ایک ٹیلے پر یا دو ٹیلوں پر چڑھ جائے' تو اس کے قدموں کے نشان اس کے لید کرنے کو بھی اس شخص کیلئے نیکی کے طور پر نوٹ کیا جاتا ہے' یہاں تک کہ اگر وہ گھوڑا کسی نہر کے پاس سے گزر کر اس میں سے پانی پی لے حالانکہ اس کے مالک نے اسے پانی پلانے کا ارادہ نہ کیا ہو' تو یہ بات بھی اس کے مالک کیلئے نیکیاں ملنے کا باعث بنتی ہے اور یہ چیز اس کیلئے اجر ہوتی ہے ایک وہ شخص ہے' جو گھوڑا اس لئے باندھتا ہے' تاکہ خوش حالی اختیار کرے اور لوگوں کی (مدد مانگنے سے) بچے وہ شخص اس گھوڑے کی گردن اور پشت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حق کو فراموش نہیں کرتا تو یہ وہ گھوڑا ہے' جو اس کے لیے ستر کا باعث ہوتا ہے ایک وہ شخص ہے' جو گھوڑے کو فخر اور ریاکاری کیلئے اور اہل اسلام کے مقابلے میں تکبر کا اظہار کرنے کیلئے باندھتا ہے' تو یہ اس کیلئے گناہ ہوتے ہیں''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گدھوں کے بارے میں دریافت کیا گیا:

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بارے میں مجھ پر باقاعدہ کوئی چیز نازل نہیں ہوئی بس یہ جامع آیت ہے۔

''جو شخص ذرے کے وزن جتنی اچھائی کرے گا وہ اس کا بدلہ دیکھ لے گا اور جو شخص ذرے کے وزن جتنی برائی کرے گا وہ اس کا بدلہ دیکھ لے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ نواء کا مطلب اللہ تعالیٰ کی ذات کے علاوہ تکبر کرنا اور بڑائی کا اظہار کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات (کی رضامندی میں) تکبر اور بڑائی قابل تعریف ہیں' کیونکہ یہ دونوں نیکیوں کے ساتھ خوش ہونے کے بارے میں

ہوتے ہیں اور وہ دنیا کے ساتھ خوش ہونے کے حوالے سے ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفَضْلَ الَّذِي ذَكَرْنَا قَبْلُ لِمُرْتَبِطِ الْخَيْلِ اِنَّمَا هُوَ لِمَنِ ارْتَبَطَهَا لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَطَلَبَ ثَوَابَهُ، لَا رِيَاءً، وَلَا سُمْعَةً، وَلَا قَضَاءً لِوَطَرٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ فضیلت جو ہم نے اس سے پہلے ذکر کی ہے یہ گھوڑا پالنے والے اس شخص کے لیے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے گھوڑا پالتا ہے اور وہ ثواب کا طلبگار رہتا وہ دکھاوے یا شہرت کے لیے ایسا نہیں کرتا اور نہ ہی اپنی کسی ذاتی ضرورت کی تکمیل کے لیے ایسا کرتا ہے

4673 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا طَلْحَةُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدًا الْمَقْبُرِيَّ يُحَدِّثُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اِيمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيقًا لِمَوْعُودِهٖ كَانَ شِبَعُهٗ وَرِيُّهٗ وَرَوْثُهٗ حَسَنَاتٍ فِي مِيزَانِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہوئے اس کے وعدے کی تصدیق کرتے ہوئے ثواب کی امید رکھتے ہوئے اللہ کی راہ میں گھوڑا باندھتا ہے' تو اس گھوڑے کا کھانا اس کا پینا اس کا لید کرنا قیامت کے دن اس شخص کے نامہ اعمال میں نیکیوں کے طور پر ہوں گے"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَهْلَ الْخَيْلِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ مُعَانُونَ عَلَيْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ کی راہ میں (جہاد کے دوران) گھوڑے والے افراد کی مدد کی جاتی ہے

4674 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ زِيَادٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا كَبْشَةَ صَاحِبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

4673– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير طلحة بن أبى سعيد فمن رجال البخارى .وأخرجه أحمد 2/374 عن إبراهيم، والبخارى 2853 فى الجهاد: باب من احتبس فرساً فى سبيل الله، عن على بن حفص، ومن طريقه البغوى 2648، كلاهما عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرج النسائى 6/225 فى الخيل: باب علف الخيل، والبيهقى 10/16 من طرق عن ابن وهب، عن طلحة بن أبى سعيد، به .وصححه الحاكم 2/92 ووافقه الذهبى .

(متن حدیث):اَلْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ وَاَهْلُهَا مُعَانُونَ عَلَيْهَا، وَالْمُنْفِقُ عَلَيْهَا كَالْبَاسِطِ يَدَهُ بِالصَّدَقَةِ

حضرت ابوکبشہ رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت تک بھلائی رکھ دی گئی ہے اور ان کے مالکان کی مدد کی جاتی ہے' اور گھوڑے پر خرچ کرنے والے کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے' جو صدقہ کرنے کیلئے اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّفَقَةَ لِمُرْتَبِطِ الْخَيْلِ وَمُحْبِسِهَا تَكُوْنُ كَالصَّدَقَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' گھوڑے کو پالنا' اس پر خرچ کرنا اور اسے تیار رکھنا صدقہ کرنے کے مانند ہے

4675 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَاَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):مَثَلُ الْمُنْفِقِ عَلَى الْخَيْلِ كَالْمُتَكَفِّفِ بِالصَّدَقَةِ، فَقُلْنَا لِمَعْمَرٍ: مَا الْمُتَكَفِّفُ بِالصَّدَقَةِ؟ قَالَ: الَّذِي يُعْطِي بِكَفَّيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''گھوڑے پر خرچ کرنے والے کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے' جو صدقہ کرنے کیلئے مٹھی میں (کوئی چیز رکھتا ہے)''

راوی کہتے ہیں: ہم نے معمر سے دریافت کیا: صدقے کو مٹھی میں رکھنے سے کیا مراد ہے؟ انہوں نے فرمایا: اس سے مراد یہ ہے: وہ اپنے ہاتھ کے ذریعے صدقہ دیتا ہے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ ارْتِبَاطِ الْاَدْهَمِ الْاَقْرَحِ مِنَ الْخَيْلِ اِذْ هُوَ مِنْ خَيْرِ مَا يُرْتَبَطُ مِنْهَا لِسَبِيْلِ اللّٰهِ

گھوڑوں میں سے ''ادہم اقرح'' قسم کے گھوڑے کو پالنا مستحب ہے کیونکہ اللہ کی راہ میں (جہاد میں حصہ لینے کے لیے) پالے جانے والے یہ سب سے بہترین گھوڑے ہیں

4674- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير نعيم بن زياد فقد روى له النسائي، وهو ثقة .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 22/849 عن يحيى بن عثمان بن صالح، عن أصبغ بن الفرج، عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم 2/91 ووافقه الذهبي .وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/259 عن الطبراني، وقال: ورجاله ثقات .

4675- حديث صحيح، ومن فوق ابن أبي السري ثقات من رجال الشيخين، وأورده السيوطي في "الجامع الكبير" ولم ينسه لغير ابن حبان .وفي الباب عن ابن الحنظلية سهل بن الربيع عند أبي داوٗد 4089، وأحمد 4/179-180، والحاكم 2/91-92 .

4676 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوبَ يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، اَوْ اَبِي قَتَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الْخَيْلِ الْاَدْهَمُ الْاَقْرَحُ الْاَرْثَمُ الْمُحَجَّلُ ثَلَاثًا طَلْقُ الْيَدِ الْيُمْنٰى، قَالَ يَزِيدُ: فَاِنْ لَمْ يَكُنْ اَدْهَمَ فَكُمَيْتٌ عَلٰى هٰذِهِ الشِّيَةِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلشَّكُّ فِي هٰذَا الْخَبَرِ مِنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، وَالْخَبَرُ مَشْهُورٌ لِعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ مِنْ حَدِيثِ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ.

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ (راوی کو شک ہے شاید) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے بہترین گھوڑا سیاہ رنگ والا ہوتا ہے' جس کی پیشانی اور ناک پر سفید رنگ کا داغ ہو اور اس کی ٹانگوں پر بھی سفید رنگ کا داغ ہو' جو دائیں پاؤں کو کھلا رکھتا ہو''۔

یزید نامی راوی کہتے ہیں: اگر اس قسم کا گھوڑا نہ ہو' تو پھر ان خصوصیات کا حامل ''کمیت'' گھوڑا بہتر ہوتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں شک یزید بن ابوحبیب نامی راوی کو ہے یہ روایت حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کے طور پر مشہور ہے' جسے موسیٰ بن علی نے اپنے والد کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ ارْتِبَاطِ غَيْرِ الشِّكَالِ مِنَ الْخَيْلِ

گھوڑوں میں سے ''اشکال'' کے علاوہ کو پالنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

4677 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ،

4676- إسناده حسن على شرط مسلم .وأخرجه الترمذي 1697 في الجهاد: باب ما جاء ما يستحب من الخيل، وابن ماجة 2789 في الجهاد: باب ارتباط الخيل في سبيل الله، والبيهقي 6/330 من طريق وهب بن جرير، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم 2/92 من طريق وهب بن جرير، به، ووافقه الذهبي، وقال الترمذي: حسن صحيح .وأخرجه أحمد 5/300، والدارمي 2/212، والترمذي 1696 من طريق ابن لهيعة، عن يزيد بن أبي حبيب، به .وأخرجه الطيالسي 604 عن عبد الله بن المبارك، عن عبد الله بن عقبة الحضرمي، عن عُلي بن رباح، به .

4677- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سلم بن عبد الرحمن النخعي، فمن رجال البخاري .وأخرجه أحمد 2/250 و436 و476، ومسلم 1875 في الإمارة: باب ما يكره من صفات الخيل، وأبو داوٗد 2547 في الجهاد: باب ما يكره من الخيل، والترمذي 1698 في الجهاد: باب ما جاء ما يكره من الخيل، والنسائي 6/219 في الخيل: باب الشكال في الخيل، وابن ماجة 2790 في . الجهاد: باب ارتباط الخيل في سبيل الله، والبيهقي 6/330 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 2/457 و461، ومسلم 1875، والنسائي 6/219 من طرق عن شعبة، عن عبد الله بن يزيد النخعي، عن أبي زرعة، عن أبي هريرة .

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلْمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ مِنَ الْخَيْلِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الشِّكَالُ مِنَ الْخَيْلِ الَّذِی كَرِهَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ اَنْ تَكُوْنَ الدَّابَّةُ اِحْدٰى قَوَائِمِهَا بَيْضَاءَ وَالْبَاقِی عَلٰى هَيْئَتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑوں میں ''شکال'' کو ناپسند کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ''شکال'' گھوڑے جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپسند کیا ہے وہ یہ ہے: اس کا ایک پاؤں سفید ہو اور باقی اپنی اصل شکل پر (گہرے رنگ کے ہوں)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّخَاذِ الْمَرْءِ الْخَيْلَ مَا كَانَ مِنْهَا ذُو شِكَالٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کوئی ایسا گھوڑا اختیار کرے جو ''شکال'' والا ہو

4678 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، وَالْمُلَائِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلْمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ فِی الْخَيْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے میں شکال کو ناپسند کیا ہے۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمُطْرِقَ فَرَسَهٗ اِذَا عَقِبَ لَهٗ اَجْرُ سَبْعِيْنَ فَرَسًا، لَوْ حُمِلَ عَلَيْهَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو ستر گھوڑوں کا اجر و ثواب عطا کرنے کا تذکرہ جو اپنے گھوڑے کو جفتی کے لیے دیتا ہے' اگرچہ اس پر اللہ کی راہ میں سواری کی جائے

4679 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِیُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِیْ عَامِرٍ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ اَتَاهُ فَقَالَ: اَطْرِقْنِیْ فَرَسَكَ، فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ

4678– إسناده صحيح على شرط البخاري، وهو مكرر ما قبله .

4679– إسناده صحيح . محمد بن حرب: هو الخولاني الأبرش، والزبيدي: هو محمد بن الوليد، وأبو عامر الهوزني: هو عبد الله بن لحي . وأخرجه أحمد 4/231، والطبراني 22/853 من طريقين عن محمد بن حرب، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/266 عن أحمد والطبراني، وقال: ورجالهما ثقات . أطرق فلاناً فحله: أعاره ليضرب في إبله .

اَطْرَقَ فَرَسًا فَعَقَبَ لَهُ الْفَرَسُ كَانَ لَهُ كَاَجْرِ بِسَبْعِينَ فَرَسًا حُمِلَ عَلَيْهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنْ لَمْ تُعْقِبْ كَانَ لَهُ كَاَجْرِ فَرَسٍ حُمِلَ عَلَيْهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

❀❀ ابوعامر ہوزنی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوکبشہ انماری رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے اور بولے: تم اپنا گھوڑا مجھے جفتی کے لیے دو کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص گھوڑا جفتی کے لیے دیتا ہے اور اس کے نتیجے میں گھوڑا پیدا ہوتا ہے تو اس شخص کو ایسے ستر گھوڑوں کا اجر وثواب ملتا ہے جن پر (زین وغیرہ) لا کر اللہ کی راہ میں دیا گیا ہو اور اگر اس کے نتیجے میں گھوڑا پیدا نہیں ہوتا تو اسے ایک گھوڑے کو سامان وغیرہ لا دکر اللہ کی راہ میں دینے کا اجر ملتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسَمَّى الْفَرَسُ مِنَ الْخَيْلِ

اس بات کا تذکرہ گھوڑوں میں سے کس کے لیے لفظ ''فرس'' استعمال کیا جاتا ہے

4680 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّى الْاُنْثَى مِنَ الْخَيْلِ الْفَرَسَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑیوں کے لیے لفظ ''فرس'' استعمال کیا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُدْعَى لِلْخُيُولِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ اللہ کی راہ میں گھوڑوں کے لیے کیا دعا کی جائے؟

4681 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ، فَجَهَدَ الظَّهْرُ جَهْدًا شَدِيدًا، فَشَكَوْا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بِظَهْرِهِمْ مِنَ الْجَهْدِ، فَتَحَيَّنَ بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضِيقًا سَارَ النَّاسُ فِيهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: مُرُّوا بِسْمِ اللّٰهِ، فَجَعَلَ يَنْفُخُ بِظَهْرِهِمْ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ احْمِلْ

4680– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن عثمان فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة . أبو حيان التيمي: هو يحيى بن سعيد بن حيان، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير بن عبد الله البجلي الكوفي .وأخرجه أبو داوُد 2546 في الجهاد: باب هل تسمى الأنثى من الخيل فرساً، والحاكم 2/144، والبيهقي 6/330 عن موسى بن مروان الرقي، عن مروان بن معاوية بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي، مع أن موسى بن مروان لم يخرج له أحدهما .

4681– رجاله ثقات، إلا أن فيه عنعنة الوليد، لكنه توبع، فقد أخرجه أحمد 6/20 عن عصام بن خالد الحضرمي، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عبيد، بهذا الإسناد . وهذا سند صحيح .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 18/821 من طريق يحيى بن عبد الله البابلتي، عن صفوان بن عمرو، بِهِ .وأخرجه بنحوه الطبراني 18/771، والبزار 1840 من طريق يحيى بن عبد الله البابلتي، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بن جبير، عن فضالة بن عبيد .

عَلَيْهَا فِي سَبِيلِكَ، فَإِنَّكَ تَحْمِلُ عَلَى الْقَوِيِّ وَالضَّعِيفِ وَالرَّطْبِ وَالْيَابِسِ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ، قَالَ فَضَالَةُ: فَلَمَّا بَلَغْنَا الْمَدِينَةَ، جَعَلَتْ تُنَازِعُنَا أَزِمَّتَهَا، فَقُلْتُ: هٰذِهِ دَعْوَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَوِيِّ وَالضَّعِيفِ، فَمَا بَالُ الرَّطْبِ وَالْيَابِسِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الشَّامَ غَزَوْنَا غَزْوَةَ قُبْرُسَ، وَرَأَيْتُ السُّفُنَ وَمَا تَدْخُلُ، عَرَفْتُ دَعْوَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ *

❀❀ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ تبوک میں شرکت کی تو سواریاں انتہائی لاغر ہوگئیں لوگوں نے اس بات کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی کہ ان کی سواریاں لاغر ہوگئی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک تنگ راستے سے گزرنے کا حکم دیا' لوگ وہاں سے گزرے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرما رہے تھے: اللہ کا نام لیتے ہوئے گزر جاؤ۔ آپ ان کی سواریوں پر پھونک مارتے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: اے اللہ! اپنی راہ میں اس پر سواری کو آسان کردے' کیونکہ تو ہی طاقتور اور کمزور تر اور خشک پر' خشکی اور سمندر میں سواری فراہم کرتا ہے۔

حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم لوگ مدینہ منورہ پہنچے تو ہمارے لیے ان سواریوں پر قابو پانا مشکل ہو رہا تھا۔ (یعنی وہ تیزی سے چل رہی تھیں) تو میں نے یہ سوچا کہ طاقتور اور کمزور کے بارے میں یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا یہ نتیجہ ہے' لیکن خشک اور تر کے بارے میں کیا صورت ہوسکتی ہے؟ پھر جب ہم شام آئے اور ہم نے جنگ قبرص میں شرکت کی اور میں نے بڑی (جنگی کشتیاں) دیکھیں' تو مجھے اندازہ ہوا کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا نتیجہ ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ إِنْزَاءِ الْحُمُرِ عَلَى الْخَيْلِ إِذْ فِعْلُ ذٰلِكَ مِنْ أَفْعَالِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' خچر کی افزائش نسل کی جائے' کیونکہ ایسا وہ لوگ کرتے ہیں جو علم نہیں رکھتے

4682 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَيْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أُهْدِيَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةٌ فَأَعْجَبَتْهُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَوْ أَنْزَيْنَا الْحُمُرَ عَلَى خَيْلِنَا فَجَاءَتْ مِثْلَ هٰذِهِ، فَقَالَ: إِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ النَّهْيَ عَنْهُ

4682- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن زرير، فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، والليث: هو ابن سعد، وأبو الخير: هو مَرْثد بن عبد الله اليزني المصري .وأخرجه أحمد 1/100 عن هشام بن القاسم، وأبو داوُد 2565 في الجهاد: باب في كراهية الحمر تنزى على الخيل، والنسائي 6/224 في الخيل: باب التشديد في حمل الحمير على الخيل، عن قتيبة بن سعيد، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 3/271 عن شعيب بن الليث، والبيهقي 10/22-23 من طريق شبابة بن سوار، أربعتهم عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الله في "زوائد المسند" 1/158 حدثنا أبو سعيد، حدثنا عبد الله بن لهيعة، حدثنا يزيد بن أبي حبيب، به .وله طريق أخر عن علي عند أحمد 1/98، والبيهقي 10/23 .وفي الباب عن دحية الكلبي عند أحمد 4/311 .وعن ابن عباس عند البيهقي 10/23 .

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خچر تحفے کے طور پر پیش کیا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ پسند آیا ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ ہمیں خچروں کی افزائش نسل کی اجازت دیں' تو اس طرح کے اور بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کام وہ لوگ کریں گے جو علم نہیں رکھتے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس سے مراد یہ ہے: جو لوگ اس بارے میں ممانعت کا علم نہیں رکھتے۔

بَابُ الْحِمٰى

باب: چراگاہ کا بیان

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّحْمِيَ بَعْضَ الْمَوَاضِعِ لِمَا يُجْدِى نَفْعُهُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْاَسْبَابِ فِي الْاَوْقَاتِ

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ کسی جگہ کو چراگاہ کے طور پر مخصوص کر دے جس کا فائدہ مسلمانوں کو اپنے اسباب میں مختلف اوقات میں ہو

4683 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمَى النَّقِيعَ لِخَيْلِ الْمُسْلِمِيْنَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "نقیع" (نامی میدان کو) مسلمانوں کے گھوڑوں کے لیے چراگاہ قرار دیا تھا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّتَّخِذَ الْحِمَى مِنْ بِلَادِ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا الْاِمَامُ الَّذِى يُرِيْدُ بِهٖ صَلَاحَ رَعِيَّتِهٖ دُوْنَ انْفِرَادِهٖ بِهَا عَنْهُمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ مسلمانوں کے علاقوں میں سے کسی جگہ کو چراگاہ کے لیے مخصوص کیا جائے

البتہ حاکم وقت ایسا کر سکتا ہے جو اس کے ذریعے اپنی رعایا کی بھلائی کا ارادہ کرے نہ کہ لوگوں کو چھوڑ کے اسے اپنے لیے مخصوص کر دے

4684 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، قَالَ:

4683– حديث صحيح، رجاله ثقات غير عاصم بن عمر وهو ابن حَفْصِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ العمرى– فهو ضعيف وهو على ضعفه يكتب حديثه، وقد توبع . عبد الله بن نافع: هو الصائغ المدنى .وأخرجه أحمد 2/91 و155 و157، وأبو عبيد فى "الأموال" 740، وحميد بن زنجوية فى "الأموال" 1105، والبيهقى 6/146 عن عبد الله بن عمر العمرى وهو ضعيف–، عن نافع، عن ابن عمر .وأخرجه البخارى 2370 فى الشرب والمساقاة: باب لا حمى إلاّ لله ولرسوله صلى الله عليه وسلم، وحميد بن زنجوية 1104، والبيهقى 6/146 من طريق الليث .

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا حِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''چراگاہ صرف اللہ اور اس کے رسول کے لیے مخصوص ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذُكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ (جو ہماری ذکر کردہ مفہوم) کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

قَالَ: بِنَهَاوَنْدَ مَعَ بَنْذَاذِقَانَ، فَإِنَّ مَعَهُ أَسَاوِرَةَ كِسْرَى، وَأَهْلَ أَصْفَهَانَ، قَالَ: فَأَيْنَ الْجَنَاحَانِ، فَذَكَرَ الْهُرْمُزَانُ مَكَانًا نَسِيتُهُ، فَقَالَ الْهُرْمُزَانُ: فَاقْطَعِ الْجَنَاحَيْنِ تُوهِنِ الرَّأْسَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، بَلْ أَعْمِدُ إِلَى الرَّأْسِ فَيَقْطَعُهُ اللّٰهُ، وَإِذَا قَطَعَهُ اللّٰهُ عَنِّي انْفَضَّ عَنِّي الْجَنَاحَانِ، فَأَرَادَ عُمَرُ أَنْ يَسِيرَ إِلَيْهِ بِنَفْسِهِ، فَقَالُوا: نُذَكِّرُكَ اللّٰهَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْ تَسِيرَ بِنَفْسِكَ إِلَى الْعَجَمِ، فَإِنْ أُصِبْتَ بِهَا لَمْ يَكُنْ لِلْمُسْلِمِينَ نِظَامٌ، وَلٰكِنِ ابْعَثِ الْجُنُودَ، قَالَ: فَبَعَثَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ، وَبَعَثَ فِيهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَبَعَثَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ، وَكَتَبَ إِلَى أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، أَنْ سِرْ بِأَهْلِ الْبَصْرَةِ، وَكَتَبَ إِلَى حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، أَنْ سِرْ بِأَهْلِ الْكُوفَةِ، حَتّٰى تَجْتَمِعُوا جَمِيعًا بِنَهَاوَنْدَ، فَإِذَا اجْتَمَعْتُمْ، فَأَمِيرُكُمُ النُّعْمَانُ بْنُ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيُّ، قَالَ: فَلَمَّا اجْتَمَعُوا بِنَهَاوَنْدَ جَمِيعًا أَرْسَلَ إِلَيْهِمْ بَنْذَاذِقَانُ الْعِلْجُ أَنْ أَرْسِلُوا إِلَيْنَا يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ رَجُلًا مِنْكُمْ نُكَلِّمُهُ، فَاخْتَارَ النَّاسُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، قَالَ أَبِي: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ رَجُلٌ طَوِيلٌ، أَشْعَرُ أَعْوَرُ، فَأَتَاهُ، فَلَمَّا رَجَعَ إِلَيْنَا سَأَلْنَاهُ، فَقَالَ لَنَا: إِنِّي وَجَدْتُ الْعِلْجَ قَدِ اسْتَشَارَ أَصْحَابَهُ فِي أَيِّ شَيْءٍ تَأْذَنُونَ لِهٰذَا الْعَرَبِيِّ أَبِشَارَتِنَا وَبَهْجَتِنَا وَمُلْكِنَا أَوْ نَتَقَشَّفُ لَهُ، فَنُزَهِّدُهُ عَمَّا فِي أَيْدِينَا؟، فَقَالُوا: بَلْ نَأْذَنُ لَهُ بِأَفْضَلِ مَا يَكُونُ مِنَ الشَّارَةِ وَالْعُدَّةِ، فَلَمَّا أَتَيْتُهُمْ رَأَيْتُ تِلْكَ الْحِرَابَ، وَالدَّرَقَ يَلْتَمِعُ مِنْهُ الْبَصَرُ، وَرَأَيْتُهُمْ قِيَامًا عَلٰى رَأْسِهِ، وَإِذَا هُوَ عَلٰى سَرِيرٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَعَلٰى رَأْسِهِ التَّاجُ، فَمَضَيْتُ كَمَا أَنَا، وَنَكَسْتُ رَأْسِي لِأَقْعُدَ مَعَهُ عَلَى السَّرِيرِ، قَالَ: فَدُفِعْتُ وَنُهِرْتُ، فَقُلْتُ إِنَّ الرُّسُلَ لَا يُفْعَلُ بِهِمْ هٰذَا، فَقَالُوا لِي: إِنَّمَا أَنْتَ كَلْبٌ أَتَقْعُدُ مَعَ الْمَلِكِ؟، فَقُلْتُ: لَأَنَا أَشْرَفُ فِي قَوْمِي مِنْ هٰذَا فِيكُمْ، قَالَ: فَانْتَهَرَنِي، وَقَالَ: اجْلِسْ، فَجَلَسْتُ، فَتُرْجِمَ لِي قَوْلُهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ إِنَّكُمْ كُنْتُمْ أَطْوَلَ النَّاسِ جُوعًا، وَأَعْظَمَ النَّاسِ شَقَاءً، وَأَقْذَرَ النَّاسِ قَذَرًا، وَأَبْعَدَ النَّاسِ دَارًا، وَأَبْعَدَهُ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ، وَمَا كَانَ مَنَعَنِي أَنْ آمُرَ هٰؤُلَاءِ الْأَسَاوِرَةَ حَوْلِي، أَنْ يَنْتَظِمُوكُمْ بِالنُّشَّابِ، إِلَّا تَنَجُّسًا بِجِيَفِكُمْ لِأَنَّكُمْ أَرْجَاسٌ، فَإِنْ تَذْهَبُوا نُخَلِّي عَنْكُمْ، وَإِنْ تَأْبَوْا نُرِكُمْ مَصَارِعَكُمْ، قَالَ الْمُغِيرَةُ: فَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا أَخْطَأْتَ مِنْ صِفَتِنَا وَنَعْتِنَا شَيْئًا، إِنْ كُنَّا لَأَبْعَدَ النَّاسِ دَارًا وَأَشَدَّ النَّاسِ جُوعًا وَأَعْظَمَ النَّاسِ شَقَاءً وَأَبْعَدَ النَّاسِ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ حَتّٰى بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْنَا رَسُولًا، فَوَعَدَنَا النَّصْرَ فِي الدُّنْيَا وَالْجَنَّةَ فِي الْآخِرَةِ، فَلَمْ نَزَلْ نَتَعَرَّفُ مِنْ رَبِّنَا مُذْ جَاءَنَا رَسُولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْفَلَجَ، وَالنَّصْرَ، حَتّٰى أَتَيْنَاكُمْ، وَإِنَّا وَاللّٰهِ نَرَى لَكُمْ مُلْكًا وَعَيْشًا لَا نَرْجِعُ إِلٰى ذٰلِكَ الشَّقَاءِ أَبَدًا، حَتّٰى نَغْلِبَكُمْ عَلٰى مَا فِي أَيْدِيكُمْ، أَوْ نُقْتَلَ فِي أَرْضِكُمْ، فَقَالَ: أَمَّا الْأَعْوَرُ، فَقَدْ صَدَقَكُمُ الَّذِي فِي نَفْسِهِ، فَقُمْتُ مِنْ عِنْدِهِ، وَقَدْ وَاللّٰهِ أَرْعَبْتُ الْعِلْجَ جَهْدِي، فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا الْعِلْجُ إِمَّا أَنْ تَعْبُرُوا إِلَيْنَا بِنَهَاوَنْدَ، وَإِمَّا أَنْ نَعْبُرَ إِلَيْكُمْ، فَقَالَ النُّعْمَانُ: اعْبُرُوا، فَعَبَرْنَا قَالَ أَبِي: فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ، إِنَّ الْعُلُوجَ يَجِيئُونَ، كَأَنَّهُمْ جِبَالُ الْحَدِيدِ، وَقَدْ تَوَاثَقُوا أَنْ لَا يَفِرُّوا مِنَ الْعَرَبِ، وَقَدْ قُرِنَ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، حَتّٰى كَانَ سَبْعَةٌ فِي قِرَانٍ، وَأَلْقَوْا حَسَكَ الْحَدِيدِ خَلْفَهُمْ، وَقَالُوا: مَنْ فَرَّ مِنَّا عَقَرَهُ حَسَكُ الْحَدِيدِ، فَقَالَ الْمُغِيرَةُ بْنُ

شُعْبَةَ حِينَ رَاٰى كَثْرَتَهُمْ: لَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ فَشَلًا، اِنَّ عَدُوَّنَا يُتْرَكُوْنَ اَنْ يَّتَتَامُّوا، فَلَا يَعْجَلُوْا اَمَا، وَاللّٰهِ لَوْ اَنَّ الْاَمْرَ اِلَيَّ لَقَدْ اَعْجَلْتُهُمْ بِهٖ، قَالَ: وَكَانَ النُّعْمَانُ رَجُلًا بَكَّاءً، فَقَالَ: قَدْ كَانَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا يُشْهِدُكَ اَمْثَالَهَا فَلَا يُخْزِيكَ وَلَا يُعَرِّي مَوْقِفَكَ، وَاِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِيْ اَنْ اُنَاجِزَهُمْ، اِلَّا لِشَيْءٍ شَهِدْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذْ غَزَا فَلَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ لَمْ يُعَجِّلْ حَتّٰى تَحْضُرَ الصَّلَوَاتُ وَتَهُبَّ الْاَرْوَاحُ، وَيَطِيبَ الْقِتَالُ، ثُمَّ قَالَ النُّعْمَانُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اَنْ تَقَرَّ عَيْنِي الْيَوْمَ بِفَتْحٍ يَكُوْنُ فِيهِ عِزُّ الْاِسْلَامِ، وَاَهْلِهٖ وَذُلُّ الْكُفْرِ وَاَهْلِهٖ، ثُمَّ اخْتِمْ لِيْ عَلٰى اِثْرِ ذٰلِكَ بِالشَّهَادَةِ، ثُمَّ قَالَ: اٰمِنُوا يَرْحَمُكُمُ اللّٰهُ، فَاٰمَنَّا وَبَكٰى وَبَكَيْنَا، ثُمَّ قَالَ النُّعْمَانُ: اِنِّيْ هَازٌّ لِوَائِي فَتَيَسَّرُوا لِلسَّلَاحِ، ثُمَّ هَازُّهُ الثَّانِيَةَ، فَكُوْنُوا مُتَيَسِّرِينَ لِقِتَالِ عَدُوِّكُمْ بِاِزَائِهِمْ، فَاِذَا هَزَزْتُهُ الثَّالِثَةَ، فَلْيَحْمِلْ كُلُّ قَوْمٍ عَلٰى مَنْ يَّلِيهِمْ مِنْ عَدُوِّكُمْ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَهَبَّتِ الْاَرْوَاحُ كَبَّرَ وَكَبَّرْنَا، وَقَالَ رِيحُ الْفَتْحِ وَاللّٰهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَاِنِّيْ لَاَرْجُو اَنْ يَّسْتَجِيبَ اللّٰهُ لِيْ وَاَنْ يَّفْتَحَ عَلَيْنَا فَهَزَّ اللِّوَاءَ فَتَيَسَّرُوا، ثُمَّ هَزَّهُ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ هَزَّهُ الثَّالِثَةَ، فَحَمَلْنَا جَمِيعًا كُلُّ قَوْمٍ عَلٰى مَنْ يَّلِيهِمْ، وَقَالَ النُّعْمَانُ: اِنْ اَنَا اُصِبْتُ فَعَلَى النَّاسِ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، فَاِنْ اُصِيبَ حُذَيْفَةُ، فَفُلَانٌ، فَاِنْ اُصِيبَ فُلَانٌ فَفُلَانٌ، حَتّٰى عَدَّ سَبْعَةً اٰخِرُهُمُ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، قَالَ اَبِي: فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَحَدًا، يُحِبُّ اَنْ يَّرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهٖ، حَتّٰى يُقْتَلَ اَوْ يَظْفَرَ وَثَبَتُوا لَنَا، فَلَمْ نَسْمَعْ اِلَّا وَقْعَ الْحَدِيْدِ عَلَى الْحَدِيْدِ، حَتّٰى اُصِيبَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ مُصَابَةٌ عَظِيمَةٌ، فَلَمَّا رَاَوْا صَبْرَنَا وَرَاَوْنَا لَا نُرِيْدُ اَنْ نَّرْجِعَ انْهَزَمُوا، فَجَعَلَ يَقَعُ الرَّجُلُ، فَيَقَعُ عَلَيْهِ سَبْعَةٌ فِيْ قِرَانٍ، فَيُقْتَلُوْنَ جَمِيعًا، وَجَعَلَ يَعْقِرُهُمْ حَسَكُ الْحَدِيْدِ خَلْفَهُمْ، فَقَالَ النُّعْمَانُ: قَدِّمُوا اللِّوَاءَ فَجَعَلْنَا نُقَدِّمُ اللِّوَاءَ فَنَقْتُلُهُمْ وَنَضْرِبُهُمْ، فَلَمَّا رَاَى النُّعْمَانُ، اَنَّ اللّٰهَ قَدِ اسْتَجَابَ لَهٗ وَرَاَى الْفَتْحَ جَاءَتْهُ نُشَّابَةٌ، فَاَصَابَتْ خَاصِرَتَهُ فَقَتَلَتْهُ، فَجَاءَ اَخُوْهُ مَعْقِلُ بْنُ مُقَرِّنٍ فَسَجّٰى عَلَيْهِ ثَوْبًا وَاَخَذَ اللِّوَاءَ فَتَقَدَّمَ بِهٖ، ثُمَّ قَالَ: تَقَدَّمُوْا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ، فَجَعَلْنَا نَتَقَدَّمُ فَنَهْزِمُهُمْ وَنَقْتُلُهُمْ، فَلَمَّا فَرَغْنَا وَاجْتَمَعَ النَّاسُ، قَالُوا: اَيْنَ الْاَمِيرُ؟، فَقَالَ مَعْقِلٌ: هٰذَا اَمِيرُكُمْ قَدْ اَقَرَّ اللّٰهُ عَيْنَهُ بِالْفَتْحِ وَخَتَمَ لَهٗ بِالشَّهَادَةِ، فَبَايَعَ النَّاسُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، قَالَ: وَكَانَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِالْمَدِيْنَةِ يَدْعُو اللّٰهَ، وَيَنْتَظِرُ مِثْلَ صَيْحَةِ الْحُبْلٰى، فَكَتَبَ حُذَيْفَةُ، اِلٰى عُمَرَ بِالْفَتْحِ مَعَ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ قَالَ: اَبْشِرْ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، بِفَتْحٍ اَعَزَّ اللّٰهُ فِيهِ الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهُ وَاَذَلَّ فِيهِ الشِّرْكَ وَاَهْلَهُ، وَقَالَ: النُّعْمَانُ بَعَثَكَ؟، قَالَ: احْتَسِبِ النُّعْمَانَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَبَكٰى عُمَرُ وَاسْتَرْجَعَ، وَقَالَ: وَمَنْ وَيْحَكَ، فَقَالَ: فُلَانٌ، وَفُلَانٌ، وَفُلَانٌ، حَتّٰى عَدَّ نَاسًا ثُمَّ قَالَ وَاٰخَرِينَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَعْرِفُهُمْ، فَقَالَ: عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَهُوَ يَبْكِي لَا يَضُرُّهُمْ، اَنْ لَا يَعْرِفَهُمْ عُمَرُ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَعْرِفُهُمْ

❀❀ زیاد بن جبیر بیان کرتے ہیں: مجھے میرے والد نے یہ بات بتائی کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہرمزان سے کہا: جب تم نے اپنی ذات کے حوالے سے مجھے آزمائش کا شکار کردیا ہے تو تم میری خیرخواہی کرو اس کی وجہ یہ ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

اس سے یہ کہا تھا: تم بات کرو کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے امان دے دی تو ہرمزان نے کہا: جی ہاں آج فارس کا ایک سر ہے اور دو پر ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اس کا سر کہاں ہے اس نے جواب دیا: نہاوند میں بنذاذقان کے پاس اس کے ساتھ کسریٰ کے کنگن ہیں اور اہل اصفہان۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اس کے دو پر کہاں ہیں ہرمزان نے ایک جگہ کا ذکر کیا تھا۔ جو میں بھول گیا ہوں۔ ہرمزان نے کہا: آپ ان کے دو پروں کو کاٹ دیں تو اس طرح آپ سر کو کمزور کر دیں گے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: اے اللہ کے دشمن تم نے غلط کہا ہے بلکہ میں سر کی طرف جاؤں گا اللہ تعالیٰ اس کو کاٹ دے گا اور جب اللہ تعالیٰ اسے کاٹ دے گا تو وہ دونوں پروں کو بھی دور کر دے گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ ارادہ کیا کہ وہ بنفس نفیس اس کی طرف جائیں تو لوگوں نے کہا: اے امیر المومنین ہم آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتے ہیں کہ آپ اگر بذاتِ خود عجمی علاقوں کی طرف چلے گئے اور وہاں آپ شہید ہو گئے تو مسلمانوں کے پاس کوئی نظام نہیں رہے گا آپ لشکر کو بھیج دیجئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل مدینہ کو بھیجا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس میں اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ مہاجرین اور انصار کو بھیجا۔ انہوں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ تم اہل بصرہ کو ساتھ لے کر روانہ ہو جاؤ اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ اہل کوفہ کو ساتھ لے کر روانہ ہو جاؤ یہاں تک کہ تم سب لوگ نہاوند کے مقام پر اکٹھے ہو جاؤ تو تمہارا امیر نعمان بن مقرن مزنی ہو گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب سب لوگ نہاوند کے مقام پر اکٹھے ہو گئے تو بنذاذقان علج نے انہیں پیغام بھیجا اے عربوں کے گروہ ہماری طرف ایک شخص کو بھیجو جس کے ساتھ ہم بات چیت کریں تو لوگوں نے مغیرہ بن شعبہ کو اختیار کیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے۔ ان کی شکل وصورت کا منظر گویا آج بھی میری نگاہ میں ہے وہ لمبے تڑنگے شخص تھے ان کے بال زیادہ تھے اور وہ کانے تھے۔ وہ اس کے پاس گئے۔ جب وہ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے ان سے دریافت کیا: تو انہوں نے ہمیں بتایا میں نے علج (یعنی ان کے سردار) کو پایا کہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مشورہ کر رہا تھا کہ کیا ہمیں ان کے ساتھ بھرپور شان وشوکت کے ساتھ ملنا چاہئے تاکہ ان پر ہمارا رعب قائم ہو تو اس کے ساتھیوں نے مشورہ دیا کہ ہمیں ان کے ساتھ بھرپور تیاری اور شان وشوکت کے ساتھ ملنا چاہیے۔

(حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا) جب میں ان لوگوں کے پاس آیا تو میں نے اسے ایسے اسلحے سے لیس دیکھا کہ نگاہیں چکا چوند ہوتی تھیں۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اس کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے اور وہ سونے کے تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے سر پر تاج تھا۔ میں جیسا تھا اسی طرح گزرتا چلا گیا اور میں نے اپنے سر کو جھکایا تاکہ میں اس کے ساتھ تخت پر بیٹھوں۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو مجھے وہاں سے دھکیل دیا گیا اور مجھے ڈانٹا گیا تو میں نے کہا: سفیروں کے ساتھ اس طرح کا رویہ اختیار نہیں کیا جاتا۔ ان لوگوں نے مجھ سے کہا تم ایک کتے ہو۔ کیا تم بادشاہ کے ساتھ بیٹھنا چاہتے ہو۔ میں نے کہا: میں اپنی قوم میں اس سے زیادہ معزز شمار ہوتا ہوں جتنا یہ شخص تمہارے درمیان معزز ہے۔ راوی کہتے ہیں تو اس نے مجھے ڈانٹا اور اس نے کہا: تم بیٹھ جاؤ تو میں بیٹھ گیا پھر اس کے قول کا ترجمہ میرے سامنے کیا گیا تو اس نے یہ کہا: تھا۔

''اے عربوں کے گروہ تم سب سے زیادہ بھوکے تھے سب سے زیادہ سنگدل تھے سب سے زیادہ گندے تھے اور سب سے زیادہ دور دراز کے علاقے کے رہنے والے تھے اور بھلائی سے سب سے زیادہ دور تھے اگر تم لوگ چلے جاتے ہو تو ہم تمہیں جانے دیں گے اگر تم لوگ نہیں مانتے تو پھر ہم تمہارے بدلے کی جگہ دکھا دیں گے''۔

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تو میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی اور میں نے کہا: اللہ کی قسم! تم نے ہماری جو حالت اور صورتحال بیان کی ہے اس میں تم نے کوئی غلطی نہیں کی۔ ہمارا علاقہ سب سے زیادہ دور ہے ہم سب سے زیادہ بھوکے تھے ہم سب سے زیادہ سنگدل تھے اور بھلائی سے سب سے زیادہ دور تھے یہاں تک کہ اللہ نے ہماری طرف ایک رسول کو مبعوث کیا اس نے ہمارے ساتھ دنیا میں مدد کرنے کا اور آخرت میں جنت عطا کرنے کا وعدہ کیا تو جب سے ہمارے پاس اللہ کے رسول تشریف لائے ہم اپنے پروردگار کی طرف سے مسلسل فلاح اور کامیابی کو حاصل کرتے رہے یہاں تک کہ ہم تمہارے پاس آ گئے۔ اللہ کی قسم! ہم نے دیکھ لیا ہے تمہاری بادشاہی کو بھی اور تمہارے طرز حیات کو بھی اور اب ہم اس بدبختی کی طرف کبھی واپس نہیں جائیں گے اور تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے اس پر غلبہ حاصل کر لیں گے یا پھر ہم تمہاری سرزمین پر شہید ہو جائیں گے۔ اس پر اس نے کہا: اس کانے شخص نے تمہارے ساتھ سچی بات کی ہے جو اس کے ذہن میں تھی۔ (حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) تو میں اس کے پاس سے اٹھ گیا اللہ کی قسم! میں نے علج (نامی سردار کو) مرعوب کرنے کی پوری کوشش کی۔

پھر علج نے ہماری طرف پیغام بھجوایا کیا تم (دریا کو) عبور کر کے ہماری طرف نہاوند میں آؤ گے۔ یا ہم عبور کر کے تمہاری طرف آئیں تو حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ عبور کرو تو ہم لوگوں نے عبور کر لیا۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے میں نے اس دن جیسا سمندر کبھی نہیں دیکھا ان کے لشکر کے لوگ یوں آ رہے تھے جس طرح لوہے کے پہاڑ تھے اور ان لوگوں نے آپس میں یہ عہد کیا تھا کہ وہ عربوں کے مقابلے میں فرار نہیں ہوں گے۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے تھے یہاں تک کہ وہ سات آدمی ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے تھے اور انہوں نے اپنے پیچھے ایک چکی رکھ دی تھی۔ ان لوگوں نے یہ کہا تھا: ہم میں سے جو شخص فرار ہو گا اسے لوہے کی چکی کچل دے گی۔ جب حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی کثرت دیکھی تو فرمایا میں نے آج کی طرح کی خوفناک صورتحال کبھی نہیں دیکھی ہمارے دشمن کو بھرپور برتری حاصل ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت نعمان رضی اللہ عنہ ایک ایسے شخص تھے جو بہت زیادہ روتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آپ کو اس طرح کی اور ایسی صورت پھر دکھا دے گا اور آپ کو رسوا نہ کرے اور آپ کو ڈگمائے گا نہیں اللہ کی قسم! میں ان پر صرف اس لیے حملہ نہیں کر رہا کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک چیز دیکھی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی کسی جنگ میں حصہ لیتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دن کے ابتدائی حصے میں لڑائی شروع نہیں کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک لڑائی شروع نہیں کرتے تھے۔ جب تک نماز کا وقت نہیں ہو جاتا تھا اور ہوا نہیں چل پڑتی تھی اور جنگ کی صورتحال تیار نہیں ہو جاتی تھی تو پھر حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے دعا کی اے اللہ! میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ تو آج فتح کے ذریعے میری آنکھوں کو ٹھنڈا کر دے کیونکہ اس میں اسلام اور اہل اسلام کی

عزت ہے اور کفر اور اہل کفر کی ذلت ہے اور پھر اس کے بعد مجھے شہادت نصیب کر کے میرا خاتمہ کر دینا' پھر انہوں نے فرمایا: تم لوگ آمین کہو اللہ تعالیٰ تم لوگوں پر رحم کرے تو ہم نے آمین کہا پھر وہ بھی رونے لگے اور ہم بھی رونے لگے۔

پھر حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنا جھنڈا لہراؤں گا تم لوگ ہتھیار تیار کر لینا پھر میں دوسری مرتبہ لہراؤں گا' تو تم دشمن کے ساتھ لڑائی کرنے کے لیے اس کے مدمقابل آ کے تیار ہو جانا' پھر جب میں تیسری مرتبہ لہراؤں گا' تو ہر شخص اللہ تعالیٰ کی برکت حاصل کرتے ہوئے اپنے قریبی دشمن پر حملہ کر دے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب نماز کا وقت ہو گیا اور ہوائیں چل پڑیں' تو انہوں نے تکبیر کہی تو ہم نے بھی تکبیر کہی۔ انہوں نے فرمایا: یہ فتح کی ہوا ہے۔ اللہ کی قسم! اگر اللہ نے چاہا (تو ہم فتح حاصل کر لیں گے) اور مجھے یہ امید ہے' اللہ تعالیٰ میری دعا کو قبول کر لے گا اور ہمیں فتح نصیب کرے گا' تو انہوں نے جھنڈا لہرایا اور لوگ تیار ہو گئے انہوں نے دوسری مرتبہ لہرایا پھر انہوں نے تیسری مرتبہ لہرایا' تو ہم سب نے حملہ کر دیا۔ ہر فرد نے اپنے قریبی دشمن پر حملہ کر دیا۔

حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں شہید ہو جاؤں' تو حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ لوگوں کے امیر ہوں گے اگر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ شہید ہو جائیں' تو فلاں صاحب ہوں گے اگر وہ شہید ہو جائیں' تو فلاں ہوں گے' یہاں تک کہ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے سات آدمیوں کا نام گنوایا جن میں سے آخری فرد حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ تھے۔

میرے والد بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! مجھے مسلمانوں میں سے کسی ایسے شخص کے بارے میں یہ علم نہیں ہے' جو اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ اپنے اہل خانہ کی طرف واپس جائے' یہاں تک کہ یا تو وہ شہید ہو جائے یا کامیاب ہو جائے۔ ان لوگوں نے ہم پر حملہ کیا' تو ہمیں صرف لوہے کی لوہے سے ٹکرانے کی آواز آ رہی تھی' یہاں تک کہ بہت سارے مسلمان شہید ہوئے۔ جب ان لوگوں نے ہمارا صبر دیکھا اور انہوں نے دیکھا کہ ہم واپس نہیں جانا چاہتے تو وہ لوگ پسپا ہو گئے۔ ان میں سے کوئی ایک شخص گرتا' تو اس کے اوپر ایک ہی لڑی کے سات آدمی بھی گر جاتے تو وہ سب مارے جاتے' اور ان کے پیچھے لوہے کی چکی انہیں کچل دیتی۔

حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جھنڈے کو آگے کرو تو ہم نے جھنڈے کو آگے کر دیا اور ہم انہیں قتل کرتے رہے اور انہیں مارتے رہے۔ جب حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبول کر لیا ہے اور انہوں نے فتح کو دیکھ لیا اور کامیابی ان کے پاس آ گئی وہ ان کے پہلو میں آ کر لگی اور وہ شہید ہو گئے۔ ان کے بھائی حضرت مقرن بن مقرن رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے اس پر کپڑا ڈال دیا اور علم کو پکڑ لیا اور اس کو لے کر آگے بڑھ گئے' پھر انہوں نے کہا: تم لوگ آگے بڑھو اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے اور ہم لوگ آگے بڑھنے لگے۔ ہم نے ان لوگوں کو پسپا کر دیا اور انہیں قتل کر دیا جب ہم فارغ ہوئے اور لوگ اکٹھے ہوئے' تو لوگوں نے دریافت کیا: امیر کہاں ہے' تو حضرت مقرن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تمہارے امیر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فتح کے ذریعے ان کی آنکھوں کو ٹھنڈا کیا اور آخر میں انہیں شہادت بھی نصیب کر دی' تو لوگوں نے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ میں اللہ سے دعائیں کر رہے تھے' اور وہ اس طرح سے منتظر تھے جس طرح کسی حاملہ عورت کی چیخ کا انتظار کیا جاتا ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فتح کی خوش خبری کا پروانہ ایک مسلمان شخص کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا۔ جب وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے کہا: اے امیر المومنین آپ کو فتح کی خوش خبری نصیب ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اس جنگ میں اسلام اور اہل اسلام کو عزت عطا کی' اور اس میں شرک اور اہل شرک کو ذلت عطا کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: نعمان نے تمہیں بھیجا ہے' تو قاصد نے کہا: اے امیر المومنین نعمان کے بارے میں آپ ثواب کی امید رکھیں (یعنی ان کے لیے دعا مغفرت کیجئے) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور انہوں نے انا للّٰہ و انا الیہ راجعون پڑھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تمہارا ستیاناس ہو اور کون (شہید ہوا ہے) قاصد نے بتایا: فلاں اور فلاں اور فلاں اس نے متعدد لوگوں کے نام گنوائے' پھر اس نے بتایا: اے امیر المومنین اور لوگ بھی ہیں' جن سے آپ واقف نہیں ہیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے روتے ہوئے کہا ان لوگوں کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ اگر "عمر" ان سے واقف نہیں ہے' لیکن اللہ تعالیٰ تو ان سے واقف ہے۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّكُوْنَ قِتَالُهُ الْاَعْدَاءَ بَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ اِذَا فَاتَ ذٰلِكَ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' دشمن کے ساتھ اس کی لڑائی سورج ڈھلنے کے بعد ہونی چاہئے اس وقت جب وہ دن کے ابتدائی حصے میں اسے شروع نہ کر سکے

4757 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، وَعَفَّانُ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا كَانَ عِنْدَ الْقِتَالِ، فَلَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ اَخَّرَهُ اِلٰى اَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ وَتَهُبَّ الرِّيَاحُ وَيَنْزِلَ النَّصْرُ

❀❀ حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ کرنے لگتے

4757– إسناده صحيح . رجاله رجال مسلم غير علقمة بن عبد الله، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة . وأخرجه ابن أبي شيبة 12/ 368–369، والترمذي (1613) في السير: باب ما جاء في الساعة التي يستحب فيها القتال، عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبي شيبة 12/ 368–369، وأحمد 5/444–445، وخليفة بن خياط في "تاريخه " ص 148–149، وأبو داؤد (2655) في الجهاد: باب في أي وقت يستحب اللقاء، والترمذي (1613)، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 9/32، والحاكم 2/116، والبيهقي 9/153 من طريق عن حماد بن سلمة، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي . وأخرجه الترمذي (1612) من طريق قتادة، عن النعمان بن مقرن، بلفظ: غزوتُ مع النبي صلى اللّٰه عليه وسلم، فكان إذا طلع الفجر، أمسك حتى تطلُع الشمس، فإذا طلعت، قاتل، فإذا انتصف النهارُ، أمسك حتى تزول الشمس، فإذا زالت الشمس، قاتل حتى العصر، ثم أمسك حتى يصلي العصر، ثم يُقاتل، قال: وكان يقال عند ذلك: تهيج رياحُ النصر، ويدعو المؤمنون لجيوشهم في صلاتهم . قال الترمذي: وقتادة لم يدرك النعمان بن مقرن .

تھے تو دن کے ابتدائی حصے میں جنگ شروع نہیں کرتے تھے۔ آپ ﷺ اسے اس وقت تک مؤخر کرتے تھے کہ سورج ڈھل جاتا تھا اور ہوائیں چل پڑتی تھیں اور مدد نازل ہو جاتی تھی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّسْتَعِينَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى قِتَالِ الْاَعْدَاءِ اِذَا عَزَمَ عَلٰى ذٰلِكَ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ وہ دشمن سے لڑنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد مانگے جب وہ لڑائی کا پختہ ارادہ کرلے

4758 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا صَلَّى اَيَّامَ حُنَيْنٍ هَمَسَ شَيْئًا، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّكَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ تَكُنْ تَفْعَلُهُ، قَالَ اَقُولُ: اللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ، وَبِكَ اُصَاوِلُ، وَبِكَ اُقَاتِلُ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ غزوۂ حنین کے موقع پر جب نماز ادا کر رہے تھے تو آپ ﷺ نے پست آواز میں کچھ کہا آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی گئی آپ ﷺ نے ایک ایسا کام کیا ہے جو آپ ﷺ نے پہلے نہیں کیا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں یہ پڑھ رہا تھا۔

''اے اللہ میں تیری مدد کے ساتھ مقابلہ کرتا ہوں (لڑائی میں) کود پڑتا ہوں اور تیری مدد کے ساتھ جنگ کرتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اِذَا اَرَادَ مُوَاقَعَةَ الْاَعْدَاءِ اَنْ يُّحْيِيَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَاِذَا اَصْبَحَ وَاقَعَهَا

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ جب وہ دشمن پر حملہ کرنے کا ارادہ کرلے تو رات کے وقت جاگتا رہے اور صبح ہو تو ان پر حملہ کردے

4759 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى *، حَدَّثَنَا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُو الْجَهْمِ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، اَنَّ عَلِيًّا، قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلّٰى

4758– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم .وأخرجه البيهقي 9/153 من طريق سليمان بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه الدارمي 2/216، وأحمد 4/332 و 333، والطبراني (7318)، والبيهقي 9/153 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (9751)، ومن طريقه الترمذي (3340) في التفسير: باب ومن سورة البروج، والطبراني (7319) عن معمر، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إذا صلى الفجر هَمَس –والهمس في قول بعضهم: يحرّك شفتيه كأنه يتكلم بشيء – فقيل له: يا نبيَّ اللّٰه، إنك إذا صليت العصر همستَ . . . ولم يذكر قوله " أقول: اللّٰهم بك أحاول . . . " .وأخرجه النسائي في " اليوم والليلة " (614)، والبيهقي 9/153 من طريق سليمان بن المغيرة .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا اَصْبَحَ بِبَدْرٍ مِّنَ الْغَدِ اَحْيَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ كُلَّهَا وَهُوَ مُسَافِرٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ غزوہ بدر کے دن صبح کے وقت تک' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات بھر جاگتے رہے تھے حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسافر تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِذَا اَرَادَ مُوَاقَعَةَ اَهْلِ بَلَدٍ مِّنْ دَارِ الْحَرْبِ اَنْ يُّعَبِّءَ الْكَتَائِبَ حَتّٰى تَكُوْنَ مُوَاقَعَتُهُ اِيَّاهُمْ عَلٰى غَيْرِ غِرَّةٍ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب وہ دارالحرب کے کسی شہر والوں پر

حملہ کرنے کا ارادہ کرے تو وہ اپنے دستوں کو تیار کر لے تا کہ ان کا اس شہر کے لوگوں پر حملہ کرنا غیر ضروری قتل عام کے بغیر ہو

4760 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ:

(متن حدیث): وَفَدَتْ وُفُودٌ اِلٰى مُعَاوِيَةَ فِيْ رَمَضَانَ اَنَا فِيهِمْ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَكَانَ بَعْضُنَا يَصْنَعُ لِبَعْضٍ الطَّعَامَ، وَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ اَنْ يَّدْعُوَنَا عَلٰى رَحْلِهِ، فَقُلْتُ: لَوْ صَنَعْتُ طَعَامًا، ثُمَّ دَعَوْتُهُمْ اِلٰى رَحْلِيْ فَاَمَرْتُ بِطَعَامٍ، فَصُنِعَ، ثُمَّ لَقِيتُ اَبَا هُرَيْرَةَ مِنَ الْعَشِيِّ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، الدَّعْوَةُ عِنْدِي اللَّيْلَةَ، فَقَالَ: سَبَقْتَنِيْ، قَالَ: فَدَعَوْتُهُمْ اِلٰى رَحْلِي، اِذْ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلَا اُحَامِلُكُمْ اَوْ اُحَادِثُكُمْ، اِنِّيْ اُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيْثٍ مِّنْ حَدِيْثِكُمْ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ حَتّٰى يُدْرِكَ الطَّعَامُ، فَذَكَرَ فَتْحَ مَكَّةَ، فَقَالَ: اَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ مَكَّةَ، فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ عَلٰى اَحَدِ الْجَنَبَتَيْنِ وَبَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى الْيُسْرٰى، وَبَعَثَ اَبَا عُبَيْدَةَ عَلَى الْحُسَّرِ، فَاَخَذُوا الْوَادِيَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كَتِيبَتِهِ وَقَدْ بَعَثَتْ قُرَيْشٌ اَوْبَاشًا لَهَا وَاَتْبَاعًا لَهَا، فَقَالُوا: نُقَدِّمُ هٰؤُلَاءِ، وَاِنْ كَانَ لَهُمْ شَيْءٌ، كُنَّا مَعَهُمْ، وَاِنْ اُصِيبُوا اَعْطَيْنَا مَا سَاَلُوا، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآنِيْ، فَقَالَ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، اهْتِفْ بِالْاَنْصَارِ، فَلَا يَاْتِيْنِيْ اِلَّا اَنْصَارِيٌّ فَهَتَفَ بِهِمْ، فَجَاؤُوا، فَاَحَاطُوا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ

4759- إسناده حسن، رجاله رجال الشيخين غير حارثة بن مضرب، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة، والأزرق بن علي ذكره المؤلف في " الثقات " وقال: يُغرب، وروى عنه أبو يعلى، وابن أبي عاصم، وعبد الله بن أحمد، وأبو زرعة وغيرهم، وأخرج له الحاكم في " المستدرك "، وقد اعتمد الشيخان رواية يوسف بن أبي إسحاق -وهو يوسف بن إسحاق بن أبي إسحاق- عن جده .وأخرجه النسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 7/358 عن محمد بن المثنى، عن محمد، عن شعبة، عن أبي إسحاق .

4760- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الطيالسي (2424)، وأحمد 2/538، وابن أبي شيبة 14/471-473 ومسلم (1780) (84) (85) في الجهاد والسير: باب فتح مكة، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 10/134، وأبو داوٗد (1872) مختصراً في المناسك: باب في رفع اليد إذا رأى البيت، والبيهقي 9/117-118 من طريق سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1780) (86)، والنسائي في " الكبرى "، وأبو داوٗد (3023) في الخراج والإمارة: باب ما جاء في خبر مكة، والبيهقي 9/118 من طريقين عن ثابت، به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا تَرَوْنَ اِلٰى اَوْبَاشِ قُرَيْشٍ، وَاَتْبَاعِهِمْ، وَضَرَبَ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى مِمَّا يَلِيْ الْخِنْصَرَ وَسَطَ الْيُسْرٰى، وَقَالَ: احْصُدُوهُمْ حَصْدًا حَتّٰى تُوَافُوْنِيْ بِالصَّفَا، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَانْطَلَقْنَا، فَمَا يَشَاءُ اَحَدٌ مِّنَّا اَنْ يَّقْتُلَ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ اِلَّا قَتَلَهُ، وَمَا يُوَجِّهُ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اِلَيْنَا شَيْئًا، فَقَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُبِيْحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ، لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ اَبِيْ سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، فَاَغْلَقُوْا اَبْوَابَهُمْ، وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ، وَطَافَ بِالْبَيْتِ وَفِيْ يَدِهِ قَوْسٌ، وَهُوَ آخِذٌ الْقَوْسَ، وَكَانَ اِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ صَنَمٌ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَهُ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْعَنُ فِيْ جَنْبِهِ بِالْقَوْسِ، وَيَقُوْلُ: جَاءَ الْحَقُّ، وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، فَلَمَّا قَضٰى طَوَافَهُ اَتَى الصَّفَا، فَعَلَا حَيْثُ يَنْظُرُ اِلَى الْبَيْتِ، فَجَعَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَهُ، وَجَعَلَ يَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَذْكُرُ مَا شَاءَ اَنْ يَّذْكُرَهُ وَالْاَنْصَارُ تَحْتَهُ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ اَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِيْ قَرْيَتِهِ وَرَاْفَةٌ بِعَشِيْرَتِهِ، وَنَزَلَ الْوَحْيُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَكَانَ لَا يَخْفٰى عَلَيْنَا اِذَا نَزَلَ الْوَحْيُ، لَيْسَ اَحَدٌ مِّنَّا يَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَلْ يَطْرِقُ حَتّٰى يَنْقَضِيَ الْوَحْيُ، فَلَمَّا قُضِيَ الْوَحْيُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، قُلْتُمْ: اَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ اَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِيْ قَرْيَتِهِ، وَرَاْفَةٌ بِعَشِيْرَتِهِ، قَالُوْا: قَدْ قُلْنَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ هَاجَرْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ، الْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ، فَاَقْبَلُوْا يَبْكُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ: وَاللّٰهِ مَا قُلْنَا الَّذِيْ قُلْنَا اِلَّا ضَنًّا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهِ، قَالَ: وَاِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَّاضِحٌ، اَنَّ فَتْحَ مَكَّةَ كَانَ عَنْوَةً لَا صُلْحًا

❀❀ عبداللہ بن رباح بیان کرتے ہیں: رمضان کے مہینے میں کچھ وفود حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جن میں میں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ ہم لوگ ایک دوسرے کے لیے کھانا تیار کیا کرتے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اکثر اپنی رہائشی جگہ پر ہمیں بلایا کرتے تھے میں نے کہا: اگر میں بھی کھانا تیار کروں اور پھر ان لوگوں کو اپنی رہائشی جگہ پر بلاؤں تو (یہ مناسب ہوگا) میں نے کھانا تیار کرنے کا حکم دیا۔ کھانا تیار ہو گیا۔ شام کے وقت میری ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے کہا: اے ابوہریرہ! آج رات دعوت میری طرف ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھ سے سبقت لے گئے ہو۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے ان لوگوں کو بھی اپنی رہائشی جگہ پر بلالیا' پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تم لوگوں کو وہ حدیث نہ سناؤں۔ میں تم لوگوں کو ایک ایسی حدیث سناتا ہوں جو اے انصار کے گروہ تمہاری حدیث ہے اتنی دیر میں کھانا بھی آجائے گا پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ ذکر کیا' انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور مکہ میں داخل ہونے لگے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر کے ایک طرف حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور بائیں طرف حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ ایک دستے کا امیر حضرت

ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ وہ لوگ نشیبی علاقے میں پہنچ گئے جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چھوٹے دستے میں تھے۔ قریش نے اپنے اوباشوں اور پیروکارلڑکوں کو اس دستے کی طرف بھیجا انہوں نے کہا: ہم ان لوگوں کو موقعہ دیتے ہیں اگر یہ جیت گئے تو ہم ان کے ساتھ ہوں گے اور اگر یہ مارے گئے تو جو وہ مانگیں گے ہم دیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر دوڑا کر مجھے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوہریرہ انصار کو بلا کر لاؤ میرے پاس صرف انصار آئیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بلایا اور وہ لوگ آ گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد اکٹھے ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے قریش کے اوباشوں اور پیروکارلڑکوں کو دیکھا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں دست مبارک کو بائیں پر مارا اور فرمایا: تم انہیں کاٹ کے رکھ دینا' یہاں تک کہ تم لوگ مجھے صفا پر آ کر ملنا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ روانہ ہوئے اور ہم میں سے جس شخص نے ان میں سے جس شخص کو قتل کرنا چاہا اسے قتل کر دیا' یہاں تک کہ پھر ان میں سے کوئی ہمارے سامنے نہیں آیا۔ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! قریش کے قتل کو مباح قرار دیا گیا ہے آج کے بعد قریش باقی نہیں رہیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے دروازے کو بند کر لے وہ محفوظ ہوگا' جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے وہ امن میں ہوگا' تو لوگوں نے اپنے دروازے بند کر لیے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود کا استلام کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں ایک کمان تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کمان کو پکڑا ہوا تھا۔ خانہ کعبہ کے ایک پہلو میں ایک بت تھا جس کی وہ لوگ عبادت کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کمان کے ذریعے اس کے پہلو میں مارا اور یہ پڑھا ''حق آ گیا باطل رخصت ہو گیا''۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف مکمل کر لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم صفا پر تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر چڑھ گئے' یہاں تک کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر بیت اللہ پر پڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ بلند کیے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی اور جو اللہ کو منظور تھا وہ ذکر کیا۔ انصار صفا کے نیچے موجود تھے ان میں سے کسی ایک نے کسی دوسرے سے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی بستی سے محبت اور اپنے خاندان سے محبت لاحق ہو گئی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تھی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تھی تو یہ چیز ہم پر مخفی نہیں رہتی تھی۔ اس وقت کوئی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ نہیں سکتا تھا۔ وہ انتظار کرتا تھا' یہاں تک کہ وحی مکمل ہو جاتی تھی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کا نزول مکمل ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے انصار کے گروہ تم لوگوں نے یہ بات کہی ہے ان صاحب کو اپنی بستی کی محبت اور خاندان کی محبت نے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے یہ بات کہی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں میں نے اللہ تعالیٰ کی طرف اور تمہاری طرف ہجرت کی ہے میری زندگی تمہارے ساتھ ہے اور میری موت تمہارے ساتھ ہے' تو انصار نے رونا شروع کر دیا اور کہنا شروع کر دیا اللہ کی قسم! ہم نے صرف اللہ اور اس کے رسول کی محبت کی وجہ سے یہ بات کہی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں' اور تمہارے عذر کو قبول کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس بات کا واضح بیان ہے' مکہ جنگ کے نتیجے میں فتح ہوا تھا صلح کے نتیجے میں فتح نہیں ہوا تھا۔

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهٖ إِذَا عَزَمَ الْغَزْوَ أَوِ الْتِقَاءَ أَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

اس بات کا تذکرہ جب آدمی جنگ کا ارادہ کرلے یا اللہ کے دشمن کافروں کا سامنا کرنے کا ارادہ کرلے تو پھر اسے کیا دعا مانگنی چاہیے

4761 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَزَا، قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِي، وَأَنْتَ نَصِيرِي، وَبِكَ أُقَاتِلُ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنگ میں حصہ لیتے تھے تو یہ دعا مانگتے تھے۔

''اے اللہ! تو ہی میرا حامی اور تو ہی میرا مددگار ہے اور میں تیری مدد سے ہی جنگ کرتا ہوں''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ اخْتِيَالِ الْمَرْءِ بِفَرَسِهٖ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ إِذْ هُوَ مِمَّا يُحِبُّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کا اپنے گھوڑے پر بیٹھ کر دو صفوں (یعنی اپنی اور دشمن کی صفوں) کے درمیان بڑائی کا اظہار کرنا مستحب ہے کیونکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

4762 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا

4761– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أبو داوُد (2632) في الجهاد: باب ما يُدعى عند اللقاء، والترمذى (3584) في الدعوات: باب في الدعاء إذا غزا، عن نصر بن على الجهضمى، بهذا الإسناد وقال الترمذى: هذا حديث حسن غريب، ومعنى قوله: عضدى، يعنى: عونى .وأخرجه أحمد 3/ 184 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدى، والنسائى فى " عمل اليوم والليلة " (204) من طريق أزهر بن القاسم، كلاهما عن المثنى بن سعيد، بِهٖ .وفى الباب عن صُهيب عند أحمد 6/16 .

4762– حديث حسن لغيره، ابن جابر بن عتيك قال المزى فى " تهذيب الكمال ": إن لم يكن عبد الرحمٰن بن جابر بن عتيك، فهو أخ له .قلت: أياً كان فهو مجهول، وباقى رجاله ثقات .عبد الرحمٰن بن إبراهيم: هو الملقب بدُحيم، والوليد: هو ابن مسلم، ومحمد بن إبراهيم: هو التيمى .وأخرجه الطبرانى (1775)، والبيهقى 7/308 من طريقين عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمى 2/149، والنسائى 5/78 فى الزكاة: باب الاختيال فى الصدقة، وسعيد بن منصور (2548)، والطبرانى (1774)، والبيهقى 7/308 من طرق عن الأوزاعى، به إلا أنه سقط ابن جابر عند سعيد بن منصور .وأخرجه أحمد 5/445 و 446، وأبو داوُد (2659) فى الجهاد: باب فى الخيلاء فى الحرب والطبرانى (2772) و (2773) و (2776) و (2777)، والبيهقى فى " السنن " 9/156، وفى " الأسماء والصفات " 2/264–265 من طرق عن يحيى بن أبى كثير، بِهٖ .وله شاهد يتقوى به من حديث عقبة بن عامر الجهنى عند أحمد 4/154 وفيه عبد اللّٰه بن زيد الأزرق وهو مقبول فى المتابعات، وباقى رجاله ثقات .وفى الباب عن أبى هريرة مختصراً عند ابن ماجه (1996)، وفى سنده أبو شهم، قال الحافظ فى " التقريب ": كذا وقع والصواب أبو سلمة وهو ابن عبد الرحمٰن .قلت: وعلى هذا فرجاله ثقات .

الْوَلِيدُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُحِبُّ اللّٰهُ، وَمِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ، وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ، فَالْغَيْرَةُ الَّتِي يُحِبُّ اللّٰهُ الْغَيْرَةُ فِي الدِّينِ، وَالْغَيْرَةُ الَّتِي يُبْغِضُ اللّٰهُ الْغَيْرَةُ فِي غَيْرِ دِينِهِ، وَالْخُيَلَاءُ الَّذِي يُحِبُّ اللّٰهُ، اخْتِيَالُ الرَّجُلِ بِنَفْسِهِ عِنْدَ الْقِتَالِ، وَعِنْدَ الصَّدَقَةِ، وَالِاخْتِيَالُ الَّذِي يُبْغِضُ اللّٰهُ الِاخْتِيَالُ فِي الْبَاطِلِ

❀❀ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایک قسم کا غصہ وہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے اور ایک قسم کا غصہ وہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔ ایک قسم کا فخر کا اظہار وہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے ایک قسم کا وہ ہے' جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ غصہ جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے وہ دینی معاملات میں غصہ ہے۔ وہ غصہ جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ دین کے علاوہ کے معاملات میں غصہ ہے' اور وہ فخر جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے وہ یہ ہے: آدمی لڑائی کے وقت اپنے اوپر فخر کرے' اور صدقہ کرتے وقت فخر کرے اور وہ فخر جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ باطل کے بارے میں فخر ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُجَاهِدِ اَنْ يَسْتَعْمِلَ الْخِدَاعَ فِي حَرْبِهِ

مجاہد کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ جنگ کے دوران (دشمن کو) دھوکہ دے

4763 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ

4763– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم. محمد بن معمر: هو ابن ربعي القيسي، وأبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد. وأخرجه أحمد 3/297 عن حجاج، عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (1698)، والحميدي (1237)، وابن أبي شيبة 12/530، وأحمد 3/308، والبخاري (3030) في الجهاد: باب الحرب خدعة، ومسلم (1739) في الجهاد: باب جواز الخداع في الحرب، وأبو داوُد (2636) في الجهاد: باب المكر في الحرب، والترمذي (1675) في الجهاد: باب في الرخصة في الكذب، وأبو يعلى (1826) و (1968) و (2121)، والبيهقي 7/40 و 9/150، والبغوي (2690) من طريق سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن جابر. وقوله " خدعة "، قال الخطابي في " معالم السنن " 2/269: معناه إباحة الخداع في الحرب وان كان محظوراً في غيرها من الأمور، وهذا الحرف يُروى على ثلاثة أوجه: خَدْعة بفتح الخاء وسكون الدال، وخُدْعة بضم الخاء وسكون الدال، وخُدَعة الخاء مضمومة والدال منصوبة، وأصوبها خَدْعة. قلت (القائل الخطابي) : معنى الخدعة أنها هي مرة واحدة أي: إذا خُدِع المقاتل مرة واحدة لم يكن له إقالة، ومن قال: خُدْعة، أراد الاسم كما يقال هذه لعبة، ومن قال: خُدَعة بفتح الدال، كان معناه أنها تخديع الرجال وتمنيهم، ثم لا تفي لهم كما يقال: رجل لُعَبة، إذا كان كثير التلعب بالأشياء.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنگ دھوکہ دہی کا نام ہے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ عِنْدَ شِدَّةِ حَمْلِهِمْ عَلَى الْمُسْلِمِينَ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب مشرکین مسلمانوں پر حملہ کریں' تو وہ مشرکین کے لیے بددعا کرے

4764 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ بَيْنَنَا، فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنَّ قَاصًّا يَقُصُّ عِنْدَ اَبْوَابِ كِنْدَةَ، وَيَزْعُمُ اَنَّ آيَةَ الدُّخَانِ تَجِيءُ، فَتَاْخُذُ بِاَنْفَاسِ الْكُفَّارِ، وَيَاْخُذُ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، فَجَلَسَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ غَضْبَانُ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰهَ، فَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ، فَاِنَّهُ اَعْلَمُ لِاَحَدِكُمْ، اَنْ يَّقُولَ لِمَا لَا يَعْلَمُ، اللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ مَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ، وَمَا اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ)، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا رَاَى مِنَ النَّاسِ اِدْبَارًا، قَالَ: اللّٰهُمَّ سَبْعًا كَسَبْعِ يُوسُفَ، فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتّٰى اَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْجُلُودَ وَيَنْظُرُ اَحَدُهُمْ اِلَى السَّمَاءِ، فَيَرَى كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَجَاءَهُ اَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ جِئْتَ تَاْمُرُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ، وَصِلَةِ

4764–إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو المعروف بابن راهويه، وجرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وأبو الضحى: هو مسلم بن صبيح .وأخرجه مسلم (2798) (39) في صفات المنافقين: باب الدخان، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (1007) في الاستسقاء : باب دعاء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اجعلها عليهم سنين كسني يوسف "، والطبري في " تفسيره " 25/112 من طرق عن جرير، به .وأخرجه أحمد 1/441، والبخاري (4824) في تفسير سورة الدخان: باب (ثم تولوا عنه وقالوا معلّم مجنون)، والترمذي (3254) في التفسير: باب ومن سورة الدخان، من طريق شعبة، والبخاري (1020) في الاستسقاء : باب إذا استشفع المشركون بالمسلمين عند القحط، و (4774) في تفسير سورة الروم، والبغوي في " تفسيره " 4/149، من طريق محمد بن كثير، عن سفيان، والبيهقي في " السنن " 3/352، وفي " دلائل النبوة " 2/326 من طريق أسباط بن نصر، ثلاثتهم عن منصور، به .وأخرجه أحمد 1/380–381 و 431 و 441، والبخاري (1020)، و (4693) في تفسير سورة يوسف: باب (وراودته التي هو في بيتها)، و (4774)، و (4809) في تفسير سورة ص: باب (وما أنا من المتكلفين)، و (4821) في تفسير سورة الدخان: باب (يغشى الناس هذا عذاب أليم)، و (4822) : باب (ربنا اكشف عنا العذاب إنا مؤمنون) و (4823) و (4824)، ومسلم (2798) (40)، والترمذي (3254)، والطبري 25/111 و112، والبغوي في " تفسيره " 4/149 من طرق عن الأعمش، عن أبي الضحى، به . وأخرج البخاري (4767) في تفسير سورة الفرقان: باب (فسوف يكون لزاماً)، و (4820) في تفسير سورة الدخان: باب (فارتقب يوم تأتي السماء بدخان مبين)، ومسلم (2798) (41)، والطبري 25/112، والبيهقي في " الدلائل " 2/327 من طرق عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَن ابن مسعود قال: خمس قد مَضَين: الدخان، والقمر، والروم، والبطشة، واللزام (فسوف يكون لزاماً)

الرَّحِمِ، وَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا مِنْ جُوعٍ، فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ، قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ) (الدخان: 10)، (يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنْتَقِمُونَ) (الدخان: 16)، فَالْبَطْشَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَقَدْ مَضَى آيَةُ الدُّخَانِ، وَالْبَطْشَةِ وَاللِّزَامِ وَالرُّومِ

مسروق بیان کرتے ہیں۔ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ وہ ہمارے درمیان لیٹے ہوئے تھے ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا کندہ کے دروازوں کے پاس ایک واعظ تقریر کرتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا کہ دھوئیں کی نشانی (جس کا ذکر قرآن میں ہوا ہے) وہ عنقریب آئے گی اور کفار کی سانسوں کو اپنی گرفت میں لے گی' اور اہل ایمان کو اس کے ذریعے زکام جیسی کیفیت محسوس ہوگی' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ غصے کے عالم میں سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ انہوں نے فرمایا: اے لوگو اللہ سے ڈرو۔ تم میں سے جس شخص کو کسی چیز کا علم ہو وہ اس کے مطابق بات بیان کردے جسے علم نہ ہو' تو وہ یہ کہہ دے اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے' کیونکہ تم میں سے زیادہ بڑا عالم وہ شخص ہے' جو اس چیز کے بارے میں' جس کا اسے علم نہیں ہے' یہ کہہ دے کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی سے یہ فرمایا تھا ''تم یہ فرما دو! میں اس پر تم سے اجر نہیں مانگتا اور نہ ہی میں بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں''۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لوگوں کا (اسلام قبول کرنے سے) پیٹھ پھیرنا دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔

''اے اللہ! ان پر حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی قحط سالی مقرر کردے'' تو ان لوگوں کو قحط سالی نے اپنی گرفت میں لے لیا' یہاں تک کہ وہ مردار اور کھالیں کھانے لگے۔ ان میں سے کوئی ایک شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا تو اسے دھواں نظر آتا تھا۔ ابوسفیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ تو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کا حکم دینے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ صلہ رحمی کرنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ جب کہ آپ کی قوم کے افراد بھوک کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اس دن کا انتظار کرو جب آسمان واضح دھواں لے آئے گا''۔

(ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''جس دن ہم سخت پکڑ کریں گے بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں''۔

تو یہاں پکڑ سے مراد غزوۂ بدر کا موقع ہے' جبکہ دھوئیں' پکڑ' لزام اور اہل روم سے متعلق نشانیاں پہلے گزر چکی ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَسْتَعِينُ الْمَرْءُ بِهِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَى قِتَالِ اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ عِنْدَ الْتِقَاءِ الصَّفَّيْنِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کو اللہ کے دشمن کافروں سے جنگ کرنے کے لیے اپنے پروردگار سے مدد مانگنی چاہیے اس وقت جب دو صفیں آمنے سامنے ہوں

4765 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى اِسْرَائِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ قَيْسٍ، حَدَّثَهُ

(متن حدیث):أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا أَصَابَ قَوْمًا، قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر حملہ کرتے تھے تو یہ دعا مانگتے تھے۔

''اے اللہ ہم ان کے مقابلے میں تجھے (اپنا مددگار) بناتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ أَنْ يَسْتَنْصِرَ بِاللهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ قِتَالِ أَعْدَاءِ اللهِ وَإِنْ كَانَ فِي الْمُسْلِمِينَ قِلَّةٌ

اس بات کا تذکرہ! امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اللہ کے دشمنوں سے جنگ کے وقت اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے اگرچہ مسلمانوں کی تعداد تھوڑی ہو

4766 - (سند حدیث):أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِيَاضٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):شَهِدْتُ الْيَرْمُوكَ، وَعَلَيْهَا خَمْسَةُ أُمَرَاءَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَيَزِيدُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، وَشُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ، وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَعِيَاضٌ، - وَلَيْسَ عِيَاضٌ صَاحِبَ الْحَدِيثِ الَّذِي يُحَدِّثُ سِمَاكٌ عَنْهُ -، قَالَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِ إِذَا كَانَ قِتَالٌ فَعَلَيْكُمْ أَبُو عُبَيْدَةَ قَالَ: فَكَتَبْنَا إِلَيْهِ، أَنْ قَدْ جَاشَ إِلَيْنَا الْمَوْتُ، وَاسْتَمْدَدْنَاهُ، فَكَتَبَ إِلَيْنَا أَنَّهُ قَدْ جَاءَنِي كِتَابُكُمْ تَسْتَمِدُّونِي، وَإِنِّي أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا هُوَ أَعَزُّ نَصْرًا وَأَحْصَنُ جُنْدًا اللهُ فَاسْتَنْصِرُوهُ، فَإِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نُصِرَ بِأَقَلَّ مِنْ عَدَدِكُمْ، فَإِذَا أَتَاكُمْ كِتَابِي، فَقَاتِلُوهُمْ وَلَا تُرَاجِعُونِي، قَالَ: فَقَاتَلْنَاهُمْ فَهَزَمْنَاهُمْ، وَقَتَلْنَاهُمْ أَرْبَعَ فَرَاسِخَ وَأَصَبْنَا أَمْوَالًا فَتَشَاوَرُوا فَأَشَارَ عَلَيْهِمْ عِيَاضٌ عَنْ كُلِّ رَأْسٍ عَشْرَةٌ، وَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ: مَنْ يُرَاهِنُنِي؟، فَقَالَ شَابٌّ: أَنَا إِنْ لَمْ تَغْضَبْ، قَالَ: فَسَبَقَهُ، فَرَأَيْتُ عَقِيصَتَيْ أَبِي عُبَيْدَةَ تَنْقُزَانِ، وَهُوَ خَلْفَهُ عَلَى فَرَسٍ عَرَبِيٍّ

4765- إسناده صحيح، إسحاق بن إبراهيم بن أبي إسرائيل، كذا ذكره المؤلف هنا، وفي " الثقات " 8/116: إسحاق بن إبراهيم بن كامجر بن أبي إسرائيل! وفي " تهذيب الكمال " 2/398: إسحاق بن أبي إسرائيل، واسمه إبراهيم بن كامجر المروزي، روى له أبو داؤد والنسائي والبخاري في " الأدب المفرد "، ووثقه ابن معين والدارقطني وأبو القاسم البغوي وغيرهم، ولا يلتفت إلى تضعيف من ضعفه لمسألة الوقف على أنه قد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد 4/414-415، وأبو داؤد (1537) في الصلاة: باب ما يقول إذا خاف قوماً، والنسائي في " اليوم والليلة " (601)، وفي " الكبرى " كما في " التحفة " 6/465، والحاكم 2/142، والبيهقي 5/253 من طرق عن معاذ بن هشام، بهذا الإسناد وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 4/414، والبيهقي 5/253 من طريقين عن عمران، عن قتادة، به .

۞ عیاض اشعری بیان کرتے ہیں: میں جنگ یرموک میں شریک ہوا ہوں۔ اس میں پانچ امیر تھے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ' حضرت یزید بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ' حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور حضرت عیاض رضی اللہ عنہ یہ وہ والے عیاض نہیں ہیں جو اس روایت کو بیان کر رہے ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب لڑائی شروع ہو' تو ابوعبیدہ تمہارے امیر ہوں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ ہمیں موت نے گھیر لیا ہے ہم نے ان کی مدد مانگی' تو انہوں نے ہمیں جوابی خط لکھا کہ تمہارا خط میرے پاس آیا ہے' جس میں تم نے مدد مانگی ہے۔ میں تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف کرتا ہوں جو مدد کے لیے زیادہ فائدہ مند ہے۔ جو لشکر کے لیے زیادہ حفاظت کا باعث ہے وہ اللہ کی ذات ہے تم اس سے مدد مانگو' کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کی گئی تھی اور تم سے کم تعداد کے ہمراہ کی گئی جب تمہارے پاس میرا مکتوب آئے' تو تم ان کے ساتھ لڑائی کرو اور تم دوبارہ مجھے نہ کہنا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے کفار کے ساتھ جنگ کی اور ہم نے انہیں پسپا کر دیا۔ چار فرسخ تک ہم انہیں قتل کرتے رہے ہمیں بہت سے اموال بھی ملے۔

ان لوگوں نے مشورہ کیا' تو حضرت عیاض رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ ہر آدمی کی طرف سے دس ہوں۔

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کون شخص میری مدد کرے گا؟ ایک نوجوان نے کہا: میں اگر آپ غصہ نہ کریں۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو وہ ان سے آگے نکل گئے' تو میں نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے کندھوں کو حرکت کرتے ہوئے دیکھا وہ ایک عربی گھوڑے پر اس کے پیچھے تھے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الِانْتِصَارِ بِضُعَفَاءِ الْمُسْلِمِينَ عِنْدَ قِيَامِ الْحَرْبِ عَلٰى سَاقٍ

جب جنگ بھڑک چکی ہو اس وقت کمزور مسلمانوں کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

4767 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

لاتعلقی اختیار کی اور ان سے کبھی بات نہیں کی۔ ان کا انتقال نبی اکرم ﷺ کے وصال کے 6 ماہ بعد ہوا۔ جب ان کا انتقال ہوگیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں رات کے وقت ہی دفن کر دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع نہیں دی۔ ان کی نمازِ جنازہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی زندگی میں لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مل لیتے تھے لیکن جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوگیا تو لوگوں کی توجہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہٹ گئی اور لوگ ان کے لئے اجنبی ہو گئے۔ اس بات نے انہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کرنے' اور ان کی بیعت کرنے کی طرف مائل کیا۔ ان (6) مہینوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت نہیں کی تھی۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا۔ آپ ہمارے ہاں آئیں' لیکن آپ کے ساتھ کوئی نہ آئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ بات پسند نہیں تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے ہمراہ ہوں' کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مزاج کی سختی سے واقف تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر سے کہا: اللہ کی قسم! آپ اکیلے ان لوگوں کے ہاں نہیں جائیں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ مجھے کچھ نہیں کہیں گے۔ اللہ کی قسم! میں ان کے پاس ضرور جاؤں گا۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمۂ شہادت پڑھا' اور پھر یہ کہا: اے ابوبکر! آپ کی فضیلت اور جو (خصوصیات) اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہیں' ہم ان سے واقف ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو بھلائی عطا کی ہے' ہم اس کا انکار نہیں کرتے' لیکن حکومت کے معاملے میں آپ نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے۔ ہماری یہ رائے ہے کہ ہم اس کا حق رکھتے ہیں' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اپنی قرابت اور اپنے حق کا تذکرہ کیا۔ وہ مسلسل بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بات شروع کی تو انہوں نے کہا: ''اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' نبی اکرم ﷺ کے رشتہ داروں (کے ساتھ اچھا سلوک کرنا) مجھے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ جہاں تک اس معاملے کا تعلق ہے جو ان صدقات کے حوالے سے میرے اور آپ کے درمیان اختلاف ہوا تو میں نے ان کے بارے میں بھلائی کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کی۔ میں نے ان کے بارے میں کوئی ایسا نہیں کام ترک نہیں کیا' جو میں نے نبی اکرم ﷺ کو ان کے بارے میں کرتے ہوئے دیکھا' میں نے وہی کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: بیعت کے لئے آپ سے شام کو ملاقات ہوگی۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز ادا کر لی تو وہ منبر پر چڑھے' انہوں نے کلمۂ شہادت پڑھا۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیعت نہ کرنے کے معاملے اور ان کے عذر کا ذکر کیا' اور پھر کلمہ استغفار پڑھا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عظمت کا اعتراف کیا اور اس بات کا ذکر کیا کہ انہوں نے جو کچھ کیا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی ناراضگی یا ان کی اس فضیلت کے انکار کی وجہ سے نہیں تھا' جو فضیلت اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کی ہے۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی:) ہم یہ سمجھتے ہیں حکومت میں ہمارا حصہ ہونا چاہیے تھا اور انہوں نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے' اس کی وجہ سے ہمیں ناراضگی تھی۔ (لیکن اب میں بیعت کر رہا ہوں)

اس پر مسلمان بہت خوش ہوئے' انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے ٹھیک کیا ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے درست موقف کی طرف رجوع کر لیا تو مسلمان پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قریب ہو گئے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ الْقِسْمَةُ فِي ذَوِي الْقُرْبٰى مِنَ السَّهْمِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس بات کا تذکرہ امام پر یہ بات لازم ہے جس حصے کا ہم نے ذکر کیا ہے اس میں سے تقسیم کرتے ہوئے رشتہ داروں میں بھی تقسیم کرے

4824 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ،

(متن حدیث): اَنَّ نَجْدَةَ الْحَرُوْرِيَّ خَرَجَ فِيْ فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، اَرْسَلَ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهُ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى لِمَنْ هُوَ؟ فَقَالَ: هُوَ لِاَقْرِبَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَسَمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ، وَقَدْ كَانَ عُمَرُ عَرَضَ عَلَيْنَا مِنْهُ عَرَضًا رَاَيْنَاهُ دُوْنَ حَقِّنَا، فَرَدَدْنَا عَلَيْهِ وَاَبَيْنَا اَنْ نَقْبَلَهُ، فَكَانَ عَرَضَ عَلَيْهِمْ اَنْ يُعِيْنَ نَاكِحَهُمْ، وَاَنْ يَقْضِيَ عَنْ غَارِمِهِمْ وَاَنْ يُعْطِيَ فَقِيْرَهُمْ وَاَبٰى اَنْ يَزِيْدَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ

❀❀ یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی آزمائش کے زمانے میں نجدہ حروری نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا اور ان سے یہ دریافت کیا: ذوی القربیٰ کا مخصوص حصہ کسے ملے گا؟ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کو ملے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ حصہ ان میں ہی تقسیم کرتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ حصہ ہمیں پیش کیا تھا جس کے بارے میں ہماری یہ رائے تھی کہ یہ ہمارے حق سے کم ہے تو ہم نے اسے واپس کر دیا اور اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ ان رشتہ داروں کو اس حصہ میں سے پیش کش کرتے تھے کہ نکاح کرنے والے کی مدد کر دیتے ہیں یا تاوان ادا کرنے والے کی طرف سے ادائیگی کر دیتے ہیں یا غریب شخص کو دے دیتے ہیں لیکن انہوں نے مزید ادائیگی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

4824– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن هرمز، فمن رجال مسلم . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وعثمان بن عمر: هو ابن فارس العبدي، وهو في "مسند أبي يعلى" (2739) .وأخرجه أحمد 1/320، والنسائي 7/128–129 في قسم الفيء، من طريق عثمان بن عمر، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد (2982) في الخراج والإمارة: باب في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي القربى، والبيهقي 6/344 من طريقين عن يونس بن يزيد، بِهِ .وأخرجه النسائي 7/128، وأبو يعلى (2550)، والطحاوي 3/235، والبيهقي 3/253، من طريقين عن الزهري، بِهِ .وأخرجه الشافعي 2/122–123، وأحمد 1/308، ومسلم (1812) (137) و (138) في الجهاد: باب النساء الغازيات يرضخ لهن ولا يسهم، والنسائي 7/129، وأبو يعلى (2550)، والبيهقي 6/345، والبغوي (2723) من طريق أبي جعفر محمد بن علي، وأحمد 1/248 و 294، والطحاوي 3/235، والبيهقي 6/332 من طريق قيس بن سعد، كلاهما عن يزيد، بِهِ . وأخرجه أحمد 1/224، وأبو يعلى (2630) من طريق عطاء بن أبي رباح، عن أبي عباس .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا غَنِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ اَمْوَالِ اَهْلِ الْحَرْبِ يُخَمَّسُ خَلَا مَا يُؤْكَلُ مِنْهَا لِقُوتِهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اہل حرب کے اموال میں سے مسلمانوں کو جو غنیمت حاصل ہوتی ہے

اس میں سے خمس نکالا جائے گا تاہم مسلمان وہاں جو کچھ کھاتے ہیں اس میں سے خمس نہیں لیا جائے گا

4825 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَّهَ جَيْشًا فَغَنِمُوا طَعَامًا وَعَسَلًا، فَلَمْ يُخَمِّسْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی انہیں مال غنیمت میں اناج اور شہد ملا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے خمس وصول نہیں کیا۔

ذِكْرُ مَا اَبَاحَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اَخْذَ الْخُمُسِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَنَائِمِ الْمُشْرِكِينَ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لیے مشرکین کے مال غنیمت میں سے خمس کو لینے کو مباح قرار دیا ہے

4826 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُو هُرَيْرَةَ فَذَكَرَ اَحَادِيثَ مِنْهَا، قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَاِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ، ثُمَّ

4825– حديث صحيح، ابن أبي السرى –وهو محمد بن المتوكل بن عبد الرحمٰن– قد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. عبد الله بن عمر: هو ابن حفص بن عاصم . وأخرجه أبو داؤد (2701) في الجهاد: باب في إباحة الطعام في أرض العدو، والطبراني في " الكبير " 12/ (13372)، والبيهقي 9/59 من طريق إبراهيم بن حمزة الزبيري، عن أنس بن عياض، عن عبيد الله، بهذا الاسناد .وأخرجه البيهقي 9/59–60 من طريق عثمان بن الحكم الجذامي، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ مرسلاً .

4826– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في " مسند أحمد " 2/317، ومن طريقه أخرجه مسلم (1756) في الجهاد: باب حكم الفيء، وأبو داؤد (3036) في الخراج: باب في إيقاف أرض السواد وأرض العنوة .وأخرجه مسلم (1756) من طريق محمد بن رافع، والبيهقي 6/318، والبغوي (2719) من طريق أحمد بن يوسف السلمي كلاهما عن عبد الرزاق، به .وأخرجه البيهقي 9/119 من طريق قراد أبي نوح، عن المُرَجَّى بن رجاء، عن أبي سلمة، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هريرة .

هِيَ لَكُمْ

❀❀ ہمام بن منبہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ حدیثیں بیان کی تھیں' پھر انہوں نے کچھ روایات ذکر کیں' جن میں ایک روایت یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو بھی بستی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتی ہے' اس کے (مالِ غنیمت میں سے) خمس اللہ اور اس کے رسول کو ملے گا اور پھر وہ تمہیں ملے گا''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اِعْطَاءُ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ خُمُسِ الْخُمُسِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ خمس کے پانچویں حصے میں سے مؤلفۃ القلوب کو بھی کچھ دے

4827 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ، بِالْاُبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ اَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ، مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى اَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ التَّمِيمِيَّ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى عُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ الْفَزَارِيَّ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى الْعَبَّاسَ بْنَ مِرْدَاسٍ دُوْنَ ذٰلِكَ، فَاَنْشَاَ يَقُوْلُ جَعَلْتَ نَهْبِي، وَنَهْبَ الْعَبِيدِ بَيْنَ عُيَيْنَةَ، وَالْاَقْرَعِ

❀❀ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان بن حرب کو ایک سو اونٹ دیئے۔ آپ نے اقرع بن حابس تمیمی کو ایک سو اونٹ دیئے۔ آپ نے عیینہ بن حصن فزاری کو ایک سو اونٹ دیئے۔ آپ نے عباس بن مرداس کو اس سے کم اونٹ دیئے تو اس نے یہ شعر کہا:

''آپ نے میرا اور غلام کا حصہ عیینہ اور اقرع کے درمیان رکھا ہے''۔

4827– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبدة وعمر بن سعيد بن مسروق، فمن رجال مسلم، سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه مسلم (1060) (138) في الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على الإسلام، والبيهقي في " السنن " 7/17، عن أحمد بن عبدة الضبي، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي (412)، ومسلم (1060) (137) و (138)، والبيهقي في " السنن " 7/17، وفي " الدلائل " 5/178 من طرق عن سفيان بن عيينه، به . وليس فيها كلها ذكر لأبي سفيان بن الحارث، بل زاد بعضهم فيه: صفوان بن أمية، وعلقمة بن عُلاثة، ومالك بن عوف .

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يُعْطِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَلَّفَةَ قُلُوْبُهُمْ مَا وَصَفْنَا

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ مؤلفۃ القلوب کو وہ عطیات دیتے تھے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

4828 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَسْرُوْقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقَدْ اَعْطَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَاِنَّهُ لَمِنْ اَبْغَضِ النَّاسِ اِلَيَّ فَمَا زَالَ يُعْطِيْنِيْ حَتّٰى اِنَّهُ لَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَيَّ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم ﷺ نے مجھے (مال) عطا کیا۔ پہلے آپ میرے نزدیک ناپسندیدہ ترین شخصیت تھے۔ آپ مجھے مسلسل (عطیات) دیتے رہے یہاں تک کہ آپ میرے نزدیک مخلوق میں سب سے زیادہ پسندیدہ ہو گئے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِعْطَاءُ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ مِنْ خُمْسِ خُمْسِهٖ وَاِنْ اُسْمِعَ فِيْ ذٰلِكَ مَا يَكْرَهُ

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ مؤلفۃ القلوب کو اپنے خمس میں سے پانچویں حصے میں سے ادائیگی کرے اگرچہ اسے اس بارے میں ایسی بات سننی پڑے جو ناپسندیدہ ہو

4829 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ،

4828– حديث صحيح، مسروق بن المرزبان روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات "، وقال صالح بن محمد: صدوق، وقال أبو حاتم: ليس بالقوى يكتب حديثه، قلت: وقد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 3/401 و 6/465، والترمذي (666) في الزكاة: باب ما جاء في إعطاء المؤلفة قلوبهم، من طريقين عن ابن المبارك، بهذا الإسناد .وقد سقط من إسناد أحمد في المطبوع من " المسند " 3/401: " عن ابن المبارك، عن يونس، عن الزهري " واستدرك من 6/465 .وأخرجه مسلم (2313) في الفضائل: باب ما سئل رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئاً قطُّ فقال: لا، والبيهقي 7/19 .

4829– إسناده صحيح على شرط الشيخين .جرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وأبو وائل هو شقيق بن سلمة .وأخرجه مسلم (1062) (140) في الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على الإسلام، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (3150) في فرض الخمس: باب ما كان النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس، و (4336) في المغازي: باب غزوة الطائف، ومسلم (1062) (140) من طريق جرير، به .وأخرجه أحمد 1/411 و 441، والبخاري (3405) في الأنبياء : باب حديث الخضر مع موسى عليهما السلام، و (4335)، و (6059) في الأدب: باب من أخبر صاحبه بما يقال فيه، و (6100) : باب الصبر في الأذى، و (6291) .

قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ آثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا فِي الْقِسْمَةِ، فَاَعْطَى الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى عُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ مِثْلَ ذٰلِكَ، وآثَرَ نَاسًا مِنْ اَشْرَافِ الْعَرَبِ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَاللّٰهِ اِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ، مَا عُدِلَ فِيهَا، وَمَا اُرِيْدَ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: لَاُخْبِرَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: فَمَنْ يَعْدِلُ، اِذَا لَمْ يَعْدِلِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ، قَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسٰى، قَدْ اُوْذِيَ بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ، فَقُلْتُ: لَا جَرَمَ لَا اَرْفَعُ اِلَيْهِ بَعْدَهَا حَدِيثًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (مالِ غنیمت) تقسیم کرتے ہوئے کچھ لوگوں کو ترجیح دی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اقرع بن حابس کو ایک سو اونٹ دیئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیینہ بن حصن کو بھی اتنے ہی (اونٹ) دیئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ عرب سرداروں کو ترجیحی طور پر (زیادہ) ادائیگی کی، تو ایک شخص نے کہا: اللہ کی قسم! اس تقسیم میں انصاف سے کام نہیں لیا گیا اور اس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا خیال نہیں رکھا گیا۔ (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ضرور بتاؤں گا، میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک متغیر (یعنی غصہ کی وجہ سے سرخ) ہو گیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہی انصاف سے کام نہیں لیں گے تو پھر کون انصاف سے کام لے گا؟

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ، حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے، انہیں اس سے زیادہ ایذاء پہنچائی گئی، لیکن انہوں نے صبر سے کام لیا۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے طے کیا: اب میں کبھی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک (اس نوعیت کی) کوئی بات نہیں پہنچاؤں گا۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْاِمَامِ مِنْ فَكِّ رَقَبَةِ مَنْ تَحَمَّلَ بِحَمَالَةِ الْمُسْلِمِينَ مِنْ خُمُسِ خُمُسِهِ

اس بات کا تذکرہ، امام کے لیے یہ بات لازم ہے، وہ اپنے خمس کے پانچویں حصے میں سے اس شخص کی طرف سے ادائیگی کرے جس نے مسلمانوں کی کوئی ادائیگی اپنے ذمے لازم کی ہو

4830 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ رِئَابٍ، عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً عَنْ قَوْمِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً عَنْ قَوْمِي،

4830– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر الحديث رقم (3395) و (3396) .

فَاَعِنِّیْ فِیْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ نَحْمِلُهٗ عَنْكَ، قَالَ هِیَ لَكَ، فِیْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، اِذَا جَاءَ تْ، ثُمَّ قَالَ: یَا قَبِیْصَةُ بْنَ مُخَارِقٍ، اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ، اِلَّا لِاِحْدٰی ثَلَاثٍ رَجُلٍ، تَحَمَّلَ حَمَالَةً عَنْ قَوْمِهٖ اِرَادَةَ الْاِصْلَاحِ، فَسَاَلَ حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اُمْنِیَّتَهٗ اَمْسَكَ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ، فَشَهِدَ لَهٗ ثَلَاثَةٌ، مِنْ ذَوِی الْحِجَا مِنْ قَوْمِهٖ، حَتّٰی اِذَا اَصَابَ قِوَامًا، اَوْ سِدَادًا اَمْسَكَ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ، فَسَاَلَ حَتّٰی اِذَا اَصَابَ قِوَامًا، اَوْ سِدَادًا اَمْسَكَ، وَمَا سِوٰی ذٰلِكَ یَا قَبِیْصَةُ، مِنَ الْمَسْاَلَةِ سُحْتٌ، قَالَهَا ثَلَاثًا

✿✿ حضرت قبیصہ بن مخارق ہلالی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنی قوم (کے ذمہ لازم) ایک ادائیگی اپنے ذمہ لے لی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اپنی قوم کی طرف سے ایک ادائیگی اپنے ذمہ لے لی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں میری مدد کیجئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری یہ ادائیگی ہم اپنے ذمہ لیتے ہیں' جب صدقہ کے اونٹ آئیں گے تو تمہیں یہ (رقم یا ادائیگی کی چیز) مل جائے گی۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے قبیصہ بن مخارق! مانگنا کسی کے لیے بھی جائز نہیں ہے صرف تین قسم کے لوگوں میں کسی ایک کے لیے مانگنا جائز ہے۔ ایک وہ شخص جو بھلائی کے ارادے کے ساتھ اپنی قوم کی طرف سے کوئی ادائیگی اپنے ذمہ لے' وہ مانگ سکتا ہے' یہاں تک کہ جب اس کی ضرورت پوری ہو جائے' تو وہ (مانگنے سے) رک جائے۔ ایک وہ شخص جسے فاقہ لاحق ہو اور اس کی قوم کے تین تجربہ کار افراد اس کے حق میں گواہی دیں' (تو وہ شخص مانگ سکتا ہے) یہاں تک کہ جب اس کی ضروریات کا سامان دستیاب ہو جائے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) تو وہ (مانگنے سے) رک جائے۔ ایک وہ شخص جس (کی زرعی پیداوار) کو کوئی آفت لاحق ہو جائے' تو وہ مانگ سکتا ہے' یہاں تک کہ جب اس کی ضروریات کا سامان دستیاب ہو جائے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) تو وہ مانگنے سے رک جائے۔

اے قبیصہ! اس کے علاوہ جو بھی مانگنا ہو' وہ حرام ہوگا۔

یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اَنْ یُّسْهِمَ الْمَمَالِیكَ مِنْ خُمُسِ خُمُسِهٖ اِذَا شَهِدُوْا الْحَرْبَ وَالْقِتَالَ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے خمس کے پانچویں حصے میں سے غلاموں کو بھی حصہ دیں جب وہ جنگ اور لڑائی میں شریک ہوئے ہوں

4831 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَیْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ عُمَیْرٍ، مَوْلٰی اَبِی اللَّحْمِ قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ حُنَیْنًا وَاَنَا عَبْدٌ مَمْلُوْكٌ، فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَهْمِی، فَاَعْطَانِیْ سَیْفًا، وَقَالَ: تَقَلَّدْهُ، وَاَعْطَانِیْ مِنْ خُرْثِیِّ الْمَتَاعِ

❁❁ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں غزوۂ حنین میں شریک ہوا' میں ایک غلام تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مالِ غنیمت میں سے) میرا حصہ؟ تو نبی اکرم ﷺ نے مجھے ایک تلوار عطا کی اور فرمایا: اسے تم گلے میں لٹکا لو۔ اس کے علاوہ آپ ﷺ نے مجھے عام سا کچھ ساز و سامان بھی عطا کیا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّنَفِّلَ مِنْ خُمُسِهِ اَصْحَابَ السَّرَايَا فَضْلًا عَلٰى حِصَصِهِمْ مِنَ الْغَنِيمَةِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے خمس میں سے جنگ میں حصہ لینے والوں کو مزید عطیہ دے جو مالِ غنیمت میں ان کے حصہ کے علاوہ ہو

4832 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا بُرْدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ بَعْثًا وَكُنْتُ فِيهِمْ، فَغَنِمْنَا، فَاَصَابَنِي مِنَ الْقَسْمِ ثِنْتَا عَشْرَةَ نَاقَةً، ثُمَّ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَنَا بَعْدَ ذٰلِكَ نَاقَةً، نَاقَةً

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک مہم روانہ کی۔ میں بھی اس میں شریک تھا' ہمیں مالِ غنیمت حاصل ہوا تو تقسیم کرتے ہوئے میرے حصہ میں بارہ اونٹنیاں آئیں' پھر اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے ہمیں مزید ایک' ایک اونٹنی عطا کی۔

4831- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، ومحمد بن زيد: هو ابن مهاجر بن قنفذ .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/406، والدارمي 2/226، وابن الجارود (1087) من طرق عن حفص بن غياث، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي (1215)، وعبد الرزاق (9454)، وابن أبي شيبة 12/406، وابن سعد 2/114، وأحمد 5/223، وأبو داوُد (2730) في الجهاد: باب في المرأة والعبد يحذيان من الغنيمة، والترمذي (1557) في السير: باب هل يُسهم للعبد، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 8/208، وابن ماجه (3855) في الجهاد: باب العبيد والنساء يشهدون مع المسلمين، والطبراني /17 (131) و (132) و (133)، والحاكم 2/131، والبيهقي 9/31 .

4832- إسناده قوي، برد بن سنان روى له البخاري في " الأدب المفرد " وأصحاب السنن، ووثقه ابن معين، وقال أبو زرعة وأبو حاتم: صدوق، وقال النسائي: لا بأس به، وقال علي بن المديني: ضعيف، وقد توبع، وباقي رجاله على شرط الشيخين .وأخرجه الطبراني /12 (13426) من طريق إسماعيل بن عياش، عن برد بن سنان، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن نافع: عبد الرزاق (9335) و (9336)، وأحمد 2/10 و55 و 62 و 80، والبخاري (4338) في المغازي: باب السرية التي قبل نجد، ومسلم (1749) (37) في الجهاد والسير: باب الأنفال، وأبو داوُد (2741) و (2742) و (2743) و (2745) في الجهاد: باب في نفل السرية تخرج من العسكر، وابن الجارود (1074)، والطبراني /12 (13426)، والبيهقي 6/312 و 312-313، وسعيد بن منصور (2704) .وأخرجه البيهقي 6/313 من طريق عبد الله بن رجاء، عن يونس، عن الزهري، عن سالم، عن أبيه، بلفظ: " بعثنا رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في سرية فبلغت سهماننا كذا وكذا ونفلنا رسول الله . . . ." وانظر الحديثين الآتيين .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّنَفِّلَ السَّرِيَّةَ اِذَا خَرَجَتْ شَيْئًا مَعْلُوْمًا مِنْ خُمُسِ الْخُمُسِ سِوٰى سُهْمَانِهِمُ الَّتِىْ قُسِمَتْ عَلَيْهِمْ مِمَّا غَنِمُوْا

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ کسی مہم کو اضافی عطیات دے

جب خمس کے پانچویں حصے میں سے کوئی متعین چیز نکلی ہو اور یہ عطیات ان لوگوں کے تقسیم کے دوران ملنے والے حصے کے علاوہ ہوں

4833 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ سَرِيَّةً فِيْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قِبَلَ نَجْدٍ، فَغَنِمُوْا اِبِلًا كَثِيْرًا، فَكَانَتْ سُهْمَانُهُمُ اثْنَیْ عَشَرَ بَعِيْرًا، وَنُفِّلُوْا بَعِيْرًا، بَعِيْرًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک مہم روانہ کی جس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی شریک ہوئے۔ ان لوگوں کو مال غنیمت میں بہت سے اونٹ ملے تو ان میں سے ہر ایک کے حصہ میں بارہ اونٹ آئے اور (ان میں سے ہر ایک کو) مزید ایک ایک اونٹ کی ادائیگی بھی کی گئی۔

ذِكْرُ تَرْكِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْفِعْلَ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس فعل کو ترک کرنے کا تذکرہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

4834 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ فِيْهِمُ ابْنُ عُمَرَ، وَاَنَّ سُهْمَانَهُمْ بَلَغَتِ اثْنَیْ عَشَرَ بَعِيْرًا، ثُمَّ نُفِّلُوْا سِوٰى ذٰلِكَ بَعِيْرًا، بَعِيْرًا، فَلَمْ يُغَيِّرْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک مہم روانہ کی جس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی شریک ہوئے تو ان میں سے ہر ایک کے حصہ میں بارہ اونٹ آئے اور پھر ان (میں سے ہر ایک) کو ان کے علاوہ بھی

4833– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو فى " الموطأ " 2/450 فى الجهاد: باب جامع النفل فى الغزو، ولفظه: " . . . فكان سهمانهم اثنى عشر بعيراً أو أحد عشر بعيراً، ونُفِّلوا بعيراً " ومن طريقه أخرجه أحمد 2/62 و 112 والدارمى 2/228، والبخارى (3134) فى فرض الخمس: باب ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين ما سأل هوازن النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ومسلم (1749) (35)، وأبو داوُد (2744)، والبيهقى 6/312، والبغوى (2726) . وانظر الحديث السابق والآتى .

4834– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسى .وأخرجه مسلم (1749) (36)، وأبو داوُد (2744)، والبيهقى 6/312 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد . وانظر الحديثين السابقين .

ایک ایک اونٹ دیا گیا۔

نبی اکرم ﷺ نے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّنَفِّلَ السَّرِيَّةَ اِذَا خَرَجَتْ عِنْدَ الْبَعْثِ الشَّدِيْدِ فِي الْبُدَاةِ وَالرَّجْعَةِ شَيْئًا مَعْلُومًا مِنْ خُمُسٍ خُمُسِهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ کسی جنگی مہم (کے افراد) کو خمس کے پانچویں حصے میں سے کوئی متعین چیز انعام کے طور پر دے جب وہ مہم شدید لڑائی میں شریک ہوئی ہو اور یہ ادائیگی آغاز میں کرے یا واپسی پر کرے

4835 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَيْرٍ النَّحَّاسُ عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ مُوْسٰى، يَذْكُرَانِ النَّفَلَ فَقَالَ عَمْرٌو: لَا نَفَلَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسَى: شَغَلَكَ اَكْلُ الزَّبِيبِ بِالطَّائِفِ، حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ اللَّخْمِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَفَّلَ فِي الْبُدَاةِ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ، وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

✿✿ رجاء بن ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: میں نے عمرو بن شعیب اور سلیمان بن موسیٰ کو (مالِ غنیمت میں سے) نفلی ادائیگی کے بارے بات چیت کرتے ہوئے سنا۔ عمرو نے کہا: نبی اکرم ﷺ کے بعد (مالِ غنیمت میں سے) کوئی نفلی ادائیگی نہیں کی جاسکتی۔

اس پر سلیمان بن موسیٰ نے کہا: آپ طائف میں کشمش کھانے میں ہی مصروف رہے (اور علم حاصل نہ کرسکے)

مکحول نے زیاد بن جاریہ لخمی کے حوالے سے حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے۔

''نبی اکرم ﷺ نے آغاز میں خمس کے بعد چوتھائی حصہ نفلی طور پر عطا کیا تھا اور واپسی پر خمس کے بعد تہائی حصہ عطا کیا تھا''۔

4835- إسناده حسن . ضمرة: هو ابن ربيعة الفلسطيني، وسليمان بن موسى: هو الأشدق، ومكحول: هو الشامي .وأخرجه الطبراني (3529) من طريق محمد بن أبي السرى، عن ضمرة بهذا الإسناد . وأخرجه ابن ماجه (2853) في الجهاد: باب النفل، من طريق أبي الحسين زيد بن الحباب، عن رجاء، به .وأخرجه أحمد 4/160، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 3/239، والطبراني (3528) و (3530)، والبيهقي 6/313 من طرق عن سليمان بن موسى، به .وأخرجه عبد الرزاق (9331) و (9333)، وأحمد 4/159 و 159- 160 و 160 وأبو داوُد (2748) و (2749) و (2750) في الجهاد: باب فيمن قال الخمس قبل النفل، وابن ماجه (2851)، وسعيد بن منصور (2701) و (2702)، وابن الجارود (1078) و (1079)، والطحاوي 3/240، والطبراني (3518) و (3519) و (3520) و (3521) و (3522) و (3523) و (3524) و (3525) و (3526) و (3527) و (3531)، والبيهقي 6/313 و 314، والحاكم 2/133 من طرق عن مكحول، به .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه الطبراني (3532) من طريق عطية بن قيس، عن زياد بن جارية، به .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّقُوْلَ عِنْدَ الْتِحَامِ الْحَرْبِ بِاَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ يَكُوْنُ لِقَاتِلِهِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ جنگ شروع ہونے کے وقت یہ کہہ دے: مقتول کا مال اس کے قاتل کو ملے گا

4836 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: مَنْ قَتَلَ كَافِرًا، فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا، وَاَخَذَ اَسْلَابَهُمْ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ضَرَبْتُ رَجُلًا عَلٰى حَبْلِ الْعَاتِقِ وَعَلَيْهِ دِرْعٌ، فَاُجْهِضْتُ عَنْهُ، فَقَالَ رَجُلٌ: اَنَا اَخَذْتُهَا، فَاَرْضِهِ مِنْهَا وَاَعْطِنِيْهَا، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يُسْاَلُ شَيْئًا، اِلَّا اَعْطَاهُ، اَوْ سَكَتَ، فَسَكَتَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: وَاللّٰهِ لَا يُفِيئُهَا اللّٰهُ عَلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسُدِهٖ، وَيُعْطِيكَهَا، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: صَدَقَ عُمَرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو' تو اس (کافر) کا ساز و سامان اسے مل جائے گا''۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن بیس آدمیوں کو قتل کیا تھا' انہوں نے ان سب کا ساز و سامان حاصل کر لیا' تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک کافر کے کندھے پر وار کیا' اس نے زرہ پہنی ہوئی تھی' تو ایک صاحب بولے: میں نے (اس مقتول کا) ساز و سامان لے لیا ہے' آپ انہیں اس سامان کی طرف سے راضی کر دیں' اور وہ سامان مجھے عطا کر دیں' (حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بھی کوئی چیز مانگی جاتی تھی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یا تو وہ چیز عطا کر دیتے تھے' یا خاموش رہتے تھے۔ اس وقت بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! ایسا نہیں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنے ایک شیر کو مال فے میں سے کچھ عطا کرے' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ تمہیں عطا کر دیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر نے ٹھیک کہا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِلْقَاتِلِ اِذَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مقتول کا مال قاتل کو اس وقت ملے گا جب اس کے لیے ثبوت موجود ہو

4837 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ

4836– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . عبد الله: هو ابن المبارك . وانظر الحديث رقم (4838) و (4841) وقوله: " فأجهضت عنه " أي: أعجلت عنه .

4837– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم (4805) .

مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ، مَوْلٰى اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ ثُمَّ السُّلَمِيِّ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَامَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، قَالَ: فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ فَاسْتَدْبَرْتُ لَهُ، حَتّٰى اَتَيْتُ مِنْ وَرَائِهِ، فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ ضَرْبَةً فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ، فَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِي ضَمَّةً وَجَدْتُ فِيْهَا رِيحَ الْمَوْتِ، ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِي، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقُلْتُ: مَا بَالُ النَّاسِ؟، فَقَالَ: اَمْرُ اللّٰهِ، قَالَ: ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ قَدْ رَجَعُوا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِي؟، ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا لَهُ، عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقُمْتُ، ثُمَّ قُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِي، ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّالِثَةَ، فَقُمْتُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ، قَالَ: فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيلِ عِنْدِي، فَاَرْضِهِ مِنِّي، فَقَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: لَاهَا اللّٰهِ، اِذًا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِنْ اُسُدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ، وَعَنْ رَسُوْلِهِ، فَيُعْطِيكَ سَلَبَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ فَاَعْطِهِ اِيَّاهُ، فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: فَاَعْطَانِيهِ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ، فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِي بَنِي سَلَمَةَ، فَاِنَّهُ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهُ فِي الْاِسْلَامِ

❀❀ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حنین کے سال ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' جب ہمارا (اور دشمن کا) سامنا ہوا (تو جنگ کے دوران) مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی' میں نے ایک مشرک کو دیکھا کہ وہ ایک مسلمان پر غالب آ چکا تھا' میں گھوم کر اس (مشرک کے) پیچھے آ گیا' میں نے اس کے کندھے پر ضرب لگا کر اس کی زرہ کاٹ دی' وہ میری طرف بڑھا اور اس نے مجھے اتنے زور سے بھینچا' کہ مجھے موت کی خوشبو محسوس ہوئی' لیکن پھر وہ مر گیا اور اس نے مجھے چھوڑ دیا' میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے ان سے کہا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اللہ کا حکم ہے۔

جب لوگ (اس جنگ سے) واپس آ گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا ہو' اور اس کا ثبوت بھی موجود ہو' تو مقتول کا ساز و سامان اس شخص کو ملے گا' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں کھڑا ہوا پھر میں نے سوچا' میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ تو میں بیٹھ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا' اور اس کا ثبوت بھی موجود ہو' تو اس مقتول کا ساز و سامان اسے ملے گا' میں کھڑا ہوا' پھر مجھے خیال آیا' میرے حق میں کون گواہی دے گا؟ میں پھر بیٹھ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہی بات ارشاد فرمائی تو میں کھڑا ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوقتادہ! کیا معاملہ ہے؟ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا واقعہ سنایا' تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے: یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں' اس مقتول کا ساز و سامان میرے پاس ہے' آپ انہیں میری طرف سے راضی کر دیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ کا ایک شیر' اللہ تعالیٰ اور

اس کے رسول کی طرف سے جنگ میں حصہ لے اور (نبی اکرم ﷺ) اس کا سامان تمہیں دے دیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم وہ اسے دے دو' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس نے وہ مجھے دے دیا' میں نے زرہ کو فروخت کر کے بنوسلمہ کے محلے میں کھجوروں کا باغ لے لیا' اسلام قبول کرنے کے بعد یہ وہ پہلی زمین تھی جو میں نے خریدی تھی۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ لَمْ يَاْخُذْ اَبُوْ قَتَادَةَ فِي الِابْتِدَاءِ سَلَبَ قَتِيلِهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے آغاز میں اپنے مقتول کا مال حاصل نہیں کیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

4838 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ هَوَازِنَ، جَاءَتْ يَوْمَ حُنَيْنٍ بِالشَّاءِ، وَالْاِبِلِ، وَالْغَنَمِ، فَجَعَلُوْهَا صَفَّيْنِ لِيُكْثِرُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَالْتَقَى الْمُسْلِمُوْنَ، وَالْمُشْرِكُوْنَ فَوَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ مُدْبِرِيْنَ، كَمَا قَالَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، فَهَزَمَ اللّٰهُ الْمُشْرِكِيْنَ وَلَمْ نَضْرِبْ بِسَيْفٍ وَلَمْ نَطْعَنْ بِرُمْحٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ: مَنْ قَتَلَ كَافِرًا فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا، وَاَخَذَ اَسْلَابَهُمْ فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ ضَرَبْتُ رَجُلًا عَلٰى حَبْلِ الْعَاتِقِ، وَعَلَيْهِ دِرْعٌ، فَاُعْجِلْتُ عَنْهُ اَنْ اٰخُذَهَا، فَانْظُرْ مَعَ مَنْ هِيَ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَخَذْتُهَا، فَاَرْضِهِ مِنِّيْ وَاَعْطِنِيْهَا، فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يُسْاَلُ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ، اَوْ سَكَتَ، فَقَالَ عُمَرُ: لَا يُفِيئُهَا اللّٰهُ عَلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِهِ، وَيُعْطِيكَهَا، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: صَدَقَ عُمَرُ، وَلَقِيَ اَبُوْ طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ، وَمَعَهَا خِنْجَرٌ، فَقَالَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ مَا هٰذَا مَعَكِ؟، قَالَتْ: اَرَدْتُ اِنْ دَنَا مِنِّيْ بَعْضُ الْمُشْرِكِيْنَ، اَنْ اَبْعَجَ بِهِ بَطْنَهُ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَا تَسْمَعُ مَا تَقُوْلُ اُمُّ سُلَيْمٍ؟، قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقْتُلُ بِهَا الطُّلَقَاءَ انْهَزَمُوْا بِكَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفٰى وَاَحْسَنَ

4838- إسناده صحيح، عبد الواحد بن غياث روى له أبو داؤد وهو صدوق، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الصحيح .وأخرجه الطيالسي (2079)، وأحمد 3/114 و 190 و 279 وابن أبي شيبة 14/524 و530، ومسلم (1809) في الجهاد: باب غزوة النساء مع الرجال، وأبو داؤد (2718) في الجهاد: باب في السلب يعطى القاتل، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 3/227، والحاكم 3/353، والبيهقي 6/306 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد مطولاً ومختصراً، وصحّحه الحاكم على شرط مُسلم، ووافقه الذهبي .وقد تقدم القسم الثاني من حديث أبي قتادة برقم (4805) . وانظر الحديث (4836) و (4841) .

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر ہوازن قبیلے کے لوگ بکریاں اور اونٹ لے آئے انہوں نے اپنی دو صفیں بنالیں تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ شدت سے حملہ کریں۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب مسلمانوں اور مشرکین کا سامنا ہوا تو (کچھ) مسلمان پیٹھ پھیر کر واپس پلٹ گئے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو پسپا کر دیا حالانکہ (ایسا) ہمارے تلوار کے ذریعے (انہیں) مارنے یا نیزے کے ذریعے زخمی کرنے کی وجہ سے نہیں ہوا تھا۔ اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو تو اس (کافر) کا ساز و سامان اسے ملے گا''۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن بیس آدمیوں کو قتل کیا تھا ان کا ساز و سامان انہوں نے حاصل کر لیا۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک کافر کی گردن پر وار کیا اس نے زرہ پہنی ہوئی تھی۔ (پھر وہ مارا گیا) میں اس کی زرہ حاصل نہیں کر سکا اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیں کہ وہ کس کے پاس ہے؟ تو ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ میں نے حاصل کر لی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میری طرف سے راضی کر دیں اور وہ (زرہ) مجھے عطا کر دیں۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت شریفہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی چیز مانگی جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یا تو وہ چیز عطا کر دیتے تھے یا پھر خاموش رہتے تھے (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''نہ'' نہیں کرتے تھے)

اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: ایسا نہیں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک شیر کو وہ (زرہ) مال فے کے طور پر عطا کی ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ تمہیں دے دیں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عمر نے ٹھیک کہا ہے۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس موقع پر) حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی ملاقات سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا سے ہوئی ان کے پاس خنجر تھا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے ام سلیم! یہ تمہارے پاس کیوں ہے؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے یہ ارادہ کیا کہ اگر کوئی مشرک میرے قریب آیا تو میں اسے اس کے پیٹ میں گھونپ دوں گی تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے سنا ام سلیم کیا کہہ رہی ہے؟ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس کے ذریعے ان طلقاء کو قتل کر دوں گی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر پسپا ہو گئے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ام سلیم! بے شک اللہ تعالیٰ نے کفایت کر دی ہے اور (جنگ کا نتیجہ) عمدہ رکھا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَلَبَ قَاتِلِ عَيْنِ الْمُشْرِكِيْنَ لَهٗ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ قَتَلَهٗ اِيَّاهُ فِي الْمَعْرَكَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مشرکین کے جاسوس کو قتل کرنے والے شخص کو (اس جاسوس کا) سامان ملے گا اگرچہ اس نے اس جاسوس کو جنگ کے دوران قتل نہ کیا ہو

4839 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي عُمَيْسٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ رَجُلٌ مِّنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُخْبِرَ اَنَّهٗ عَيْنٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَهٗ، فَلَهٗ سَلَبُهٗ، قَالَ فَاَدْرَكْتُهٗ، فَقَتَلْتُهٗ فَنَفَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَهٗ

ایاس بن سلمہ اپنے والد (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھ کر گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا: وہ مشرکوں کا جاسوس ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اسے قتل کر دے گا' تو اس (جاسوس) کا ساز و سامان (یعنی اس کے ہتھیار وغیرہ) اسے مل جائیں گے' (حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے اس تک پہنچ کر اسے قتل کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ساز و سامان مجھے عطا کر دیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِّنَ النَّاسِ اَنَّ الْمُسْلِمَيْنِ اِذَا اشْتَرَكَا فِي قَتْلِ قَتِيلٍ كَانَ الْخِيَارُ اِلَى الْاِمَامِ فِي اِعْطَاءِ اَحَدِهِمَا سَلَبَهٗ دُوْنَ الْاٰخَرِ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ جب دو مسلمان ایک شخص کو قتل کرنے میں حصہ لیں' تو پھر امام کو اختیار ہوگا کہ اس مقتول کا سامان ان دونوں میں سے کسی ایک کو دیدے

4840 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ،

4839- إسناده قوى . عبد الرحمٰن بن محمد بن سلام، ومحمد بن ربيعة الكلابى: حديثها عند أصحاب السنن، وهما صدوقان، وقد توبعا . ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين . أبو عُميس: هو عتبة بن عبد الله المسعودى . وأخرجه أحمد 4/50-51، والبخارى (3051) فى الجهاد: باب الحربى إذا دخل دار الإسلام بغير أمان، وأبو داوٗد (2653) فى الجهاد: باب فى الجاسوس المستأمن، والنسائى فى " الكبرى " كما فى " التحفة " 4/37، والطحاوى فى " شرح معانى الآثار " 3/227، والطبرانى 7/(6272)، والبيهقى 6/307 و 9/147 من طريقى أبى نعيم وجعفر بن عون، كلاهما عن أبى العميس، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/45، وابن ماجه (2836) فى الجهاد: باب المبارزة والسلب، من طريق وكيع، عن أبى العميس (وزاد ابن ماجه: وعكرمة)، عن إياس، عن أبيه بلفظ: بارزت رجلاً فقتلته، فنفَّلنى رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَه . وأخرجه الطبرانى (627) من طريق عتبة بن عبد اللّٰه، عن إياس، به . وانظر الحديث رقم (4843) .

قَالَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، عَنْ يُوسُفَ بْنِ الْمَاجِشُونِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا اَنَا وَاقِفٌ بَيْنَ الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ نَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي فَاِذَا اَنَا بَيْنَ غُلَامَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَبَيْنَا اَنَا كَذٰلِكَ، اِذْ غَمَزَنِي اَحَدُهُمَا، فَقَالَ اَيْ عَمِّ، هَلْ تَعْرِفُ اَبَا جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَمَا حَاجَتُكَ اِلَيْهِ، يَا ابْنَ اَخِي، فَقَالَ: اُخْبِرْتُ اَنَّهُ، يَسُبُّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، لَوْ رَاَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ، حَتّٰى يَمُوتَ الْاَعْجَلُ، مِنَّا، قَالَ: فَاَعْجَبَنِي قَوْلُهُ، قَالَ: فَغَمَزَنِي الْاٰخَرُ، وَقَالَ مِثْلَهَا، فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ رَاَيْتُ اَبَا جَهْلٍ يَجُولُ بَيْنَ النَّاسِ، فَقُلْتُ لَهُمَا: هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِي تَسَاَلَانِي عَنْهُ، فَابْتَدَرَاهُ، فَضَرَبَاهُ بِسَيْفِهِمَا فَقَتَلَاهُ، ثُمَّ اَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَاهُ بِمَا صَنَعَا، فَقَالَ: اَيُّكُمَا قَتَلَهُ؟، فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا: اَنَا قَتَلْتُهُ، فَقَالَ: هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَكُمَا؟، قُلْنَا: لَا، قَالَ فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِلَاكُمَا قَتَلَهُ، ثُمَّ قَضٰى بِسَلَبِهٖ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، قَالَ، وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا خَبَرٌ اَوْهَمَ جَمَاعَةً مِّنْ اَئِمَّتِنَا، اَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ، اِذَا اشْتَرَكَ النَّفْسَانِ فِي قَتْلِهٖ، يَكُونُ خِيَارُهُ اِلَى الْاِمَامِ، بِاَنْ يُّعْطِيَهُ اَحَدَ الْقَاتِلَيْنِ، مَنْ شَاءَ مِنْهُمَا، وَكُنَّا نَقُولُ بِهٖ مُدَّةً، ثُمَّ تَدَبَّرْنَا، فَاِذَا هٰذِهِ الْقِصَّةُ كَانَتْ يَوْمَ بَدْرٍ، وَحِينَئِذٍ لَمْ يَكُنْ حُكْمُ سَلَبِ الْقَتِيلِ لِقَاتِلِهٖ، وَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ، كَذٰلِكَ كَانَ الْخِيَارُ اِلَى الْاِمَامِ، اَنْ يُّعْطِيَ ذٰلِكَ اَيَّمَا شَاءَ مِنَ الْقَاتِلَيْنِ، كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي سَلَبِ اَبِي جَهْلٍ حَيْثُ اَعْطَاهُ مُعَاذَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، وَكَانَ هُوَ، وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ قَاتِلَيْهِ، وَاَمَّا قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ، فَكَانَ ذٰلِكَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَيَوْمُ حُنَيْنٍ بَعْدَ بَدْرٍ، بِسَبْعِ سِنِينَ، فَذٰلِكَ مَا وَصَفْتُ عَلٰى اَنَّ الْقَاتِلَيْنِ، اِذَا اشْتَرَكَا فِي قَتِيلٍ كَانَ السَّلَبُ لَهُمَا مَعًا

❀❀ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ بدر کے موقع پر میں صف میں کھڑا ہوا تھا' جب میں نے اپنے دائیں اور بائیں طرف دیکھا تو میں دو انصاری لڑکوں کے درمیان تھا' ابھی میں اسی حالت میں تھا کہ ان دونوں میں سے ایک نے مجھے ٹھوکا دیا اور بولا: اے چچا! کیا آپ ابوجہل بن ہشام کو پہچانتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! اے میرے بھتیجے تمہیں اس سے کیا کام ہے؟ اس نے کہا: مجھے یہ بتایا گیا ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہتا ہے' اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں

4840- إسناده صحيح على شرط الشيخين . يحيى بن يحيى: هو التميمي، ويوسف بن الماجشون: هو يوسف بن يعقوب بن أبي سلمة الماجشون . وأخرجه مسلم (1752) في الجهاد: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، والبيهقي 6/306 من طريق يحيى بن يحيى التميمي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/192-193، والبخاري (3141) في فرض الخمس: باب من لم يخمس الأسلاب، و (3964) في المغازي: باب قتل أبي جهل، والطحاوي 3/227-228، والبيهقي 6/305 و 306 من طرق عن يوسف بن الماجشون، به . وأخرجه البخاري (988) في المغازي: باب رقم (10)، عن يعقوب بن محمد، عن إبراهيم بن سعد بن إبراهيم بن عبد بن عوف، عن أبيه، عن جده، عن عبد الرحمٰن .

میری جان ہے اگر میں نے اسے دیکھ لیا تو میرا جسم اس کے جسم سے اس وقت تک جدا نہیں ہوگا' جب تک ہم دونوں میں سے وہ شخص مر نہیں جاتا' جسے پہلے موت آنی ہے۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اس کی بات سے متاثر ہوا' تو دوسرے نے مجھے ٹہوکا دیا' اس نے بھی اسی کی مانند بات کہی' اسی دوران میں نے ابوجہل کو لوگوں کے درمیان گھومتے ہوئے دیکھا' تو میں نے ان دونوں سے کہا: یہ رہا وہ شخص جس کے بارے میں تم دونوں مجھ سے دریافت کر رہے تھے' وہ دونوں اس کی طرف لپکے' ان دونوں نے اس پر تلوار کا وار کیا' اور اسے قتل کر دیا' پھر وہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اس عمل کے بارے میں بتایا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم دونوں میں سے کس نے اسے قتل کیا ہے؟ ان دونوں نے یہی کہا: میں نے اسے قتل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم دونوں نے اپنی تلواروں کو صاف کر لیا ہے؟ ہم نے (یعنی ان دونوں نے) جواب دیا: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کی تلواروں کا جائزہ لیا اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم دونوں ہی نے اسے قتل کیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ابوجہل) کا ساز و سامان (یعنی ہتھیار وغیرہ) معاذ بن عمرو بن جموح کو دیئے جانے کا فیصلہ دیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) وہ دو لڑکے حضرت معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کو نقل کرتے ہوئے ہمارے ائمہ کی ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی کہ جس کافر کو قتل کرنے میں دو آدمی حصہ دار ہوں' اس کافر (کے ساز و سامان) کے بارے میں امیر کو اختیار ہوگا' کہ وہ اس سامان کو دونوں قاتلوں میں سے کسی ایک کو دیدے' جسے بھی وہ چاہے' ہم ایک عرصہ تک اس کے مطابق فتویٰ دیتے رہے۔

پھر ہم نے غور و فکر کیا (تو یہ بات سامنے آئی) یہ واقعہ غزوۂ بدر کا ہے' اور اس وقت یہ حکم نہیں تھا کہ مقتول کا ساز و سامان قاتل کو ملے گا' تو جب یہ صورتحال تھی' تو (اس وقت) اختیار امیر کے پاس تھا' کہ وہ اس سامان کو دونوں قاتلوں میں سے جسے چاہے دیدے' جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کے سامان کے بارے میں کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سامان حضرت معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ کو دے دیا' حالانکہ وہ اور حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ (دونوں ابوجہل) کے قاتل تھے۔

جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا تعلق ہے'' جو کسی (کافر) کو قتل کرے تو اس (کافر) کا ساز و سامان اسے مل جائے گا''۔

یہ فرمان غزوۂ حنین کے موقع کا ہے اور غزوۂ حنین' غزوۂ بدر کے سات سال بعد پیش آیا تھا۔

اس بنیاد پر میں یہ کہتا ہوں' جب دو (مجاہد) کسی (کافر) کو قتل کرنے میں حصہ دار ہوں' تو (اس کافر کا) ساز و سامان ان دونوں کو ملے گا۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتِ الْمُتَبَحِّرَ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ يُضَادُّ الْخَبَرَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

ان الفاظ کا تذکرہ جس نے علم حدیث میں مہارت رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان دو روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

4841 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَسْرُوْقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاِفْرِيقِيِّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: مَنْ تَفَرَّدَ بِدَمٍ فَلَهُ سَلَبُهُ، قَالَ فَجَاءَ اَبُوْ طَلْحَةَ بِسَلَبِ وَاحِدٍ وَعِشْرِيْنَ نَفْسًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ مَنْ تَفَرَّدَ بِدَمٍ، فَلَهُ سَلَبُهُ، وَمَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ، مَعْنَاهُمَا وَاحِدٌ مَنْ قَتَلَ وَحْدَهُ، فَلَهُ سَلَبُ الْمَقْتُوْلِ، اِذَا كَانَ مُنْفَرِدًا بِدَمِهِ، وَاِذَا اشْتَرَكَ جَمَاعَةٌ فِيْ قَتْلِ وَاحِدٍ كَانَ السَّلَبُ بَيْنَهُمْ، لِاَنَّ الْعِلَّةَ، الَّتِيْ هِيَ مَوْجُوْدَةٌ فِيْ قَاتِلٍ وَاحِدٍ، وُجِدَتْ فِي الْقَاتِلِيْنَ، اِذَا اشْتَرَكُوْا فِيْ دَمٍ، وَاسْتَوٰى حُكْمُهُمْ، وَحُكْمُ الْمُنْفَرِدُ فِيْمَا وَصَفْنَا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی کے خون میں منفرد ہو اس کا ساز و سامان اسے ملے گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن اکیس آدمیوں کا ساز و سامان حاصل کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "جو شخص کسی کے خون میں منفرد ہو اس کا ساز و سامان اسے ملے گا" (اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:) جو شخص کسی کو قتل کر دے اس کا ساز و سامان اسے ملے گا ان دونوں کا مطلب ایک ہی ہے' جس اکیلے شخص نے کسی کو قتل کیا ہو' تو مقتول کا ساز و سامان اسے ملے گا' جب وہ اسے قتل کرنے میں منفرد ہو اور اگر کسی شخص کو قتل کرنے میں ایک جماعت حصے دار ہو' تو وہ ساز و سامان ان کے درمیان تقسیم ہو گا اس کی وجہ یہ ہے: ایک قاتل میں جو علت پائی جا رہی ہے وہ کئی قاتلوں میں پائی جا رہی ہے اس وقت جب وہ کسی کے خون میں حصہ دار ہوں' تو ان کا حکم اور منفرد شخص کا حکم ایک ہی ہو گا۔

4841- إسناده حسن، مسروق بن المرزبان روى له ابن ماجه، وهو صدوق صاحب أوهام، وأبو أيوب الإفريقي -واسمه عبد الله بن علي الأزرق- روى له أبو داوُد والترمذي، وهو صدوق يخطىء، وقد توبعا، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين . ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبي زائدة .وأخرجه البيهقي 6/307 من طريق يحيى بن معين وأحمد بن حنبل، كلاهما عن أبي أيوب الإفريقي، بهذا الإسناد .وقد تقدم مطولاً في الحديث رقم (4836) و (4838) .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ السَّلَبَ لِلْقَاتِلِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سامان قاتل کو ملے گا اگرچہ وہ اس کے لیے نہ ہو

4842 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ مَدَدِيًّا فِيْ غَزْوَةِ تَبُوكَ رَافَقَهُمْ، وَاَنَّ رُومِيًّا كَانَ يَسْمُو عَلَى الْمُسْلِمِينَ، وَيُغْرِي عَلَيْهِمْ فَتَلَطَّفَ الْمَدَدِيُّ، فَقَعَدَ تَحْتَ صَخْرَةٍ، فَلَمَّا مَرَّ بِهِ عَرْقَبَ فَرَسَهُ، وَخَرَّ الرُّومِيُّ لِقَفَاهُ، وَعَلَاهُ الْمَدَدِيُّ بِالسَّيْفِ، فَقَتَلَهُ، وَاَقْبَلَ بِسَرْجِهِ، وَلِجَامِهِ، وَسَيْفِهِ، وَمِنْطَقَتِهِ، وَسِلَاحِهِ، فَذَهَبَا بِالذَّهَبِ وَالْجَوْهَرِ اِلٰى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَاَخَذَ خَالِدٌ مِّنْهُ طَائِفَةً وَنَفَّلَهُ بَقِيَّتَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا خَالِدُ، مَا هٰذَا؟ اَمَا تَعْلَمُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَفَّلَ السَّلَبَ كُلَّهُ لِلْقَاتِلِ؟ قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنِّي اسْتَكْثَرْتُهُ، فَقُلْتُ: اَمَا لَعَمْرِ اللّٰهِ لَاُعَرِّفَنَّهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَخْبَرْتُهُ خَبَرَهُ، فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَهُ اَنْ يَّدْفَعَ اِلَى الْمَدَدِيِّ بَقِيَّةَ سَلَبِهِ، فَوَلّٰى خَالِدٌ لِيَفْعَلَ، فَقُلْتُ لَهُ: فَكَيْفَ رَاَيْتَ يَا خَالِدُ اَلَمْ اَفِ لَكَ بِمَا وَعَدْتُكَ، فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ، وَقَالَ: يَا خَالِدُ لَا تُعْطِهِ وَاَقْبَلَ عَلَيَّ، فَقَالَ: هَلْ اَنْتُمْ تَارِكُوا لِي اُمَرَائِي؟، لَكُمْ صَفْوَةُ اَمْرِهِمْ، وَعَلَيْهِمْ كَدَرُهُ، قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا خَالِدُ لَا تُعْطِهِ اَرَادَ بِهِ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ، ثُمَّ اَمَرَهُ، فَاَعْطَاهُ

❁❁ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مددی شخص نے غزوۂ تبوک کے موقع پر ان کا ساتھ دیا۔ رومیوں نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا' تو اس مددی نے یہ حیلہ اختیار کیا کہ وہ ایک چٹان کے نیچے بیٹھ گیا جب رومی شخص اس کے پاس سے گزرا تو اس نے اس کے گھوڑے پر حملہ کیا' تو رومی شخص گدی کے بل نیچے گر گیا۔ مددی شخص تلوار لے کر اس پر غالب آیا اور اس نے اسے قتل کر دیا پھر وہ اس کی زین' اس کی لگام' اس کی تلوار' اس کا پٹکا اور اس کے ہتھیار لے کر آیا۔ یہ دونوں صاحبان سونا اور جواہرات لے کر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس گئے' تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ چیزیں رکھ لیں اور بقیہ چیزیں اس مددی کو انعام

4842- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم غير عمرو بن عثمان -وهو ابن سعيد القرشي- فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة . والوليد بن مسلم قد صرح بالتحديث عند مسلم وغيره .وأخرجه أحمد 6/27-28، ومسلم (1753) (44) في الجهاد والسير: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، وأبو داوٗد (2719) في الجهاد: باب في الإمام يمنع القاتل السلب إن رأى والفرس والسلاح في السلب، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 3/231، والبيهقي 6/310، والبغوي (2725) من طرق عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه سعيد بن منصور 2/304، وأحمد 6/26 من طريقين عن صفوان، به .وأخرجه مسلم (1753) (43) من طريق معاوية بن صالح، عن عبد الرحمٰن بن جبير بن نفير، به . وأخرجه أحمد 6/28 ومن طريقه أبو داوٗد (2720)، والبيهقي 6/310، وأخرجه الطحاوي 3/231 من طريق دحيم، كلاهما عن الوليد بن مسلم، عن ثور، عن خالد بن معدان، عن جبير بن نفير، عن عوف بن مالك .

کے طور پر دے دیں۔ میں نے ان سے کہا: اے حضرت خالد رضی اللہ عنہ یہ آپ نے کیا کیا؟ کیا آپ یہ بات نہیں جانتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سارا ساز و سامان قتل کرنے والے کو عطیے کے طور پر دیتے ہیں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ جواب دیتے ہیں جی ہاں! لیکن میں نے اسے زیادہ خیال کیا۔ (اس لیے میں نے اسے نہیں دیا) (حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو میں نے یہ کہا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور اس بارے میں آگاہ کروں گا۔ جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس صورت حال کے بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو بلایا اور انہیں یہ حکم دیا کہ وہ اس مددی کو باقی رہ جانے والا ساز و سامان بھی دیں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ ایسا کرنے کے لیے مڑ کر جانے لگے تو میں نے ان سے کہا: اے خالد! آپ نے دیکھا کہ میں نے آپ کے ساتھ کیا ہوا وعدہ پورا کر دیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غصے میں آ گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے خالد: تم اسے نہ دینا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا تم میرے مقرر کردہ امیروں سے درگزر نہیں کر سکتے۔ ان کے معاملے کی اچھائی کا فائدہ تمہیں مل جائے اور ان کی کوتاہی کا وبال ان پر ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اے خالد! تم اسے نہ دو'' کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مراد تھی کہ اس وقت میں نہ دو۔ بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تھا تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اسے وہ چیز دے دی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ يَكُوْنُ لِلْقَاتِلِ سَوَاءٌ كَانَ الْمَقْتُوْلُ مُنَابِذًا اَوْ مُوَلِّيًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مقتول کا سامان قاتل کو ملے گا' خواہ مقتول لڑ رہا ہو یا پیٹھ پھیر کر بھاگ رہا ہو

4843 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ، فَبَيْنَا نَحْنُ قُعُوْدٌ نَتَضَحّٰى اِذَا رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ اَحْمَرَ، فَانْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ حَقْوِ الْبَعِيرِ فَقَيَّدَ بِهِ بَعِيرَهُ، ثُمَّ جَاءَ حَتّٰى قَعَدَ مَعَنَا يَتَغَدّٰى فَنَظَرَ فِيْ وُجُوهِ الْقَوْمِ، فَاِذَا ظَهْرُهُمْ فِيهِ رِقَّةٌ، وَاَكْثَرُهُمْ مُشَاةٌ، فَلَمَّا نَظَرَ فِيْ وُجُوهِ الْقَوْمِ، خَرَجَ يَعْدُو حَتّٰى اَتٰى بَعِيرَهُ، فَقَعَدَ عَلَيْهِ يَرْكُضُهُ، وَهُوَ طَلِيعَةٌ لِلْكُفَّارِ، فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِّنَّا مِنْ اَسْلَمَ عَلٰى نَاقَةٍ لَهُ وَرْقَاءَ، قَالَ اِيَاسٌ: قَالَ اَبِي، فَاتَّبَعْتُهُ اَعْدُو وَاخْتَرَطْتُ سَيْفِي، فَضَرَبْتُ رَاْسَهُ، ثُمَّ جِئْتُ بِنَاقَتِهِ اَقُوْدُهَا عَلَيْهَا سَلَبُهُ، فَاسْتَقْبَلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّاسِ، فَقَالَ: مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ؟، قَالَ ابْنُ الْاَكْوَعِ، قُلْتُ: اَنَا قَالَ: لَكَ سَلَبُهُ اَجْمَعُ.

4843- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار فمن رجال مسلم، وهو صدوق . وأخرجه الطبراني /7 (6241) من طريق أبي خليفة الفضل بي الحباب الجمحي، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد (2654) في الجهاد: باب في الجاسوس المستأمن، والبيهقي 6/307 من طريقين عن أبي الوليد الطيالسي، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/46 و 49-50 و 51، ومسلم (1754) في الجهاد: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، وأبو داوُد (2654)، والطحاوي 3/227، والطبراني /7 (6241)، والبيهقي 6/307 من طرق عن عكرمة بن عمار، بِهِ . وانظر الحديث رقم (4839) .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا النَّوْعُ لَوِ اسْتَقْصَيْنَا فِيْهِ، لَدَخَلَ فِيْهِ اَكْثَرُ السُّنَنِ، لِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُبَيِّنُ عَنْ مُرَادِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْكِتَابِ قَوْلًا، وَفِعْلًا، وَفِيمَا ذَكَرْنَا مِنَ الْاِيمَاءِ اِلَيْهِ، الْغُنْيَةُ لِمَنْ تَدَبَّرَ الْقَصْدَ فِيْهِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوازن کے ساتھ جنگ کی' ایک دن ہم بیٹھے ہوئے دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے اسی دوران ایک شخص اپنے سرخ اونٹ پر سوار ہو کر آیا' اس نے اونٹ کی نکیل کو کھینچ کر اس کے ذریعے اونٹ کو باندھ دیا پھر وہ شخص آیا اور ہمارے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے لگا اس نے لوگوں کا جائزہ لیا کہ ان کے پاس سواریاں کم ہیں اور ان میں سے زیادہ تر لوگ پیدل ہیں۔ جب اس نے لوگوں کا جائزہ لے لیا تو پھر وہ وہاں سے روانہ ہوا' یہاں تک کہ اپنے اونٹ کے پاس آیا اور اس کو ایڑھ لگا دی وہ کفار کا جاسوس تھا۔ ہم میں سے اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص اپنی خاکستری اونٹنی پر سوار ہو کر اس کے پیچھے گیا۔

ایاس نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے۔ میں اس کے پیچھے گیا' میں نے اپنی تلوار سونت کر اس کا سر اڑا دیا پھر میں اس کی اونٹنی کو ہانک کر ساتھ لے آیا جس پر اس کا ساز و سامان بھی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ہمراہ میرے سامنے آئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کس نے قتل کیا ہے؟ حضرت ابن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے جواب دیا: میں نے! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا سارا ساز و سامان تمہیں ملتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اگر اس نوعیت کی تمام روایات کی ہم تحقیق کریں' تو اس میں اکثر سنن داخل ہو جائیں گی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اللہ تعالیٰ کے بیان کردہ حکم کو اپنے قول اور فعل کے ذریعے بیان کرنے والے تھے اور جو چیز ہم نے ذکر کی ہے اس میں اس شخص کے لیے کافی اشارہ ہے' جو اس بارے میں غور و فکر کرنے کا قصد کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ السَّلَبَ لَا يُخَمَّسُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' (مقتول کے) سامان میں سے خمس نہیں نکالا جائے گا

4844 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ

4844- حديث صحيح رجاله ثقات رجال مسلم غير عمرو بن عثمان- وهو ابن سعيد القرشي- ولا تضر عنعنة الوليد بن مسلم، فقد توبع . وأخرجه سعيد بن منصور (2698)، ومن طريقه أبو داوُد (2721) في الجهاد: باب في السلب لا يخمس، والبيهقي 6/310، عن إسماعيل بن عياش، وأحمد 6/26، وابن الجارود (1077) من طريق أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج، كلاهما عن صفوان، عن عبد الرحمٰن بن جُبير، عن أبيه، عن عوف بن مالك وخالد بن الوليد . السَّلَب: هو ما يأخذُه أحد القِرنَين في الحرب من قِرنه مما يكون عليه ومعه من سلاح وثياب ودابة وغيرها، وهو فعل، بمعنى مفعول، أي: مسلوب .

❁❁ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (قاتل کو دیئے جانے والے مقتول کافر کے سازو سامان میں سے خمس نہیں نکالا تھا)

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِمَنْ اَخَذَ الْعَدُوُّ شَيْئًا مِنْ مَالِهِ، ثُمَّ ظَفَرَ بِهِ الْمُسْلِمُونَ اَخَذَهُ اِذَا عَرَفَهُ بِعَيْنِهِ دُوْنَ اَنْ يَّكُوْنَ فِيْ سَائِرِ الْغَنَائِمِ

جس شخص کے مال میں سے کوئی چیز دشمن حاصل کر لیتا ہے پھر مسلمانوں کو ان پر فتح نصیب

ہو جاتی ہے اور وہ اس چیز کو حاصل کر لیتے ہیں' تو اس شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب وہ اس چیز کو بعینہ پہچان لیتا ہے' تو اسے حاصل کر سکتا ہے اور یہ مالِ غنیمت میں شامل نہیں ہوگی

4845 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَهَبَتْ فَرَسٌ لَهُ فَاَخَذَهَا الْعَدُوُّ، فَظَهَرَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ فَرَدَّ عَلَيْهِ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ: وَاَبَقَ عَبْدٌ لَهُ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ، فَظَهَرَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کا ایک گھوڑا بھاگ گیا دشمن نے اسے پکڑ لیا۔ مسلمان ان پر غالب آ گئے' تو انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا گھوڑا انہیں واپس کر دیا' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس کی بات ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ان کا ایک غلام بھاگ کر رومیوں سے جا ملا تھا۔ جب مسلمان ان پر غالب آ گئے' تو ان کا وہ غلام حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے انہیں واپس کر دیا تھا۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس کے بعد کی بات ہے۔

4845- إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الله بن عمر: هو ابن حفص العمرى . وأخرجه البيهقى 9/110 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد . وعلقه البخارى (3067) فى الجهاد: باب إذا غنم المشركون مال المسلم ثم وجده المسلم، ومن طريقه البغوى (2734) عن عبد الله بن نمير، به، ووصله أبو داوُد (2699) فى الجهاد: باب فى المال يصيبه العدو من المسلمين ثم يدركه صاحبه فى الغنيمة، وابن ماجه (2847) فى الجهاد: باب ما أحرز العدو ثم ظهر عليه المسلمون، وابن الجارود (1068) من طرق عن عبد الله بن نمير، بِهِ .وأخرجه ابن أبى شيبة 12/445، والبخارى (3068)، وأبو داوُد (2698)، والبيهقى 9/110 من طرق عن عبيد الله بن عمر، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (9352) و (9353)، وسعيد بن منصور (2797)، والبخارى (3069)، والبيهقى 9/110-111 من طرق عن نافع .وأخرجه مالك 2/452 فى الجهاد: باب ما يرد قبل أن يقع القسم مما أصاب العدو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ بلاغاً .

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ وَطْءِ الْحَامِلِ مِنَ السَّبْيِ حَتّٰى تَضَعَ حَمْلَهَا

قیدیوں میں سے حاملہ عورتوں کے ساتھ اس وقت تک صحبت کرنے کی ممانعت کا تذکرہ جب تک وہ بچے کو جنم نہ دے

4846 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰى عَامَ خَيْبَرَ، اَنْ تُوطَاَ الْحَبَالٰى مِنَ السَّبْيِ، حَتّٰى يَضَعْنَ

❁❁ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر کے موقع پر اس بات سے منع کر دیا تھا کہ قیدیوں میں سے حاملہ عورتوں کے ساتھ صحبت کی جائے اس وقت تک جب تک وہ اپنے پیٹ میں موجود بچے کو جنم نہیں دے دیتیں۔

4846– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير أسامة بن زيد –وهو الليثي– فروى له مسلم نسخة لابن وهب عنه في الشواهد أو مقروناً، وهو صدوق حسن الحديث . أبو إدريس الخولاني: هو عائذ الله بن عبد الله . وفي الباب عن ابن عباس عند النسائي 7/301، وأورده الهيثمي في " المجمع " 5/4 وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات . وعن رويفع بن ثابت الأنصاري عند أبي داؤد (2158) و (2159)، والترمذي (1131)، وأحمد 4/108 و 109 .وعن أبي سعيد الخدري عند أبي داؤد (2157)، والدارمي 2/171، وأحمد 3/62 و 87، والدارقطني 4/112، والحاكم 2/195، والبيهقي 7/449 بلفظ: " لا توطأ حامل حتى تَضَعَ، ولا غير ذات حمل حتى تَحيض حيضة " . وعن العرباض بن سارية عند الترمذي (1564)، وقال: والعمل على هذا عند أهل العلم، وهو في " المستدرك " 2/135، وسنده حسن في الشواهد .وعن أبي أمامة عند الطبراني، قال الهيثمي في " المجمع " 4/300 رجاله رجال الصحيح .وعن مكحول مرسلاً عند سعيد بن منصور (2815)، ورجاله ثقات .

بَابُ الْغُلُوْلِ

باب: (مالِ غنیمت میں) خیانت کرنا

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّغُلَّ الْمَرْءُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ شَيْئًا وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ تَافِهًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، کوئی آدمی اللہ کی راہ میں (مالِ غنیمت میں سے) کوئی خیانت کرے اگرچہ وہ چیز بے حیثیت ہو

4847 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيْرٌ لَهٗ رُغَاءٌ، يَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ شَاةٌ لَهَا يُعَارٌ، يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ، يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَهٗ، حَمْحَمَةٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ يَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ، لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ يَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں تم میں کسی شخص کو ایسی حالت میں نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے، تو اس کی گردن پر ایک اونٹ ہو جو آواز نکال رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

4847- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير، مختلف في اسمه .وأخرجه مسلم (1831) في الإمارة: باب تحريم الغلول، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

میں تم سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر ایک بکری ہو' جو آوازیں نکال رہی ہو اور وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ ﷺ! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی گھوڑا ہو' جو آواز نکال رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ ﷺ! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی شخص ہو' جو چیخ رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے: (یارسول اللہ ﷺ) میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی خاموش چیز ہو وہ شخص یہ کہے: (یارسول اللہ ﷺ) میری مدد کیجئے اور میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر رقاع (یعنی کپڑے کے ٹکڑے وغیرہ) ہو' تو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ ﷺ! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْغُلُولِ اِذِ الْغَالُّ يَاْتِيْ بِمَا غَلَّ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ

(مالِ غنیمت میں) خیانت کی ممانعت کا تذکرہ' کیونکہ خیانت کرنے والا شخص قیامت کے دن اس چیز کو اپنی گردن پر اٹھا کر لائے گا' جس کی اس نے خیانت کی تھی

4848 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ التَّيْمِيُّ اَبُوْ حَيَّانَ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَاتَ يَوْمٍ، فَذَكَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَ مِنْ اَمْرِهٖ، ثُمَّ

4848- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه مسلم (1831) في الإمارة: باب غلظ تحريم الغلول، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/426، وابن أبي شيبة 12/492-493، والبخاري (3073) في الجهاد: باب الغلول وقول الله عز وجل: (ومن يَغْلُلْ يأتِ بما غَلَّ يوم القيامة)، ومسلم (1831)، والطبري في " جامع البيان " (8155) و (8156) و (8157)، والبيهقي 9/101 من طرق عن أبي حيان يحيى بن سعيد التيمي، به .

قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ، فَيَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ، فَاَقُوْلَ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَلٰى رَقَبَتِهٖ شَاةٌ لَهَا يُعَارٌ، فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ، فَاَقُوْلَ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ، لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَهَا حَمْحَمَةٌ، فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ، فَاَقُوْلَ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ وَلَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ، يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ، فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ، فَاَقُوْلَ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ، لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ، فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ، فَاَقُوْلَ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ، لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ، يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ، فَاَقُوْلَ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ

(توضیح مصنف): الرِّقَاعُ اَرَادَ ثِيَابًا قَالَهٗ اَبُوْ حَاتِمٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مالِ غنیمت) میں خیانت کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کی اہمیت کو اجاگر کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں تم میں کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر اونٹ ہو' جو آواز نکال رہا ہو۔ وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں' میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی بکری ہو' جو آواز نکال رہی ہو۔ وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی گھوڑا ہو' جو آواز نکال رہا ہو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی شخص ہو' جو چیخ رہا ہو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن میں رقاع (یعنی کپڑے کے ٹکڑے) ہو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے اور میں کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی خاموش ہو وہ

شخص عرض کرے: یارسول اللہ ﷺ! میری مدد کریں اور میں کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

لفظ "رقاع" سے مراد کپڑے ہیں۔ یہ بات امام ابوحاتم نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِلْغَالِّ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اللہ کی راہ میں (جہاد کے دوران مالِ غنیمت میں) خیانت کرنے والے شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ

4849 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو زُمَيْلٍ الْحَنَفِيُّ، قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قُتِلَ نَفَرٌ يَوْمَ خَيْبَرَ، مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، وَفُلَانٌ شَهِيدٌ، حَتّٰى ذَكَرُوا رَجُلًا، فَقَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا اِنِّي رَاَيْتُهُ فِي النَّارِ فِي عَبَاءَةٍ غَلَّهَا، اَوْ بُرْدَةٍ غَلَّهَا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اذْهَبْ، فَنَادِ فِي النَّاسِ، اَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ، قَالَ فَخَرَجْتُ، فَنَادَيْتُ فِي النَّاسِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب غزوہ خیبر کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ شہید ہوگئے، تو لوگوں نے کہا فلاں شخص شہید ہے فلاں شخص شہید ہے یہاں تک کہ لوگوں نے ایک شخص کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا کہ فلاں شخص شہید ہے، تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہیں! میں نے اسے ایک عباء (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) چادر کی وجہ سے جہنم میں دیکھا ہے، جو اس نے خیانت کے طور پر حاصل کی تھی۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے جاؤ اور لوگوں میں یہ اعلان کردو کہ جنت میں صرف مومن شخص داخل ہوگا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں وہاں سے نکلا اور میں نے لوگوں میں یہ اعلان کردیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ انْتِفَاعِ الْمَرْءِ بِالْغَنَائِمِ عَلٰى سَبِيلِ الضَّرَرِ بِالْمُسْلِمِينَ فِيهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، کوئی شخص مالِ غنیمت کی کسی چیز سے نفع حاصل کرے، کیونکہ اس میں مسلمانوں کو نقصان لاحق ہوتا ہے

4850 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ،

4849– إسناده حسن على شرط مسلم . أبو زميل: هو سماك بن الوليد . وأخرجه الدارمي 2/230–231 عن أبي الوليد الطيالسي، بها الإسناد . وأخرجه الترمذي (1574) في السير: باب ما جاء في الغلول، والبيهقي 9/101 من طريقين عن عكرمة بن عمار، به . وقال الترمذي: حسن صحيح غريب . وانظر (4857) .

عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سُلَيْمٍ التُّجِيبِيِّ، عَنْ حَنَشِ بْنِ عَبْدِ اللهِ السَّبَائِيِّ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): أَنَّهُ قَالَ عَامَ خَيْبَرَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَسْقِيَنَّ مَاءَهُ وَلَدَ غَيْرِهِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَأْخُذَنَّ دَابَّةً مِنَ الْمَغَانِمِ فَيَرْكَبَهَا حَتّٰى إِذَا أَعْجَفَهَا رَدَّهَا فِي الْمَغَانِمِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِنَ الْمَغَانِمِ حَتّٰى إِذَا أَخْلَقَهُ رَدَّهُ فِي الْمَغَانِمِ

حضرت رویفع ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں۔ غزوہ خیبر کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

”جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پانی کے ذریعے کسی دوسرے کی اولاد کو سیراب نہ کرے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مال غنیمت میں سے کوئی جانور حاصل کر کے خود اس پر سوار نہ ہو جائے یہاں تک کہ جب وہ جانور کمزور ہو جائے تو اسے پھر مال غنیمت میں جمع کرا دے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مال غنیمت میں سے کوئی کپڑا لے کر پہن نہ لے کہ جب وہ پرانا ہو جائے تو اسے پھر مال غنیمت میں جمع کرا دے گا۔“

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجِنَانِ عَنِ الشَّهِيدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِذَا كَانَ قَدْ غَلَّ وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ الْغُلُولُ شَيْئًا يَسِيرًا

اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے شخص کے جنت میں داخلے کی نفی کا تذکرہ جب اس نے (مالِ غنیمت میں) خیانت کی ہو اگرچہ وہ خیانت کسی معمولی سی چیز کی ہو

4850- إسناده حسن. ربيعة بن سليم التجيبي، ويقال: أبو مرزوق التجيبي، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات "، واضطرب رأي الحافظ فيه، فذكره في الأسماء فقال: مقبول، وذكره في " الكنى "، فقال: ثقة، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح. أبو الطاهر: هو أحمد بن عمرو بن عبد الله بن السرح القرشي المصري، ويحيى بن أيوب: هو الغافقي المصري. وأخرجه الطحاوي 3/251، والبيهقي 9/62 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (1131) في النكاح: باب ما جاء في الرجل يشتري الجارية وهي حامل، عن عمر بن حفص الشيباني، حدثنا عبد الله بن وهب، حدثنا يحيى بن أيوب، عن ربيعة بن سليم، عن بُسر بن عبيد الله، عن رويفع بن ثابت، فذكره مختصراً. وقال: هذا حديث حسن، وقد روي من غير وجه عن رويفع بن ثابت. وأخرجه مطولاً ومختصراً أحمد 4/108 و108-109، وسعيد بن منصور (2722)، وابن أبي شيبة 12/222-223، و 14/465 والدارمي 2/230، وابن سعد في الطبقات 2/114-115، وأبو داوُد في "سننه" (2158) و (2159) في النكاح: باب في وطء النساء و (2708) في الجهاد: باب في الرجل ينتفع من الغنيمة بشيء، والطحاوي 3/251، والطبراني في " الكبير " (4482) و (4483) و (4484) و (4485) و (4486) و (4489) من طرق عن أبي مرزوق ربيعة بن سليم، به. وجاء عند بعضهم: " عام خيبر "، وعند آخرين: " عام حنين؟ ". وأخرجه أحمد 4/108، والطبراني (4488) من طرق عن ابن لهيعة، عن الحارث بن يزيد، عن حنش، به.

4851 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيلِيِّ، عَنْ اَبِي الْغَيْثِ، مَوْلَى ابْنِ مُطِيعٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَامَ خَيْبَرَ فَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَلَا فِضَّةً اِلَّا الْاَمْوَالَ وَالثِّيَابَ، وَالْمَتَاعَ، فَوَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَ وَادِي الْقُرَى، وَكَانَ رِفَاعَةُ بْنُ زَيْدٍ وَهَبَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدًا اَسْوَدَ، يُقَالُ لَهُ مِدْعَمٌ، فَخَرَجْنَا، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِوَادِي الْقُرَى، فَبَيْنَمَا مِدْعَمٌ يَحُطُّ رَحْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ جَاءَهُ سَهْمٌ عَائِرٌ، فَاَصَابَهُ فَقَتَلَهُ فَقَالَ النَّاسُ هَنِيئًا لَهُ الْجَنَّةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِي اَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ، مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا، فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ النَّاسُ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ، اَوْ شِرَاكَيْنِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شِرَاكٌ مِّنْ نَارٍ، اَوْ شِرَاكَانِ مِنْ نَارٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَسْلَمَ اَبُو هُرَيْرَةَ بِدَوْسٍ فَقَدِمَ الْمَدِينَةَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَارِجٌ نَحْوَ خَيْبَرَ وَعَلَى الْمَدِينَةِ سِبَاعُ بْنُ عُرْفُطَةَ الْغِفَارِيُّ اسْتَخْلَفَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى اَبُو هُرَيْرَةَ، مَعَ سِبَاعٍ، وَسَمِعَهُ يَقْرَاُ (وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ) (المطففين: 1)، ثُمَّ لَحِقَ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى خَيْبَرَ، فَشَهِدَ خَيْبَرَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہمیں مال غنیمت میں سونا یا چاندی حاصل نہیں ہوا صرف زمینیں اور کپڑے ملے اور ساز و سامان ملا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وادی قریٰ کی طرف روانہ ہوئے، حضرت رفاعہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سیاہ فام غلام تحفے کے طور پر دیا جس کا نام مدعم تھا ہم لوگ روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم وادی قریٰ میں پہنچے تو مدعم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ سے سامان اتار رہا تھا۔ اسی دوران ایک اندھا تیر آیا اسے لگا اور وہ مرگیا تو لوگوں نے اسے جنت کی مبارکباد دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز نہیں! اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ غزوہ خیبر کے موقع پر اس نے جو چادر مال غنیمت میں سے حاصل کر لی تھی جو تقسیم تک نہیں پہنچی تھی وہ آگ کی بن کر اس پر جل رہی ہے۔ جب لوگوں نے یہ بات سنی تو ایک شخص ایک تسمہ یا دو تسمے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔

4851- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الغيث مولى مطيع: اسمه سالم، وهو في " الموطأ " 2/459 في الجهاد: باب ما جاء في الغلول .ومن طريق مالك أخرجه البخاري (4234) في المغازي: باب غزوة خيبر، و (6077) في الأيمان والنذور: باب هل يدخل في الأيمان والنذور الأرض والغنم والزروع والأمتعة، ومسلم (115) في الإيمان: باب غلظ تحريم الغلول، وأنه لا يدخل الجنة إلا المؤمنون، وأبو داود (2711) في الجهاد: باب في تعظيم الغلول، والنسائي 7/24 في الأيمان والنذور: باب هل تدخل الأرضون في المال إذا نذر، والبيهقي 9/100، والبغوي في " شرح السنة " (2828)، وفي " معالم التنزيل " 1/367، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (115) عن قتيبة بن سعيد، عن الدراوردي، عن ثور بن يزيد، به . وانظر ما بعده . وقوله: " سهم عائر " يعني لا يُدرى مَنْ رماه، وهو الجائر عن قصده، ومنه عار الفرس: إذا ذهب على وجهه كأنه منفلت، والشملة: كساء يشتمل به الرجل .

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ تسمہ آگ سے بنا ہوا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ دو تسمے آگ سے بنے ہوئے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دوس قبیلے میں اسلام قبول کر لیا تھا پھر جب وہ مدینہ منورہ آئے تو نبی اکرم ﷺ اس وقت خیبر کی طرف روانہ ہو چکے تھے اور مدینہ منورہ کے نگران سباع بن عرفطہ غفاری رضی اللہ عنہ تھے جنہیں نبی اکرم ﷺ نے نائب مقرر کیا تھا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سباع رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی انہوں نے ویل للمطففین کی تلاوت کرتے ہوئے سنا۔

پھر وہ خیبر جا کر نبی اکرم ﷺ سے مل گئے اور غزوہ خیبر میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ شریک ہوئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِرَاكًا مِنْ نَارٍ اَرَادَ بِهِ اَنَّكَ اِنْ لَمْ تَرُدَّهُمَا عُذِّبْتَ بِمِثْلِهِمَا، فِي النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "یہ تسمہ آگ کا ہے" اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: اگر تم نے انہیں واپس نہ کیا ہوتا تو تمہیں ان دونوں کی مانند (تسموں کے ذریعے) جہنم میں عذاب دیا جاتا، ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

4852 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ سَالِمٍ، مَوْلَى ابْنِ مُطِيعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَهْدَى رِفَاعَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا، فَخَرَجَ بِهِ مَعَهُ اِلٰى خَيْبَرَ، فَاَتَى الْغُلَامَ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهُ فَقُلْنَا هَنِيئًا لَهُ الْجَنَّةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، الشَّمْلَةُ لَتَحْتَرِقُ عَلَيْهِ الْآنَ فِي النَّارِ غَلَّهَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَبْتُ يَوْمَئِذٍ شِرَاكَيْنِ، قَالَ: يُعَدَّدُ لَكَ مِثْلُهُمَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کو ایک غلام تحفے کے طور پر دیا۔ نبی اکرم ﷺ اسے ساتھ لے کر خیبر تشریف لے گئے۔ ایک اجنبی تیر اس غلام کو آ کر لگا اور وہ غلام مر گیا تو ہم نے کہا اسے جنت کی مبارک ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے وہ چادر اس پر جہنم میں جل رہی ہے، جو اس نے مسلمانوں کے مال میں غزوہ خیبر کے موقع پر خیانت کی تھی، تو ایک انصاری نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اس

4852- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق وهو مدلس، وقد صرح بالتحديث عند الحاكم، فانتفت شبهة تدليسه . ابن فضيل: هو محمد . وهو في " مصنف ابن أبي شيبة " 12/495 .وأخرجه الحاكم 3/40 من طريق يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حدثنا يزيد بن خصيفة، بِهِ . وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي! وذكره الحافظ ابن حجر في " الفتح " 4/488، وزاد نسبته إلى ابن منده .

دن مجھے دو تسمے ملے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے ان دونوں کی مانند جہنم کی آگ میں (تسمے تیار کیے جائیں گے)

ذِكْرُ تَرْكِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ عَلٰى مَنْ مَاتَ وَقَدْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

نبی اکرم ﷺ کا ایسے شخص کی نماز جنازہ ادا نہ کرنا جو ایسی حالت میں مرا ہو کہ اس نے اللہ کی راہ میں (مالِ غنیمت میں) خیانت کی ہو

4853 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ اَبِيْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَذَكَرُوْهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ، فَتَغَيَّرَتْ وُجُوْهُ الْقَوْمِ مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّ صَاحِبَكُمْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَفَتَّحْنَا مَتَاعَهُ، فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ الْيَهُوْدِ لَا يُسَاوِيْ دِرْهَمَيْنِ

❁❁ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک شخص کا غزوہ خیبر کے موقع پر انتقال ہو گیا۔ لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس کے انتقال کا ذکر کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کر لو تو اس بات پر لوگوں کے چہرے متغیر ہو گئے (یعنی وہ پریشان ہو گئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے اس ساتھی نے اللہ کی راہ میں خیانت کی تھی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) جب ہم نے اس کے ساز و سامان کا جائزہ لیا تو اس میں یہودیوں کا ایک ہار ملا جس کی قیمت دو درہم بھی نہیں ہو گی۔

4853- حديث صحيح . وأخرجه أبو داؤد (2710) في الجهاد: باب في تعظيم الغلول، والحاكم 2/127، وعنه البيهقي في "دلائل النبوة" 4/255 من طريق مسدد، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم على شرطهما، ووافقه الذهبي! .وأخرجه النسائي 4/64 في الجنائز: باب الصلاة على من غَلَّ، عن عبيد الله بن سعيد، عن يحيى القطان، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (9501) و (9502)، وأحمد 5/192، والحميدي (815)، وأبو بكر وابن أبي شيبة 12/491-492، وأبو داؤد (2710)، وابن الجارود (1081)، والحاكم 2/127، والبيهقي في "السنن" 9/101، وفي "الدلائل" 4/255، والبغوي في "شرح السنة" (2729)، وفي "التفسير" 1/367، والطبراني في "الكبير" (5174) و (5175) و (5176) و (5180) و (5181) من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/114، وابن ماجه (2848) في الجهاد: باب الغلول: والطبراني (5177) و (5178) و (5179) من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، عن محمد بن يحيى بن حبان، عن ابن أبي عمرة عن زيد بن خالد الجهني .وأخرجه مالك في "الموطأ" 2/458 في الجهاد: باب ما جاء في الغلول، عن يحيى بن سعيد عن محمد بن يحيى بن حبان أن زيد بن خالد الجهني .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَرْكَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ عَلَى الْغَالِّ

وَعَلٰى مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ قَبْلَ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى صَفِيِّهِ الْمُصْطَفٰى الْفُتُوحَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے خیانت کرنے والے شخص کی نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی'

اور اس شخص کی نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی جو ایسی حالت میں مرا تھا جس کے ذمے قرض تھا یہ حکم ابتداء اسلام کے بارے میں ہے' اور اس سے پہلے کا ہے' جب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو فتوحات عطا کر دی تھیں

4854 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، بِعَسْقَلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمَيِّتِ عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَسْاَلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ وَفَاءً، فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهُ تَرَكَ وَفَاءً صَلّٰى عَلَيْهِ وَاِلَّا قَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِ الْفُتُوحَ قَالَ: اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جب کسی ایسے شخص کی میت لائی جاتی تھی جس کے ذمے قرض ہوتا تھا تو آپ ﷺ دریافت کرتے تھے کہ کیا اس نے اپنے قرض کی ادائیگی کے لیے کچھ چھوڑا ہے؟ اگر یہ بات بتائی جاتی کہ اس نے ایسی چیز چھوڑی ہے' جس کے ذریعے اس کا قرض ادا کیا جا سکتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا کر لیتے تھے ورنہ آپ ﷺ یہ فرماتے تھے تم لوگ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کر لو۔

جب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو فتوحات عطا کیں' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میں ہر مومن کے لیے اس کی اپنی جان سے زیادہ قریب ہوں جو شخص ایسی حالت میں فوت ہو کہ اس کے ذمے قرض ہو' تو اس کی ادائیگی میرے ذمے ہو گی اور جو شخص مال چھوڑ کر جائے گا وہ اس کے ورثاء کو ملے گا''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْغَالَّ يَكُوْنُ غُلُوْلُهٗ فِي الْقِيَامَةِ عَارًا عَلَيْهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' (مالِ غنیمت میں) خیانت کرنے والے شخص کے لیے اس کی خیانت قیامت کے دن شرمندگی کا باعث ہو گی

4855 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَزَّازُ اَبُوْ عَمْرٍو الْعَدْلُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا

4854- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم . يونس: هو ابن يزيد الأيلي . وقد تقدم تخريجه برقم (3063) وسيأتي برقم (5054) .

مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِی عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِی رَبِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰی، عَنْ مَكْحُولٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ اَبِی سَلَّامٍ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی بَدْرٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ، فَلَمَّا هَزَمَهُمُ اللّٰهُ اتَّبَعَهُمْ طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ يَقْتُلُونَهُمْ وَاَحْدَقَتْ طَائِفَةٌ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَوْلَتْ طَائِفَةٌ عَلَى الْعَسْكَرِ، وَالنَّهْبِ، فَلَمَّا كَفَى اللّٰهُ الْعَدُوَّ، وَرَجَعَ الَّذِينَ طَلَبُوهُمْ، قَالُوا: لَنَا النَّفَلُ نَحْنُ طَلَبْنَا الْعَدُوَّ وَبِنَا نَفَاهُمُ اللّٰهُ وَهَزَمَهُمْ، وَقَالَ الَّذِينَ اَحْدَقُوا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ مَا اَنْتُمْ اَحَقَّ بِهِ مِنَّا، هُوَ لَنَا نَحْنُ اَحْدَقْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِاَنْ لَا يَنَالَ الْعَدُوُّ مِنْهُ غِرَّةً، قَالَ الَّذِينَ اسْتَوْلَوْا عَلَى الْعَسْكَرِ، وَالنَّهْبِ وَاللّٰهِ مَا اَنْتُمْ بِاَحَقَّ مِنَّا هُوَ لَنَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: (يَسْاَلُونَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ) (الأنفال: 1) الْآيَةَ، فَقَسَمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُهُمْ، اِذَا خَرَجُوا بَادِئِينَ الرُّبُعَ، وَيُنَفِّلُهُمْ اِذَا قَفَلُوا الثُّلُثَ، وَقَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَبَرَةً مِنْ جَنْبِ بَعِيرٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّهُ لَا يَحِلُّ لِی مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، قَدْرَ هٰذِهِ اِلَّا الْخُمُسَ، وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكُمْ، فَاَدُّوا الْخَيْطَ، وَالْمَخِيطَ، وَاِيَّاكُمْ وَالْغُلُولَ، فَاِنَّهُ عَارٌ عَلٰى اَهْلِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْجِهَادِ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ بَابٌ مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يُذْهِبُ اللّٰهُ بِهِ الْهَمَّ وَالْغَمَّ قَالَ: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الْاَنْفَالَ، وَيَقُوْلُ: لِيَرُدَّ قَوِيُّ الْمُؤْمِنِينَ عَلٰى ضَعِيفِهِمْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر کی طرف روانہ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن سے سامنا ہوا اور اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو پسپا کر دیا تو مسلمانوں کا ایک گروہ ان کے ساتھ لڑنے کے لیے ان کے پیچھے گیا دوسرا گروہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آس پاس ٹھہر گیا۔ ایک گروہ نے لشکر اور لوٹنے کے معاملات سنبھال لیے۔ جب اللہ تعالیٰ نے دشمن کی طرف سے

4855- إسناده حسن. عبد الرحمٰن بن الحارث بن عياش، وسليمان بن موسى -وهو الأشدق- فيهما كلام ينزلهما عن رتبة الصحيح، وباقي السند ثقات. أبو سلام: هو الأسود الحبشي، واسمه ممطور الأعرج، وقد تحرفت نسبته في الأصل و " التقاسيم " إلى: الباهلي. وأبو أسامة: هو صدى بن عجلان، صحابي مشهور، سكن الشام، ومات بها سنة 86 هـ، روى عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وعن جماعة من الصحابة. وأخرجه بأخصر ما هنا: الحاكم 2/135، وعنه البيهقي 6/292 عن دعلج بن أحمد السجستاني، حدثنا عبد العزيز بن معاوية البصري، حدثنا محمد بن جهضم، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي! وأخرجه مختصراً أحمد 5/318 و 319 و 319-320 و 322 و323 و324، والترمذي (1561) في السير: باب في النفل، وحسنه، والنسائي 7/131 في قسم الفيء: باب رقم (6)، وابن ماجه (2852) في الجهاد: باب النفل، والطبري في " جامع البيان " (15654)، والبيهقي 9/20-21 و57 من طرق عن عبد الرحمٰن بن الحارث، به. وأخرجه عبد الرزاق (9334)، وأحمد 5/319 و322-323، والدارمي 2/229 و 230، والطبري (15655)، والحاكم 2/136 و 326، والبيهقي 6/292، من طرق عن عبد الرحمٰن بن الحارث، عن سليمان بن موسى، عن مكحول، عن أبي أمامة، عن عبادة. ولم يذكر أبا سلام الباهلي. وأخرجه أحمد 4/315 و 316 و 330 من طريقين عن عبادة بن الصامت. وانظر " المسند " 5/316 و318 و 326 و 330، وابن ماجه (2850)

اطمینان کر دیا اور وہ لوگ واپس آ گئے جوان کے پیچھے گئے تھے' تو انہوں نے کہا: اضافی ادائیگی ہمیں ملے گی' کیونکہ ہم دشمن کے پیچھے گئے تھے اور ہماری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں یہاں سے دور کیا ہے اور انہیں پسپا کیا ہے' جو نبی اکرم ﷺ کے اردگرد پہرہ دے رہے تھے انہوں نے کہا اللہ کی قسم! تم اس کے ہم سے زیادہ حق دار نہیں ہو وہ ہمیں بھی ملے گا' کیونکہ ہم نبی اکرم ﷺ کی حفاظت کر رہے تھے تا کہ کہیں کوئی دشمن آپ ﷺ کو نقصان نہ پہنچا دے۔ وہ لوگ جو لشکر اور لوٹنے کے نگہبان تھے۔ وہ بولے: اللہ کی قسم! تم لوگ اس کے ہم سے زیادہ حق دار نہیں ہو یہ ہمیں ملے گا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''لوگ تم سے اضافی ادائیگی کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔''

تو نبی اکرم ﷺ نے وہ مال غنیمت ان کے درمیان تقسیم کر دیا اور نبی اکرم ﷺ انہیں عطیے کے طور پر چیزیں دیتے رہے۔ جب وہ لوگ وہاں سے روانہ ہوئے تھے' تو شروع میں ایک چوتھائی دیا گیا اور جب وہ واپس آ گئے تھے' تو انہیں ایک تہائی حصہ اضافی ادائیگی کے طور پر دیا گیا۔

غزوہ حنین کے موقع پر نبی اکرم ﷺ نے اونٹ کے پہلو کا بال پکڑ کر ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ تمہیں مال غنیمت کے طور پر جو کچھ عطا کرتا ہے اس میں سے اس (بال جتنی بھی) کوئی چیز میرے لیے حلال نہیں ہے سوائے خمس کے اور خمس بھی تمہاری طرف لوٹا دیا جائے گا اس لیے تم سوئی اور دھاگہ تک ادا کرو اور خیانت کرنے سے بچنا' کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے کرنے والے کے لیے رسوائی کا باعث ہوگی۔ تم پر اللہ کی راہ میں جہاد کرنا لازم ہے' کیونکہ وہ جنت کے دوازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔ جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ پریشانی اور غم کو ختم کر دیتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ اضافی ادائیگی کو ناپسند کرتے تھے آپ ﷺ یہ ارشاد فرماتے تھے: اہل ایمان میں سے خوش حال لوگ اپنے غریبوں کو یہ دے دیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ الرِّبَاطِ عِنْدَ اسْتِحْلَالِ الْغُزَاةِ الْغَنَائِمَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' جب غازی (یعنی جنگ میں حصہ لینے والے لوگ) غنیمت کو حلال کر دیں اس وقت وہ پہرہ داری کو اختیار کرے

4856- إسناده ضعيف . سويد بن عبد العزيز –هو ابن نمير الدمشقي السلمي– ضعفه أحمد، والنسائي، والترمذي، وأبو أحمد الحاكم وغيرهم، وقال دُحيم: ثقة، وكانت له أحاديث يغلط فيها، وقال البزار: ليس بالحافظ، ولا يحتج به إذا انفرد، وضعفه المصنف في " المجروحين " 1/350–351، واورد له أحاديث مناكير، ثم قال: والذى عندى فى سويد بن عبد العزيز تنكب ما خالف الثقات من حديثه، والاعتبار بما روى ممّا لم يخالف الأثبات والاحتجاج بما وافق الثقات، وهو ممن أستخير اللّٰه عز وجل فيه، لأنه يقرب من الثقات، وباقي السند ثقات . أبو وهب: هو عبيد اللّٰه بن عبيد الكلاعي .واخرجه الطبراني في " الكبير " 17/ (334)، والخطب في " تاريخه " 12/135 من طريقين عن سويد بن عبد العزيز، بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في " المجمع " 5/290 وقال: رواه الطبراني، وفيه سويد بن عبد العزيز، وهو متروك .وأورده السيوطي في " الجامع الكبير " 1/45 وزاد نسبته لابن منده، والديلمي .ونسبه المنذري في " الترغيب والترهيب " 2/247 إلى المصنف .

4856 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ بِبَيْرُوتَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي وَهْبٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ النُّدَّرِ السُّلَمِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا انْتَاطَ غَزْوُكُمْ وَكَثُرَتِ الْعَزَائِمُ * وَاسْتُحِلَّتِ الْغَنَائِمُ فَخَيْرُ جِهَادِكُمُ الرِّبَاطُ

حضرت عتبہ بن ندر سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب تمہاری جنگ ختم ہو جائے اور عزائم زیادہ ہو جائیں اور مال غنیمت حلال قرار دیا جائے' تو تمہارے لیے سب سے بہترین جہاد (سرحدوں پر) پہرہ داری کرنا ہے۔''

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْغَالِّ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اللہ کی راہ میں خیانت کرنے والے شخص کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ

4857 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ حَدَّثَنِي سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ اَبُو زُمَيْلٍ، قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرٍ اَقْبَلَ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، فُلَانٌ شَهِيدٌ، حَتّٰى مَرُّوا عَلٰى رَجُلٍ، فَقَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا اِنِّيْ رَاَيْتُهُ فِي النَّارِ فِي بُرْدَةٍ غَلَّهَا، اَوْ عَبَاءَةٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اذْهَبْ، فَنَادِ فِي النَّاسِ اَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُونَ، قَالَ فَخَرَجْتُ، فَنَادَيْتُ اَلَا اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُونَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيلٌ عَلٰى اَنَّ الْاِيمَانَ يَزِيدُ بِالطَّاعَةِ وَيَنْقُصُ بِالْمَعْصِيَةِ، وَفِيهِ دَلِيلٌ عَلٰى اَنَّ الْمُؤْمِنَ يُنْفٰى عَنْهُ اسْمُ الْاِيمَانِ بِالْمَعْصِيَةِ، اِذَا ارْتَكَبَهَا لَا الْاِيمَانُ كُلُّهُ، كَمَا اَنَّ الطَّاعَةَ يُطْلَقُ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِهَا اسْمُ الْاِيمَانِ، لَا الْاِيمَانُ كُلُّهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی: غزوہ خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے یہ کہنا شروع کیا فلاں شخص شہید ہے فلاں شخص شہید ہے یہاں تک کہ انہوں نے ایک آدمی کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا فلاں شہید ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہرگز نہیں میں نے اسے ایک چادر کی وجہ سے جہنم میں دیکھا ہے' جو اس نے خیانت کے طور پر حاصل کی تھی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک عباء کی وجہ سے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے! تم جاؤ اور لوگوں میں یہ اعلان کر دو کہ جنت میں صرف اہل ایمان داخل ہوں گے۔

4857– إسناده حسن، وقد تقدم برقم (4849) . وأخرجه أحمد 1/30، وابن أبي شيبة 14/465–466، ومسلم (114) في الإيمان: باب غلظ تحريم الغلول وأنه لا يدخل الجنة إلا المؤمنون، من طريق هاشم بن القاسم، بهذا الإسناد .

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں وہاں سے نکلا میں نے اعلان کیا:

خبردار! جنت میں صرف اہل ایمان داخل ہوں گے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے' نیکی کرنے کی وجہ سے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور گناہ کی وجہ سے اس میں کمی ہوتی ہے اور اس میں اس بات کی دلیل بھی موجود ہے' بعض اوقات کسی گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے کسی مومن شخص سے لفظ ایمان کی نفی کی جاتی ہے اس سے پورے ایمان کی نفی نہیں کی جاتی۔ جس طرح اگر کوئی شخص کوئی نیکی کرتا ہے' تو اس کے لیے لفظ ایمان استعمال کیا جاتا ہے اس سے پورا ایمان مراد نہیں ہوتا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَرْكُ اَخْذِ الْغُلُولِ عَمَّنْ غَلَّ، إِذَا اَتٰى بِهٖ بَعْدَ قَسْمِ الْغَنِيمَةِ لِتَكُوْنَ عُقُوبَةً لَهٗ وَاَدَبًا لِمَا يَسْتَقْبِلُهٗ مِنَ الْاُمُوْرِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' جس شخص نے (مالِ غنیمت میں)

خیانت کی ہو اس خیانت والی چیز کو وصول نہ کرے' جبکہ وہ شخص اس چیز کو مالِ غنیمت تقسیم ہو جانے کے بعد لایا ہو' تاکہ یہ چیز اس کے لیے سزا کا باعث ہو اور آئندہ کے لیے نصیحت بن جائے

4858 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِيْ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ مَغْنَمًا اَمَرَ بِلَالًا، فَنَادٰى فِي النَّاسِ ثَلَاثَةً فَيَجِيءُ النَّاسُ بِغَنَائِمِهِمْ فَيُخَمِّسُهَا وَيَقْسِمُهَا، فَاَتَاهُ رَجُلٌ بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِّنْ شَعْرٍ، فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا فِيمَا كُنَّا اَصَبْنَا فِي الْغَنِيمَةِ، قَالَ: مَا سَمِعْتَ بِلَالًا نَادٰى ثَلَاثًا قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا مَنَعَكَ اَنْ تَجِيءَ بِهٖ؟، فَاعْتَذَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْ اَنْتَ الَّذِيْ تَجِيءُ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَنْ اَقْبَلَهٗ مِنْكَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مال غنیمت حاصل ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو انہوں نے لوگوں میں تین مرتبہ اعلان کر دیا لوگ اپنے طور پر مال غنیمت میں ملنے والی تمام چیزیں لے آئے۔

4858- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير هناد بن السرى، فمن رجال مسلم . أبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمى .وأخرجه عبد الرزاق (9395)، ومن طريقه الطبرانى 18/ (453) عن معمر، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعى 2/121، وأحمد 4/430 و433-434، والحميدى (829)، ومسلم (1641) فى النذور: باب لا وفاء لنذر فى معصية الله، ولا فيما لا يملك العبد، وأبو داؤد (3316) فى الأيمان والنذور: باب فى النذر فيما لا يملك، والنسائى فى " الكبرى " كما فى " التحفة " 8/202، والبيهقى فى " السنن " 9/72، وفى " دلائل النبوة " 4/188-189، وابن الجارود فى " المنتقى " (933) من طرق عن أيوب، بِهِ .

نبی اکرم ﷺ نے ان میں سے خمس نکال لیا اور باقی کو تقسیم کر دیا۔ اس کے بعد ایک شخص بال سے بنی ایک لگام لے کر آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! یہ ان چیزوں میں شامل ہے جو ہمیں مال غنیمت کے طور پر ملی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے بلال کو سنا نہیں تھا اس نے تین مرتبہ اعلان کیا تھا؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم اسے لے کر کیوں نہیں آئے۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عذر پیش کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ایسے شخص بن جاؤ کہ تم اسے اپنے ساتھ قیامت کے دن لے کر آؤ گے۔ تو میں اسے تم سے قبول نہیں کروں گا۔

بَابُ الْفِدَاءِ وَفَكِّ الْاَسْرٰى

باب: فدیہ دینا اور قیدیوں کو آزاد کروانا

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اسْتِعْمَالُ الْمُفَادَاةِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَبَيْنَ الْاَعْدَاءِ اِذَا رَاٰى ذٰلِكَ لَهُمْ صَلَاحًا

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے مسلمانوں اور دشمن کے درمیان فدیہ کی ادائیگی کی صورت پر عمل کرے جب وہ اس میں مسلمانوں کی بہتری دیکھے

4859 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَسَرَتْ ثَقِيفٌ رَجُلَيْنِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَسَرَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، فَمَرَّ بِهٖ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُوثَقٌ، فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عَلَامَ اُحْبَسُ؟، فَقَالَ بِجَرِيرَةِ حُلَفَائِكَ، ثُمَّ مَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَاهُ، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ الْاَسِيرُ اِنِّيْ مُسْلِمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قُلْتَهَا، وَاَنْتَ تَمْلِكُ اَمْرَكَ، اَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ، ثُمَّ مَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَاهُ اَيْضًا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ فَقَالَ اِنِّيْ جَائِعٌ فَاَطْعِمْنِيْ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهٖ حَاجَتُكَ، ثُمَّ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَاهُ بِالرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ كَانَتْ ثَقِيفٌ اَسَرَتْهُمَا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُ الْاَسِيرِ اِنِّيْ مُسْلِمٌ وَتَرْكُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ مِنْهُ، كَانَ لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلِمَ مِنْهُ بِاِعْلَامِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَزَّ اِيَّاهُ، اَنَّهٗ كَاذِبٌ فِيْ قَوْلِهٖ، فَلَمْ يَقْبَلْ

4859– إسناده حسن على شرط مسلم، في عكرمة بن عمار كلام ينزله عن رتبة الصحيح .وأخرجه الطبراني (6237) عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 9/129 من طريق الأسفاطي العباس بن الفضل، عن أبي الوليد، به .وأخرجه أحمد 4/46 و 51، ومسلم (1755) في الجهاد والسير: باب التنفيل وفداء المسلمين بالأسارى، وأبو داوٗد (2697) في الجهاد: باب الرخصة في المدركين يفرق بينهم، وابن ماجه (2846) في الجهاد: باب فداء الأسارى، والطبراني (6237) من طرق عن عكرمة بن عمار، به .

ذٰلِكَ مِنْهُ فِي اَسْرِهٖ، كَمَا كَانَ يَقْبَلُ مِثْلَهٗ مِنْ مِثْلِهٖ، اِذَا لَمْ يَكُنْ اَسِيْرًا، فَاَمَّا الْيَوْمُ فَقَدِ انْقَطَعَ الْوَحْيُ، فَاِذَا قَالَ الْحَرْبِيُّ اِنِّيْ مُسْلِمٌ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْهُ، وَرُفِعَ عَنْهُ السَّيْفُ سَوَاءٌ كَانَ اَسِيْرًا اَوْ مُحَارِبًا

✿✿ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ثقیف قبیلے سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کے دو اصحاب کو قید کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب نے بنو عامر بن صعصعہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو قید کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ اس کے پاس سے گزرے وہ بندھا ہوا تھا اس نے آپ ﷺ کو مخاطب کیا: اے حضرت محمد ﷺ، اے حضرت محمد ﷺ! نبی اکرم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہو گئے اس نے دریافت کیا مجھے کیوں قید کیا گیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے حلیفوں کی زیادتی کی وجہ سے۔ نبی اکرم ﷺ آگے تشریف لے گئے تو اس نے پھر آپ ﷺ کو بلایا۔ نبی اکرم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے اس قیدی نے آپ ﷺ کی خدمت میں گزارش کی: میں مسلمان ہوتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم یہ بات کہتے ہو تو تم اپنے معاملے کے مالک ہو گے اور تم مکمل طور پر کامیابی حاصل کر لو گے۔ پھر نبی اکرم ﷺ آگے تشریف لے گئے تو اس نے پھر آپ ﷺ کو بلایا۔ نبی اکرم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے وہ بولا: میں بھوکا ہوں مجھے کچھ کھانے کے لیے دیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ تمہاری ضرورت کا سامان ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اسے ان دو آدمیوں کے فدیے کے طور پر ادا کیا جسے ثقیف قبیلے کے لوگوں نے قید کیا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس قیدی کا یہ کہنا کہ میں مسلمان ہوں اور نبی اکرم ﷺ کا اس کی بات پر کوئی توجہ نہ دینا اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بات کی اطلاع مل گئی تھی کہ وہ شخص اپنے اس بیان میں جھوٹا ہے اس لیے نبی اکرم ﷺ نے اس کی قید کے دوران اس سے اعتراف کو قبول نہیں کیا جس طرح کا اعتراف آپ ﷺ اس طرح کی صورت حال میں قبول کر لیتے تھے جب کہ وہ آدمی قیدی نہ ہوتا۔ جہاں تک آپ ﷺ کے دن کا تعلق ہے تو وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا جب کوئی حربی شخص یہ کہے: میں مسلمان ہوں تو اس سے اس بات کو قبول کیا جائے گا اور اس سے تلوار کو اٹھا لیا جائے گا خواہ وہ شخص قیدی ہو یا جنگجو ہو۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّفُكَّ اُسَارَى الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ اَيْدِي الْمُشْرِكِيْنَ اِذَا وَجَدَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ مشرکین کے ہاتھوں سے مسلمان قیدیوں کو آزاد کروائے جب وہ اس کا کوئی راستہ پائے

4860 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَاَمَّرَهٗ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فَغَزَوْنَا فَزَارَةَ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنَ الْمَاءِ، اَمَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، فَعَرَّسْنَا، فَلَمَّا صَلَّيْنَا الصُّبْحَ، اَمَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ بِشَنِّ الْغَارَةِ، فَقَتَلْنَا عَلَى الْمَاءِ مَنْ قَتَلْنَا، قَالَ سَلَمَةُ: فَنَظَرْتُ اِلٰى عُنُقٍ مِنَ النَّاسِ فِيْهِ الذُّرِّيَّةُ وَالنِّسَاءُ وَاَنَا اَعْدُو فِيْ آثَارِهِمْ، فَخَشِيتُ اَنْ يَّسْبِقُوْنِيْ اِلَى الْجَبَلِ، فَرَمَيْتُ بِسَهْمٍ، فَوَقَعَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْجَبَلِ فَقَامُوا، فَجِئْتُ بِهِمْ اَسُوقُهُمْ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ، حَتّٰى اَتَيْتُ الْمَاءَ، وَفِيْهِمُ امْرَاَةٌ مِّنْ فَزَارَةَ عَلَيْهَا قَشْعٌ مِّنْ آدَمَ مَعَهَا بِنْتٌ لَهَا، مِنْ اَحْسَنِ الْعَرَبِ، فَنَفَّلَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ ابْنَتَهَا فَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا حَتّٰى قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، ثُمَّ بِتُّ وَلَمْ اَكْشِفْ لَهَا ثَوْبًا، فَلَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَبْ لِيَ الْمَرْاَةَ، فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ اَعْجَبَتْنِيْ وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا، فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَرَكَنِيْ، ثُمَّ لَقِيَنِيْ مِنَ الْغَدِ فِي السُّوقِ، فَقَالَ: يَا سَلَمَةُ هَبْ لِيَ الْمَرْاَةَ لِلّٰهِ اَبُوكَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا، فَهِيَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ وَفِيْ اَيْدِيهِمْ اَسْرٰى مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَفَدَاهُمْ بِتِلْكَ الْمَرْاَةِ، فَكَّهُمْ بِهَا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ روانہ ہوئے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہمارا امیر مقرر کیا تھا۔ ہم نے فزارہ قبیلے کے لوگوں کے ساتھ جنگ کرنا تھی جب ہم پانی کے قریب پہنچے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں حکم دیا تو ہم نے وہاں پڑاؤ کر لیا جب ہم نے صبح کی نماز ادا کر لی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں یک بارگی حملہ کرنے کا حکم دیا۔ ہم نے پانی کے آس پاس موجود بہت سارے لوگوں کو قتل کر دیا۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے لوگوں کے پیچھے دیکھا کہ کچھ بچے اور کچھ خواتین جا رہے ہیں میں ان کے پیچھے گیا، مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ وہ مجھ سے پہلے پہاڑ پر نہ پہنچ جائیں' تو میں نے ایک تیر مارا جو ان کے اور پہاڑ کے درمیان جا کر گرا تو وہ لوگ رک گئے میں انہیں پکڑ کر انہیں ہانک کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لے آیا۔ یہاں تک کہ میں پانی پاس آ گیا' ان میں فزارہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک عورت تھی جس نے چمڑے کا لباس پہنا ہوا تھا اور اس کے ساتھ اس کی بیٹی بھی تھی جو عربوں کی خوب صورت ترین عورت تھی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کی بیٹی مجھے انعام کے طور پر دے دی میں نے اس کا پردہ نہیں ہٹایا یہاں تک کہ میں مدینہ منورہ آ گیا پھر میں نے رات بسر کی اور اس کا پردہ نہیں ہٹایا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجھ سے ملاقات ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ عورت مجھے تحفے کے طور پر دے دو۔ میں نے عرض کی:

4860– هشام بن عمر صدوق وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صالح بن بشير بن فديك، فلم يُوثّقهُ غير المؤلّف 4/374، ولم يَروِ عنه غيرُ الزهرى انظر " التاريخ الكبير " 4/273، و " الجرح والتعديل " 4/395، وفُديك قال البخارى فى " التاريخ " 7/135: هو صاحب النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعد فى أهل الحجار، ثم ذكر حديثه هذا من طريق الأوزاعى ومحمد بن الوليد الزبيدى، كلاهما عن الزهرى . . .، وذكر ابن أبى حاتم 7/89 نحوه، وقال البغوى: سكن المدينة، وذكره المؤلف فى " ثقاته " 3/334 . وقال ابن السكن: يقال: إن فديكاً وابنه بشيراً جميعاً صحباً النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . انظر " الإصابة " 3/195 . وأخرجه البيهقى 9/17 من طريق إسحاق بن عيسى، عن يحيى بن حمزة، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبرانى 18/ (862)، والبيهقى 9/17 من طريقين عن فديك بن سليمان، عن الأوزاعى، عن الزهرى، به .وأورده الهيثمى فى " مجمع الزوائد " 5/255 وقال: رواه الطبرانى فى " الأوسط " و " الكبير " باختصار، ورجاله ثقات إلا أن صالح بن بشير أرسله ولم يقل " عن فديك " .

یارسول اللہ ﷺ! مجھے وہ بہت اچھی لگی ہے میں نے تو ابھی اس کا پردہ بھی نہیں ہٹایا تو نبی اکرم ﷺ خاموش رہے آپ ﷺ نے مجھے کچھ نہیں کہا۔ پھر اگلے دن آپ ﷺ کی مجھ سے بازار میں ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے سلمہ تم وہ عورت مجھے ہبہ کر دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے تو اس کا پردہ بھی نہیں ہٹایا بہرحال وہ آپ ﷺ کی نذر ہے یارسول اللہ ﷺ!

راوی بیان کرتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے اہل مکہ کو پیغام بھیجا۔ ان کے ہاں کچھ مسلمان قیدی تھے' تو نبی اکرم ﷺ نے ان قیدیوں کے فدیے کے طور پر وہ عورت ادا کر دی اور ان لوگوں کو اس عورت کے عوض میں چھڑوا لیا۔

بَابُ الْهِجْرَةِ

باب: ہجرت کا تذکرہ

4861 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ بَشِيرِ بْنِ فُدَيْكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فُدَيْكًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ اَنَّهُ مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ هَلَكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فُدَيْكُ اَقِمِ الصَّلَاةَ وَاهْجُرِ السُّوءَ وَاسْكُنْ مِنْ اَرْضِ قَوْمِكَ حَيْثُ شِئْتَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِمِ الصَّلَاةَ اَمْرُ فَرْضٍ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاهْجُرِ السُّوءَ فَرْضٌ عَلَى الْمُسْلِمِينَ كُلِّهِمْ فِي كُلِّ الْاَحْوَلِ، لِئَلَّا يَرْتَكِبُوا سُوْءًا بِاَنْفُسِهِمْ مِنَ الْمَعَاصِي، وَبِغَيْرِهِمْ مِمَّا لَا يَرْضَى اللّٰهُ مِنَ الْاَفْعَالِ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاسْكُنْ مِنْ اَرْضِ قَوْمِكَ حَيْثُ شِئْتَ اَمْرُ اِبَاحَةٍ مُرَادُهُ الْاِعْلَامُ، بِاَنَّ تَارِكَ السُّوءِ عَلَى مَا وَصَفْنَا لَا ضَيْرَ عَلَيْهِ، اَيَّ مَوْضِعٍ سَكَنَ، وَاِنْ لَمْ يَقْصِدِ الْمَوَاضِعَ الشَّرِيفَةَ

✿✿ حضرت فدیک رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ یہ کہتے ہیں کہ جو شخص ہجرت نہیں کرتا وہ ہلاکت کا شکار ہو جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اے فدیک تم نماز ادا کرتے رہو، برائی سے لاتعلق رہو اور جہاں چاہو اپنی قوم کی سرزمین میں رہائش رکھو۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم نماز قائم کرو'' یہ فرض حکم ہے' جو مخاطب افراد پر بعض حالتوں میں فرض ہوتا ہے تمام حالتوں میں فرض نہیں ہوتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم برائی سے لاتعلق رہو'' یہ تمام مسلمانوں پر ہر حالت میں فرض ہے' تاکہ وہ بھی کسی بھی صورت میں اپنی ذات کے حوالے سے گناہ کا ارتکاب نہ کریں اور کسی دوسرے کے ساتھ کوئی ایسا عمل نہ کریں جس سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اور تم اپنی قوم کی سرزمین پر رہائش رکھو جہاں بھی تم چاہو'' یہ مباح قرار دینے کے طور پر حکم ہے' لیکن اس سے مراد اطلاع دینا ہے' برائی کو ترک کرنے والا وہ شخص جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے اس شخص پر کوئی نقصان نہیں ہوگا چاہے

وہ کسی بھی جگہ پر رہائش اختیار کرے اگر چہ وہ شرف والے مقامات پر رہائش کو اختیار نہ کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ هِجْرَةٍ لَيْسَ فِيهَا التَّحَوُّلُ مِنْ دَارِ الْكُفْرِ اِلٰى دَارِ الْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر ہجرت ایسی نہیں ہوتی کہ اس میں کفر کی سرزمین سے مسلمانوں کی سرزمین کی طرف منتقل ہوا جائے

4862 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الْجَنْبِيِّ، قَالَ حَدَّثَنِيْ فَضَالَةُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالْمُؤْمِنِ، مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى اَمْوَالِهِمْ، وَاَنْفُسِهِمْ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِهٖ، وَيَدِهٖ، وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوْبَ

✿✿ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں مومن کے بارے میں نہ بتاؤں مومن وہ ہے' جس سے لوگ اپنے مالوں اور جان کے حوالے سے مامون ہوں اور مسلمان وہ ہے' جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے لوگ سلامت ہوں۔ مجاہد وہ شخص ہے' جو اپنی ذات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کے بارے میں جہاد کرتا ہے اور مومن وہ شخص ہے' جو اپنی خطاؤں اور گناہوں سے لاتعلق رہتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَفْضِيْلِ الْهِجْرَةِ لِلْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ تَبَايُنِ نِيَّاتِهِمْ فِيْهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' ہجرت کے بارے میں مسلمانوں کی نیت کے اختلاف کے حوالے سے' ہجرت کی فضیلت (میں فرق آتا ہے)

4863 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ

4862– إسناده صحيح، رجاله كلهم ثقات . عبد الله: هو ابن المبارك، وأبو هانىء الخولاني: هو حميد بن لاحق .وأخرجه أحمد 6/21 عن علي بن إسحاق عن عبد الله، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 1/10–11 من طريق عبد الله بن صالح كاتب الليث، وسعيد بن أبي مريم كلاهما عن الليث، به . وقال: صحيح على شرطهما ولم يخرجاه، وأقره الذهبي! .وأخرجه الطبراني في " الكبير " 18/796 من طريق عبد الله بن صالح، عن الليث به .وأخرجه أحمد 6/22 من طريق رشدين بن سعد، والبزار (1143) من طريق ابن وهب، كلاهما عن أبي هانىء الخولاني، به .وأخرجه مختصراً ابن ماجه (3934) من طريق ابن وهب، به . وقال البوصيري في " مصباح الزجاجة " ورقة 245: إسناده صحيح . وأورده الهيثمي في " المجمع " 3/268، وقال: رواه البزار والطبراني في " الكبير " باختصار، ورجال البزار ثقات . وانظر (4706) .ولـه شاهد صحيح من حديث أنس عند المؤلف، وقد تقدم برقم (510) .ونزيد فيه هنا: وأخرجه أحمد 3/154، والبزار (21)، وأبو يعلى (4187) من طرق عن أنس .

یَزِیدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِیْ کَثِیرٍ الزُّبَیْدِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْهِجْرَةُ هِجْرَتَانِ، فَاَمَّا هِجْرَةُ الْبَادِی یُجِیبُ، اِذَا دُعِیَ وَیُطِیعُ اِذَا اُمِرَ، وَاَمَّا هِجْرَةُ الْحَاضِرِ، فَهِیَ اَشَدُّهُمَا بَلِیَّةً، وَاَعْظَمُهُمَا اَجْرًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ہجرت دو طرح کی ہوتی ہے دیہاتی شخص کی ہجرت یہ ہے: جب اسے بلایا جائے تو وہ آجائے اور جب اسے حکم دیا جائے تو فرماں برداری کرے۔ جہاں تک شہری شخص کی ہجرت کا تعلق ہے تو آزمائش کے اعتبار سے یہ شدید ہوتی ہے اور اجر بھی اس کا زیادہ ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ انْقِطَاعِ الْهِجْرَةِ بَعْدَ الْفَتْحِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ فتح کے بعد ہجرت منقطع نہیں ہوئی ہے

4864 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیَی، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَخِی یَعْلَی ابْنِ مُنْیَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ یَعْلَی ابْنَ مُنْیَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِی، فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بَایِعْ اَبِیْ عَلَی الْهِجْرَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ اُبَایِعُهُ عَلَی الْجِهَادِ، قَدِ انْقَطَعَتِ الْهِجْرَةُ

❀❀ حضرت یعلیٰ بن منیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے والد کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ میرے والد سے ہجرت پر بیعت لے لیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (جی نہیں) بلکہ میں ان سے جہاد پر بیعت لوں گا کیونکہ ہجرت ختم ہو چکی ہے۔

4863– حديث صحيح، محمد بن عصام بن يزيد وأبوه تقدمت ترجمتها في تخريج الحديث (4568)، وقد توبعا، ومن فوقهما ثقات من رجال الصحيح غير أبي كثير الزبيدي، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه النسائي والعجلي والمؤلف .وأخرجه النسائي 7/144 في البيعة: باب هجرة البادي، من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، عن عمرو بن مرة، بهذا الإسناد .وسيجيء ضمن حديث مطول عند المصنف برقم (5176) .

4864– إسناده ضعيف، عبد الرحمٰن بن أخي يعلى لَمْ يُوَثِّقْهُ غيرُ المؤلِّف، ولم يَروِ عنه غير الزهري، وقال الإمام الذهبي: لا يعرف، وأبوه تفرد بالرواية عنه ولده عمرو، وقال أبو حاتم: لا يعرف، وذكره المؤلف في " الثقات " .وأخرجه أحمد 4/223، والنسائي 7/141 في البيعة: باب البيعة على الجهاد وفي " الكبرى " كما في " التحفة " 9/116 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/223 و223–224، والنسائي 7/145: باب ذكر الاختلاف في انقطاع الهجرة، وفي " الكبرى " والطحاوي في " مشكل الآثار " 3/253، والطبراني في " الكبير " 22/ (664) و (665)، والحاكم 3/424، والبيهقي 9/16 من طرق عن ابن شهاب، به .

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي انْقَطَعَ فِيهِ الْهِجْرَةُ

اس وقت کا تذکرہ جس میں ہجرت منقطع ہوئی

4865 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ: لَا هِجْرَةَ وَلٰكِنَّهَا جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اب ہجرت باقی نہیں رہی تاہم جہاد اور نیت باقی ہیں' جب تم سے (جہاد کے لیے) نکلنے کے لیے کہا جائے' تو نکل پڑو۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ يُعَارِضُ فِي الظَّاهِرِ مَا وَصَفْنَا

اس روایت کا تذکرہ جو بظاہر اس روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم نے ذکر کیا ہے

4866 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَقْدَانَ الْقُرَشِيِّ - وَكَانَ مُسْتَرْضِعًا فِي بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، وَكَانَ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّعْدِيِّ - قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ مَا قُوتِلَ الْكُفَّارُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّعْدِيِّ بْنِ وَقْدَانَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ وُدٍّ، وَاُمُّهُ ابْنَةُ الْحَجَّاجِ بْنِ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ سَهْمٍ، مَاتَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

4865– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم (4592) .

4866– إسناده صحيح . عمرو بن عثمان: هو الحمصي، روى له أبو داوُد والنسائي وابن ماجه، ووثقه النسائي وأبو داوُد والمؤلف، ومسلمة بن القاسم، قال أبو حاتم: صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الله بن العلاء بن زبر، فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد 5/270، والطحاوي في " المشكل " 3/258، والبيهقي 9/17–18 من طرق عن يحيى بن حمزة، عن عطاء الخراساني، عن ابن محيريز، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 7/146 في البيعة: باب ذكر الاختلاف في انقطاع الهجرة، وفي السير كما في " التحفة " 6/402، والطحاوي 3/258 من طريقين عن الوليد، عَنْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن واقد السعدي . وأخرجه النسائي 7/146، وفي " الكبرى " كما في التحفة " 6/402 من طريقين عن عبد الله بن العلاء، عن بسر بن عبيد الله، عن أبي إدريس الخولاني، عن حسان بن عبد الله الضمري، عن عبد الله السعدي . وأخرجه أحمد 1/192 عن الحكم بن نافع، عن إسماعيل بن عياش، عن ضمضم بن زرعة، عن شريح بن عبيد يرده إلى مالك بن يخامر، عن ابن السعدي . وأخرجه النسائي في السير كما في " التحفة " 8/356 عن شعيب بن شعيب بن إسحاق وأحمد بن يوسف، كلاهما عن أبي المغيرة، عن الوليد بن سليمان، عن بسر بن عبيد الله، عن عبد الله بن محيريز، عن عبد الله بن السعدي، عن محمد بن حبيب المصري، به .

❁❁ حضرت عبداللہ بن وقدان قرشی رضی اللہ عنہ' جو بنو سعد بن بکر کے ہاں دودھ پیتے رہے' انہیں عبداللہ بن سعدی بھی کہا جاتا ہے وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب تک کفار کے ساتھ جنگ کی جاتی رہے گی ہجرت ختم نہیں ہوگی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ عبداللہ بن سعدی بن وقدان بن عبد شمس بن عبدود ہیں ان کی والدہ حجاج بن عامر بن سعد بن سہل کی صاحبزادی تھیں۔ ان کا انتقال حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْهِجْرَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا فِي الْاَخْبَارِ الَّتِي اَمْلَيْنَاهَا فِيمَا قَبْلُ

ہجرت کی اس صفت کا تذکرہ' جس کا ذکر ہم نے ان روایات میں کیا ہے جو ہم پہلے ہی املاء کرا چکے ہیں

4867 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، وَسَاَلْتُهُ عَنِ انْقِطَاعِ فَضِيلَةِ الْهِجْرَةِ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ اَبِى رَبَاحٍ،

(متن حدیث): قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا، وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ، حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى عَائِشَةَ، فَسَاَلَهَا عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَتْ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، اَوْ قَالَتْ بَعْدَ الْيَوْمِ، اِنَّمَا كَانَ النَّاسُ يَفِرُّوْنَ بِدِيْنِهِمْ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مِنْ اَنْ يُّفْتَنُوا، وَقَدْ اَفْشَى اللّٰهُ الْاِسْلَامَ، فَحَيْثُ شَاءَ الْعَبْدُ عَبَدَ رَبَّهٗ

❁❁ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں: میں اور عبید بن عمیر روانہ ہوئے۔ ہم لوگ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ عبید بن عمیر نے ان سے ہجرت کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: فتح مکہ کے بعد ہجرت باقی نہیں رہی۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) آج کے بعد باقی نہیں رہی۔ لوگ اپنے دین کی حفاظت کے لیے اللہ اور اس کے رسول کی طرف آجاتے تھے کہ کہیں انہیں آزمائش میں مبتلا نہ کیا جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسلام کو پھیلا دیا اب بندہ جہاں چاہے اپنے پروردگار کی عبادت کرسکتا ہے۔

4867– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن عثمان فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه البخاری (3080) فی الجهاد: باب لا هجرة بعد الفتح، و (3900) فی مناقب الأنصار: باب هجرة النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ واصحابه إلى المدينة، و (4312) فی المغازی: باب مقام النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بمكة زمن الفتح، والطحاوی فی " مشكل الآثار " 3/254، والبيهقی 9/17 من طرق عن الأوزاعی، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاری (3080)، والبيهقی 9/17 من طريقين عن ابن جريج، عن عطاء، بِه .وأخرجه مسلم (1864) فی الإمارة: باب المبايعة بعد فتح مكة على الإسلام والجهاد والخير . . .، وأبو يعلى (4952) من طريق عبد اللّٰه بن عبد الرحمٰن بن أبی حسين، عن عطاء، عن عائشة قالت: سئل رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الهجرة فقال: " لا هجرة بعد الفتح، ولكن جهاد ونية، واذا استنفرتم فانفروا " .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَنْ هَاجَرَ اِلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ قَصْدِهِ نَوَالُ شَيْءٍ مِّنْ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہر وہ شخص جو مصطفیٰ کریم ﷺ کی طرف ہجرت کرتا ہے

اور اس کا مقصود اس فنا اور زائل ہو جانے والی (دنیا میں سے) کسی چیز کا حصول ہو' تو اس کی ہجرت اسی طرح شمار ہوگی (جو نیت کر کے) اس نے ہجرت کی تھی

4868 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَسَّانَ السَّامِيُّ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَلِكُلِّ امْرِءٍ مَا نَوٰى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا، اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ

❀❀ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اعمال کی (جزا کا) دارومدار نیتوں پر ہے آدمی کو وہی کچھ ملے گا' جو اس نے نیت کی ہوگی۔ جس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہجرت کی ہوگی اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف شمار ہوگی اور جس شخص کی ہجرت کسی دنیاوی فائدے کے حصول کے لیے ہوگی یا کسی عورت سے شادی کرنے کے لیے ہوگی' تو اس کی ہجرت اسی کی طرف شمار کی جائے گی جو نیت کر کے اس نے ہجرت کی تھی''۔

4868- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الصلت بن مسعود، فمن رجال مسلم. وقد تقدم برقم (388) و (389).

بَابُ الْمُوَادَعَةِ، وَالْمُهَادَنَةِ

باب: موادعت اور مہادنت کا بیان

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ مُصَالَحَةَ الْاَعْدَاءِ إِذَا عَلِمَ بِالْمُسْلِمِيْنَ ضَعْفًا عَنْ قِتَالِهِمْ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ دشمن کے ساتھ اس وقت صلح کر لے' جب اسے اس بات کا علم ہو کہ مسلمان ان کے ساتھ جنگ کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے

4869 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا حَصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ صَالَحَهُ اَهْلُ مَكَّةَ عَنْ اَنْ يَدْخُلَهَا، وَيُقِيْمُ بِهَا ثَلَاثًا، وَلَا يَدْخُلُهَا اِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ السَّيْفِ وَقِرَابِهِ وَلَا يَخْرُجُ مَعَهُ اَحَدٌ مِمَّنْ دَخَلَ مَعَهُ وَلَا يَمْنَعُ اَحَدًا يَمْكُثُ فِيْهَا، مِمَّنْ كَانَ مَعَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبِ الشَّرْطَ بَيْنَنَا هٰذَا، مَا قَاضَى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ لَوْ عَلِمْنَا اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بَايَعْنَاكَ، وَلٰكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْحُهُ وَاكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: لَا اَمْحُوهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْحُهُ، وَاكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: لَا اَمْحُوهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرِنِيْ مَكَانَهُ، حَتّٰى اَمْحُوَهُ، فَمَحَاهُ، وَكَتَبَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَاَقَامَ بِهَا ثَلَاثًا، فَلَمَّا كَانَ اٰخِرَ الْيَوْمِ الثَّالِثِ، قَالُوْا لِعَلِيٍّ قَدْ مَضٰى شَرْطُ صَاحِبِكَ، فَمُرْهُ،

4869– إسناده صحيح على شرط الشيخين، فقد أخرجا لأبي إسحاق من رواية زكريا بن أبي زائدة عنه .وأخرجه مسلم (1783) (92) في الجهاد والسير: باب صلح الحديبية، عن إسحاق بن إبراهيم وأحمد بن جناب المصيصي، كلاهما عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/289 و 291، والطيالسي (713)، والبخاري (2698) في الصلح: باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان، ومسلم (1783) (90) و (91)، وأبو داؤد (1832) في المناسك: باب المحرم يحمل السلاح، وأبو يعلى (1713) من طريق شعبة، وأخرجه أحمد 4/302، والبخاري (2700)، والبيهقي 9/226، والبغوي (2749) من طريق سفيان الثوري، وأخرجه البخاري (3184) في الجزية والموادعة: باب المصالحة على ثلاثة أيام، من طريق يوسف بن إسحاق،، وأخرجه أبو يعلى (1703) من طريق شريك، أربعتهم (شعبة وسفيان ويوسف بن إسحاق وشريك) عن أبي إسحاق، به . وسيرد عند المصنف برقم (4873) .

فَلْيَخْرُجْ، فَاَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ قَالَ نَعَمْ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُمْ فِي الشَّرْطِ، وَلَا يَخْرُجُ مَعَهُ اَحَدٌ، مِمَّنْ دَخَلَ مَعَهُ، اَرَادُوْا بِهٖ عَلٰى كُرْهٍ مِّنْهُمْ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ لَا يُخْرِجَ اَحَدًا، مِمَّنْ دَخَلَ مَعَهُ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَصْلًا

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے پاس تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ کے ساتھ یہ صلح کر لی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوں گے وہاں تین دن قیام کریں گے آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہتھیار میان میں رکھے ہوں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ داخل ہونے والے لوگوں میں سے کوئی بھی شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہیں نکلے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں میں سے کسی ایسے شخص کو منع نہیں کریں گے جو مکہ میں ٹھہرنا چاہتا ہو' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم ہمارے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو تحریر کرو گے وہ معاہدہ ہے' جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے' تو مشرکین نے کہا: اگر ہمیں یہ پتہ ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کر لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ لکھیں کہ محمد بن عبداللہ نے کہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے مٹا کر محمد بن عبداللہ لکھ دو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اسے نہیں مٹاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے مٹا دو اور محمد بن عبداللہ لکھ دو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اسے ہرگز نہیں مٹاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی جگہ مجھے دکھاؤ میں اسے مٹا دیتا ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مٹایا اور وہاں محمد بن عبداللہ لکھ دیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تین دن تک مقیم رہے، جب تیسرے دن کا آخری حصہ آیا' تو لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کے آقا کی طے کردہ شرط کا وقت پورا ہونے لگا ہے، آپ ان سے کہیں کہ وہ تشریف لے جائیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) شرط میں ان کا یہ کہنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کوئی ایسا شخص (مکہ سے) باہر نہیں جائے گا، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (مکہ میں) داخل ہوا تھا۔ اس کے ذریعے مراد یہ ہے: ان کی طرف سے ناپسندیدگی کے عالم میں؛ کیونکہ یہ بات ناممکن ہے' وہ کسی ایسے شخص کو باہر نہ جانے دیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (مکہ میں) آیا تھا، (یعنی وہ شخص) جس کا تعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے ہے۔

ذِكْرُ الشَّرْطِ الثَّانِي الَّذِي كَانَ فِي كِتَابِ الصُّلْحِ بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ اَهْلِ مَكَّةَ

اس دوسری شرط کا تذکرہ جو مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل مکہ کی صلح کی تحریر میں تھی

4870 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

4870- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه أبو يعلى (3323)، والبيهقي 9/226 من طريق هدبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/268، ومسلم (1784) في الجهاد: باب صلح الحديبية، عن عفان، عن حماد، به .

سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا صَالَحَ قُرَيْشًا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، قَالَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو لَا نَعْرِفُ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيْمَ، اكْتُبْ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبْ هٰذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو: لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَاتَّبَعْنَاكَ وَلَمْ نُكَذِّبْكَ اكْتُبْ بِنَسَبِكَ مِنْ اَبِيْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَكَتَبَ: مَنْ اَتٰى مِنْكُمْ رَدَدْنَاهُ عَلَيْكُمْ وَمَنْ اَتٰى مِنَّا تَرَكْنَاهُ عَلَيْكُمْ، فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نُعْطِيْهِمْ هٰذَا؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَاهُمْ مِنَّا، فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَتَانَا مِنْهُمْ، فَرَدَدْنَاهُ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ، فَرَجًا، وَمَخْرَجًا

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب (صلح) حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے ساتھ مصالحت کر لی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تحریر کرو۔ تو (قریش کے نمائندے) سہیل بن عمرو نے کہا: ہم الرحمٰن الرحیم سے واقف نہیں ہیں، آپ یہ لکھیں باسمك اللهم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم یہ تحریر کرو: یہ وہ معاہدہ ہے جو اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے، تو سہیل نے کہا: اگر ہمیں اس بات کا علم ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کر لیتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب نہ کرتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نسب یعنی اپنے والد کے نام کے ساتھ (اپنا اسم گرامی) تحریر کروائیں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم محمد بن عبداللہ تحریر کر دو۔

تو انہوں نے (معاہدے میں یہ) تحریر کیا:

"تم (یعنی مشرکین مکہ) میں سے جو ہمارے پاس آئے گا، ہم اسے تمہیں لوٹا دیں گے اور ہم (مسلمانوں) میں سے جو تمہارے پاس آئے اسے ہم تمہارے پاس ہی رہنے دیں گے۔"

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم یہ (اجازت) انہیں دے دیں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم میں سے جو (مرتد ہو کر) ان کے پاس جائے گا، اسے اللہ تعالیٰ نے دور کیا ہے اور ان میں سے جو ہمارے پاس آئے گا، اور اسے ہم لوٹا دیں گے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے کشادگی اور راستہ بنا دے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَقْدَ اِذَا وَقَعَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَهْلِ الْحَرْبِ لَا يَحِلُّ نَقْضُهُ اِلَّا عِنْدَ الْاِعْلَامِ اَوِ انْقِضَاءِ الْمُدَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب مسلمان اہل حرب کے درمیان معاہدہ طے پا جائے تو اس کی خلاف ورزی کرنا جائز نہیں ہے البتہ اگر پہلے اطلاع دی جائے یا وقت گزر جائے (تو حکم مختلف ہے)

4871 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي الْفَيْضِ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ بَيْنَ مُعَاوِيَةَ، وَبَيْنَ الرُّومِ عَقْدٌ، وَكَانَ يَسِيرُ نَحْوَ بِلَادِهِمْ وَهُوَ يُرِيدُ اِذَا انْقَضَى الْعَقْدُ اَنْ يُغِيرَ عَلَيْهِمْ، فَاِذَا شَيْخٌ يَقُولُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا غَدْرَ، فَاِذَا هُوَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ، فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اِذَا كَانَ بَيْنَ قَوْمٍ عَقْدٌ، فَلَا يَحُلُّ عُقْدَةً، حَتّٰى يَمْضِيَ اَمَدُهَا، اَوْ يُنْبَذَ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ

سلیم بن عامر بیان کرتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور اہل روم کے درمیان معاہدہ چل رہا تھا، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ان کے علاقے کی طرف روانہ ہونے لگے، ان کا خیال تھا، جیسے ہی معاہدہ کی مدت ختم ہوگی وہ فوراً ان پر حملہ کر دیں گے۔ تو وہاں ایک عمر رسیدہ صاحب نے یہ کہا: اللہ اکبر! اللہ اکبر! (معاہدہ کی) خلاف ورزی نہیں ہونی چاہیے۔

(سلیم بن عامر کہتے ہیں) وہ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے ان سے دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کسی قوم کے درمیان کوئی معاہدہ چل رہا ہو' تو اس کی خلاف ورزی اس وقت تک جائز نہیں ہے' جب تک اس کی انتہائی مدت پوری نہیں ہو جاتی، یا پھر اسے برابری کی بنیاد پر ان کی طرف پھینک نہیں دیا جاتا۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اسْتِعْمَالُ الْمُهَادَنَةِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَعْدَاءِ اللّٰهِ اِذَا رَاٰى بِالْمُسْلِمِينَ ضَعْفًا يَعْجِزُونَ عَنْهُمْ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے اور اللہ کے دشمنوں کے درمیان

اس وقت صلح کرنے پر عمل کرے جب وہ مسلمانوں میں کمزوری دیکھے وہ ان (مشرکین کے ساتھ جنگ) نہ کر سکتے ہوں

4872 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ يُصَدِّقُ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا حَدِيثُهُ حَدِيثَ صَاحِبِهِ، قَالَا:

(متن حدیث): خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِي بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِنْ اَصْحَابِهِ، حَتّٰى

4871– إسناده صحيح . محمد بن يزيد: هو الكلاعي مولى خولان الواسطي، وأبو الفيض: هو موسى بن أيوب الحمصي . وأخرجه أحمد 4/111 و113 و385–386، والطيالسي (1155)، والترمذي (1580) في السير: باب ما جاء في الغدر، وأبو داؤد (2759) في الجهاد: باب في الإمام يكون بينه وبين العدو عهد فيسير إليه، والنسائي في السير كما في " التحفة " 8/160، والبيهقي 9/231 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد، قال الترمذي: حديث حسن صحيح . وما بين المعكوفتين لم يرد في الأصل و " التقاسيم " 3/لوحة 189، وأثبتت من أبي داؤد وغيره، ولفظه عندهم " من كان بينه وبين قوم عهد . . . " .

إِذَا كَانُوا بِذِي الْحُلَيْفَةِ، قَلَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَشْعَرَ، ثُمَّ اَحْرَمَ بِالْعُمْرَةِ وَبَعَثَ بَيْنَ يَدَيْهِ عَيْنًا لَهُ رَجُلًا مِنْ خُزَاعَةَ يَجِيئُهُ، بِخَبَرِ قُرَيْشٍ، وَسَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا كَانَ بِغَدِيرِ الْاَشْطَاطِ، قَرِيبًا مِنْ عُسْفَانَ، اَتَاهُ عَيْنُهُ الْخُزَاعِيُّ، فَقَالَ: اِنِّي تَرَكْتُ كَعْبَ بْنَ لُؤَيٍّ، وَعَامِرَ بْنَ لُؤَيٍّ، قَدْ جَمَعُوا لَكَ الْاَحَابِيشَ، وَجَمَعُوا لَكَ جُمُوعًا كَثِيرَةً وَهُمْ مُقَاتِلُوكَ وَصَادُّوكَ، عَنِ الْبَيْتِ الْحَرَامِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشِيرُوا عَلَيَّ اَتَرَوْنَ اَنْ نَمِيلَ اِلٰى ذَرَارِيِّ هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ اَعَانُوهُمْ فَنُصِيبَهُمْ، فَاِنْ قَعَدُوا قَعَدُوا مَوْتُورِينَ مَحْزُونِينَ، وَاِنْ نَجَوْا يَكُونُوا عُنُقًا قَطَعَهَا اللّٰهُ اَمْ تَرَوْنَ، اَنْ نَؤُمَّ الْبَيْتَ، فَمَنْ صَدَّنَا عَنْهُ قَاتَلْنَاهُ؟، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: اَللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّمَا جِئْنَا مُعْتَمِرِينَ وَلَمْ نَجِءْ لِقِتَالِ اَحَدٍ وَلٰكِنْ مَنْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْبَيْتِ قَاتَلْنَاهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَرُوحُوا اِذًا قَالَ الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ، وَكَانَ اَبُو هُرَيْرَةَ يَقُولُ: مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَكْثَرَ مُشَاوَرَةً لِاَصْحَابِهِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ، وَمَرْوَانَ فِي حَدِيثِهِمَا فَرَاحُوا، حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ بِالْغَمِيمِ فِي خَيْلٍ لِقُرَيْشٍ طَلِيعَةً، فَخُذُوا ذَاتَ الْيَمِينِ، فَوَاللّٰهِ مَا شَعَرَ بِهِمْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَتّٰى اِذَا هُوَ بِقَتَرَةِ الْجَيْشِ فَاَقْبَلَ يَرْكُضُ نَذِيرًا لِقُرَيْشٍ، وَسَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ، الَّتِي يَهْبِطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَيْهَا، بَرَكَتْ رَاحِلَتُهُ، فَقَالَ النَّاسُ حَلَّ، حَلَّ فَاَلَحَّتْ، فَقَالُوا: خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ، وَمَا ذٰلِكَ لَهَا بِخُلُقٍ، وَلٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيلِ، ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يَسْاَلُونِي خُطَّةً، يُعَظِّمُونَ فِيهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ، اِلَّا اَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهَا، ثُمَّ زَجَرَهَا، فَوَثَبَتْ بِهِ، قَالَ: فَعَدَلَ عَنْهُمْ، حَتّٰى نَزَلَ بِاَقْصَى الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَمَدٍ قَلِيلِ الْمَاءِ، اِنَّمَا يَتَبَرَّضُهُ النَّاسُ تَبَرُّضًا، فَلَمْ يَلْبَثْ بِالنَّاسِ، اَنْ نَزَحُوهُ، فَشُكِيَ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَطَشُ، فَانْتَزَعَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ، ثُمَّ اَمَرَهُمْ اَنْ يَجْعَلُوهُ فِيهِ، قَالَ: فَمَا زَالَ يَجِيشُ

4872– حديث صحيح، محمد بن المتوكل متابع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . وهو في " المصنف " (9720) . ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 4/328–331، والبخاري (2731) و (2732) في الشروط: باب الشروط في الجهاد . . .، والطبراني في " الكبير " 20/ (13) و (14) و (15) و (842)، والبيهقي 5/215 و 7/171 و 9/144 و 218–221 و 10/109 . وأخرجه أحمد 4/331–332، والبخاري (1694) و (1695) في الحج: باب من أشعر وقلد بذي الحليفة ثم أحرم، وأبو داؤد (2765) في الجهاد: باب صلح العدو، و (4655) في السنة: باب في الخلفاء، والنسائي في السير كما في " التحفة " 8/372 و 374 و 383، والطبري 28/71 و 97–101 و 101 من طريقين عن معمر، به . اختصره بعضهم وطوله آخرون . وأخرجه أحمد 4/323–326 و 328، والبخاري (2711) و (2712) في الشروط: باب ما يجوز من الشروط في الإسلام والأحكام والمبايعة و (4178) و (4179) و (4180) و (4181) في المغازي: باب غزوة الحديبية، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 8/372، والبيهقي 5/215، و 7/170 و 9/221–222 و 227–228 و 233، والبغوي في " شرح السنة " (2715) و (2748) وفي " معالم التنزيل " 4/332 من طرق عن ابن شهاب، به . رواه بعضهم مطولاً ورواه بعضهم مختصراً .

لَهُمْ بِالرِّيِّ، حَتّٰى صَدَرُوا عَنْهُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ، اِذْ جَاءَهُ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ، فِيْ نَفَرٍ مِّنْ قَوْمِهِ مِنْ خُزَاعَةَ، وَكَانَتْ عَيْبَةَ نُصْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ اَهْلِ تِهَامَةَ، فَقَالَ اِنِّيْ تَرَكْتُ كَعْبَ بْنَ لُؤَيٍّ، وَعَامِرَ بْنَ لُؤَيٍّ، نَزَلُوْا اَعْدَادَ مِيَاهِ الْحُدَيْبِيَةِ مَعَهُمُ الْعُوذُ الْمَطَافِيلُ، وَهُمْ مُقَاتِلُوكَ، وَصَادُّوكَ عَنِ الْبَيْتِ الْحَرَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا لَمْ نَجِءْ لِقِتَالِ اَحَدٍ، وَلٰكِنَّا جِئْنَا مُعْتَمِرِينَ، فَاِنَّ قُرَيْشًا، قَدْ نَهِكَتْهُمُ الْحَرْبُ، وَاَضَرَّتْ بِهِمْ، فَاِنْ شَاءُوا مَادَدْتُهُمْ مُدَّةً، وَيُخَلُّوْا بَيْنِيْ، وَبَيْنَ النَّاسِ، فَاِنْ ظَهَرْنَا، وَشَاءُوا اَنْ يَّدْخُلُوْا فِيمَا دَخَلَ، فِيْهِ النَّاسُ، فَعَلُوْا وَقَدْ جَمُّوا، وَاِنْ هُمْ اَبَوْا، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَاُقَاتِلَنَّهُمْ عَلٰى اَمْرِي هٰذَا، حَتّٰى تَنْفَرِدَ سَالِفَتِي، اَوْ لَيُبْدِيَنَّ اللّٰهُ اَمْرَهُ، قَالَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ سَاُبَلِّغُهُمْ، مَا تَقُوْلُ، فَانْطَلَقَ، حَتّٰى اَتٰى قُرَيْشًا، فَقَالَ: اِنَّا قَدْ جِئْنَاكُمْ مِنْ عِنْدِ هٰذَا الرَّجُلِ، وَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ قَوْلًا، فَاِنْ شِئْتُمْ اَنْ نَعْرِضَهُ عَلَيْكُمْ، فَعَلْنَا، فَقَالَ: سُفَهَاؤُهُمْ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيْ اَنْ تُخْبِرُونَا عَنْهُ بِشَيْءٍ، وَقَالَ ذُو الرَّاْيِ: هَاتِ مَا سَمِعْتَهُ، يَقُوْلُ: قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ كَذَا، وَكَذَا، فَاَخْبَرْتُهُمْ بِمَا قَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ عِنْدَ ذٰلِكَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ، عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الثَّقَفِيُّ، فَقَالَ: يَا قَوْمُ اَلَسْتُمْ بِالْوَلَدِ؟، قَالُوا: بَلٰى، قَالَ: اَلَسْتُ بِالْوَالِدِ، قَالُوا: بَلٰى قَالَ: فَهَلْ تَتَّهِمُونِيْ، قَالُوا: لَا، قَالَ: اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّي اسْتَنْفَرْتُ اَهْلَ عُكَاظٍ، فَلَمَّا بَلَّحُوا عَلَيَّ جِئْتُكُمْ بِاَهْلِي، وَوَلَدِي، وَمَنْ اَطَاعَنِيْ قَالُوا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ هٰذَا امْرُؤٌ عَرَضَ عَلَيْكُمْ، خُطَّةَ رُشْدٍ، فَاقْبَلُوهَا، وَدَعُوْنِيْ آتِهِ، قَالُوا: ائْتِهِ، فَاَتَاهُ قَالَ: فَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْوًا مِنْ قَوْلِهِ، لِبُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، فَقَالَ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ: ذٰلِكَ يَا مُحَمَّدُ اَرَاَيْتَ اِنِ اسْتَاْصَلْتَ قَوْمَكَ، هَلْ سَمِعْتَ اَحَدًا مِنَ الْعَرَبِ اجْتَاحَ اَصْلَهُ قَبْلَكَ، وَاِنْ تَكُنِ الْاُخْرٰى، فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ اَرٰى وُجُوهًا، وَاَرٰى اَشْوَابًا مِنَ النَّاسِ خُلَقَاءَ اَنْ يَّفِرُّوا وَيَدَعُوكَ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: امْصُصْ بِبَظْرِ اللَّاتِ اَنَحْنُ نَفِرُّ وَنَدَعُهُ، فَقَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ: مَنْ هٰذَا، قَالُوا: اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ قُحَافَةَ، فَقَالَ: اَمَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْلَا يَدٌ كَانَتْ لَكَ عِنْدِي لَمْ اَجْزِكَ بِهَا لَاَجَبْتُكَ، وَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكُلَّمَا كَلَّمَهُ اَخَذَ بِلِحْيَتِهِ، وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ الثَّقَفِيُّ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلَيْهِ السَّيْفُ، وَالْمِغْفَرُ، فَكُلَّمَا اَهْوٰى عُرْوَةُ بِيَدِهِ، اِلٰى لِحْيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ضَرَبَ يَدَهُ بِنَعْلِ السَّيْفِ، وَقَالَ: اَخِّرْ يَدَكَ عَنْ لِحْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ عُرْوَةُ رَاْسَهُ، وَقَالَ مَنْ هٰذَا؟، فَقَالُوا: الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ الثَّقَفِيُّ، فَقَالَ: اَيْ غُدَرُ، اَوَلَسْتُ اَسْعٰى فِيْ غَدْرَتِكَ، وَكَانَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ صَحِبَ قَوْمًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَتَلَهُمْ، وَاَخَذَ اَمْوَالَهُمْ، ثُمَّ جَاءَ، فَاَسْلَمَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا الْاِسْلَامُ، فَاَقْبَلُ، وَاَمَّا الْمَالُ، فَلَسْتُ مِنْهُ فِيْ شَيْءٍ، قَالَ: ثُمَّ اِنَّ عُرْوَةَ جَعَلَ يَرْمُقُ صَحَابَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِعَيْنِهِ، فَوَاللّٰهِ مَا يَتَنَخَّمُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نُخَامَةً، اِلَّا وَقَعَتْ فِيْ كَفِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ، فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ، وَجِلْدَهُ، وَاِذَا اَمَرَهُمُ انْقَادُوْا لِاَمْرِهِ، وَاِذَا تَوَضَّاَ

كَادُوْا يَقْتَتِلُونَ عَلٰى وَضُوئِهِ، وَإِذَا تَكَلَّمَ خَفَضُوا أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهُ، وَمَا يُحِدُّونَ إِلَيْهِ النَّظَرَ، تَعْظِيمًا لَهُ، فَرَجَعَ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ إِلٰى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَيْ قَوْمِ، وَاللّٰهِ لَقَدْ وَفَدْتُ إِلَى الْمُلُوكِ، وَوَفَدْتُ إِلٰى كِسْرَى، وَقَيْصَرَ، وَالنَّجَاشِيِّ، وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ مَلِكًا قَطُّ، يُعَظِّمُهُ أَصْحَابُهُ، مَا يُعَظِّمُ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ مُحَمَّدًا، وَوَاللّٰهِ إِنْ يَتَنَخَّمُ نُخَامَةً إِلَّا وَقَعَتْ فِي كَفِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ، فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ، وَجِلْدَهُ، وَإِذَا أَمَرَهُمُ ابْتَدَرُوا أَمْرَهُ، وَإِذَا تَوَضَّأَ اقْتَتَلُوْا عَلٰى وَضُوئِهِ، وَإِذْ تَكَلَّمَ خَفَضُوا أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهُ، وَمَا يُحِدُّونَ إِلَيْهِ النَّظَرَ، تَعْظِيمًا لَهُ، وَإِنَّهُ قَدْ عَرَضَ عَلَيْكُمْ خُطَّةَ رُشْدٍ، فَقْبَلُوهَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي كِنَانَةَ دَعُونِي آتِهِ، فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا فُلَانٌ مِّنْ قَوْمٍ يُعَظِّمُونَ الْبُدْنَ، فَابْعَثُوهَا لَهُ، قَالَ فَبُعِثَتْ، وَاسْتَقْبَلَهُ الْقَوْمُ يُلَبُّونَ، فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا يَنْبَغِي لِهٰؤُلَاءِ، أَنْ يُّصَدُّوا عَنِ الْبَيْتِ، فَلَمَّا رَجَعَ إِلٰى أَصْحَابِهِ، قَالَ: رَأَيْتُ الْبُدْنَ، قَدْ قُلِّدَتْ، وَأُشْعِرَتْ، فَمَا أَرَى أَنْ يُّصَدُّوا عَنِ الْبَيْتِ، فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ، يُقَالُ لَهُ مِكْرَزٌ، فَقَالَ دَعُونِي آتِهِ، فَقَالُوا: ائْتِهِ، فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا مِكْرَزٌ، وَهُوَ رَجُلٌ فَاجِرٌ، فَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَيْنَمَا هُوَ يُكَلِّمُهُ، إِذْ جَاءَهُ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ مَعْمَرٌ، فَأَخْبَرَنِي أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: فَلَمَّا جَاءَ سُهَيْلٌ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا سُهَيْلٌ، قَدْ سَهَّلَ اللّٰهُ لَكُمْ أَمْرَكُمْ، قَالَ مَعْمَرٌ فِي حَدِيثِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ، وَمَرْوَانَ فَلَمَّا جَاءَ سُهَيْلٌ، قَالَ هَاتِ اكْتُبْ بَيْنَنَا، وَبَيْنَكُمْ كِتَابًا، فَدَعَا الْكَاتِبَ، فَقَالَ: اكْتُبْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، فَقَالَ سُهَيْلٌ أَمَّا الرَّحْمٰنُ، فَلَا أَدْرِي وَاللّٰهِ مَا هُوَ، وَلٰكِنِ اكْتُبْ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اكْتُبْ هٰذَا، مَا قَاضَى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو لَوْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، مَا صَدَدْنَاكَ عَنِ الْبَيْتِ، وَلَا قَاتَلْنَاكَ، وَلٰكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَرَسُولُ اللّٰهِ، وَإِنْ كَذَّبْتُمُونِي، اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ الزُّهْرِيُّ، وَذٰلِكَ لِقَوْلِهِ لَا يَسْأَلُونِي خُطَّةً يُعَظِّمُونَ فِيهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ، إِلَّا أَعْطَيْتُهُمْ إِيَّاهَا، وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ، وَمَرْوَانَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى أَنْ تُخَلُّوا بَيْنَنَا، وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَنَطُوفَ بِهِ، فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو، إِنَّهُ لَا يَتَحَدَّثُ الْعَرَبُ، أَنَّا أَخَذْنَا ضَغْطَةً، وَلٰكِنْ لَكَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَكَتَبَ فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو: عَلٰى أَنَّهُ لَا يَأْتِيكَ مِنَّا رَجُلٌ، وَإِنْ كَانَ عَلٰى دِينِكَ، أَوْ يُرِيدُ دِينَكَ إِلَّا رَدَدْتَهُ إِلَيْنَا، فَقَالَ الْمُسْلِمُونَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ كَيْفَ يُرَدُّ إِلَى الْمُشْرِكِينَ، وَقَدْ جَاءَ مُسْلِمًا، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ، إِذْ جَاءَ أَبُو جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو يَرْسُفُ، فِي قُيُودِهِ، قَدْ خَرَجَ مِنْ أَسْفَلِ مَكَّةَ، حَتّٰى رَمَى بِنَفْسِهِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ، فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو يَا مُحَمَّدُ هٰذَا أَوَّلُ مَنْ نُقَاضِيكَ عَلَيْهِ، أَنْ تَرُدَّهُ إِلَيَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّا لَمْ نُمْضِ الْكِتَابَ بَعْدُ، فَقَالَ وَاللّٰهِ لَا أُصَالِحُكَ عَلٰى شَيْءٍ أَبَدًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَأَجِزْهُ لِي، فَقَالَ مَا أَنَا بِمُجِيزِهِ لَكَ، قَالَ: فَافْعَلْ

قَالَ: مَا اَنَا بِفَاعِلٍ، قَالَ مِكْرَزٌ: بَلْ قَدْ اَجَزْنَاهُ لَكَ، فَقَالَ اَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، اُرَدُّ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ، وَقَدْ جِئْتُ مُسْلِمًا، اَلَا تَرَوْنَ اِلٰى مَا قَدْ لَقِيتُ، وَكَانَ قَدْ عُذِّبَ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي اللّٰهِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَاللّٰهِ مَا شَكَكْتُ مُنْذُ اَسْلَمْتُ، اِلَّا يَوْمَئِذٍ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ اَلَسْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ حَقًّا، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ اَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ، وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ؟، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا، اِذًا قَالَ: اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَسْتُ اَعْصِي رَبِّي، وَهُوَ نَاصِرِيٌّ، قُلْتُ: اَوَ لَيْسَ كُنْتَ تُحَدِّثُنَا اَنَّا سَنَاْتِي الْبَيْتَ، فَنَطُوْفُ بِهِ؟، قَالَ: بَلٰى، فَخَبَّرْتُكَ اَنَّكَ تَاْتِيهِ الْعَامَ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَاِنَّكَ تَاْتِيهِ، فَتَطُوْفُ بِهِ، قَالَ: فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا بَكْرٍ اَلَيْسَ هٰذَا نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: اَوَ لَسْنَا عَلَى الْحَقِّ، وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا، اِذًا قَالَ: اَيُّهَا الرَّجُلُ اِنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَيْسَ يَعْصِي رَبَّهُ، وَهُوَ نَاصِرُهُ، فَاسْتَمْسِكْ بِغَرْزِهِ، حَتّٰى تَمُوْتَ، فَوَاللّٰهِ اِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ، قُلْتُ: اَوَ لَيْسَ كَانَ يُحَدِّثُنَا، اَنَّا سَنَاْتِي الْبَيْتَ، وَنَطُوْفُ بِهِ؟، قَالَ: بَلٰى، قَالَ: فَاَخْبَرَكَ اَنَّا نَاْتِيهِ الْعَامَ، قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَاِنَّكَ آتِيهِ، وَتَطُوْفُ بِهِ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: فَعَمِلْتُ فِيْ ذٰلِكَ اَعْمَالًا، يَعْنِيْ فِيْ نَقْضِ الصَّحِيْفَةِ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنَ الْكِتَابِ، اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ فَقَالَ: انْحَرُوا الْهَدْيَ، وَاحْلِقُوْا، قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا قَامَ رَجُلٌ، مِنْهُمْ رَجَاءَ، اَنْ يُحْدِثَ اللّٰهُ اَمْرًا، فَلَمَّا لَمْ يَقُمْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: مَا لَقِيتُ مِنَ النَّاسِ، قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اَوَ تُحِبُّ ذَاكَ اخْرُجْ، وَلَا تُكَلِّمَنَّ اَحَدًا، مِنْهُمْ كَلِمَةً، حَتّٰى تَنْحَرَ بُدْنَكَ، وَتَدْعُوْ حَالِقَكَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ، وَلَمْ يُكَلِّمْ اَحَدًا مِنْهُمْ، حَتّٰى نَحَرَ بُدْنَهُ، ثُمَّ دَعَا حَالِقَهُ، فَحَلَقَهُ، فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ النَّاسُ جَعَلَ بَعْضُهُمْ، يُحَلِّقُ بَعْضًا، حَتّٰى كَادَ بَعْضُهُمْ يَقْتُلُ بَعْضًا، قَالَ: ثُمَّ جَاءَ نِسْوَةٌ مُّؤْمِنَاتٌ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ) (الممتحنة: 10) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ، قَالَ: فَطَلَّقَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ امْرَاَتَيْنِ كَانَتَا لَهُ فِي الشِّرْكِ، فَتَزَوَّجَ اِحْدَاهُمَا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ، وَالْاُخْرٰى صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ، قَالَ: رَجَعَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَهُ اَبُوْ بَصِيرٍ، رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ، وَهُوَ مُسْلِمٌ، فَاَرْسَلُوْا فِيْ طَلَبِهٖ رَجُلَيْنِ، وَقَالُوا: الْعَهْدُ الَّذِيْ جَعَلْتَ لَنَا، فَدَفَعَهُ اِلَى الرَّجُلَيْنِ، فَخَرَجَا، حَتّٰى بَلَغَا بِهٖ ذَا الْحُلَيْفَةِ: فَنَزَلُوْا يَاْكُلُوْنَ مِنْ تَمْرٍ لَهُمْ، فَقَالَ اَبُوْ بَصِيرٍ لِاَحَدِ الرَّجُلَيْنِ، وَاللّٰهِ لَاَرٰى سَيْفَكَ هٰذَا، يَا فُلَانُ جَيِّدًا، فَقَالَ اَجَلْ، وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَجَيِّدٌ، لَقَدْ جَرَّبْتُ بِهٖ، ثُمَّ جَرَّبْتُ، فَقَالَ اَبُوْ بَصِيرٍ: اَرِنِيْ اَنْظُرْ اِلَيْهِ، فَاَمْكَنَهُ مِنْهُ، فَضَرَبَهُ، حَتّٰى بَرَدَ، وَفَرَّ الْاٰخَرُ، حَتّٰى اَتَى الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُو، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَاٰى هٰذَا ذُعْرًا، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِيْ، وَاِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ، فَجَاءَ اَبُوْ بَصِيرٍ، فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَدْ وَاللّٰهِ اَوْفَى اللّٰهُ ذِمَّتَكَ، قَدْ رَدَدْتَنِيْ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ اَنْجَانِي اللّٰهُ

مِنْهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلُ اُمِّهِ لَوْ كَانَ مَعَهُ اَحَدٌ، فَلَمَّا سَمِعَ بِذٰلِكَ، عَرَفَ اَنَّهُ سَيَرُدُّهُ اِلَيْهِمْ مَرَّةً اُخْرٰى، فَخَرَجَ، حَتّٰى اَتٰى سِيْفَ الْبَحْرِ، قَالَ وَتَفَلَّتَ، مِنْهُمْ اَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، فَلَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ، فَجَعَلَ لَا يَخْرُجُ مِنْ قُرَيْشٍ، رَجُلٌ اَسْلَمَ اِلَّا لَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ، حَتّٰى اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا يَسْمَعُوْنَ بِعِيْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَيْشٍ، اِلَى الشَّامِ، اِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا، فَقَتَلُوْهُمْ، وَاَخَذُوْا اَمْوَالَهُمْ، فَاَرْسَلَتْ قُرَيْشٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تُنَاشِدُهُ اللّٰهَ، وَالرَّحِمَ لَمَا اَرْسَلَ اِلَيْهِمْ، مِمَّنْ اَتَاهُ، فَهُوَ آمِنٌ، فَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ) (الفتح: 24)، حَتّٰى بَلَغَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَتْ حَمِيَّتُهُمْ اَنَّهُمْ لَمْ يُقِرُّوْا اَنَّهُ نَبِيُّ اللّٰهِ، وَلَمْ يُقِرُّوْا بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

✿✿ عروہ بن زبیر نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ اور مروان بن حکم کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ان میں سے ہر ایک کی نقل کردہ روایت دوسرے کی نقل کردہ روایت کی تصدیق کرتی ہے۔ وہ دونوں بیان کرتے ہیں:

حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ایک ہزار سے زیادہ اصحاب کے ہمراہ روانہ ہوئے، یہاں تک کہ وہ لوگ ذوالحلیفہ پہنچ گئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے قربانی کے جانور کے) گلے میں ہار پہنا دیا اور اس پر نشان بھی لگا دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آگے بنوخزاعہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو جاسوس کے طور پر بھیج دیا تاکہ وہ قریش کے بارے اطلاعات آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچائے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کرتے رہے، یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''عسفان'' کے قریب ''اشطاط'' کے کنویں کے پاس پہنچ گئے، تو خزاعی جاسوس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے بتایا: میں نے کعب بن لوئی اور عامر بن لوی کو اس حال میں چھوڑا ہے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ساز و سامان جمع کر لیا ہے، انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہت سے لوگوں کو اکٹھا کر لیا ہے۔ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لڑائی کرنے کے لیے تیار ہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ شریف تک نہیں جانے دیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ کرام) سے ارشاد فرمایا: مجھے مشورہ دو، تمہارا کیا خیال ہے؟ کیا ہم ان کے بال بچوں کی طرف مڑ جائیں، جو ان کے مددگار ہوتے ہیں، اور ہم ان پر حملہ کر دیں اگر وہ آڑے آتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ انہیں کاٹ دے، یا پھر تمہارا یہ خیال ہے ہم بیت اللہ کی طرف بڑھیں اور جو ہمیں روکنے کی کوشش کرے، اس کے ساتھ ہم جنگ کریں؟

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول زیادہ علم رکھتے ہیں، ہم عمرہ کرنے کے لیے آئے ہیں، ہم کسی سے جنگ کرنے نہیں آئے ہیں تاہم جو بھی شخص ہمارے اور بیت اللہ کے درمیان رکاوٹ بنے گا ہم اس کے ساتھ جنگ کریں گے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تم لوگ روانہ ہو جاؤ۔

زہری نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ، کسی کو اپنے ساتھیوں سے مشورہ کرنے والا نہیں دیکھا۔

زہری نے عروہ کے حوالے، حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ اور مروان بن حکم سے منقول اپنی روایت میں یہ ذکر کیا ہے:

یہ حضرات روانہ ہو گئے، یہاں تک کہ راستے میں کسی جگہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "غمیم" کے مقام پر خالد بن ولید قریش کے کچھ گھڑ سواروں کے ہمراہ (ہمارے ساتھ مقابلے کے لیے) موجود ہے، تو تم لوگ دائیں طرف سے ہو کر جاؤ۔ اللہ کی قسم! خالد بن ولید کو ان لوگوں کا پتہ بھی نہیں چل سکا۔ یہاں تک کہ جب وہ سامنے آئے، تو قریش کو اطلاع دینے کے لیے تیزی سے روانہ ہوئے۔

پھر نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے یہاں تک کہ جب آپ ﷺ اس گھاٹی تک پہنچے جہاں سے نیچے کی طرف اترا جاتا ہے۔ تو وہاں پہنچ کر نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی بیٹھ گئی۔ لوگوں نے کہا اٹھو اٹھو' لیکن وہ وہاں ہی بیٹھی رہی۔ لوگوں نے کہا قصویٰ یہاں رک گئی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قصویٰ نہیں رکی ہے اس کی یہ عادت نہیں ہے' لیکن جس ذات نے ہاتھیوں کو روک لیا تھا۔ اس نے اسے بھی روک لیا ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ وہ لوگ مجھ سے جس بھی ایسی چیز کا مطالبہ کریں گے جس مطالبے میں وہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ قابل احترام چیزوں کی تعظیم برقرار رکھیں۔ میں ان کا وہ مطالبہ مان لوں گا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس اونٹنی کو ڈانٹا تو وہ کھڑی ہو گئی۔ پھر نبی اکرم ﷺ راستے سے ہٹ گئے اور آپ ﷺ نے حدیبیہ کے دور دراز کے کنارے پر پڑاؤ کیا وہاں پانی کا ایک چھوٹا سا کنواں تھا۔ لوگوں نے اس میں سے تھوڑا تھوڑا پانی حاصل کرنا شروع کیا۔ پھر اس میں پانی ختم ہو گیا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیاسا ہونے کی شکایت کی گئی نبی اکرم ﷺ نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر نکالا اور لوگوں کو ہدایت کی کہ اس تیر کو اس کنویں میں ڈال دیں۔

راوی بیان کرتے ہیں اس کے بعد جب تک لوگ وہاں سے واپس نہیں گئے اس وقت تک مسلسل اس سے سیراب ہوتے گئے۔

ابھی یہ لوگ وہیں موجود تھے کہ اسی دوران بدیل بن ورقاء خزاعی اپنی قوم خزاعہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کے ہمراہ وہاں آیا۔ اہل تہامہ میں سے یہ شخص نبی اکرم ﷺ کا سب سے زیادہ خیر خواہ تھا۔ اس نے کہا میں نے کعب بن لوی اور عامر بن لوی کو اس حالت میں چھوڑا ہے' انہوں نے حدیبیہ کے پانی کے متعدد کنوؤں پر پڑاؤ کیا ہوا ہے۔ ان کے ہمراہ دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں۔ وہ لوگ آپ ﷺ کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے تیار ہیں اور آپ ﷺ کو بیت الحرام تک جانے سے روکنے کے لیے تیار ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم کسی سے لڑنے کے لیے نہیں آئے ہیں۔ ہم عمرہ کرنے کے لیے آئے ہیں۔ بے شک قریش کو جنگ نے کمزور کر دیا ہے اور انہیں نقصان پہنچایا ہے۔ اگر وہ لوگ چاہیں' تو میں انہیں کسی متعین مدت تک کی مہلت دیتا ہوں۔ وہ مجھے اور لوگوں کو چھوڑ دیں۔ اگر ہم لوگ غالب آ گئے' تو پھر اگر وہ چاہیں' تو جس دین میں لوگ داخل ہوتے ہیں وہ بھی اس میں داخل ہو جائیں' اگر وہ یہ بات نہیں مانتے تو اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں اپنے اس دین کے حوالے سے ان کے ساتھ ضرور جنگ کروں گا یہاں تک کہ میں شہید ہو جاؤں' یا پھر اللہ تعالیٰ اپنے دین کو غالب کر دے۔

بدیل بن ورقاء نے کہا میں ان لوگوں تک آپ ﷺ کی کہی ہوئی بات پہنچا دوں گا۔ پھر وہ چلا گیا۔ قریش کے پاس آیا اور بولا میں ان صاحب کے پاس سے تمہارے پاس آیا ہوں میں نے انہیں ایک بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ اگر تم چاہو تو وہ میں

تمہارے سامنے پیش کر دیتا ہوں۔ تو قریش کے بیوقوف لوگوں نے کہا ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے' تم ان کے بارے میں کوئی بھی چیز ہمیں بیان کرو' لیکن سمجھدار لوگوں نے کہا تم نے انہیں جو کہتے ہوئے سنا ہے وہ بیان کرو تو اس نے بتایا کہ میں نے انہیں یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے۔ پھر اس نے قریش کو وہ تمام باتیں بتادیں جو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمائی تھیں۔ اس وقت ابومسعود عروہ بن مسعود ثقفی کھڑا ہوا۔ وہ بولا: اے لوگو! کیا تم میرے لیے بچوں کی طرح نہیں ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا میں تمہارے لیے باپ کی جگہ نہیں ہوں۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا تم لوگ مجھ پر کوئی الزام عائد کرتے ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس نے کہا کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ میں نے عکاظ میں شرکت کرنے والوں کو جنگ میں لڑائی کے لیے بلایا تھا اور جب انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا' تو میں اپنے بیوی بچوں اور پیروکاروں کو لے کر تمہارے پاس آ گیا تھا۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ تو اس نے کہا ان صاحب نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے۔ تم لوگ اسے قبول کرلو اور مجھے موقع دو۔ میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا کہ آپ ان کے پاس چلے جائیں۔ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرنی شروع کی۔ نبی اکرم ﷺ نے بھی اس کے سامنے وہی بات بیان کی جو آپ ﷺ نے بدیل بن ورقاء سے کہی تھی۔ تو عروہ بن مسعود نے کہا یہ تو ٹھیک ہے اے محمد ﷺ آپ کی کیا رائے ہے کیا آپ ﷺ اپنی قوم کو جڑ سے ختم کر دیں گے۔ کیا آپ ﷺ نے کسی عرب کے بارے میں یہ بات سنی ہے' اس نے آپ ﷺ سے پہلے اپنی قوم کو سرے سے ختم کر دیا ہو اور اگر دوسری صورت ہوتی ہے (یعنی جنگ ہو جاتی ہے) تو اللہ کی قسم میں نے (آپ ﷺ کے ساتھ آنے والے) لوگوں کو دیکھ لیا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں یہ (جنگ کی صورت میں) بھاگ جائیں گے اور آپ ﷺ کو چھوڑ جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا۔ تم لات (نامی بت) کی شرمگاہ کو چوسو' کیا ہم بھاگ جائیں گے اور نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ جائیں گے۔ ابومسعود نے دریافت کیا یہ کون ہے۔ جب اسے بتایا گیا: یہ ابوقحافہ کے صاحبزادے ابوبکر ہیں' تو ابومسعود نے کہا۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم نے مجھ پر احسان نہ کیا ہوتا جس کا میں تمہیں بدلہ نہیں دے سکا تھا تو میں تمہاری اس بات کا جواب دیتا۔ اس کے بعد وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرنے لگا۔ وہ جب بھی نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات کرتا تو نبی اکرم ﷺ کی داڑھی کو ہاتھ لگاتا تھا تو مغیرہ بن شعبہ ثقفی نبی اکرم ﷺ کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے۔ ان کے پاس تلوار تھی اور سر پر خود بھی رکھا ہوا تھا۔ جیسے ہی عروہ نے اپنا ہاتھ نبی اکرم ﷺ کی داڑھی شریف کی طرف بڑھایا۔ تو انہوں نے اپنی تلوار کا دستہ اس کے ہاتھ پر مارا اور بولا تم اپنے ہاتھ کو نبی اکرم ﷺ کی داڑھی شریف سے دور رکھو۔ عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور دریافت کیا یہ کون ہے۔ لوگوں نے بتایا مغیرہ بن شعبہ ثقفی۔ عروہ نے کہا اے غدار کیا میں نے تمہاری غداری کی وجہ سے کوشش نہیں کی (یعنی اس کا تاوان ادا نہیں کیا)

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت میں کچھ لوگوں کے ساتھ تھے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کر کے ان کا مال حاصل کر لیا۔ پھر وہ آئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا۔ جہاں تک اسلام کا تعلق ہے' تو اسے میں قبول کر لیتا ہوں' لیکن جہاں تک مال کا تعلق ہے۔ تو اس میں سے کوئی چیز نہیں ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں پھر عروہ نے کن اکھیوں سے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا جائزہ لینا شروع کیا اللہ کی قسم نبی اکرم ﷺ جو بھی تھوک پھینکتے تھے وہ ان اصحاب میں سے کسی کی ہتھیلی پر گرتی تھی وہ اسے اپنے چہرے اور جلد پر مل لیتا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ انہیں کسی بات کا حکم دیتے تھے' تو وہ اسے پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ وضو کرتے تھے وہ لوگ آپ ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ بات چیت کرتے تھے' تو نبی اکرم ﷺ کے سامنے وہ اپنی آوازیں پست رکھتے تھے اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نظر اٹھا کر آپ ﷺ کی طرف نہیں دیکھتے تھے۔

جب عروہ بن مسعود اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا۔ تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی قسم میں بادشاہوں کے پاس بھی گیا ہوں میں کسریٰ اور قیصر اور نجاشی کے پاس بھی گیا ہوں۔ اللہ کی قسم میں نے ایسا کوئی بادشاہ نہیں دیکھا جس کے ساتھی اس کی اتنی تعظیم کرتے ہوں۔ جتنی حضرت محمد ﷺ کے ساتھی ان کی تعظیم کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم اگر وہ کوئی تھوک پھینکتے ہیں۔ تو وہ ان میں سے کسی شخص کی ہتھیلی پر گرتی ہے اور وہ اسے اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا ہے' جب وہ انہیں کوئی حکم دیتے ہیں' تو تیزی سے ان کا حکم پورا کرنے کی طرف لپکتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتے ہیں' تو وہ ان کے وضو کے بچے ہوئے پانی کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے ہیں اور جب وہ بات چیت کرتے ہیں' تو وہ لوگ ان کے سامنے اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ انہوں نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے تم لوگ اسے قبول کرلو۔ پھر بنو کنانہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا۔ آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ جب وہ نبی اکرم ﷺ کو دور سے نظر آیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ فلاں شخص ایک ایسی قوم سے تعلق رکھتا ہے' جو قربانی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں۔ تو تم لوگ اس کے سامنے قربانی کے جانوروں کو کھڑا کر دو۔ راوی بیان کرتے ہیں قربانی کے جانوروں کو کھڑا کر دیا گیا اور لوگ تلبیہ پڑھتے ہوئے اس کے سامنے آئے۔ جب اس نے یہ صورت حال دیکھی تو بولا سبحان اللہ ان جیسے لوگوں کو بیت اللہ جانے سے نہیں روکا جا سکتا۔ جب وہ اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا تو اس نے کہا میں نے قربانی کے جانور دیکھے ہیں' جن کی گردن میں ہار ڈال دیئے گئے ہیں اور ان پر نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ اس لیے میرے خیال میں انہیں بیت اللہ جانے سے نہیں روکنا چاہئے پھر ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا جس کا نام مکرز تھا۔ اس نے کہا آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا آپ چلے جائیں ان کے پاس۔ جب وہ ان لوگوں کے سامنے آیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ مکرز ہے یہ ایک بدترین شخص ہے اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت شروع کی ابھی وہ بات کر ہی رہا تھا کہ اسی دوران سہیل بن عمرو آ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ سہیل ہے۔ اب اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تمہارے معاملے کو آسان کر دے گا۔

معمر نے مسور اور مروان کے حوالے سے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں۔ سہیل آیا' تو اس نے کہا: آئیے اپنے اور ہمارے درمیان معاہدہ تحریر کروالیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے لکھنے والے شخص کو بلوایا۔ اور فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ سہیل نے کہا: جہاں تک لفظ رحمٰن کا تعلق ہے اللہ کی قسم مجھے نہیں معلوم اس سے مراد کیا ہے' بلکہ آپ یہ لکھیں باسمك اللهم پھر نبی اکرم ﷺ نے

ارشاد فرمایا۔ تم لکھو یہ وہ معاہدہ ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ کر رہے ہیں۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ تو ہم آپ ﷺ کو بیت اللہ جانے سے نہ روکتے اور آپ ﷺ سے جنگ نہ کرتے بلکہ آپ ﷺ یہ لکھیں محمد بن عبداللہ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم بے شک میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم میری تکذیب کرتے ہو۔ تم محمد بن عبداللہ لکھو۔

زہری کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کی وجہ یہی تھی کہ آپ نے فرمادیا تھا: وہ لوگ مجھ سے جو بھی مطالبہ کریں گے جس میں وہ اللہ کی حرمات کا احترام کریں تو میں ان کا وہ مطالبہ پورا کروں گا۔

راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (یہ معاہدہ) اس شرط پر ہوگا کہ تم لوگ ہمیں بیت اللہ تک جانے دو گے۔ ہم اس کا طواف کریں گے۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا کہ ہم دباؤ میں آگئے ہیں۔ آپ اگلے سال آئیں گے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے یہی تحریر کروادیا۔ سہیل بن عمرو نے کہا۔ اس شرط پر کہ ہم میں سے جو بھی شخص آپ ﷺ کے پاس آئے گا۔ اگرچہ وہ آپ ﷺ کے دین کا ماننے والا ہو۔ یا آپ ﷺ کے دین کو اختیار کرنا چاہتا ہو۔ پھر بھی آپ ﷺ اسے ہماری طرف واپس کردیں گے۔ مسلمانوں نے کہا سبحان اللہ ایسے شخص کو مشرکین کو کیسے واپس کیا جاسکتا ہے جو مسلمان ہونا چاہتا ہو۔ اسی دوران ابوجندل بن سہیل بن عمرو زنجیر گھسیٹتے ہوئے آگئے۔ وہ مکہ کے زیریں حصے سے باہر آئے تھے۔ وہ مسلمانوں کے درمیان آکر گر گئے تو سہیل بن عمرو نے کہا اے محمد یہ وہ پہلی شرط ہے جس پر ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ آپ ﷺ اسے ہمیں واپس کر دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابھی یہ معاہدہ شروع نہیں ہوا۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اللہ کی قسم پھر میں کسی بھی چیز پر آپ ﷺ کے ساتھ کبھی کوئی معاہدہ نہیں کروں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ تم اسے میری خاطر رہنے دو۔ اس نے کہا میں اسے آپ ﷺ کی خاطر نہیں رہنے دوں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایسا کرلو۔ اس نے کہا میں ایسا نہیں کروں گا۔ اس پر مکرز نے کہا ہم اسے آپ ﷺ کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔

تو ابوجندل بن سہیل بن عمرو نے کہا: اے مسلمانوں کے گروہ کیا مجھے مشرکین کی طرف لوٹا دیا جائے گا جبکہ میں مسلمان ہوکر آیا ہوں۔ کیا تم لوگوں نے دیکھا نہیں ہے میری کیا حالت ہے؟ (راوی کہتے ہیں:) ان صاحب کو اللہ کی راہ میں شدید عذاب دیا گیا تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ اللہ کی قسم جب سے میں مسلمان ہوا تھا۔ میں نے کبھی کوئی شکایت نہیں کی تھی۔ صرف اس دن کی۔ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: کیا آپ ﷺ اللہ کے سچے رسول نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا: کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا پھر ہم اپنے دین کے بارے میں کیوں کمتر ہوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں میں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہے وہ میرا مددگار ہے۔ میں نے کہا کیا آپ ﷺ نے ہمیں یہ بات نہیں بتائی تھی کہ ہم بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ کیا میں نے تمہیں یہ بتایا تھا کہ تم اسی سال بیت اللہ تک جاؤ گے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم اس تک جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے کہا اے ابوبکر کیا یہ اللہ کے سچے نبی نہیں

ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ پھر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں کم تر ہوں۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے صاحب وہ اللہ کے رسول ہیں انہوں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہوگی۔ ان کا پروردگار ان کا مددگار ہے۔ تم مرتے دم تک ان کی رکاب کو مضبوطی سے تھام کر رکھو۔ اللہ کی قسم وہ حق پر ہیں۔ میں نے دریافت کیا: کیا انہوں نے ہمیں یہ بات نہیں کی تھی۔ ہم عنقریب بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا انہوں نے تمہیں یہ کہا تھا کہ تم اسی سال وہاں تک جاؤ گے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تم وہاں جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اس بارے میں بڑی کوشش کی یعنی کسی طرح یہ معاہدہ ختم ہو جائے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معاہدہ تحریر کروا کر فارغ ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم دیا۔ تم لوگ قربانی کے جانور قربان کردو اور سر منڈوالو۔ راوی بیان کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔ اسے یہ امید تھی شاید اللہ تعالیٰ اس بارے میں کوئی نیا فیصلہ نازل کردے۔ جب ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں کی طرف سے اس طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنا چاہتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے ساتھ کوئی بات نہ کریں اور اپنا قربانی کا جانور قربان کردیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر منڈوانے والے کو بلائیں۔ (وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دے گا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے ساتھ کوئی بات نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کا جانور ذبح کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوانے والے کو بلوایا اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دیا۔ جب لوگوں نے یہ صورت حال دیکھی تو لوگوں نے ایک دوسرے کے سر مونڈنے شروع کردیئے یہاں تک کہ ان کے درمیان ہاتھا پائی ہونے لگی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر کچھ مومن عورتیں آئیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے۔

''اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن خواتین ہجرت کر کے آئیں۔''

یہ آیت کے آخر تک ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانہ شرک میں اپنی دو بیویوں کو طلاق دے دی تھی۔ ان دونوں میں سے ایک نے معاویہ بن ابوسفیان سے شادی کرلی تھی اور دوسری نے صفوان بن امیہ کے ساتھ شادی کرلی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ واپس تشریف لائے تو ابوبصیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہ قریش سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب تھے جو مسلمان ہو گئے تھے۔ قریش نے ان کے مطالبے کے لیے دو آدمیوں کو بھیجا۔ ان لوگوں نے کہا ہمارے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان یہ معاہدہ ہوا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو ان دو آدمیوں کے حوالے کر

دیا۔ وہ دونوں روانہ ہوئے۔ یہاں تک کہ وہ دونوں ان کے ہمراہ ذوالحلیفہ تک پہنچے تو وہاں کھجوریں کھانے لگے۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ نے ان دو آدمیوں میں سے ایک سے کہا اللہ کی قسم اے فلاں میں دیکھ رہا ہوں تمہاری یہ تلوار بہت عمدہ ہے اس نے کہا جی ہاں اللہ کی قسم یہ بہت عمدہ ہے میں اسے کئی مرتبہ آزما چکا ہوں۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھی دکھاؤ میں اس کا جائزہ لوں۔ اس نے وہ تلوار انہیں دی۔ انہوں نے وہ تلوار اسے مار کر اسے ٹھنڈا کر دیا، دوسرا شخص بھاگ کر مدینہ منورہ آ گیا۔ وہ مسجد میں داخل ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص خوف زدہ لگ رہا ہے۔ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا' تو اس نے بتایا۔ اللہ کی قسم انہوں نے میرے ساتھی کو مار دیا اور مجھے بھی مار دیں گے اس دوران ابو بصیر آ گئے۔ انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدے کو پورا کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان کی طرف لوٹا دیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے نجات دے دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اس کی ماں برباد ہو۔ کاش اس کے ساتھ کوئی اور شخص ہوتا۔ جب انہوں نے یہ بات سنی۔ تو انہیں اندازہ ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ انہیں ان لوگوں کی طرف واپس کر دیں گے۔ وہ وہاں سے نکلے یہاں تک کہ سمندر کے کنارے آ گئے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابو جندل بن سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ بھی ان لوگوں سے فرار ہو کر حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ سے جا ملے پھر قریش کا جو بھی شخص نکلتا تھا۔ یعنی جس نے بھی اسلام قبول کیا ہوتا۔ وہ جا کر ابو بصیر سے مل جاتا۔ یہاں تک کہ ان کے پاس ایک گروہ اکٹھا ہو گیا۔ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم وہ قریش کے جس بھی اونٹ کے بارے میں سنتے وہ شام جانے کے لیے نکلا ہے' تو اس کے سامنے آ کر ان لوگوں کو قتل کر دیتے اور ان کا مال حاصل کر لیتے۔ قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا واسطہ دیا اور رحم کی درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو پیغام بھجوائیں کہ اب جو بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے گا وہ محفوظ ہو گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو پیغام بھجوایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی:

''اور وہی وہ ذات ہے' جس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے مکہ کے نشیب میں روک دیا۔''

یہ آیت یہاں تک ہے۔ ''جاہلیت کی حمیت''۔

ان کی حمیت یہ تھی کہ وہ اس بات کا اقرار نہیں کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نبی ہیں اور انہوں نے اس بات کا اقرار نہیں کیا تھا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كَاتِبَ الْكِتَابِ بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ قُرَيْشٍ مِمَّا وَصَفْنَا كَانَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان (معاہدے کو) جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' تحریر کرنے والی شخصیت حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ تھے

4873 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): اِعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ فَأَبٰى أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يَّدَعُوْهُ أَنْ يَّدْخُلَ مَكَّةَ، حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى أَنْ يُّقِيْمَ بِهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: لَا نُقِرُّ بِهٰذَا لَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَيْئًا، وَلٰكِنْ أَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: امْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَمْحُوْكَ أَبَدًا، فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ، فَأَمَرَ فَكَتَبَ مَكَانَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُحَمَّدًا، فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنْ لَا يَدْخُلَ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ، إِلَّا السَّيْفَ فِي الْقُرُبِ، وَلَا يَخْرُجُ مِنْهَا بِأَحَدٍ يَّتْبَعُهُ، وَلَا يَمْنَعُ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهِ إِنْ أَرَادَ أَنْ يُّقِيْمَ بِهَا، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْأَجَلُ أَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: قُلْ لِصَاحِبِكَ فَلْيَخْرُجْ عَنَّا، فَقَدْ مَضَى الْأَجَلُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَبِعَتْهُمْ، بِنْتُ حَمْزَةَ تُنَادِيْ يَا عَمِّ، يَا عَمِّ، فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ رِضْوَانَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَأَخَذَ بِيَدِهَا وَقَالَ: لِفَاطِمَةَ دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ، فَحَمَلَتْهَا، فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ، وَزَيْدٌ، وَجَعْفَرٌ فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا أَخَذْتُهَا، وَهِيَ ابْنَةُ عَمِّيْ، وَقَالَ جَعْفَرٌ: ابْنَةُ عَمِّيْ وَخَالَتُهَا تَحْتِيْ، وَقَالَ زَيْدٌ: ابْنَةُ أَخِيْ، فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ لِخَالَتِهَا، وَقَالَ: الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ، وَقَالَ لِعَلِيٍّ: أَنْتَ مِنِّيْ، وَأَنَا مِنْكَ، وَقَالَ لِجَعْفَرٍ: أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ، وَخُلُقِيْ، وَقَالَ لِزَيْدٍ: أَنْتَ أَخُوْنَا وَمَوْلَانَا

✿✿ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ذی القعدہ کے مہینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا' تو اہل مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں داخل ہونے سے منع کر دیا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ وہ مکہ میں تین دن قیام کریں گے۔ جب ان لوگوں نے معاہدہ تحریر کر دیا تو انہوں نے یہ بات تحریر کی کہ یہ وہ معاہدہ ہے' جو اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے ہیں' تو کفار نے کہا۔ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے۔ اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی چیز سے نہ روکتے' بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم محمد بن عبداللہ ہیں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہی تحریر کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کا رسول بھی ہوں اور محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا لفظ ''رسول اللہ'' مٹا دو۔ انہوں نے عرض کی: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کا اسم گرامی) کبھی نہیں مٹاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریر کو لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو باقاعدہ لکھنا نہیں آتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت لفظ رسول اللہ کی جگہ لفظ محمد لکھ دیا گیا اور یہ تحریر کیا گیا یہ وہ معاہدہ ہے' جو محمد بن عبداللہ کر رہے ہیں۔ کہ وہ ہتھیار لے کر مکہ میں داخل نہیں ہوں گے البتہ ان کی تلواریں میان میں ہوں گی اور وہ مکہ میں سے کسی ایسے شخص کو ساتھ لے کر نہیں جائیں گے جو ان کا پیروکار ہو گا اور وہ اپنے ساتھیوں میں سے کسی ایسے شخص کو نہیں روکیں گے جو مکہ میں مقیم رہنا چاہے گا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لے آئے اور طے شدہ مدت گزر

4873- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري. وأخرجه البخاري (1844) في جزاء الصيد: باب لبس السلاح للمحرم، و (2699) في الصلح: باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان . . .، و (4251) في المغازي: باب عمرة القضاء، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/298، والدارمي 2/237-238 من طريقين عن إسرائيل، به. وقد تقدم عند المؤلف برقم (4849).

گئی تو لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے آقا سے کہیے کہ وہ ہمارے پاس سے تشریف لے جائیں کیونکہ متعین مدت پوری ہوگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہونے لگے تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارتی ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آئی۔ اے چچا اے چچا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بچی کو پکڑ لیا انہوں نے اس بچی کا ہاتھ پکڑا اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ تم اپنی چچازاد کو سنبھالو۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اسے اٹھالیا۔

اس لڑکی کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے درمیان اختلاف ہوگیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے میں نے حاصل کیا ہے۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری چچازاد ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری بھتیجی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچی کے بارے میں اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خالہ ماں کی جگہ ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم شکل وصورت اور اخلاق میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم ہمارے بھائی اور ہمارے آزاد کردہ غلام ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعَدَدِ الَّذِى كَانَ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ

(صحابہ کرام) کی اس تعداد کا تذکرہ جو حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھی

4874 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ السَّدُوسِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ: كَمْ كَانُوا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟، قَالَ: اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، قَالَ: قُلْتُ: اِنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: كَانُوا اَلْفًا وَاَرْبَعَ مِائَةٍ، قَالَ: اَوْهَمَ جَابِرٌ هُوَ الَّذِى حَدَّثَنِى، اَنَّهُمْ كَانُوا اَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةٍ

❁❁ قتادہ بیان کرتے ہیں میں نے سعید بن مسیب سے دریافت کیا۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: ایک ہزار پانچ سو۔ راوی کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ تو کہتے ہیں ان کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ تو سعید نے کہا انہیں غلط فہمی ہوئی ہوگی۔ انہوں نے خود مجھے یہ بات بتائی ہے ان کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی۔

4874- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن بَزِيع، فمن رجال مسلم . ابن المفضل: هو بشر .وأخرجه البيهقي 5/235 من طريقين عن قرة بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (4153) في المغازي: باب غزوة بدر، من طريق سعيد، عن قتادة، به .وأخرجه بنحوه من طرق عن جابر: أحمد 3/310 و 329، والطيالسي (1729)، والبخاري (4152)، ومسلم (1856) (72) و (73) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال . . .، والبيهقي 5/235 .

ذِكْرُ خَبَرِ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيثِ اَنَّ عَدَدَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ كَانَ دُوْنَ الْقَدْرِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے علم حدیث میں مہارت نہ رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ حدیبیہ کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد اس مقدار کے علاوہ تھی جو ہم نے ذکر کی ہے

4875 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ، فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ اٰخِذٌ بِيَدِهِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، وَهِيَ السَّمُرَةُ، وَقَالَ: بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں صلح حدیبیہ کے موقع پر ہماری تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درخت کے نیچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا ہوا تھا۔ وہ سمرہ کا درخت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی۔ کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ السُّنَّةَ تَفَرَّدَ بِهَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

4876 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ*، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَهُوَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَاَنَا رَافِعٌ غُصْنًا مِنْ اَغْصَانِهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ وَلٰكِنْ بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ اَلْفٌ وَّاَرْبَعُ مِائَةٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الصَّحِيحُ اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، عَلٰى مَا قَالَهُ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

4875- إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . وأخرجه مسلم (1856) (67)، والنسائي في التفسير كما في " التحفة " 2/341 من طريقين عن الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/396، ومسلم (1856) (68) و (69)، والترمذي (1594) من طرق عن أبي الزبير، به . وأخرجه أحمد 3/310، ومسلم (1856) (71) و (74)، والبخاري (4154)، والترمذي (1591)، والنسائي 7/140-141 في البيعة: باب البيعة على أن لا نفرَّ، والبيهقي 5/235 من طرق عن جابر، به .

4876- إسناده صحيح على شرط مسلم . وقد تقدم برقم (4551) .

❁❁ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر حدیبیہ کے موقع پر لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت درخت کے نیچے موجود تھے میں نے اس درخت کی ایک شاخ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے اوپر اٹھا رکھی تھی۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی' بلکہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ اس دن لوگوں کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔

(امام ابن حبان کہتے ہیں:) درست یہ ہے کہ صحابہ کرام کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی' جیسا کہ سعید بن مسیب نے بیان کیا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ حَبْسِ الْإِمَامِ أَهْلَ الْعَهْدِ وَأَصْحَابَ بُرُدِهِمْ فِي دَارِ الْإِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' امام کے لیے کسی ذمی یا (مشرکین) کے سفیر کو اسلامی سلطنت میں قید کرنا جائز نہیں ہے

4877 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ أَخْبَرَهُ، (متن حدیث): أَنَّهُ أَقْبَلَ بِكِتَابٍ مِنْ قُرَيْشٍ، إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُلْقِيَ فِي قَلْبِيَ الْإِسْلَامُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَرْجِعُ إِلَيْهِمْ أَبَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَا أَخِيسُ بِالْعَهْدِ، وَلَا أَحْبِسُ الْبُرُدَ، وَلَكِنِ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ، فَإِنْ كَانَ فِي قَلْبِكَ الَّذِي فِي قَلْبِكَ الْآنَ، فَارْجِعْ، قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَيْهِمْ، ثُمَّ إِنِّي أَقْبَلْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمْتُ قَالَ بُكَيْرٌ: وَأَخْبَرَنِي أَنَّ أَبَا رَافِعٍ كَانَ قِبْطِيًّا

❁❁ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ قریش کا مکتوب لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو میرے دل میں اسلام کی محبت گھر کر گئی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم میں کبھی ان کی طرف واپس نہیں جاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ میں معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کروں گا اور میں قاصد کو اپنے پاس نہیں رکھوں گا۔ ان کے پاس واپس جاؤ۔ اگر تمہارے دل میں وہی چیز رہی جو تمہارے ذہن میں اب ہے' تو تم واپس آ جانا۔ راوی کہتے ہیں: میں ان لوگوں کے پاس واپس آ گیا۔ پھر میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کر لیا۔

ابوبکیر نامی راوی بیان کرتے ہیں حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ قبطی تھے۔

4877– إسناده صحيح . وأخرجه النسائي في السير كما في " التحفة " 9/199 عن الحارث بن مسكين وأبي الربيع سليمان بن داوُد المهري، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد (2758) في الجهاد: باب في الإمام يُستَجَنُّ به في العهود، والحاكم 3/598 والبيهقي 9/145، والطبراني (963) من طرق عن ابن وهب، به .وأخرجه أحمد 6/8 عن عبد الجبار بن محمد الخطابي، عن ابن وهب، وقال: عن أبيه، عن جده .وجاء في " تهذيب الكمال " 6/218 في ترجمة الحسن بن علي: روى عن جده أبي رافع، وقيل: عن أبيه، عن جده .

بَابُ الرَّسُوْلِ

باب: سفارت کا بیان

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ رُسُلِ الْكُفَّارِ اِذَا قَدِمُوْا بُلْدَانَ الْإِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جب کفار کے سفارتکار اسلامی شہروں میں آ جائیں' تو انہیں قتل کرنے کی ممانعت ہے

4878 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْلَا اَنَّكَ رَسُوْلٌ لَقَتَلْتُكَ - يَعْنِیْ رَسُوْلَ مُسَيْلِمَةَ -

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

''اگر تم سفیر نہ ہوتے تو میں تمہیں قتل کر دیتا (راوی کہتے ہیں) یعنی مسیلمہ کے سفیر کو یہ فرمایا تھا''

ذِكْرُ اسْمِ هٰذَا الرَّسُوْلِ الَّذِیْ اَرَادَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلِهٖ لَوْ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلًا

اس سفیر کے نام کا تذکرہ' جسے قتل کرنے کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا تھا اگر وہ سفیر نہ ہوتا (تو اسے قتل کر دیا جاتا)

4879 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ،

4878– إسناده حسن . عاصم: هو ابن بهدلة الكوفى أبو بكر المقرء روى له أصحاب السنن، وحديثه عند الشيخين مقرون، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 7/48، والبزار (1681)، والبيهقي 9/211 من طريقين عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/390–391 و 396، والبيهقي 9/212 من طريق المسعودي، عن عاصم، به . وأخرجه أحمد 1/404 و 406، والدارمي 2/235 من طريقين عن ابن مسعود .

(متن حدیث): ثُمَّ إِنَّهُ أَتَى عَبْدَ اللَّهِ، فَقَالَ: مَا بَيْنِي وَبَيْنَ أَحَدٍ مِنَ الْعَرَبِ إِحْنَةٌ، وَإِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِي حَنِيفَةَ، فَإِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ عَبْدَ اللَّهِ، فَجِيءَ بِهِمْ فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ، وَقَالَ: لَهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ وَأَنْتَ الْيَوْمَ لَسْتَ بِرَسُولٍ، فَأَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ، فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِي السُّوقِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَيْهِ قَتِيلًا، فِي السُّوقِ

۞۞ حضرت حارثہ بن مضرب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: میرے اور کسی بھی عرب کے درمیان کوئی پوشیدہ دشمنی نہیں ہے میں بنوحنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا وہ لوگ مسیلمہ پر ایمان رکھتے ہیں۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی طرف پیغام بھیجا۔ ان لوگوں کو لایا گیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے توبہ کروائی۔ صرف ابن نواحہ نے توبہ نہیں کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر تم قاصد نہ ہوتے تو میں تمہاری گردن اڑا دیتا۔''

(پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا) آج تم قاصد نہیں ہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے قرظہ بن کعب کو حکم دیا۔ تو انہوں نے بازار میں اس شخص کی گردن اڑا دی پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جو شخص ابن نواحہ کو دیکھنا چاہتا ہو وہ اسے بازار میں مقتول پڑا ہوا دیکھ لے۔

4879- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حارثة بن مضرِّب فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه أبو داوُد (2762) في الجهاد: باب في الرسل، والطحاوي في " مشكل الآثار " 4/61، والبيهقي 9/211 عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/384، والنسائي في السير كما في " التحفة " 7/18 من طريق الأعمش، عن أبي إسحاق، به . وانظر ما قبله .

بَابُ الذِّمِّيِّ وَالْجِزْيَةِ

باب: ذمی اور جزیہ کا بیان

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِمَنْ اَسْمَعَ اَهْلَ الْكِتَابِ مَا يَكْرَهُوْنَهُ

ایسے شخص کے جہنم میں داخلے کے واجب ہونے کا تذکرہ جو اہل کتاب کو وہ بات سناتا ہے، جسے وہ ناپسند کرتے ہیں

4880 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ، قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ سَمَّعَ يَهُودِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا دَخَلَ النَّارَ

❀❀ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص کسی یہودی یا عیسائی کو سناتا ہے (شاید اس سے مراد یہ ہے: اسے ناحق طور پر قتل کرتا ہے) وہ جہنم میں داخل ہوگا۔"

ذِكْرُ نَفْيِ وُجُودِ رَائِحَةِ الْجَنَّةِ عَنِ الْقَاتِلِ الْمُعَاهَدَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

مشرکین سے تعلق رکھنے والے معاہد (ذمی) کو قتل کرنے والے شخص کے جنت کی بو سونگھنے کی نفی کا تذکرہ

4881 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4880- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد: هو الطيالسي: هشام بن عبد الملك، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية . وهذا الحديث لم أجده عند غير المؤلف .

4881- أحمد بن يحيى بن حميد الطويل ذكره المؤلف في " الثقات " 8/10، فقال: من أهل البصرة، روى عن حماد بن سلمة، حدثنا عنه أبو خليفة، مات سنة خمس وعشرين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل، وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 2/81، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 9/42 عن إبراهيم بن يعقوب، عن حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد وقال: هذا خطأ، والصواب حديث ابن علية يعني عن يونس، عن الحكم بن الأعرج، عن الأشعث بن ثُرمُلة، عن أبي بكرة، وهو الحديث الآتي عند المؤلف بعد هذا . وأخرجه الحاكم 1/44 من طريق أبي سلمة موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة به، وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه .

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی ذمی کو قتل کردے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنْ قَاتِلِ الْمُسْلِمِ الْمُعَاهَدِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' مسلمان یا معاہد کو قتل کرنے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا

4882 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ ثُرْمُلَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ اَنْ يَشُمَّ رِيحَهَا،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذِهِ الْاَخْبَارُ كُلُّهَا مَعْنَاهَا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُرِيدُ جَنَّةً دُونَ جَنَّةِ الْقَصْدِ مِنْهُ، الْجَنَّةُ الَّتِي هِيَ اَعْلٰى وَاَرْفَعُ يُرِيدُ مَنْ فَعَلَ هٰذِهِ الْخِصَالَ، اَوِ ارْتَكَبَ شَيْئًا مِنْهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، اَوْ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الَّتِي هِيَ اَرْفَعُ الَّتِي يَدْخُلُهَا مَنْ لَمْ يَرْتَكِبْ تِلْكَ الْخِصَالَ، لِاَنَّ الدَّرَجَاتِ فِي الْجِنَانِ يَنَالُهَا الْمَرْءُ بِالطَّاعَاتِ، وَحَطُّهُ عَنْهَا يَكُونُ بِالْمَعَاصِي، الَّتِي ارْتَكَبَهَا

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ناحق طور پر کسی ذمی کو قتل کردے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس بات کو حرام قرار دیتا ہے' وہ جنت کی بو بھی محسوس کرے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان تمام روایات کا مفہوم یہ ہے: وہ شخص کسی ایک مخصوص قسم کی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ البتہ دوسری جنت میں داخل ہوسکتا ہے اور اس سے مراد جنت کا بالائی حصہ ہے' جس میں وہ داخل نہیں ہوگا۔ یعنی وہ شخص جو اس طرح کے کسی فعل کا مرتکب ہوتا ہے یا کسی بھی ایسی چیز کا مرتکب ہوتا ہے' جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اس پر جنت کو حرام کردیتا ہے یا وہ شخص اس کی وجہ سے جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ تو اس سے مراد وہ جنت ہے' جو جنت کا بلند ترین مرتبہ ہے' جس میں ان کاموں کا مرتکب

4882– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير الأشعث بن ثُرملة، فقد روى له النسائي وهو ثقة. وأخرجه أحمد 5/36 و38 و 52، والنسائي 8/25، وفي السير كما في " التحفة " 9/37، والحاكم 1/44، والبيهقي 9/205 من طرق عن يونس بن عبيد، بهذا الإسناد. وأخرجه الدولابي في " الكنى والأسماء " 2/126 من طريق حميد أبي المغيرة العجلي، عن الأشعث، به. وانظر ما قبله، وسيأتي برقم (7339) و (7340). وفي الباب عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رفعه " من قتل معاهَداً لم يرح رائحة الجنة، وإن ريحها توجد من مسيرة أربعين عاماً " أخرجه أحمد 2/186، والبخاري (3166) و (6914)، والنسائي 8/25، وابن ماجه (2686)، وصححه الحاكم 2/126–127 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

شخص داخل نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے: جنت کے مختلف درجات ہیں۔ جن تک آدمی نیکیاں کرنے کی وجہ سے پہنچتا ہے اور گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے ان میں سے کسی ایک مرتبے سے نیچے آجاتا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ قَضَاءِ حُقُوقِ اَهْلِ الذِّمَّةِ اِذَا كَانُوا مُجَاوِرِينَ لَهُ فَطَمِعَ فِي اِسْلَامِهِمْ

اہل ذمہ کے حقوق کی ادائیگی کے مباح ہونے کا تذکرہ جبکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ رہ رہے ہوں اور آدمی کو ان کے اسلام قبول کرنے کی امید بھی ہو

4883 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ، بِالْاَهْوَازِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيًّا

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی کی عیادت کی تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے پہلے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4884 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ غُلَامًا يَهُودِيًّا كَانَ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ، فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلِمْ، فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيهِ وَهُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَاْسِهِ، فَقَالَ لَهُ: اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ قَالَ: فَاَسْلَمَ، قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک یہودی لڑکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ وہ بیمار ہوگیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کرنے کے لیے اس کے پاس تشریف لائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا تم اسلام قبول کرلو۔ اس

4883– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبدة بن عبد الله فمن رجال البخاري . وانظر ما بعده .

4884– إسناده صحيح . إبراهيم بن الحسن العلاف البصري روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات " 8/78، وقال أبو زرعة: كان صاحب قرآن وكان بصيراً به، وكان شيخاً ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد 3/175 و227 و 280، والبخاري (1356) في الجنائز: باب إذا أسلم الصبي فمات هل يصلى عليه . . .، و (5657) في المرضى: باب عيادة المشرك، وأبو داوُد (3095) في الجنائز: باب في عيادة الذمي، والنسائي في السير كما في " التحفة " 1/111، والبخاري في " الأدب المفرد " (524)، وأبو يعلى (3350)، والبيهقي 3/383 و 6/206، والبغوي (57) من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 4/291 من طريقين عن شريك، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن جبير، عن أنس .

نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے سرہانے بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے باپ نے اس سے کہا: تم حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مان لو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس نے اسلام قبول کر لیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اس کے پاس سے واپس تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرما رہے تھے ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس کو جہنم سے بچا لیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ مُخَالَطَةِ الْمُسْلِمِ لِلْمُشْرِكِ فِي الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ وَالْقَبْضِ وَالِاقْتِضَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' خرید و فروخت اور لین دین میں مسلمان مشرک سے مل سکتا ہے

4885 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِى الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا وَكَانَ لِيْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ فَاَتَيْتُهُ اَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ لِي: لَا اَقْضِيكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، قَالَ: قُلْتُ: لَنْ اَكْفُرَ بِهٖ حَتّٰى تَمُوْتَ، ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: وَاِنِّيْ لَمَبْعُوْثٌ بَعْدَ الْمَوْتِ سَوْفَ اَقْضِيكَ، اِذَا رَجَعْتَ اِلَيَّ مَالِي، وَوَلَدِي، قَالَ: فَنَزَلَتْ، هٰذِهِ الْاٰيَةُ (اَفَرَاَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيَاتِنَا، وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا) (مریم: 77)

✿✿ حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک سنار تھا۔ میں نے عاص بن وائل سے کچھ قرض واپس لینا تھا۔ میں اس کے پاس آیا اور اس سے قرض کا تقاضا کیا۔ اس نے مجھ سے کہا میں اس وقت تک تمہارا قرض ادا نہیں کروں گا۔ جب تک تم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار نہیں کر دیتے۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا میں ان کا اس وقت تک انکار نہیں کروں گا' جب تک تم مر نہیں جاتے اور دوبارہ زندہ نہیں ہوتے۔ اس نے کہا کہ اگر مجھے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جائے گا' تو میں تمہارا قرض ادا کر دوں گا۔ کیونکہ اس وقت میرا مال اور میری اولاد مجھے دوبارہ واپس مل جائیں گے۔

4885- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه الواحدى فى "أسباب النزول" ص 204 من طريق أبى خيثمة وعلى بن مسلم، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى (4735) فى التفسير: باب (ونرثه ما يقول ويأتينا فرداً)، ومسلم (2795) فى صفات المنافقين وأحكامهم: باب سؤال اليهود النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التقاضى، والطبرانى (3653) من طرق عن وكيع، به .وأخرجه أحمد 5/111، والبخارى (2091) فى البيوع: باب ذكر القين والحداد و (2275) فى الإجارة: باب هل يؤاجر الرجل نفسه من مشرك فى أرض الحرب، و (2425) فى الخصومات: باب التقاضى، و (4734) فى التفسير: باب (كلا سنكتب ما يقول ونمد له من العذاب مداً)، والترمذى (231) فى التفسير: باب ومن سورة مريم، والنسائى فى التفسير من "الكبرى" كما فى "التحفة" 3/118، والطبرى فى "جامع البيان" 16/120، والواحدى فى "أسباب النزول" ص 204، والطبرانى (3651) و (3652) و (3654)، والبغوى فى "معالم التنزيل" 3/207-208 من طرق عن الأعمش .وسيرد عند المؤلف برقم (5010) من طريق آخر .

راوی بیان کرتے ہیں تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

"کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو ہماری آیات کا انکار کرتا ہے اور یہ کہتا ہے مجھے مال اور اولاد ضرور دیئے جائیں گے۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى (حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ) (التوبۃ: 29)

اس روایت کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتی ہے

"یہاں تک کہ وہ مجبور ہو کر جزیہ دیں جبکہ وہ کم تر ہوں"

4886 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ، فَاَمَرَنِىْ اَنْ اٰخُذَ مِنَ الْبَقَرِ مِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةً، وَمِنْ كُلِّ ثَلَاثِيْنَ تَبِيْعًا، اَوْ تَبِيْعَةً، وَمِنْ كُلِّ حَالِمٍ دِيْنَارًا، اَوْ عِدْلَهٗ مَعَافِرَ

❀❀ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا اور یہ ہدایت دی کہ میں گائے میں سے ہر چالیس میں سے ایک "مسنہ" اور تیس میں سے ایک "تبیع" وصول کروں اور ہر بالغ شخص سے ایک دینار یا اس کے وزن کے برابر "معافر" (مخصوص قسم) کی خوشبو وصول کروں۔

4886– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن عيسى فمن رجال مسلم، وهو صدوق يخطىء، وقد توبع عليه. شقيق: هو ابن سلمة أبو وائل .وأخرجه ابن ماجه (1803) في الزكاة: باب صدقة البقر، عن محمد بن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/230 وعبد الرزاق (6841)، والطيالسي (567)، والدارمي 1/382، وأبو داؤد (1378) في الزكاة: باب في زكاة السائمة، والترمذي (623) في الزكاة: باب ما جاء في زكاة البقر، وابن الجارود (343)، والنسائي 5/25–26 و 26 في الزكاة: باب زكاة البقر، والدارقطني 2/102، والحاكم 1/398، والبيهقي 4/98 و 9/193 من طرق عن الأعمش، به . قال الترمذي: هذا حديث حسن، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي .وأخرجه الدارمي 1/382، والبيهقي 9/187 من طريق عاصم، عن أبي وائل، به .وأخرجه أبو داؤد (1577)، والدارقطني 2/102، والبيهقي 4/98 من طريق الأعمش، عن إبراهيم، عن مسروق، به .

كِتَابُ اللُّقْطَةِ

لقطہ (گم شدہ ملنے والی چیز) کے بارے میں روایات

4887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

حضرت جاروت رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمان کی گمشدہ چیز جہنم کا شعلہ ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ اَرَادَ بِهِ بَعْضَ الضَّالِّ لَا الْكُلَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

''مسلمان کی گمشدہ چیز'' اس کے ذریعے آپ کی مراد بعض گمشدہ چیزیں ہیں تمام گمشدہ چیزیں مراد نہیں ہیں

4888 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

4887– إسناده قوى، أو مسلم الجذمي روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" 5/581، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين . يزيد بن عبد الله: هو ابن الشخير أبو العلاء، وأبان: هو ابن يزيد العطار . وهو في "مسند أبي يعلى" (919) و (1539) .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (2114) من طريق مسلم بن إبراهيم، عن أبان، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (1234)، وأحمد 5/80، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/406، والطحاوي 4/133، والطبراني (2109) و (2115) و (2116) و (2117)، والبيهقي 6/190 من طريق عن قتادة، به .وعلّقه الترمذي بإثر الحديث (1881) في الأشربة: باب ما جاء في النهي عن الشرب قائماً .

4888– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري، يحيى: هو ابن سعيد القطان، وحميد: هو ابن أبي حميد الطويل، والحسن: هو البصري، مطرف: هو ابن عبد الله بن الشخير .وأخرجه ابن سعد 7/34، وأحمد 4/25، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/360، وابن ماجه "2502" في اللقطة: باب ضالة الإبل البقر والغنم، وأبو عبيد في "غريب الحديث" 1/22 و2/203، والطحاوي 2/133، والبيهقي 6/191، والبغوي "2209" و"2210" من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد .

(متن حدیث): قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطٌ مِّنْ بَنِيْ عَامِرٍ، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا نَجِدُ فِي الطَّرِيْقِ هَوَامِيَ مِنَ الْاِبِلِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

٭٭ مطرف اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بنو عامر سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ ہمیں راستے میں اونٹ ملے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کی گم شدہ چیز جہنم کا شعلہ ہے۔

4889 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَاِلَّا فَشَاْنَكَ بِهَا، قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ، قَالَ: لَكَ، اَوْ لِاَخِيكَ، اَوْ لِلذِّئْبِ، قَالَ: فَضَالَّةُ الْاِبِلِ، قَالَ: مَا لَكَ، وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا، وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ، وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَلْاَمْرُ بِاسْتِعْمَالِ الْاِنْتِفَاعِ، بِاللُّقَطَةِ بَعْدَ تَعْرِيفِ سَنَةٍ، اَضْمَرَ فِيهِ اعْتِقَادَ الْقَلْبِ عَلٰى رَدِّهَا عَلٰى صَاحِبِهَا، اِذَا جَاءَ، وَعَرَّفَ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا

٭٭ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے آپ ﷺ سے ایسی چیز کے بارے میں دریافت کیا جو کہیں گری ہوئی ملتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی تھیلی اور اس تھیلی کے منہ پر بندھی ہوئی چیز کی شناخت رکھو پھر ایک سال تک اس کا اعلان کرتے رہو۔ اگر اس کا مالک آ جاتا ہے تو ٹھیک ہے۔ ورنہ تم اسے استعمال کرو۔ اس شخص نے دریافت کیا گمشدہ بکری (کا کیا حکم ہوگا) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو

4889– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 2/757 في الأقضية: باب القضاء في اللقطة ومن طريق مالك إخرجه الشافعي 2/137، والبخاري "2372" في المساقاة: باب شرب الناس وسقي الدواب من الأنهار، و "2429" في اللقطة: في فاتحته، وأبو داؤد "1705" في اللقطة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/242 – 243، والطحاوي 4/134، ابن الجاورد "666"، الطبراني "5250"، والبيهقي 6/185 و186 و192، والبغوي "2207". وأخرجه عبد الرزاق "18602"، الحميدي "816"، وابن أبي شيبة 6/456، وأحمد 4/117، والبخاري "91" في العلم: باب الغضب والموعظة في التعليم إذا رأى ما يكره، و "2427" في اللقطة: باب ضالة الإبل، و "2428" باب ضالة الغنم، و "2436" باب إذا جاء صاحب اللقطة بعد سنة ردها عليه لأنها عليه وديعة عندهن و "2438" باب من عرف اللقطة ولم يرفعها للسلطان، و "6112" في الأدب: ما يجوز من الغضب والشدة لأمر الله تعالى، ومسلم "1722"، وأبو داؤد "1704" والترمذي "1372" في الأحكام: باب ماجاء في اللقطة وضالة الإبل والغنم، وأبو عبيد في "غريب الحديث" 2/201، والطحاوي 4/134، وابن الجارود "667"، والطبراني "5249" و"5252" و"5255" و"5257"، والدارقطني 4/235 و236، البيهقي 6/185، و189، و192 و197، والبغوي "2208" من طرق عن ربيعة بن أبي عبد الرحمٰن، به. وأخرجه أبو داؤد "1707"، والطبراني "5258"، والبيهقي 6/186 من طريق أحمد بن حفص بن عبد الله، عن إبراهيم بن طهمان، عن عباد بن إسحاق، عن عبد الله بن يزيدن عن أبيه، به.

ملے گی یا بھیڑیا لے جائے گا۔ اس شخص نے دریافت کیا گمشدہ اونٹ (کا کیا حکم ہے) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارا اس کے ساتھ کیا واسطہ ہے اس کا پیٹ اس کے ساتھ ہے۔ اس کے پاؤں اس کے پاس ہیں۔ وہ خود ہی پانی تک پہنچ جائے گا اور درخت سے کچھ کھا پی لے گا۔ یہاں تک کہ اس کا مالک اس تک پہنچ جائے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ایک سال تک اعلان کرنے کے بعد گمشدہ ملنے والی چیز سے نفع حاصل کرنے کا حکم اس صورت میں ہے جب آدمی کے دل میں اس بات کا اعتقاد ہو کہ وہ اس چیز کے مالک کے آنے پر وہ چیز اس مالک کو واپس کر دے گا اور اس شخص نے اس کی تھیلی اور تھیلی کے منہ پر باندھی جانے والی چیز کی پہچان رکھی ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَانَكَ بِهَا اَرَادَ بِهٖ فَاسْتَنْفِقْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان

''تو وہ تمہارے حوالے ہے'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: تم اسے خرچ کرو

4890 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَهُمْ عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): اَتٰى رَجُلٌ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَهُ، فَسَاَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ قَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، قَالَ: فَاِنْ لَمْ يَاْتِ لَهَا طَالِبٌ فَاسْتَنْفِقْهَا، قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟، قَالَ: لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ، اَوْ لِلذِّئْبِ، قَالَ: فَضَالَّةُ الْاِبِلِ؟، قَالَ: مَعَهَا سِقَاؤُهَا، وَحِذَاؤُهَا، تَرِدُ الْمَاءَ، وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ، حَتّٰى يَاْتِيَهَا رَبُّهَا

(توضیح مصنف): اَبُو الرَّبِيعِ، هٰذَا اسْمُهُ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَخِي رِشْدِينَ بْنِ سَعْدٍ مِصْرِيٌّ، وَاَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، اسْمُهُ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بَصْرِيٌّ، قَالَهُ الشَّيْخُ

❀❀ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ سے گم شدہ ملنے والی چیز کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم اس تھیلی کو اور اس کے منہ پر بندھی ہوئی چیز کی شناخت کو یاد رکھو۔ پھر ایک سال تک اس کا اعلان کرو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر اس کا کوئی طلبگار نہیں آتا۔ تو پھر تم اسے خرچ کر لو۔ اس نے دریافت کیا گمشدہ بکری (کا کیا حکم ہے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ یا تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا بھیڑیوں کو ملے گی۔ اس نے عرض کی: گمشدہ اونٹ (کا کیا حکم ہے) نبی اکرم ﷺ نے

4890- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الربيع، وهو ثقة روى له أبو داؤد والنسائي. وأخرجه مسلم "1722" "3" في اللقطة، والطحاوي 4/134، وابن الجارود "666"، والطبراني "5254"، والبيهقي 6/189 من طرق عن ابن وهب، به وانظر ما قبله.

فرمایا۔ اس کا پیٹ اس کے ساتھ ہے اس کے پاؤں اس کے ساتھ ہیں۔ وہ خود ہی پانی تک پہنچ جائے گا اور درخت کے پتے کھا لے گا۔ یہاں تک کہ اس کا مالک اس تک پہنچ جائے گا۔

ابو ربیع نامی راوی کا نام سلیمان بن داؤد بن حماد بن سعد ہے' جو رشدین بن سعد بن مصری کے بھتیجے ہیں اور ابو ربیع زہرانی کا نام سلیمان بن داؤد بصری ہے۔ یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرِّفْهَا سَنَةً لَيْسَ بِحَدٍّ يُوْجِبُ نِهَايَةَ الْقَصْدِ فِيْ كُلِّ الْاَحْوَالِ، وَاِنَّمَا هُوَ حَدٌّ يُوْجِبُ قَصْدَ الْغَايَةِ فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''کہ تم ایک سال تک اس کا اعلان کرو''

یہ کوئی ایسی حد نہیں ہے' جو تمام حالتوں میں مقصود کی انتہاء کو لازم کرے یہ ایک ایسی حد ہے' جو بعض حالتوں میں غایت کا قصد کرنے کو لازم کرتی ہے

4891 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ، وَسَلْمَانَ بْنِ رَبِيعَةَ، فَالْتَقَطْتُ سَوْطًا، فَقَالَا: دَعْهُ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا اَدَعُهُ تَاْكُلُهُ السِّبَاعُ، لَاَسْتَمْتِعَنَّ بِهِ، فَقَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَلَقِيتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقَالَ: اَحْسَنْتَ اِنِّي اَصَبْتُ صُرَّةً فِيهَا دَنَانِيرُ، فَاَتَيْتُ بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ: عَرِّفْهَا حَوْلًا، فَلَمْ اَجِدْ اَحَدًا، فَعَرَّفْتُهَا ثَلَاثَةَ اَحْوَالٍ، ثُمَّ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ: احْفَظْ وِعَاءَهَا، وَوِكَاءَهَا، وَعَدَدَهَا، فَاِنْ جَاءَ اَحَدٌ يُخْبِرُكَ، فَادْفَعْهَا، وَاِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا

❀❀ سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں' میں زید بن صوحان اور سلیمان بن ربیعہ کے ہمراہ روانہ ہوا میں نے (راستے میں) گمشدہ کوڑا اٹھالیا۔ تو ان دونوں نے کہا کہ تم اسے چھوڑ دو۔ میں نے کہا اللہ کی قسم میں اسے اس لیے نہیں چھوڑوں گا تا کہ درندے اسے کھا جائیں۔ میں اس کے ذریعے فائدہ حاصل کروں گا۔ میں مدینہ منورہ آ گیا۔ میری ملاقات حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے مجھے ایک تھیلی ملی تھی۔ جس میں دینار تھے میں وہ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں

4891– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد فمن رجال البخاري .وأخرجه أبو داوٗد "1702" في اللقطة، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي "552"، وأحمد 5/126، البخاري "2426" في اللقطة: باب إذا أخبره رب اللقطة والعلامة دفع إليهن و "2437" باب هل يأخذها من لا يستحق، ومسلم "1723" في اللقطة: في فاتحته، وأبو داوٗد "1701"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/18 – 19، والطحاوي 4/137، والبيهقي 6/186 و193 و194 ومن طرق عن شعبة، بهِ . وأخرجه أحمد 5/127، ومسلم "1722"، وأبو داوٗد "1703"، والنسائي في "الكبرى"، والطحاوي 4/137، والبيهقي6/196 من طرق عن سلمة بن كهيل، بهِ . وانظر ما بعده .

حاضر ہوا میں نے آپ ﷺ کو اس بارے میں بتایا: تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ایک سال تک اس کا اعلان کرو پھر مجھے کوئی شخص نہیں ملا میں نے تین سال تک اس کا اعلان کیا۔ پھر میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس تھیلی کے منہ پر بندھی ہوئی ڈوری اور اس میں موجود دیناروں کی تعداد کو یاد رکھنا اگر کوئی شخص آ کر تمہیں اس بارے میں بتا دے تو یہ اس کے حوالے کر دینا۔ ورنہ تم اس سے نفع حاصل کر لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَعْرِيفَ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ الصُّرَّةَ الَّتِي الْتَقَطَهَا الْاَحْوَالَ الثَّلَاثَةَ، اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ بِاَمْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا تین سال تک اس تھیلی کا اعلان کرنا جو انہیں ملی تھی یہ نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت تھا انہوں نے اپنی طرف سے ایسا نہیں کیا تھا

4892 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ سَلْمَانَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَزَيْدِ بْنِ صُوحَانَ، فَالْتَقَطْتُ سَوْطًا بِالْعُذَيْبِ، فَقَالَا: دَعْهُ، فَقُلْتُ: لَا اَدَعُهُ تَاْكُلُهُ السِّبَاعُ، فَقَدِمْتُ اِلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فَحَدَّثْتُهُ بِالْحَدِيْثِ، فَقَالَ: اَحْسَنْتَ، اَحْسَنْتَ الْتَقَطْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ دِيْنَارٍ، فَاَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ: عَرِّفْهَا، فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا، ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقَالَ: عَرِّفْهَا، فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا، ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقَالَ: عَرِّفْهَا، فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا، ثُمَّ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ: اعْلَمْ عَدَدَهَا، وَوِعَاءَهَا، وَوِكَاءَهَا، فَاِنْ جَاءَ اَحَدٌ يُخْبِرُكَ بِعَدَدِهَا، وَوِعَائِهَا، وَوِكَائِهَا، فَاَعْطِهِ اِيَّاهَا، وَاِلَّا، فَاسْتَمْتِعْ بِهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمْتِعْ بِهَا، وَشَاْنَكَ بِهَا اَضْمَرَ، فِي هٰذِهِ اللَّفْظَةِ رَدَّ اللُّقَطَةِ عَلٰى صَاحِبِهَا، اِذَا جَاءَ بَعْدَ الْاَحْوَالِ الثَّلَاثَةِ

❀❀ سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں میں سلیمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان کے ہمراہ روانہ ہوا۔ عذیب کے مقام پر ایک کوڑا ملا میں نے وہ اٹھا لیا ان دونوں نے کہا تم اسے چھوڑ دو۔ میں نے کہا میں اسے اس لیے نہیں چھوڑوں گا تا کہ درندے اسے کھا لیں پھر میں حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے انہیں اس واقعہ کے بارے میں بتایا تو انہوں نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں مجھے ایک سو دینار پڑے ہوئے ملے تھے۔ میں وہ لے کر نبی اکرم ﷺ کے

4892– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله . ابن نمير: اسمه عبد الله، وسفيان: هو الثوري .وأخرجه أحمد 5/126 عن ابن نمير، ومسلم "1723" "10" في اللقطة، والترمذي "1374" في الأحكام: باب ما جاء في اللقطة وضالة الإبل والغنم، من طريقين عن ابن نمير، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "18615"، وابن أبي شيبة 6/454، ومسلم "1723" "10"، والترمذي "1374"، وابن ماجه "2506"، في اللقطة: باب اللقطة، والطحاوي 4/134، وابن الجارود "668" البيهقي 6/192 و197 من طرق عن سفيان، به .

پاس آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اس کا اعلان کرو۔ میں نے ایک سال تک ان کا اعلان کیا میں پھر آپ ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم ان کا اعلان کرو میں نے پھر ایک سال تک ان کا اعلان کیا پھر میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم ان کا اعلان کرو میں ایک سال تک ان کا اعلان کرتا رہا۔ پھر میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم ان کی تعداد اس کی تھیلی اور تھیلی کے منہ پر باندھی جانے والی ڈوری کی نشانی یاد رکھنا اگر کوئی شخص بعد میں آ کر تمہیں اس کی تعداد، تھیلی اور تھیلی کی ڈوری کی نشانی کے بارے میں بتا دے تو تم (اتنی ہی رقم) اسے ادا کر دینا۔ ورنہ تم اس کے ذریعے نفع حاصل کرلو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان تم اس کے ذریعے نفع حاصل کرو اس میں یہ بات پوشیدہ ہے' اگر تین سال گزرنے کے بعد بھی اس کا مالک اس کے پاس آ جاتا ہے' تو وہ ملنے والی چیز اسے لوٹائی جائے گی۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتْ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ ضِدَّ مَا ذَهَبْنَا اِلَيْهِ

ان الفاظ کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا جو اس موقف کے برخلاف ہے' جو ہم نے اختیار کیا ہے

4893 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ضَالَّةِ الْاِبِلِ، قَالَ مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا، وَحِذَاؤُهَا، فَدَعْهَا تَاْكُلُ الشَّجَرَ، وَتَرِدُ الْمَاءَ، حَتّٰى يَاْتِيَهَا بَاغِيهَا، وَسَاَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ لَكَ، اَوْ لِاَخِيكَ، اَوْ لِلذِّئْبِ، ثُمَّ سَاَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْرِفْ عَدَدَهَا، وَوِعَاءَهَا، وَوِكَاءَهَا، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، فَعَرَفَ عَدَدَهَا، وَوِعَاءَهَا، وَوِكَاءَهَا، فَاَعْطِهَا اِيَّاهُ، وَاِلَّا فَهِيَ لَكَ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے گمشدہ اونٹ کے بارے میں دریافت کیا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس کے ساتھ کیا واسطہ ہے۔ اس کا پیٹ اس کے ساتھ ہے۔ اس کے پاؤں اس کے ساتھ

4893- إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج السامي ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم . يحيى بن سعيد: هو الأنصاري . وأخرجه مسلم "1722" "6" في اللقطة، وأبو داوُد "1708" في اللقطة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/242، والطبراني "5251"، والبيهقي 6/197 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي "816"، وأحمد 4/116، والبخاري "5292" في الطلاق: باب حكم المفقود في أهله وماله، ومسلم "1722" "5"، والنسائي وفي "الكبرى"، وابن ماجه "2504"، والدارقطني 4/235 و236، والطحاوي 4/134 و135، والطبراني "5256"، والبيهقي 6/185 – 186 و190 من طريقين عن يحيى بن سعيد، به .

ہیں۔تم اسے چھوڑ دو۔ وہ خود ہی درخت کے پتے کھا لے گا اور پانی تک پہنچ جائے گا۔ یہاں تک کہ اسے تلاش کرنے والا شخص اس تک پہنچ جائے گا۔ اس شخص نے نبی اکرم ﷺ سے گمشدہ بکری کے بارے میں دریافت کیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ یا تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا بھیڑیے کو مل جائے گی۔ پھر اس شخص نے نبی اکرم ﷺ سے گمشدہ ملنے والی چیز کے بارے میں دریافت کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی تعداد اس کی تھیلی اور اس کے منہ پر باندھی جانے والی ڈوری کی شناخت کو یاد رکھو اگر اس کا مالک آجائے اور وہ اس کی تعداد، تھیلی اور ڈوری کے بارے میں نشانی بتادے تو وہ تم اس کے سپرد کردو ورنہ وہ تمہاری ہوئی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اللُّقَطَةَ وَاِنْ اَتٰى عَلَيْهَا اَعْوَامٌ هِيَ لِصَاحِبِهَا دُوْنَ الْمُلْتَقِطِ يَرُدُّهَا عَلَيْهِ، اَوْ قِيمَتَهَا، وَاِنْ اَكَلَهَا، اَوِ اسْتَنْفَقَهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' گمشدہ ملنے والی چیز جس پر کئی سال بھی گزر جائیں پھر بھی وہ اپنے مالک کی ملکیت میں رہتی ہے اٹھانے والے کی ملکیت نہیں ہوتی اٹھانے والا شخص اس مالک کو وہ چیز یا اس کی قیمت ادا کرے گا اگر وہ اس چیز کو کھا چکا ہو' یا خرچ کر چکا ہو

4894 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنِ الْتَقَطَ لُقَطَةً، فَلْيُشْهِدْ ذَوِي عَدْلٍ، ثُمَّ لَا يَكْتُمُ، وَلَا يُغَيِّرُ، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا، وَاِلَّا فَهُوَ مَالُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَضْمَرَ فِيهِ، اِنْ لَمْ يَجِءْ صَاحِبُهَا، فَهُوَ مَالُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص گمشدہ ملنے والی چیز کو اٹھا لیتا ہے۔ وہ دو عادل لوگوں کو گواہ بنا لے پھر وہ کوئی بات چھپائے نہیں اور کسی چیز کو تبدیل نہ کرے اگر اس چیز کا مالک آجاتا ہے' تو وہ اس کا زیادہ حقدار ہوگا۔ ورنہ یہ اللہ تعالیٰ کا وہ مال شمار ہوگا' جسے وہ چاہتا ہے دے دیتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس میں یہ بات پوشیدہ ہے' اگر اس کا مالک نہیں آتا تو وہ پھر اللہ تعالیٰ کا مال ہوگا' جسے وہ

4894– إسناده صحيح على شرط مسلم، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابية فمن رجال مسلم . سعيد بن عامر: هو الضبعي .وأخرجه ابن الجارود "671" عن محمد بن يحيى، عن سعيد بن عامر، بهذا الإسناد وفيه "ولا يغيب" بدل قوله "ولايغير" .وأخرجه الطيالسي "1081" وأحمد 4/266 – 267، والطبراني "986"/17 والبيهقي 6/187 من طريق شعبة، بهِ . وعندهم "ولايغيب" كما في "المنتقى" لابن الجارود .وأخرجه ابن أبي شيبة 6/455 – 456، وأحمد 4/161 – 162 و266، وأبو داؤد "1709" في للقطة، ابن ماجه "2505"في اللقطة: باب اللقطة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة 8/250"، والحطاوي 4/136، الطبراني 17/985، البيهقي /6/193 من طرق عن خالد الحذاء، بِهِ .

چاہتا ہے دے دیتا ہے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِى هُوَ مُضْمَرٌ فِىْ نَفْسِ الْخِطَابِ الَّذِى تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس سبب کا تذکرہ جو اس نفس خطاب میں پوشیدہ ہے جس کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

4895 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، اَخْبَرَنَا اَبُو الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِى النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: عَرِّفْهَا سَنَةً، فَاِنْ لَمْ تَعْرِفْ فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ كُلْهَا، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، فَاَدِّهَا اِلَيْهِ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گمشدہ ملنے والی چیز کے بارے میں دریافت کیا گیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک سال تک اس کا اعلان کرواگر اس کے مالک کا پتہ نہیں چلتا تو پھر اس کی تھیلی اور اس کے منہ پر باندھی جانے والی ڈوری کو یاد رکھو پھر تم اسے خود استعمال کرلواگر اس کا مالک آ گیا (تو اس کی مانند رقم) اسے دے دینا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ حَمْلِ لُقَطَةِ الْحَاجِّ اِذَا لَمْ يَكُنْ يُعْرَفُ اَرْبَابُهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ حاجیوں کی گمشدہ چیز کو اٹھایا جائے جبکہ اس کے مالک کا پتہ نہ ہو

4896 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ، قَالَ ابْنُ وَهْبٍ: وَلُقَطَةُ الْحَاجِّ، يَتْرُكُهَا، حَتّٰى يَجِدَهَا صَاحِبُهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هٰذَا هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ

4895– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير أبى الربيع وهو سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ سَعْدٍ، فقد روى له أبو داوُد والنسائى، وهو ثقة . أبو النصر: هو سالم بن أبى أمية . وأخرجه مسلم "1722" "7" فى للقطة، وابن ماجه "2507" فى اللقطة، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 3/230 – 231، وابن الجارود "669"، والبيهقى 6/186 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/116 و5/193، ومسلم "1722" "8"، وأبو داوُد "1706"، والترمذى "1373" فى الأحكام: باب ما جاء فى اللقطة وضالة الإبل والغنم، والنسائى فى "الكبرى"، وابن ماجه "2507"، والطحاوى 4/138، والطبرانى "5237"، و"5238"، والبيهقى 6/192 و193 من طريقين عن الضحاك بن عثمان، به .

4896– إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 3/499، ومسلم "1724" فى اللقطة: باب لقطة الحاج، وأبو داوُد "1719" فى اللقطة، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 7/203 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه الطحاوى 4/140 من طريق أسامة بن زيد، عن بكير بن الأشج، به .

عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ ابْنِ اَخِي طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قُتِلَ هُوَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

❀❀ حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاجیوں کی گری ہوئی چیز کو اٹھانے سے منع کیا ہے۔

ابن وہب بیان کرتے ہیں۔ حاجیوں کی گری ہوئی چیز کو یوں ہی رہنے دیا جائے گا یہاں تک کہ اس کا مالک اس کو پا لے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عبدالرحمٰن نامی یہ راوی عبدالرحمٰن بن عثمان بن عبیداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہیں۔ یہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کے بھتیجے ہیں۔ یہ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ایک ہی دن شہید ہوئے تھے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ اسْمِ الضَّالِّ عَلٰى مَنْ لَمْ يُعَرِّفِ الضَّوَالَّ، اِذَا وَجَدَهَا

ایسے شخص کے لیے لفظ ''ضال'' کے اثبات کا تذکرہ جو گمشدہ ملنے والی چیز کا اعلان نہیں کرتا

4897 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ اَبِيْ سَالِمِ الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ آوٰى ضَالَّةً فَهُوَ ضَالٌّ مَا لَمْ يُعَرِّفْهَا

❀❀ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''جو شخص کسی گمشدہ (چیز) کو پناہ دیتا ہے۔ تو وہ گمراہ شمار ہوتا ہے' جب وہ اس کا اعلان نہیں کرتا''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مَمْنُوْعٌ عَنْ اَخْذِ ضَوَالِّ الْاِبِلِ دُوْنَ غَيْرِهَا مِنْ سَائِرِ الضَّوَالِّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات ممنوع ہے' گمشدہ اونٹ کو حاصل کر لے' جبکہ دوسری گمشدہ چیزوں کا حکم مختلف ہے (یعنی وہ انہیں حاصل کر سکتا ہے)

4898 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ:

4897– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير بكر بن سوادة، وأبى سالم الجيشانى: بن هانء، فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 4/116، ومسلم "1724" فى اللقطة: باب لقطة الحاج، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 2/232، والطحاوى 4/134، والطبرانى "5282"ن والبيهقى 6/191 من طريق يحيى بن أيوب، عمر، عن عمرو بن الحارث، به .

4898– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر"4889" .

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَالَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا، وَوِكَاءَ هَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا، قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ، قَالَ: هِيَ لَكَ، اَوْ لِاَخِيكَ، اَوْ لِلذِّئْبِ، قَالَ: فَضَالَّةُ الْإِبِلِ، قَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا، وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ، وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گمشدہ ملنے والی چیز کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی تھیلی اور اس کی ڈوری کی شناخت یاد رکھو اور ایک سال تک اس کا اعلان کرو۔ اگر اس کا مالک آ جاتا ہے' تو ٹھیک ہے ورنہ اسے تم استعمال کرو۔ اس نے دریافت کیا گمشدہ ملنے والی بکری (کا کیا حکم ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ یا تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا پھر بھیڑیوں کو ملے گی۔ اس نے دریافت کیا گمشدہ ملنے والے اونٹ (کا کیا حکم ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا اس کے ساتھ کیا واسطہ ہے۔ اس کا پیٹ اس کے ساتھ ہے۔ اس کے پاؤں اس کے ساتھ ہیں۔ وہ خود ہی پانی پی لے گا۔ درخت کے پتے کھا لے گا۔ یہاں تک کہ اس کا مالک بھی اس تک پہنچ جائے گا۔

كِتَابُ الْوَقْفِ

وقف کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى جَوَازَ اتِّخَاذِ الْاَحْبَاسِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے اللہ کی راہ میں مخصوص کی جانے والی چیز کو اپنے پاس رکھنے کے جائز ہونے کی نفی کی ہے

4899 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْكِنَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَدَقَتِهِ بِثَمْغٍ، فَقَالَ: احْبِسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَتَهَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَحَبَسَهَا عُمَرُ عَلَى السَّائِلِ، وَالْمَحْرُومِ، وَابْنِ السَّبِيْلِ، وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَفِي الرِّقَابِ، وَالْمَسَاكِيْنِ، وَجَعَلَ قَيِّمَهَا يَاْكُلُ، وَيُؤْكِلُ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''ثمغ'' میں موجود زمین کو صدقہ کرنے کے بارے میں مشورہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اصل کو اپنے پاس رکھو اور اس کے پھل کو (اللہ کی) راہ میں دے دو۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے مانگنے والے محروم مسافر اور اللہ کی راہ میں (جہاد پر جانے والے افراد) غلاموں اور مسکینوں کے لیے مخصوص کر دیا۔ آپ نے اس کے نگران کو اس بات کا حق دیا کہ وہ خود بھی اس کو کھا سکتا ہے اور کسی دوسرے کو بھی کھلا سکتا ہے' جبکہ وہ مال کو جمع کرنے والا نہ ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَحْبَاسَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَحِلُّ بَيْعُهَا وَلَا هِبَتُهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ کی راہ میں مخصوص کی جانے والی چیز کو فروخت کرنا یا ہبہ کرنا جائز نہیں ہے

4899- إسناده صحيح على شرط البخاري . عبد العزيز بن محمد: هو الدراوردي، وقد توبع .وأخرجه الدارقطني 4/187 عن جعفر بن محمد الواسطين، عن موسى بن هارون، عن محمد بن يحيى الذهلي، بهذا الإسناد .وأخرجه أيضاً 4/187 من طريقين عن عبيد الله، به . وأخرجه أحمد 2/114 و156، والبخاري "2764" في الوصايا: باب ما للوصي أن يعمل في مال اليتيم وما يأكل منه بقدر عمالته، و"2777" باب نفقه القيم للوقف، والدارقطني 4/ 186، والبيهقي 6/159 من طرق عن نافع . به .وأخرجه مسلم "1633" في الوصية: باب الوقف، وابن ماجه "2397" في الصدقات: باب من وقف، من طرق عن ابن عمر، عن عمر . جعلاه من مسند عمر، والمشهور الأول . وانظر ما بعده .

4900 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اسْتَشَارَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَتَصَدَّقَ بِمَالِهِ، بِثَمْغٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقْ بِهِ، تَقْسِمُ ثَمَرَهُ، وَتَحْبِسُ اَصْلَهُ، لَا يُبَاعُ، وَلَا يُوهَبُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں مشورہ لیا کہ وہ اپنے "ثمغ" میں موجود مال (یعنی زمین) کو صدقہ کردیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے صدقہ کردو۔ یوں کہ تم اس کے پھل کو تقسیم کردو اور زمین کو اپنے پاس رہنے دو' جسے فروخت نہ کیا جاسکے اور ہبہ نہ کیا جاسکے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَجَازَ بَيْعَ الْاَحْبَاسِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَعْدَ اَنْ تُحْبَسَ اَوْ تَوْرِيثَهَا بَعْدَ اَنْ تُوقَفَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے اللہ کی راہ میں مخصوص کی جانے والی چیز کو فروخت کرنے اور وقف کی جانے والی چیز کو وراثت میں منتقل کرنے کو جائز قرار دیا ہے

4901 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَصَابَ عُمَرُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ، فَاَتَى فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاْمَرَهُ فَقَالَ اِنِّي اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ، لَمْ اُصِبْ قَطُّ مَالًا اَنْفَسَ عِنْدِي مِنْهُ، فَمَا تَاْمُرُ فِيهَا؟، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا، وَتَصَدَّقْتَ بِهَا، عَلَى اَنَّهُ لَا يُبَاعُ، وَلَا يُوهَبُ، وَلَا يُوَرَّثُ، فَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ، وَفِي الْغُرَبَاءِ، وَفِي الرِّقَابِ،

4900- إسناده صحيح على شرط مسلم . إبراهيم بن سعد: هو ابن إبراهيم إبراهيم بن عبد الرحمٰن بن عوف .وأخرجه الدارقطني 4/187، والبيهقي 6/160 من طريقين عن حرملة بن يحيى بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوي 4/95 عن أحمد بن عبد الرحمٰن بن وهب، عن عمه عبد الله بن وهب، به .وأخرجه الدارقطني 4/186 من طريق عبد الله بن شبيب، عن إسماعيل، عن عبد العزيز بن الطلب، به . وانظر ما بعده .

4901- إسناده صحيح على شرط البخاري . رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسنده فمن رجال البخاري . ابن عون بن أرطبان . وأخرجه أبو داؤد "2878" في الوصايا: باب ما جاء في الرجل يوقف.الوقف، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "2772" في الوصايا: باب الوقف كيف يكتب، عن مسدد، عن يزيد بن زريعن عن ابن عون، به . وأخرجه النسائي 6/231 في الأحباس: باب كيف يكتب الحبس، من طريقين عن بشر بن المفضل، بهوأخرجه أحمد 2/12 – 13 و55، وابو عبيد الله في "غريب الحديث " 1/193، والبخاري "2737" في الشروط في الوقف، و "2772" في الوصايا: باب الوقف كيف يكتب، و"2773": باب الوقف للغني والفقر والضيفن ومسلم "1632" في الوصية: باب الوقف، والوقف، وأبو داؤد "2878"ن والترمذي "1375" في الأحكام: باب الوقف، والنسائي 6/230 و 231، وابن ماجه "296" في الصدقات: باب الوقف، والطحاوي 4/95، والدارقطني 4/187 و188 و189، 190، والبيهقي 6/ 158 – 159و159، والبغوي "2195" من طرق عن ابن عون، به .

وَفِی سَبِیْلِ اللّٰہِ، وَابْنِ السَّبِیْلِ، وَفِی الضَّیْفِ، لَا جُنَاحَ عَلٰی مَنْ وَلِیَهَا، اَنْ یَّاْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ، اَوْ یُطْعِمَ صَدِیْقًا غَیْرَ مُتَمَوِّلٍ فِیْهِ، قَالَ: وَقَالَ مُحَمَّدٌ: غَیْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں زمین ملی۔ وہ اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ کیا۔ انہوں نے عرض کی: مجھے خیبر میں ایسی زمین ملی ہے مجھے کبھی ایسی زمین نہیں ملی ہے جو میرے نزدیک اس سے زیادہ عمدہ ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بارے میں مجھے کیا ہدایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو اصل زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کے (پھل اور آمدن کو) صدقہ کر دو۔ اس شرط پر کہ اس زمین کو صدقہ نہیں کیا جائے گا۔ اسے ہبہ نہیں کیا جائے گا اور اسے وراثت میں منتقل نہیں کیا جائے گا۔ تم (اس کے پھل کو) غریبوں میں، مسافروں میں، غلاموں میں، اللہ کی راہ میں (جہاد پر جانے والوں میں)، مسافروں میں اور مہمانوں میں خرچ کرو، جو شخص اس کا نگران ہو۔ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ اگر وہ مناسب طور پر اس میں سے خود کھا لیتا ہے یا کسی دوست کو کھلا دیتا ہے جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

یہاں محمد نامی راوی نے ایک لفظ مختلف نقل کیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اتِّخَاذَ الْاَحْبَاسِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مِنْ خَیْرِ مَا یَخْلُفُ الْمَرْءُ بَعْدَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اللہ کی راہ میں مخصوص کی جانے والی چیز کو اپنے پاس رکھنا ان بہترین چیزوں میں شامل ہے جنہیں آدمی اپنے بعد چھوڑ کر جاتا ہے

4902 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِیْ كَرِیْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ زَیْدُ بْنُ اَبِیْ اُنَیْسَةَ، عَنْ فُلَیْحِ بْنِ سُلَیْمَانَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ:

(متن حدیث): خَیْرُ مَا یَخْلُفُ الْمَرْءُ بَعْدَ مَوْتِهٖ ثَلَاثٌ وَّلَدٌ صَالِحٌ یَدْعُوْ لَهٗ، وَصَدَقَةٌ تَجْرِیْ، یَبْلُغُهٗ اَجْرُهَا، وَعَمَلٌ یُعْمَلُ بِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ

❀❀ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''آدمی مرنے کے بعد جو کچھ چھوڑ کر جاتا ہے۔ اس میں سے تین چیزیں سب سے بہتر ہیں وہ نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی رہتی ہے۔ وہ صدقہ جو جاریہ ہو۔ جس کا اجر اس تک پہنچتا رہے اور وہ نیک عمل جس پر اس کے بعد بھی عمل کیا جاتا رہے''۔

4902- فليح بن سليمان فيه كلام من جهة حفظه، وباقي السند ثقات . وأخرجه الطبراني في "الصغير" "395" من طريق محمد بن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو الحسن القطان في زياداته على ابن ماجه بأثر الحديث "241" عن محمد بن يزيد الزهاوي، عن أبيه، عن زيد بن أبي أنيسةن به .وقد تقدم برقم "93" عن الحسن بن سفيان، عن إسماعيل بن عبيد بن أبي كريمةن عن محمد بن سلمةن عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی أنيسة، عن زيد بن أسلمن بهذا الإسناد، لم يذكر فيه فليحاً ولہ شاهد صحيح من حديث أبي هريرة خرج هناك .